۱۳ جولائی ۔ لندن ۔ مسٹر ہالڈین نے اس امر پر زور دیا ہے کہ بیرونجات کو مدد دینے کے لیے ولایت مین کافی فوج رکھنے کی ضرورت ہے اور بیان کیا کہ ہمارا فرض ہے کہ ہندوستان مین فوج کی موجودہ تعداد قایم رکھین جس سے یہ غرض نہین ہے کہ حملے روکے جائین بلکہ ہندوستان مین امن قایم رہے اونکا خیال ہے کہ ولایت مین ہندوستان کیطرح فوج رکھی جاے تاکہ اگر خدانخواستہ ضرورت لاحق ہو تو سرحد پر دونون ملکر کام دین ۔ اونکی یہ تجویز ہے کہ جنوبی افریقہ سے تین پلٹن مالٹا سے دو اور سیلون سے ایک پلٹن لیجاے ۔ پیدل اور رسالون مین کام کا زمانہ سات سال اور رزرو مین پانچ سال معین ہوگا مسٹر آرنالڈ فاسٹر نے کہا کہ قبل اسکے مقررہ فوج درہم و برہم کیجاے ایک امدادی فوج تیار کرنا مناسب ہوگا اور یہ امر غیر ممکن ہے کہ ملیشیا کو جنگ کے وقت قابل جنگ طریقہ تیار کیا جائے ۔

مسٹر بالفور نے کہا کہ اُن خیالات کی نسبت بحث کرنا جنبر عمل نہین ہو سکتا وقت ضایع کرنا ہے ۔ مسٹر ہالڈین نے جواب مین فرمایا کہ ہر شخص کو خوش کرنا غیر ممکن [illegible] جو تجویز پیش کیا رہا ہوں ۔

سلامت کی پھانسی کے متعلق جو بحث ہوئی تھی اُسکے جواب مین مسٹر مارلی نے کل مقدمہ کے واقعات کو صراحت بیان کیا ہے اور [illegible] کہا کہ واقعی ضابطہ کارروائی مین غلطی ہوئی [illegible] افسوس کے ساتھ کہتا ہوں کہ محقوق [illegible] سے جن [illegible] ہیں اس مقدمہ مین اس فرض کے ادا کرنے مین کوتاہی کی ہے ۔

۱۴ جولائی ۔ [illegible] اودسا مین یہودی واپس آئے ہین ۔ اب [illegible] کوئی خوف باقی نہین رہا ۔

۱۵ جولائی ۔ لندن ۔ ایک درخواست کے جواب مین جو مسٹر مارلی کی اس تقریر کے ذریعہ تفصیلی حالات کی متعلق کیگئی تھی لندن کا نامہ نگار بذریعہ تار برقی اطلاع دیتا ہے کہ مسٹر مارلی نے بیان کیا کہ مین نے جس بے اعتباری کے ساتھ اول [illegible] کو قبول کیا تھا وہ بعض خصوصیات مین نہایت درست تھا مسٹر مارلی نے تمام مقدمہ کے ٹھیک ٹھیک حالات بیان کیے اور ظاہر کیا کہ لوکل گورنمنٹ نے ایک غلطی تسلیم کی ہے جسمین یہ بات نظر انداز ہوئی کہ ۲۰ مئی ۔ اتوار کا روز تھا جسمین تاخیر ممکن تھی یعنی گورنمنٹ کی کارروائی اُس قاعدہ کے تھی جسکی رو سے مجرمون کے عرایض کی نسبت برتاؤ کیا جاتا ہے ۔

مسٹر مارلی نے فرمایا تاہم میری یہ راے ہے کہ لوکل گورنمنٹ کو اس بات کی احتیاط کرنا تھی کہ ایک عرضی کے بھیجنے کا جو منشا اور مقصد تھا وہ پھانسی کے التوا کے متعلق کوئی کارروائی نہ کرنے کیوجہ سے بالکل ہیچ اور ناچیز نہو جاتا گورنمنٹ ہند کو اس حکم اور سزا کے منصفانہ ہونے مین کوئی شک و شبہ نہ تھا ۔

مسٹر مارلی نے اپنا بیان اسطرح ختم کیا کہ کارروائی مین مسلسلہ غلطیاں واقع ہوئین اور مین افسوس کے ساتھ کہتا ہون کہ اس کارروائی کے متعلق میری راے ہے کہ افسرون کے فرایض کا اعلیٰ اور ٹھیک پیمانہ گر گیا ہے جو ہندوستانی سول ملازمت بہت سی نسلون سے نہایت عمدگی کیساتھ قایم رکھتی آتی تھی ۔

کلکتہ ۔ ۱۲ ۔ ماہ حال کو چیف مجسٹریٹ پریسیڈنسی کی عدالت مین بہوتے اہل دربار کے ظہیر الدین احمد بیرسٹر ہائیکورٹ کلکتہ پر ایک بہت بڑا جرم عاید ہوا ۔ اثبات جرم کیطرف سے بیان کیا گیا کہ ظہیر الدین احمد نے ایک بیرسٹر مسٹر گپتا کے جعلی نام سے بنک بنگال سے چک بک طلب کی اور بنک سے دریافت کیا کہ مسٹر گپتا کا اب کسقدر روپیہ جمع ہے ۔ بنک نے چک بک تو اوسی حامل کے ہاتھ بھیجدی مگر بنک مین مسٹر گپتا کا روپیہ موجود ہونے کی خبر سے ظہیر کی بابت [illegible] مسٹر گپتا نے بنک سے کہلوا بھیجا [illegible] نہین بھیجی ۔ اسوقت تحقیقات شروع ہوئی ظہیر الدین کا جو نوکر بنک مین انکی چٹھی لے گیا وہ گرفتار ہوا ۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے ظہیر الدین احمد کو مسٹر گپتا کے دستخط بنانے کی مشق و عادت تھی ۔ انکے مکان کی خانہ تلاشی جو ہوئی تو بہت سے ایسے کاغذات نکلے جن سے جرم ثابت ہوتا تھا ۔

اثبات جرم کے وکیل نے ماخوذ کے لڑکے کی جو شہادت لی تو اسنے یہ سچ کہدیا کہ چٹھی جانے کے قبل میرے مالک نے پندرہ سو روپیہ کی ایک چک بھنانے کے لیے دی تھی مگر پھر مجھ سے واپس لی ۔

مقدمہ کی سماعت ملتوی ہوئی اور ظہیر الدین احمد کو پانچہزار روپیہ کی حاضر ضامنی پر رہائی ملی ۔ (ایضاً)

ہوس آف کامنس کے ممبرون کے ایک جلسہ مین جسکا تعلق فوجی ملازمت سے تھا ایک رزولیوشن پاس کیا گیا جسمین مسلسل فوجی نظام کی ملامت کی گئی اور درخواست کیگئی کہ ہندوستان اور دوسرے مقامات مین مجرمون کی پھانسی کی ممانعت کیجائے ۔ (ایضاً)

مسٹر چرچل نے ہوس آف کامنس مین بیان کیا کہ ریاست ہاے ملایا مین افیون کی آمدنی کے بند کیے جانے کا حال مجکو معلوم نہین سنگاپور اور ہانگ کانگ مین اسکے متعلق خراب یان پیدا ہوئی ہین مگر مین نہین کہہ سکتا کہ اس معاملہ مین فائدہ کے ساتھ کوئی تبدیلی عمل مین لائی جاسکتی ہے ۔

بجواب اس سوال کے آیا ہندوستان اور چین کی تجارت افیون کے بارہ مین گورنمنٹ چین کو اصلاح کی جانب توجہ دلاے گی ۔ مسٹر مارلی نے بیان کیا کہ گورنمنٹ اس معاملہ مین چین کی راے دریافت کرنا چاہتی ہے اور اسکے بعد وہ دیکھیگی کہ وہ اوسکو پورا کرسکتی ہے یا نہین ۔ (ایضاً)

لیڈی کرزن کی صحت تمام موسم گرما مین خراب رہی ۔ دس روز سے انکی حالت ابتر ہوئی اور اب عام کمزوری سے نہایت نازک ہے لیڈی کرزن کا انتقال ہوگیا ہے ۔

۱۹ جولائی ۔ شملہ ۔ آج یہان لیڈی کرزن کی وفات کی خبر آئی ہے ۔ شملہ مین بہت بڑا تاسف کیا جاتا ہے اور لارڈ کرزن کے لیے نہایت گہری ہمدردی ظاہر کیجاتی ہے ۔

ڈاکٹری پرچہ مین بیان ہے کہ لیڈی کرزن کی وفات کا آخری سبب حرکت قلب کا رک جانا تھا ۔

ذرا ایک نظر ادھر بھی

ذرا آنکھ اٹھا کے دیکھئے تو سہی

بنرجی کمپنی کا خوشبودار خوشرنگ گلابی ماہیل کا تیل جسکی تعریف میں طول لا حاصل ہے۔ جسمین چند ادویات خاص دماغ کیواسطے شامل کیگئی ہیں۔ جوکہ دماغ کو تقویت دیتی ہیں اور ہمیشہ سردرد کی بیماریوں کو دفع کرتا ہے سر کے درد کو دور کرتا ہے بالوں کو سیاہ چمکیلا ملائم اور جڑ مضبوط بناتا ہے۔ زیادہ تر طالبعلموں کو اور ان اشخاص جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ اونکے واسطے بہت مفید ہے۔ ہماری دوکان سے یہ تیل ایجاد ہوا ہو زیادہ تعریف کرنا فضول ہے۔ استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا قیمت فی شیشی ۱ر علاوہ محصولڈاک وغیرہ

نمبر ۳۔ بنرجی کمپنی کا زود اثر داد کا مرہم۔ یہ مرہم گو کیسا ہی پرانا داد ہو فوراً آنا فاناً میں اچھا کر دیتا ہے۔ بعد لگانے کے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا۔ قیمت بھی کچھ نہیں صرف ۳ر فی ڈبیا

نمبر ۴۔ بنرجی کمپنی کا بال اڑانیکا سفوف۔ یہ سفوف ملا جاتا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہیں پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۲ر فی تولہ فی شیشی ۶ر

نمبر ۴۔ بنرجی کمپنی کا فیور پاوڈر یعنی سفوف دافع بخار۔ بخار کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو۔ صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ۶ عدد پوڑیہ ۶ر

نمبر ۵۔ نو ایجاد گولیاں ضابطہ۔ گولیاں حد درجہ

کی ضابطہ ہیں بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہو قیمت ۶ عدد گولی ۱ر

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہو شوقینوں کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے۔ علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے۔

نمبر ۶۔ بنرجی کمپنی کا عرق سوزش۔ وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا۔ ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا۔ اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک ۱ر

نمبر ۷۔ بنرجی کمپنی کا روغن بیدو روغن نایاب ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہو کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحت نے جوانوں کو بالکل اندھا کر رکھا ہو۔ بے احتیاطی اور خلاف فطرت حرکتیں بہت زیادہ ہوتی ہیں اسیوجہ سے ہم نے یہ روغن واسطے رفاہ عام کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہیں ہو قیمت ۱ر فی شیشی۔

نمبر ۸۔ بنرجی کمپنی کا دانت کا منجن مسوڑھوں کا ورم دانت کا کیڑا دانتوں کا ہلنا۔ دانتوں سے خون کا آنا ہمیشہ کے استعمال سے چند دنوں میں جاتا رہتا ہے مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہیں یہ اوصاف بنرجی کمپنی ہی کے منجن میں ہے۔ قیمت فی تولہ ۱۲ر فی شیشی ۱ر بچوں کے کرم شکم یعنی کیچوے کی دوا۔ تلی سوداوی چورنیا۔ اسکے علاوہ اور بہت سی بیماریوں کا علاج بہت خوبی سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت بھی ہو سکتا ہے۔ جواب کے لیے۔ براہ حکمت یا جوابی کارڈ آنا چاہیے۔

المشتہر۔ ایس۔ سی۔ بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری بوشوالہ لالہ کنھیا لال

نقول اسناد

نمبر ۱۔ بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دوا ساز ہیں میرا اسنے ہمیشہ معاملہ رہا۔ انکی ادویات تازہ ہوتی ہیں۔ سہارنپور دستخط ۷۔ جولائی ۱۹۰۱ء

جولین سی اسمتھ لفٹنٹ کرنل۔ (سول سرجن)

نمبر ۲۔ میں سارٹیفکیٹ ہذا ایس۔ سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہوں کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق میں بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے۔ وہ ایک بہت عمدہ دوا سازی کی دوکان رکھتے ہیں۔ ایسا شاذونادر ہی دیکھنے میں آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہاں موجود نہو۔

سہارنپور۔ ۱۵۔ دسمبر ۱۹۰۲ء

دستخط جی۔ اے۔ لوٹی ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ)

نمبر ۳۔ مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دوا ساز سہارنپور نے ضلع۔ اسپتال۔ ریل اور دیگر شفاخانوں کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور میں عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی میں رہے ادویہ مہیا کیں۔

اس دوکان میں ادویہ بکثرت اور تازی مہیا ہیں اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور کوشش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہیں یہ اشخاص بحیثیت دوا ساز و دوا فروش قابل اعتبار ہیں کیونکہ نسخہ میں خاص ادویہ استعمال کرتے ہیں۔ میں نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ عوام الناس کی امداد سرپرستی انہیں اسیطرح قایم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہیں۔ سہارنپور ۲۴۔ مارچ ۱۹۰۵ء دستخط ڈی ڈبلیو۔ سکاٹ لفٹنٹ ایم ڈی منیجر آئی ایم ایس

دندان ساز

۲۸-۶-۰۶

سیکولال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ آریہ دندان کا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہیں۔ کیلا دار اور بے کمانی دونوں قسم کے۔

پردہ نشین عورتوں کیلیے ایک ہوشیار اور تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہو۔ آزمایش کیجیو۔ اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہاں موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیے۔ غیر ملک والوں یا دیگر مذہب کے لوگوں کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعے سے بنوا سکتے ہیں دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہو سکتے ہیں۔

المشتہر۔ لالہ سیکولال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز۔ امین آباد لکھنؤ

سرگزشت

حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف۔ مذاق پاکیزہ میں شرابور۔ فصاحت اور بلاغت کے دریا میں ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑوں میں خریدار قبل اشاعت سے تھے۔ ہر لفظ میں مذاق۔ اول سے آخر تک نفیس قصہ مضحک واقعات شروع سے اخیر تک بھرا ہوا۔ اس شوخی و شستگی کا کوئی ناول اردو میں ابتک نہ نکلا ہوگا۔ ممکن نہیں کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنا دے۔ ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشاپردازمثل خاقانی و مرزا ہمدانی ابو اسحٰق عبید زاکانی۔ وغیرہم اور انگریزی مارک ٹیمن ڈکنس۔ جیرالڈ۔ شیکسپیر۔ جیروم کے جیروم۔ مارک ٹلن وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو میں پورا نتیجہ کیا گیا ہے۔ اول تا آخر ناول مضحک اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے۔ اسپر طرز بیان۔ انداز زبان۔ سونے میں سہاگا۔ یہ ناول بارے بسم اللہ سے تا تمت تک بالکل کشت زعفران ہے۔ بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔ کتب فروشوں کے ہاتھ نہیں بیچا جاتا۔ صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماء اللحم

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے چہرہ پر نور برستا

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے خون [illegible]

[illegible]

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

[illegible] (عہ) - ۳ بوتل (ﷲ)

نصف درجن (ﷲ) - درجن بوتل [illegible]

[illegible] ۳ بوتل سے کم روانہ نہ ہوگا - اپنے [illegible]

[illegible] ٭

پتہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء - لاہور (موچی دروازہ)

مطبع شام اودھ لکھنؤ سینا کاکوری [illegible] محمد [illegible] حسین نے چھپوا کر شائع کیا

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ

۳ کالم	۲ کالم	کالم	نصف کالم	چہارم کالم	تعداد طبع
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	تین ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	چھ ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سال

کیمیا گر کا راز

در اصل جس کا نام ہے:

روح حیات

روح حیات کے خواص

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کی کثرت فروخت سے ایک لاکھ روپے

(دستخط) سی - ایچ - ایٹکنسن صاحب بہادر کمشنر لاہور

میری تین برس کی آمدنی بذریعہ انکم ٹیکس

۱۹	۱۰۷	روپے	۱۳ آنے
	۶۸	روپے	۶ آنے
	۱۶۷	روپے	۴ آنے
	۵۵	روپے	۱۵ آنے
	۳۲۸	روپے	۵ آنے
	۱۵۲	روپے	۴ آنے
میزان کل	۸۸۳	روپے	۱۴ آنے

اب آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ دوائی روح حیات کی قدر دانی

ملک میں کس قدر بڑھ گئی ہے۔ اب کوئی وجہ نہیں کہ اس کے فائدوں میں آپ کو ذرا بھی تامل ہو

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (عہ۸)

جناب آرکلارک صاحب ڈپٹی کمشنر

میری بیماری کا ثبوت

جناب ری لنگھم صاحب آئی سی ایس سول سرجن

جناب آرائی ٹینک صاحب

مردمی کا بکس

بیماری کے لئے سنگ پارس اور صحت کے ٹھیکہ پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابیطس

سفوف دافع رقت

حبوب مقوی

بال اڑانے کا تیل

نوٹ

جوہر عشبہ

خون کو صاف و پاکیزہ بنانے کے لئے بے مثل ہے۔

تریاق طاعون

سوزاک کی حکمی دوائی

حبوب دافع

روغن

مہتمم حکیم محمد شریف آئی ڈی کیمیا گر پروپرائٹر شفاخانہ عام - لاہور

سپر تابستان
لیعنی
پیرزا لاأبالی کا پنکھا

کھلے گُن پھول سے ہاتھون مین جو پنکھا
خوشی سے پھولکی بھاتی ہے پھر رشک چمن پنکھا

وہ بت بھی نازنین ہے اور ہے نازک بدن پنکھا
ہاگُن بھی گلبدن ہے اور ہے گل پیرہن پنکھا

مہکیون روح گلاب ہوکر وہ عرق چہرہ اُڑ جائے
وہ دست نازنین ہے شاخ گل برگ سمن پنکھا

نہین معلوم گرمی حسن کی کیا گل کھلائیگی
دکھاتا ہے حضور اوسکے بہت اپنے پھبن پنکھا

عرق آگین جبین ہے موتیون کی ابرو کیا ہو
بنا ہے جھالرون سے گرچہ دریا مے مدن پنکھا

کبھی کے دست رنگین مین جو پہنچا تو ہوا باندھی
دکھاتا ہے طرحداری کیا کیا بانکپن پنکھا

فسونسازی یہ کرتا ہے ہوا خواہی پردین کے
نہین معلوم کیا کچھ پھر سکھائے پرفتن پنکھا

بھری محفل مین غیر ولنسی شاری ہو جاتی ہین
دکھاتا ساعد سیمین مین ہے سوچلن پنکھا

کسی کو وصل کا مژدے کسی ہجر کی خبرین
سناتا ہے دلیری سے میان انجمن پنکھا

یہی ہے تار کی گویا ہوائی تار برقی ہے
غضب ہے اس زبانی پر بھی ہے گرم سخن پنکھا

ہوا ایسی بندھی اسکی کہ زلفین تک پریشان ہین
گرا دیگا مگر نظرون سے اب مشک ختن پنکھا

خنک آب رواں محرم کی بھی گویا کہ حوض ہین
ہے دریائے ہوا پر آجکل یہ طعنہ زن پنکھا

ہوئین گرمی کی ٹھنڈی گرمیان اپنی کسی بس تو یہ
مگر اس شعلہ باری پر رہا گنگ و جمن پنکھا

حسین فرط عرق سے ہین سینہ چاک جلتی ہین
بھلا دیتا ہے لیکن آکے یاب سوختن پنکھا

جدھر دیکھو نظر آتی ہے آگی ہے عملداری
حکومت کر رہا ہے ہند سے لے تا دکن پنکھا

کیا کرتا ہے یہ اپنی ہی سفر گرمی کو سست تیشے
بنا ہے خواب شیرین کے لیے کیا کوہکن پنکھا

بنا ہے سرد مہری سے یہ گرمی کی جہان دوزخ
ہلاتا ہے نہین اسپر بھی لو چرخ کہن پنکھا

نہ ہو کم گرمی صحبت ذرا بس آغوش مین آؤ
یہ دست لاأبالی مین بھی ہے گرمی شکن پنکھا

باسی مضمون تازہ ابال

اچھال دیتی ہے او جیبو نکو یہ تنگ ظرفی
خوشی مین منصب اعلی کے بھول جاتے ہین
دفور عجب و تکبر یہ پھر کہ غیر تو غیر
وہ اپنے دوستون کو بھی تو بھول جاتے ہین
راقمہ
(مس چشتیہ گورگانیہ)

CHAMBERLAIN S COUGH RIMEDY.



چیمبرلین کی کھانسی کی دوا

کھانسی - زکام - خراش - گلا پڑجانا - کالی کھانسی
اور تمام حلق اور سینے کی بیماریون کو اچھا کرتی ہے۔

کھانسی سے بے پروائی نہ کرو۔ یہ خطرناک ہے اور اس سے نمونیا (ذات الریہ)
خون تھوکنا اور سل پیدا ہو سکتے ہین۔

چیمبرلین کی کھانسی کی دوا کے استعمال سے حلق سے غلیظ تھوک دور ہو جاتا ہے۔ دردناک تنفس کو چنگا کر دیتا ہے۔
خوفناک آواز والی کھانسی نہین رہتی۔ ماؤف پھیپھڑون کو آرام دیتی ہے اور کھانسی کو دور کر دیتی تاکہ آرام کی نیند سو سکو۔

چیمبرلین کی کھانسی کی دوا مین افیون کی ملاوٹ نہین

صرف جڑی بوٹیون سے بنتی ہے۔ ہاتھ تک نہین لگایا جاتا
ہر جگہ بکتی ہے
چھوٹی بوتل کی قیمت عہ بڑی بوتل کی قیمت دو روپے ۔

ابھی جھگڑے مین ہو بیمار محبت تیرا

دیکھئے کب تلک اوس پر چلی سکرات رہے

ملک الموت اڑی ہین کہ مین جان لیکے ٹلون

اور مسیحا کو یہ ضد ہے کہ مری بات رہے

ہائیکورٹ الہ آباد سے متعلق جو جو پہلو کے مشتملے آج اخبارات خصوصاً پانیر مین گشت اڑا رہے ہین انکو دیکھنے سے عجیب فیشن ایبل قرار پیدا ہوتا ہے کہ اس انقلاب سے خدا جانے کیا اثر پیدا ہو۔ کیونکہ یہ فولڈ کا کیمرہ تو ہے نہین کہ بغل مین دبایا اور حضرت گنج جا پہنچے ہائیکورٹ اسکے انتقال سے سیکڑون کا دیوالہ اور کوٹھی بنگلہ والون کا تعلیقہ ہو جائیگا۔ چنانچہ جابجا اسی کا جھینکنا بازارون مین اسی کا رونا چاندنی والون مین روٹھے تار پہ تار اوتر رہے ہین کہ صاحب ہائیکورٹ الہ آباد سے مع عمارت لکھنو جائیگا اور جج صاحبان کے بنگلے بھی موٹر کار پر لدکر جائینگے۔ تاکہ جلدی پہونچ جائین پناہ بخدا۔ بھلی جبتک کوئی مستقل خبر منجانب گورنمنٹ عالیہ شایع نہ ہو جائے اوسوقت تک مضطرب رعایا کا اطمینان غیر ممکن ہے۔ ورنہ اسیطرح افیونیون کے

پروگرام کبھی پرس مین شایع ہوتے رہینگے ہمارے خیال سے کچھ فائدہ نہین سنانا ضرور ہے کہ ہائیکورٹ الہ آباد کا لکھنؤ جانا مناسب نہین۔ اسمین بہت مشکلین اگر یہ خیال ہو کہ ممالک متحدہ کے وسط مین ہائیکورٹ رکھا جائے۔ تو نہ لکھنؤ وسط ہو اور نہ الہ آباد۔ تو پھر کیون نہ خواہ مخواہ زیر باری کیجائے۔ جہان ہو وہین قائم رہے۔ یونٹ جسکو جہان سے قریب پڑیگا وہ تو اپنی ہی طرف کھینچ تان کر کھینچنے کی کوشش کریگا۔ لہٰذا اس کھینچا تانی (رسّا کھینچائی) کی کیا ضرورت ہے۔ دراصل ہندوستان گول ہے نہ مربع (مربہ) نہ میٹھا نہ لال بھبوکا کدو ہی اور اسکا اثر ممالک متحدہ پر بھی پڑا ہے۔

غرضکہ خربزہ کو دیکھکر خربزہ رنگ بدلتا ہے۔ بس یہ بڑی دقت ہو کہ بیچون بیچ مین ہائیکورٹ کہان رکھا جائے۔ کیونکہ بذریعہ مسافت اگر وسط دریافت کیا جائے تو کوئی ضلع کہین جا پڑتا ہو اور کوئی کہین۔ لہٰذا اس حساب سے جنبش دینا مناسب نہین۔

(۲) بقول مہاراجہ صاحب اجودھیا بجا الہ پانیر کہ بعض خوردن (گوشت .... خوردن) کی گنگا پر زیادتی ہے اسوجہ سے ہائیکورٹ کا الہ آباد سے اوٹھ جانا ہی بہتر ہے۔ دراصل بات تو کام کی ہے کیونکہ گوشت خوردن کی وجہ سے پریاگ جیسا مقدس ناپاک ہو رہا ہے۔ مگر ذرا یہ بھی تو سوچنا چاہئے کہ گومتی مائی کو بھی تو کسیقدر تقدس ہے۔

[illegible] کی عمارت کے واسطے لکھنؤ مین وہ بار لونڈی کے ساتھ ہے۔ باپ اور دادا وغیرہ کے سوتیلیون کی جان کا کفارہ کس کی گردن پر رہیگا۔

(۳) ہائیکورٹ کے لکھنؤ جانے کے لیے زیادہ سبب یہ مشہور ہین کہ تعلقہ داران اودھ نے ہائیکورٹ کی عمارت وغیرہ کا خرچہ اپنے ذمہ لے لیا ہے۔ تو گورنمنٹ عالیہ اسکی محتاج نہین۔ مگر کفایت شعاری و بہت سیر دستی مصلحتاً خزانہ سے روپیہ بھی دینا نہین چاہتی لیکن یہ بیا روپیہ لینا قانوناً ناجائز بھی سمجھتی ہے۔ اسلیے دیکھئے کہ اب کیا کیا جائے۔

(۴) یہ مسئلہ بھی طے نہین ہوا کہ آب و ہوا کہان کی اسپین کانے مسٹرون کی رائے کوئی رائے نہین ہے سفید مسٹر تو جو اودھ مین ہین وہ لکھنؤ کی آب و ہوا مفید سمجھتے ہین اور الہ آباد کے سفید مسٹر کہ جنکے پکی کوٹھی بنگلے مین وہ الہ آباد کی آب و ہوا منزلہ تریاق سمجھتے ہین۔ اب اسکا فیصلہ ڈاکٹرون کے ہاتھ ہو مگر ان کی تشخیص جداگانہ انکے ایڈیشن نرالے ہین۔

(۵) اب رہی سیر و تفریح کی جگہ گھوڑ دوڑ والون کے لیے لکھنؤ بیت المقدس ہی وہ یہی چاہتے ہین کہ کسیطرح کھینچ تان کر ہائیکورٹ لکھنؤ پہونچا دین۔ جو خفی اور انگریزی وغیرہ کتابون کے کیڑے الہ آباد الفرڈ پارک کی لائبریری کی جا نکے مین الہ آباد ہی رہنا پسند کرتے ہین۔ کیونکہ اسکے مقابلہ کی کوئی لائبریری وہان نہین۔ یونیورسٹی کالج کے طلبا اور ہندو بورڈنگ کے مدعیان لکھتے ہین کہ اگر الہ آباد سے ہائیکورٹ چلا گیا تو فوراً نگرم ٹھاور پر اثر پڑیگا کیونکہ وکلا و بیرسٹران وغیرہ کی زیارت ابھی [illegible] لٹ جائیگی۔

(۶) دریائی سیر گشتی کے واسطے الہ آباد کے کرزن برج اور جمنا برج سے بہتر لکھنؤ مین کوئی پل نہین۔ بہ نسبت لکھنؤ کے الہ آباد مین ہندؤن کے قیام کے لیے دھرم شالے بہ کثرت ہین۔ اور یہان اعلیٰ تیرتھ گاہ ہو گویا الہ آباد مین ہندؤن کی دین دنیا دونون درست ہوجاتی ہین ہائیکورٹ کیوجہ سے مقدمہ کا مقدمہ [illegible] تیرتھ بعد کو تربینی جی مین غوطہ لگا کر پاک پوتر ہوجاؤ۔ لکھنؤ تو قسمت آزمائی کی جگہ اسم بامسمیٰ ہو۔ [illegible]

الہ آباد تو ہائیکورٹ کیواسطے خاص طور سے اللہ نے آباد کیا ہو۔ پھر خدا کا گھر چھوڑ کر تن بہ تقدیر کہین جانا مصلحت وقت نہین۔

(۷) جن صاحبون کو ملیح آباد کے سفیدے آم نغمین کھتہ کے بھاری پونڈے اور لکھنؤ مرحوم کے سپیدے خربوزے [illegible]

بچون کا دوست

اسکاٹ املشن کو

یہ دوسرا نام لاکھون والدین نے دیا ہے جنکی اولاد کی تندرستی اور طاقت جسمانی کی تعمیر کی ہے

ایسا مزے دار ہو کہ بچے کھا کر خوش ہوتے ہین۔

ضعیف بچون کو اچھا خاصا اور بیمار بچون کو بھلا چنگا کرتا ہے۔

ہاتھ سے نہین چھوا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (متحد)

دوا سازان

لندن

انگلینڈ

آجکل بنائی جاتی ہے۔ اسمین کچھ پراگزٹیلیز کی تصویر سے مدد لیگئی ہے۔
فرائین نے مختلف پہلوون پر غور کر کے ایک پہلو ایسا تجویز کیا کہ جس
سے اوسکے تمام تکمیلات حسن بخوبی ظاہر ہوتی تھی۔ اور اوسی
انداز کو دونون مصور و بت تراش نے مجبوراً اختیار کیا ہیو جہ سے وینس
سنیڈاس اور وینس کا س ایسے باہم گر مشابہ ہیں کہ اونکے خط و خال
قد و قامت خصوصاً انداز مین کوئی فرق نہین بتایا جا سکتا تھا ایلیز
کی تصویرون سے اسقدر یونانیون کے واسطے جوش نہین پیدا ہوتا
تھا جیسا پراگزٹیلیز کے بتون سے وہ خیال کرتے تھے کہ وہ سنگی تصویر
متحرک ہے بولنا چاہتی ہے اور لوشین کا بیان ہے کہ ایسا مغالطہ
ہوجاتا تھا کہ وہ لوگ بت کے لبون سے جا کر اپنے لب ملا دیتے
اور بوسہ لیتے تھے۔

فلاکس مین کا قول ہے کہ پراگزٹیلیز شباب و حسن کے انداز اعلیٰ
درجہ کے بناتا تھا لوگ کہتے ہین کہ ہرمیکس و اتیع آتھینیس مین
ایلیہ ایسے بت اوسنے تراشے ہین کہ اور بت تراش کیا معنے

سلہ رئس کریدو قدیم زمانہ مین ٹرویسیم کہتے تھے اور جو مصور بیکار یعنی اورس کے راک
تھی جس شہر مین بیشتر وینس کی پرستش ہوتی تھی اور یہین پراگزٹیلیز کی تراشی ہوئی
تصویر رکھی تھی۔ یہ ایک مختصر سا مندر تھا اور ہر طرف سے کھلا ہوا ایسا کہ وہ
بت سب طرف سے دکھائی دیتا تھا۔ اوس بت کا کوئی حصہ پوشاک سے پوشیدہ
نہ تھا اور ایسا نادر حسن تھا کہ کالین نے جوش مین بکثرت دوسری تصویر بنائی ۱۲

خود اپنے سے وہ سبقت لیگیا ہے۔ لیکن یہ زہرہ کی تصویر دنیا بھر کے
بتون سے بڑھ گئی تھی اور بہت سے اوسکی زیارت کرنے کو نڈاس
آتے تھے۔ اس مصور نے وینس کی دو تصویرین ایک مع پوشاک
دوسری بلا پوشاک بنائین۔ کوان کے لوگون نے اپنے سخت
شرم و لحاظ کی وجہ سے پوشاک والی تصویر کو ترجیح دی لیکن دونون
کی قدر و قیمت برابر تھی۔

باشندگان نڈاس نے اوس دوسرے نظری بت کو قبول کیا
اور اتنی قدر کی کہ شاہ نکامڈیز لائکر کہا کیا کہ جو لے انتہا قرضہ تم چاہتے
ہو اوسے مین چھوڑتا ہون تم یہ مجھے دیدو مگر اونھون نے نہ دی۔
بلکہ یہ کہا کہ جبتک نڈاس پراگزٹیلیز کے اس بت سے برکت حاصل
کرتا ہے تب تک کچھ ہی کیون نہ ہو جائے ہم اسے جدا نہین کرینگے
اس تصویر کا حال لوشین اور سنٹ منیس کے تصنیفات سے معلوم ہوتا ہے
اور اسکی تصویر ایک تمغہ پر جو کرا کلا اور یلا ٹلا نے دیا تھا بنی ہے
اور دربار شاہنشاہی فرانس مین موجود ہے بعد حضرت عیسیٰ
کے سنہ ۴۰۰ عہد شاہنشاہ ارکاڈیس یہ تصویر نڈاس مین موجود
تھی۔ اسکے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسے کو دیکھکر مصورون نے
علم طبیب کی دیبی بنائی یہ بت پراگزٹیلیز کا بنایا ہوا قدیم زنانہ تصویرون
مین اعلیٰ درجہ کا قابل توصیف ہے جسکا حسن ویسا ہی مکمل اور ویسا ہی
معصوم ہے جیسا عالی مرتبہ اور مکمل ہے اوسی سے معلوم ہوتا ہے کہ کسقدر

سنگ مرمر پر اور وینس کاس کی تصویر رنگین بنائی - ایتھنیس بیان کرتا ہے کہ یہ دونون تصویرین کسی قدر فرائین باشندہ تسپیا جو شہر ایتھنس کے بادشاہ کے دربارون مین تھی دیکھکر بنائی گئی ہین ان تصویرون مین فرائین ساحل سیرن پر جو ایتھنس - اور الوسس کے مابین واقع ہے اور جہان وہ غسل کیا کرتی تھی سمندر سے نکلتی ہوئی بنی ہے - کہا جاتا ہے کہ نیچون یعنے سمندرون کے دیوتا کی دعوت مین باشندگان الوسس کے روبرو فرائین نے اپنی پوشاک اوتار کے اور اپنے لانبے بالون کی لٹین کاندھون پر ڈال کے سمندر مین غوطہ لگایا اور دیر تک موجون کے ساتھ کھیلا کی - اب دیا تماشائیون کا ایک جم غفیر جمع ہوگیا وسکے نکلتے ہی سب یک زبان ہو کر پکار اوٹھے دیکھو زہرہ پانی سے برآمد ہوتی ہے اگر اوسے اچھی طرح جانتے بوجھتے نہ ہوتے تو بیشک کہتے کہ واقع زہرہ نکل رہی ہے -

اتفاق سے پلس اور پراگزٹیلز دونون ساحل پر موجود تھے اور دونون نے قصد کیا کہ اسی نمونہ کے مطابق زہرہ کی تصویر بنانا چاہیے اسیطرح سے دو قدیم تصویرون کی بنا پڑی اپلیز کی تصویر کا نام وینس اناڈیومنی تھا اور قیصر روم نے وینس جنی ٹرکس یعنے تولید کے دیبی کے مندر مین بعد فتح یونان بھیجا کہتے لوگ سکتے ہین کہ وینس ڈے مڈیسی یعنے علم طب کی دیبی جو

تنقیف کر کے طب کی دیبی بنائی گئی - فلاکس مین کہتا ہے قصر پرشی مین بیٹھے اپنی آنکھون سے ایسا بت دیکھا ہے کہ جس سے خیال کیا جاتا ہے کہ پراگزٹیلز کی اصلی تصویر شاید یہی ہے تعجب کی بات ہے - اب پتہ نہین چلتا کہ اوس بت کی کیا گت ہوئی اسکا یا اسکی تصویر کا فرضی خاکا جو کرا کلا کے نمونہ پر اس سے مشابہ دکھائی دیتا ہے نگارخانہ شاہی مین موجود ہے -

علم طب کی دیبی کے نسبت فلاکس مین کا قول ہے کہ اس بت کو یونانی اور رومی اسقدر پسند کرتے تھے کہ سیاح بیان کرتے ہین کہ ایسے بت سیکڑون ہی جگہ موجود ہین اور وہ تصویر مشخص اکثر پاکی جگہ مین دکھائی دیتی ہے انداز بت تراشی سے معلوم ہوتا ہے کہ سکندر اعظم کے بعد بنائی گئی اب ہمکو اس نمونہ حسن زنانہ پر مختصراً غور کرنا چاہیے -

علم طب کے دیبی عورت کی اوس عمر کی تصویر ہے جب تمام حسن اوسکا ابھی تکمیل پایا ہے - ذکل مین کا قول ہے کہ طب کی دیبی واقع فلارنس ایک گلاب کے پھول کیطرح ہے جو ایک خوشگوار طلوع آفتاب کے بعد پہلے شعاع - آفتاب کے ساتھ کھلنا شروع کرتا ہے جس وہ عمر ظاہر کرتا ہے کہ اعضا کا ڈول مکمل ہو چکا ہے اور چھاتیان گدرانے ہی لگی ہین -

سر اتنا چھوٹا ہے کہ سینہ مین اعضاے رئیسہ غالب ہوتے ہین

پشمینہ ... جاڑے کا مجرب نسخہ امیرانہ کپڑا

... کسی ملک کا بنا ہوا ہو ... کی نفاست خوبصورتی اور پائداری کو نہیں پہونچتا جو پشمینہ ... پاس ... آ دے ... پشمینہ ... ہر گز ... پسند ہو گا قیمت ... (۲) ... پشمینہ اصلی ... عرض ... (۳) چادر پشمینہ ... طول ... عرض ... (۴) دستہ پشمینہ ... (۵) ... (۶) ... گلوبند ... (۷) دستکاری ... [illegible] محصول ذمہ خریدار ... زیادہ خریدار ... پیشگی بھیجیں -

المشتہر - منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

نیو فیشن کے بٹن و رسٹ

ایہ خالص سونے کے ... ہو ... ہر دو ... کر ... کندہ کیا جاتا ہے - نہایت خوبصورت اور عجیب چیز ہے ... دیسی کاریگروں کا ... نمونہ - قیمت صرف ... محصول ڈاک ... جو صاحب ... پانچ سٹ خریدیں ... ایک سٹ مفت دیا جائیگا

المشتہر - منیجر ... جلالپور جٹان پنجاب

جلو خلاصی ہوئی!

کن سے؟ اشتہاری حکیموں سے

جو آپ ہے چکنے چپڑے لفظوں سے قابل رحم اور ... مریضوں کو لوٹ رہے ہیں - کیوں -

اصلی ... کامل شناسا ہونے ... جاننے والے اور صادق حکیموں ... عجیب عجیب باتیں اور ہر ایک مرض کے نسخہ جات عمدہ مجرب ... نہایت صراحت کی ساتھ درج کئے ہیں اور کتاب ... تیار ہے - اس کتاب کی موجودگی میں آپکو کسی حکیم یا ڈاکٹر کا محتاج نہ ہونا پڑیگا - ایک دفعہ منگا کر اس تحریر کا امتحان کریں عام اشتہاری حکیموں ... بات ... اپنا ... غرض - اس کتاب کا ... گھر ... ضروری ہے قیمت معہ محصول ...

منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

حیرت انگیز رعایت

ولایت کے نرخ پر ہندوستان میں گھڑیاں

ہندوستان میں پہلی مثال

ولایت کے نرخ سے صرف ایک پیسہ فی روپیہ زیادہ لیا جاتا ہے

... بیشک ہماری قیمتوں کا مقابلہ کسی انگریزی یا دیسی کارخانہ سے کرلیں (۱) ... گارنٹی دو سال ... (۲) ... قیمت ... سال قیمت ... (۳) ... گھڑیاں ... گارنٹی تین سال قیمت ... (۴) ... گھڑیاں ... تین سال ... (۵) ... (۶) ... وقت دینے کے ... دیکھنے ... (۷) ... گارنٹی پانچ سال (۸) کلائی پر باندھنے کی گھڑی ... گارنٹی تین سال (۹) ... جنتری نما گھڑی جس میں چاند - دن - مہینہ - تاریخ ... سب معلوم ہوجاتا ... (۱۰) ... سال ... (۱۱) ... (۱۲) ... (۱۳) ... (۱۴) ... درجہ اول ... گارنٹی ... سال ... [illegible] درجہ اول ... گارنٹی ۴ سال - ہر گھڑی کا محصول بذمہ خریدار ہے -

المشتہر منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان (پنجاب)

خالص سونے کی پہچان

خالص سونا وہی ہے جو کسوٹی پر بھی ٹھیک نکلے اسکے واسطے کسی ... شہادت کی ضرورت نہیں - ... دوائی ... اسناد پیش کرنے کی حاجت نہیں ... میری ... دوا کا نمونہ ... دیتا ہوں روزانہ بیسیوں سرٹیفکیٹ موصول ہوتے ہیں مگر اشتہاری حکما نے ... اعتبار کھو دیا - بفضل خدا ہماری دواؤں میں یہ ... ہے کہ جہاں ایک شخص نے دوائی منگوائی ... سچ کو ہمیشہ فتح ہے راستی اور صداقت اپنا اثر ... ظاہر کرتی ہے ... کامیابی ... کرتی ہے -

جوہر حیات - یہ وہ گولیاں ہیں جنکے برابر ... زمین پر ... انسان کا بدن لوہے کی لاٹھ کیطرح سخت ہوجاتا ہے - اعضا ... کی مانند ... ہوجاتے ہیں کیونکہ صرف ... ایک بکس سے ہی پانچ سیر خون تازہ بڑھتا ہے اور طاقت ... زیادہ ہوجاتی ہے کہ ... انسانی طاقت سے باہر ہوجاتا ہے - ... نے ... فاسفورس ... آئل چھوڑ دیا ہے - ... کے استعمال سے توبہ کر دی - یونانی معجونیں یا ... اور ... ترک کر کے ... سال ... ایک بکس سے بامراد ہو گئے - مادر زاد نامردوں کے علاوہ اور ہر طرح کے مایوس العلاج اس دوائی سے کامیاب ہوگئے - پیرانہ سالی میں گولیاں جوان بنا دیتی ہیں - قیمت صرف ... نمونہ کی گولیاں ... محصول ڈاک ... (۲) اگر جوانی کی غلط کاریوں بچپن کی ناشائستہ حرکات سے اعصاب کمزور ہوں تو ایک شیشی روغن مالش کی ... دونوں دواؤں ... خریدار کو محصول ڈاک معاف -

... کی دوائی ... کی دوائی ... بواسیر کی دوا ... کی دوائی ... سوزش ... مجرب ... دوائی ... روپیہ -

المشتہر - حکیم محمد الدین موج جلالپور جٹان پنجاب

پانچ منٹ میں سرٹیفکیٹ

بیس بیماریوں کی ایک دوا

ہر گھر میں ہر وقت اسکی ایک شیشی موجود رہنی چاہیے - یہ دوا ایک طرح کا تیل ہے ... ہو جاوے تو اسکا ایک قطرہ ... پینے سے فوراً آرام ہوجاتا ہے ... کے واسطے یہ سب سے زیادہ سریع التاثیر اور مفید ثابت ہوئی ہے ... ہسپتالوں میں آجکل اسکے فیض سے (۱۰۰) فیصدی مریض صحت یاب ہو رہے ہیں سانپ بچھو یا بھڑ کی کاٹی ہوئی جگہ پر فوراً لگا دیں تو زہر کے اثر کو وہیں ... سے نکال دیتا ہے -

ہر طرح کے درد سر کی ... پانچ منٹ کے اندر درد کا نام نہیں رہتا - پیٹ کے درد - درد پسلی - ورم جگر - طحال وغیرہ میں ... سے مرض کا نام نہیں رہتا - وجع المفاصل - نقرس ہر طرح کے جوڑوں کے درد ... پر اسکی مالش اعجاز مسیحا دکھاتی ہے - قیمت فی شیشی ... نمونہ کی ... دوا بارہ آنہ - محصول ڈاک ذمہ خریدار -

المشتہر حکیم محمد الدین موج جلالپور جٹان پنجاب

رامپور میں جزائے اعمال

پانی کی بہن [illegible] ہائیکورٹ کو لکھنؤ جانے پر تلے ہوئے ہیں اور جنکو الہ آباد کا سر و دون پر قناعت ہے تو وہ ہائیکورٹ کا الہ آباد سے مَس ہونا نہیں چاہتے - غرضکہ چھوٹے بڑے تاشون پر لال پیلے ہونے والے نواب کیطرح امرود اور خربزون کے تصور مین بڑا ابرا کر چپک رہے ہین -

۸ - اگر الہ آباد سے ہائیکورٹ لکھنؤ گیا تو اودہ کے افیونیون مین لرزہ ہو جائیگا اندیشہ ہے - کیونکہ اسس تہذیب یافتہ پارٹی کے لکھنؤ ہوتے ہی سے مرکھی اور افیمی گروہ کے نشو ونما مین ضرور خلل واقع ہوگا - انمین ہل چل پڑی ہوئی ہے اور اسلئے نیشکر و بنجہ سینہا ابھی سے تیار ہین - سہکا نشہ کرکرو ہورہا ہے - گویا ہائیکورٹ افیونیون کے حق مین قصائی کی پہانک ہے -

۹ - مہاجنان الہ آباد نہایت پس و پیش مین ہین کہ انکی عمارات کے نقصان کا کون ذمہ دار ہوگا - خانہ خالی را دیو میگیرد و اندرہا دھند کرایہ مکانات می برد -

غرضکہ جس پہلو سے گا ہم لگا کر غور کیا جاتا ہے تو سوائے وقت کے سہولت نظر نہین آتی - اور استخارہ کا رویٹ یہی آتا ہے کہ ہائیکورٹ الہ آباد ہی مین قائم رہے - بلی اور بیر اله اور بیچے پارلیمنٹ کی رائے ہے - زیادہ تت تمام خالی عمارتون کا نیلام -

راقم
سہنا - ا -

کر تین دن تک - ساڑھے تین دن دوائین مفت بھی تقسیم کین گئیں ہم تو پیر بھی کہینگے کہ آجتک کسی نے شکایت لکھی ہو تو وجہ کیا کہ بھائی صاحب یہان دھوکے بازی کا کام نہین اور نہ اپنے ذاتی فائدہ پر مرتے - ہان اگر خیال ہے تو صرف یہ ہے کہ ضرورتمندون کو نفع پہونچے مین کوئی دے یا نہ دے اسکے مطلب نہین ہی خیال ہے یہ اور چند مرکبات لکھو جاتے ہین کہ اس قسم کے خواہشمند محروم نہ رہین -

ماء اللحم ترکاری

ماء اللحم انگوری تو آپنے سنا ہوگا - مگر یہ ماء اللحم ترکاری نئی چیز ہے کیا معنی کہ دنیا بھر کی ترکاریون شلجم - مولی - ترئی - کدو - بیگن - کٹہل وغیرہ وغیرہ کے چھلکے جہانتک مفت مل سکے سبکا یک جگہ کرکے عرق کھینچ لیا مگر اسمین ایک قسم کی بو باقی تھی کہ مین نے فوراً گل بہسوت ملا کر دوبارہ کرا دیا اب یہ خوشرنگ بھی ہوگیا ہے - دوا کی دوا اور غذا کی غذا - طاقت تو خیر بخشے یا نہ بخشے مگر استعمال سے پیٹ گرم ہو جاتا ہے - بھوک قطعی ندارد ہو جاتی ہے - کیونکہ وہ ہی روزانہ کھانے کی ترکاریان اسمین موجود ہین - جسطرح فائدے کی امید نہین اسیطرح نقصان کا خوف بھی کم ہے -

واضح ہو کہ ماء اللحم ترکاری اور انگوری دونون کے اجزاء قریب قریب ایکسے ہین - چوزہ مرغ - خوشہ انگور - تیتر - بٹیر براے وزن بہت ہین -

الاولاد

اسم بامسمی ہے جو صاحب بیستی اور برخورداری کے مصداق بننا چاہتے ہین اسے ضرور بدین اور پھر دیکھین اگر ایک سال کے اندر بروی اولاد کی نمایان ترقی پر حسد نہ کرین تو ہاتھ - ہاتھ بدلتے ہین - عید - بکرید - شبرات کے موقعون پر تجربہ ہو جائیگا جبکہ اولاد کا بزن برا جائے کھڑا ہوگا اور عیدی کے لیے لا دو یا دو ۹ لاؤ یا دو ۱۹ کا گراب

برس - ہا ہوگا - لطف یہ کہ اسکے استعمال سے فرزند نرینہ اور فرزند مادینہ دونون قسم کے علی المساوی نزول فرماتے ہین -

حبوب تیموری

استعمال کرتے ہی ہر عضو بدن مین درد شروع ہو جاتا ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے اگر آدمی ڈیرھ ٹانگ کا رہجاتا تو شرط ہے - گٹھیا ہو جائے - وجع المفاصل ہو جائے یہ مریض کا اعتقاد اور اوسکی تقدیر ہے - پرانے مریضون کے حق مین جاپانی توپ کے گولے سے بھی زیادہ موثر ثابت ہوئی ہین - ادھر گولی حلق سے اتری اور ادھر روح نے بوریا - بدہنا سنبھالکر باہر آنیکا ارادہ کر دیا - ممکن ہی نہین کہ خطا ہو جائے - تجربہ جہوٹ سچ کا پتہ دیگا -

چورن روح قبض

تمام فوائد تو استعمال کے بعد ظاہر ہونگے مگر مختصر یہ ہے کہ پوتے ڈھائی ماشہ دوا کی پڑیہ حلق سے اترتے ہی روح قبض ہو جاتی ہے - بینا نشریف لیکر اوٹہا تماشہ ہو جاتا ہے مریض چت لیٹ کر سامنے کی چیز دیکھنے سے محروم ہو جاتا ہے - اندہی اندر پیورن اور درد دونون آپسمین وہ دہینگا مشتی کرتے ہین کہ مریض بیچ بیچ کرکے چارون طرف بھاگا پھرتا ہے اور جبتک کہ کوئی قطعی فیصلہ نہین ہوتا یہ حالت بدستور قایم رہتی ہے -

المشتہر
وصی ایجنٹ خدا گنج کمپنی انڈیا
بقلم - اے - یم - بریلی

طبابت کے چٹکلے

ڈیرہ پیچ -

یار کوئی جادوگر بنا - کوئی کیمیا گر بنا - کوئی سنیاسی کا چیلا ہوا - مگر وہی ڈھاک کے تین پات - خلق خدا سب کے ہاتھون نالان رہی - مگر ما بدولت کو خیال فرمایئے کئی مرتبہ دوائونکا اشتہار دیا اور ابھی تھوڑے عرصہ کا ذکر ہے

شاہی واش پوڈر

منھ دھونے اور نہانے کے لیے اعلی درجہ کا خوشبودار سفوف شاہی واش پوڈر مہاسے جھائیان اور تمام عارضی داغ مٹاتا ہے اور چہرہ کا رنگ صاف کرکے جلوہ حسن کا تازہ یورپ سے جتنے اس قسم کے پوڈر آتے ہین ان مین سوائے نمائشی خوبصورتی کے اکثر امراض جلدی کی رعایت ملحوظ نہین ہوتی - برخلاف اسکے شاہی واش پوڈر جلد کو نرم و نازک بناتا ہے - اور خارش کا غذی داد اور تمام جلدی شکایات کا عمدہ علاج ہے -

نمک سلطانی

تخمہ - ہیضہ - سوء ہضم - ریاح بواسیری - درد گردہ - درد قولنج - وجع الفواد - ورم - طحال - ضعف معدہ - قبض کا تیر بہدف علاج ہے - اور دافع امراض کے تدابیر حفظ ما تقدم مین نہایت مفید ثابت ہوا ہے اسکی ہندوستان کے ہر گوشہ سے مانگ ہے - اور ملک کے بڑی بڑی اہل الرائے سے خصوصیت کا سیابی کا سرٹیفکٹ حاصل کر چکا ہے قیمت شیشی خورد متوسط ۸ قیمت بوتل کلان جسمین ایک اونس کی ۱۶ شیشیان آتی ہین - سلطانی سالٹ اینڈ شاہی واش پوڈر فیکٹری لکھنؤ

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں میڈیکل کالج کے پروفیسروں۔ نامور ڈاکٹروں۔ والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ جالا۔ پڑوال۔ غبار۔ سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیابند۔ ناخنہ۔ پانی جاتا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہیں۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہیں رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے۔ قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اُٹھاسکیں۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہے مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلیٰ قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خالص ممیرہ فی ماشہ بیس روپیہ۔ مصری سرمہ فی تولہ ۴ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

المشتہر

پروفیسر میاسنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

اس سے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہے

(۱) جناب پروفیسر میاسنگھ صاحب تسلیم۔ مین نے آپکے ممیرے کے سرمہ کو تقریباً تیس مریضوں پر استعمال کیا۔ جو موتیابند۔ دھند۔ پھولا۔ ناخونہ۔ آنکھوں مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے۔ ان مریضوں پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور تیر بہدف پایا۔ میری رائے مین آپکا سرمہ مثل پوڑیہ کونین بذریعہ ڈاکخانہ جات اور ہر گاؤن کے نمبردار کی معرفت فروخت ہونا چاہیئے تاکہ امیر وغریب آپکے سرمہ سے مستفید ہوکر آپکو دعائے خیر سے یاد کریں برائے مہربانی ایک تولہ ممیرے کا سرمہ سفید اعلیٰ قسم وی۔ پی۔ پوسٹ بھیجدیں۔

راقم۔ ڈاکٹر چودھری امیر خان میڈیکل انچارج شفاخانہ تونسہ ضلع ڈیرہ غازیخان

(۲) مین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میاسنگھ صاحب نے خود بنایا ہے آپ خود اور بہت بیماروں پر استعمال کرکے دیکھا ہے۔ اور مین اس امر کی بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ نادر ممیرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھونکی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مین نے اپنے تجربہ مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا مین اسکو جتنی آنکھونمین ذرا بھی کسی قسم کی شکایت ہو روزانہ استعمال کرنے کی سفارش کرتا ہون۔ ہر طرح کی ... مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند۔ خارش۔ سرخی چشم کیواسطے تمام انگریزی اور ویسی ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور سچ تو یہ ہے کہ آپنے اسقدر سستے داموں میں یہ سرمہ ایجاد کرکے ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہے جسکا شکریہ الفاظ مین ہونا محال ہے۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہوکر فائدہ اٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریون سے نجات حاصل کرین۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۳) مین نے اور میرے بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میاسنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہے استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھوں کی بیماریوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ آنکھوں کو تروتازہ رکھتا ہے اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قایم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہے۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔

مسٹر جناب محمد حیات خان صاحب بہادر پوسی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ آئی۔ ایس ریٹائرڈ ڈویژنل کمشنر قسمت جالندھر۔ ممبر کونسل گورنر جنرل

(۴) جناب سردار صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری چشم کے لیے بہت مفید ہے۔ میری آنکھیں بالکل کمزور تھیں لگاتار ایک پہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا۔ اب میری یہ کیفیت ہے کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے تین تین پہر بلکہ تمام دن اچھی طرح کام کرسکتا ہون۔

راقم۔ میان خورشید محمد خان خلف نواب نسیم محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپنے اشتہار مین لکھا ہے اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑدیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھہ پڑھ سکتا ہون۔

راقم۔ راؤ ... گورنمنٹ پنشنر مقام دہلی محلہ چوڑیگران

پانچسو روپیہ انعام

اگر کوئی شخص ہمارے سرمہ کی ... ثابت کردے ... ناجائز ... انعام دیا جائیگا

بدھن کے ہتکھنڈے

اور

نیچری اسپیچ

خواب مین کیا دیکھتا ہون کہ ایک سبج میدان مین بہت سی کرسیان بچھی ہین اور سب پر ایک ہی سانچے کی ڈھلی ہوئی مخلوق رکھی ہوئی ہے سبکا لباس ایک قسم کا ہے سب کے سر ان پر طرہ دار ٹوپی ہے اور ابھی خاموشی تھا کہ بیچ مین ایک بڈھی چیز حرکت کرتی ہوئی معلوم ہوا اور فوراً ہی ترتر ترتر کی آواز چارون طرف سے آنی شروع ہوگئی مین سمجھا کہ تمام دالی بڈھے غریب کے چھیڑنے کی غرض سے کی گئی ہے - قریب تھا کہ سبکو ڈپٹون مگر فوراً ہی وہ آواز بند ہوگئی اور وہ ہی بڈھی شئے ایک میز کے قریب آکر ٹھہر گئی اور باآواز بلند کہنا شروع کیا -

اے نیچری بھدکیو! آج مین اس غرض سے کھڑا ہوا ہون کہ اپنی پالیسی سے تمکو آگاہ کردون لیکن پہلے مین تمکو بتانا چاہتا ہون کیون مینے تمکو "بھدکیون" کی لفظ یاد کیا؟

حاضرین - اچھی بات ہے! اچھی بات ہے!!

بات یہ ہوکہ جسطرح بھدکی - خواہ اوسکو کتنی تکلیف برداشت کرنا پڑے - اپنے بچون کے لیے نرم نرم بال اور روئی لا لیتے اور پُر تکلف آشیانہ بناتی ہے اسیطرح جب تم خوبی قسمت سے کہین نوکر ہوجاتے ہو تو خواہ تمکو کتنی تکلیف اوٹھانی پڑے اور ایک پیسہ تمکو بچے یا نہ بچے مگر تم ضرور اپنی کوٹھی یا بنگلہ کو عمدہ اور قیمتی چیزون سے سجاتے ہو -

حاضرین - بیشک! بیشک!!

دوسری بات یہ ہے کہ تمنے دیکھا ہوگا کہ بھدکی جبتک اپنے آشیانے کے قریب ہوتی ہے برابر چہچہاتی رہتی ہے علی ہذا تم بھی جبتک اپنی کوٹھی یا بنگلے مین ہوتے ہو تصور بلا تصور نوکرون پر ہر وقت چلاتے رہتے ہو -

حاضرین - درست ہے! درست ہے!!

ہان تو اے نیچری بھدکیو مین تمکو نیچری ہتکھنڈے بتانا چاہتا ہون - نقل نیچر سے تم نرے گاودی ہی نہین ہو - میری پچھلی کارروائیون سے واقف ہو اسوقت مین تمکو صرف اپنی ایک نئی چالاکی بتانا چاہتا ہون میرا مطلب یہ ہے کہ تمکو ظاہر ہوجائے کہ "الدنیا زورٌ لا یحصل الا بالزور" - یہ کسطرح عمل کیا جاتا ہے -

حاضرین - زہے قسمت! زہے قسمت!!

اے چھوٹے بڑے ہر قسم کی نیچر کے بچون! سنو اور غور سے سنو کچھ زیادہ عرصہ نہین ہوا جبکہ گورنمنٹ اور سلطان روم مین کچھ کشیدگی شروع ہوگئی تھی اور پبلک مین طرح طرح کی چہ میگوئیان ہو رہی تھین مینے وہ موقعہ غنیمت سمجھا اور جھٹ سے ایک پمفلٹ شایع کردیا اور مینے صاف صاف لکھدیا کہ -

"یہ بات ہرگز نہین ہے کہ سلطان روم ہمارا بادشاہ ہے اور ہمپر اوسکا حکم ماننا فرض ہو .... اگر خدا نخواستہ کبھی گورنمنٹ اور مسلمان بادشاہ سے جنگ ہو تو ہمارا فرض بطور وفادار رعایا کے گورنمنٹ برطانیہ کی مدد کرنا ہوگا"

اے بھدکیون یہ میری عبارت تھی - ایسا کیون کیا گیا؟ وجہ یہ تھی کہ شہزادہ بہادر کی آمد و رفت مین مجھے بھی امید تھی کہ ضرور کوئی خطاب یا تمغہ پاؤنگا - لہذا مجھے یہ لکھنا ضروری تھا اور خوبی قسمت سے تدبیر کارگر ہوگئی (گردن مین لٹکے ہوے تمغہ کو ہاتھ مین سے لیکر) یہ دیکھو یارون مینے تمغہ پا لیا -!!!

حاضرین - بڑی خوشی کی بات ہے!!!

لیکن اے بچو - میرا یہ لکھنا بعض مسلمانون کو ناگوار ہوا اور مجھے یہی خوف ہوا کہ شاید چندہ وصولیون مین کچھ خرابی ہو اور جب تم لوگ چندہ لینے کو جاؤ مسلمان تمکو مجرب اور مرغن غذا نہ کھلائین - گو ایسا کرنے پر ہم فوراً اونکی بدنامی اخبار مین لکھ دیتے ہین اور اونکو ذلیل کرنے مین کسر اوٹھا نہین رکھتے -

حاضرین - سچ ہے! سچ ہے!!

لیکن بات یہ تھی کہ مجھے تمغہ تو مل ہی گیا تھا - مینے مسلمانون کی خاطر اب فوراً ایک طویل مضمون لکھا تمنے پڑھا ہوگا مگر پھر مین تمکو اوسکی تھوڑی سی عبارت کیطرف توجہ دلاتا ہون - مین نے لکھا ہے کہ -

"تمام ہندوستان کے مسلمان سلطان سے محبت اور ہمدردی رکھتے ہین اور اونکی سلطنت کا قیام اور استقلال اور گورنمنٹ اور سلطان مین دوستی اور اتحاد کا استحکام چاہتے ہین - اور جو لوگ کہتے ہین کہ ہمکو سلطان کی پرواہ نہین وہ یا تو محض ذلیل خوشامد گورنمنٹ کے خوش کرنے کے لیے کرتے ہین یا اونکو درحقیقت اسلام سے کچھ تعلق نہین ہے"

اے نیچری بچون تم خیال کرو کہ تمنے اپکا سیشنس کسقدر غور کیا میرے دونون قول ایک دوسرے کا کاٹ کر رہے ہین - مگر نہین کچھ پروا نہین دنیا جب ہی قابو مین آتی ہے جب اس قسم کی کارروائیان کیجا وین تم ہی سوچو اگر پبلک ہنستی ہے تو میرا نقصان کیا ہے ہنسنے دو -

حاضرین - کچھ نہین! کچھ نہین!!

اگر مین مسلمانون کی ناخوشی ہونے کا اور ناراض ہونے کا خیال کرتا تو آج (تمغہ دکھاکر) یہ میری گردن مین نہوتا -

حاضرین - کیا شک ہے! کیا شک ہے!!

اب مین اپنی اسپیچ کو چند نصیحتون کے بعد ختم کرونگا امید ہے کہ تم آیندہ کے لیے اسپر عمل کروگے -

سنو

۱ - کبھی ایک رنگ پر قایم نرہنا ہمیشہ موقع اور وقت کی تاک مین رہنا جدھر اپنا ذاتی نفع ہو فوراً شامل ہوجانا -

۲ - ذاتی نفع کبھی نہ چھوڑنا قوم کا خیال نہ کرنا کیسی قوم اور کیسی ہمدردی - مطلب ہو اور دنیا - کبھی خیال نہ کرنا کہ تمہاری ان حرکتون پر لوگ قہقہے لگائینگے - کیونکہ اس قسم کے خیالات دنیوی ترقی مین سد باب ہوا کرتے ہین -

۳ - اگر تمکو کوئی عزت ملتی ہے مگر قوم کو نہین تو قوم کے خبط مین اوسکو چھوڑ نہ دو - بنگالی بیوقوف

دمہ کا کامل علاج ۱۹-۵-۔

بابو جگجیت رائے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس دمہ کے مریضون کو (جو اتوار کے دن بارہ بجے سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین) آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت ہوجاتی ہے یعنی پھر دمہ زندگی بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین -

[illegible] مضمون [illegible] ہیں۔ بیعلمد کی انشا [illegible]
لیکن تم ایسے موقعوں کا خیال رکھو۔
سوال - اگر تم کوشش کرو تو اس سے تمہارا کام خوب
چل سکتا ہے - اسکا خیال رکھنا۔

لیکچر ختم ہوا اور پھر زور شور سے تالی بجائی گئی مگر
اس مرتبہ تختے بھی کوئی نوٹس نہیں لیا کیونکہ فوراً
اب معلوم ہو گیا تھا کہ مہذب طریقہ سے اظہار خوشی یہی ہے
سب لوگ کرسیوں سے اوٹھے اور چیخوں کی آواز
نے جو بعض ٹوٹی ہوئی کرسیوں سے آئی مجھے
بیدار ہو نے پہ مجبور کر دیا خدا کا نام لیکر اوٹھ بیٹھا
صبح ہو گئی تھی لہذا قلم دوات لیکر سب حال آپ کو
لکھ ڈالا۔

راقم

ہے جو اپنا پیشوا و مرشد [illegible]
اعتقاد مذہب نیچر کا گو کا پیشتر
[illegible]

اے - ام - برنیوی

ایک کتب خانہ

جناب تھا اتفاق اٹھانا [illegible] کرم
ابھا کیوں [illegible] گئے [illegible]
اللہ اللہ کیا زمانہ [illegible] ہے کہ لوگ اپنی فطرت [illegible]
کام کر [illegible] فرشتہ [illegible] زمین [illegible]
اونکی [illegible] قدرت نے نہیں بنایا زبردستی کر کے
قانون قدرت کو [illegible] چاہتے ہیں۔ گویا [illegible] سامنے
آستین چڑھانے کی جرأت کرتے ہیں نتیجہ کیا ہوتا ہے
کہ اپنا منہ کی کھاتے ہیں۔ پھر [illegible] واہ وا [illegible]
خود تو میشہ ہی سے [illegible] ساتھ [illegible]
کو لیکے ڈوبتے [illegible] شاید [illegible]
اس مصرعہ [illegible] ہے - کہ
خود تو ڈوبے ہیں مگر قوم کو لے ڈوبینگے
ڈیر پنچ - یار کیا کہیں - درشت کلامی کی عادت نہیں
کسی کا عیب ظاہر کرنا ہمارے مذہب کے خلاف ہے۔
کوشش تو یہی کرتے ہیں کہ اگر کوئی چار گالیاں بھی
دے لے تو خاموش ہو رہیں - مگر کہاں تک عیسائی نہیں
کہ کوئی طمانچہ منہ پر مارے تو خلاف قدرت دوسرا
رخسار بھی سامنے کر دیں - کوئی فرشتہ - نبی یا ولی قطب
ہم نہیں - معمولی دنیادار ہیں - ہمارے خون میں بھی

جوش ہے - کہاں تک برداشت کرتے آخر کار کہنا ہی پڑا کہ
ہم بھرے بیٹھے ہیں کیوں آپ نے چھیڑا ہم کو
کا مضمون ہو گیا۔
سنو ڈیر پنچ - خدا زندہ رکھے ہمارے مرحوم احباب کو
جنہوں نے ہمارے پاس عاجز ہو کر کتب خانہ کی
حسب ذیل رپورٹ اپنے خطوں کے ذریعہ لکھی ہے -
جنکو ہم بجنسہ ارسال خدمت کرتے ہیں -
خط نمبر ۱ - ڈیر یا رہ خان - سلام علیکم - یار عاجز
آگئے - پھنس گئے - دوست کیا کہیں جب ہم حیدرآباد
[illegible] خوش قسمتی سے [illegible]
[illegible] اتفاق ہوا - اسٹیشن پر سواری
[illegible] گاڑی والے
[illegible] اتارا جسکے ایک سمت بڑا بھاری
سائبان نہایت خوشنما نظر آتا تھا اور جو کسی سلطان
کے دربار کا [illegible] ایک احاطہ جسکو
[illegible] ہوں واقعہ [illegible] دریافت کیا کہ
[illegible] قدر وحشتناک میدان اسکا کیا سبب ہے۔
معلوم ہوا [illegible]
[illegible] شوق نے کھاؤ اوڑ
[illegible]
[illegible] خوشنما
[illegible] کالیف [illegible]
[illegible]
داخل ہوا - اندر [illegible] ایسے [illegible]
وحشتناک نظر آئے کہ یقین ہوا کہ کوئی نو مصنفت
اندر [illegible] کرسیاں [illegible] سے اوپر تک
[illegible] کی سی میز پڑی ہوئی
تھی جسپر ایک دقیانوسی چادر تھی - چند ادھم سیدھے

اخبار بھی پڑا ہے - تو میں کون صاحب ایک
علیحدہ کرسی پر رشک شب دیجور براجے تھے خداداد
حسن کا ہر شخص [illegible] تھا - ایسا معلوم ہوتا تھا کہ دنیا بھر
کی لاجت [illegible] کر کے انہیں کے چہرے میں جمع ہو گئی تھی۔
نور معکوس کی وہ کیفیت تھی کہ اللہ اللہ دیکھنے سے
آنکھوں کے نیچے اندھیرا آیا جاتا تھا - رخ مصری پر
ہزاروں چاہ یوسف سر پہ شملہ بمقدار علم مع مبالغہ
ساڑھے ۹۴ گز سے دو تین ہی گز چھوٹا ہوگا غرضکہ
سر سے پاؤں تک چہرہ مہرہ سب درست تھا - داروغہ
صاحب کتبخانہ سے گورنمنٹ گزٹ ۴ ستمبر سنہ ۱۹۰۵ء طلب کیا
ہو تو بعید از عنایت نہ ہوگا - جواب ملا کہ جلد سازی کو
گیا ہے - دو تین روز پھر ملیگا - داروغہ صاحب نے نہایت
درشتی سے فرمایا کہ اگر ضرورت ہو تو جلد والے کی دکان
خود سے لیجئے - واہ واہ سبحان اللہ - ڈیر پنچ - اور
گزٹ لینے کے واسطے دوکان دوکان پھروں !
خیر میں تو ایک مسافر تھا - ایک معمولی حیثیت کے مسلمان
نے ایک کتاب مانگی - جواب ملا کہ ذرا توقف فرمایئے۔
ذرا توقف کیا کرنا تھا کہ داروغہ صاحب شملہ سر پر سجا
وہ جا ایسے بھاگے جیسے لاحول سے شیطان یہ دیکھکر
نہایت افسوس ہوا - مختصر کہ عجیب ابتر حالت پائی۔
کتبخانہ کیا ہے [illegible] ہے داروغہ صاحب کی نشست
[illegible] دوست احباب جمع ہو رہے ہیں - دھوئیں
اڑائے جاتے ہیں منہ سرخ کیے جاتے ہیں مٹھائیاں
اڑائی جاتی ہیں - کتبخانہ کا مقصد علمی ترقی ہے - مگر
وہاں شور و غل کی روز افزوں ترقی ہے - نہ اخبار بینی کا
لطف نہ کتب بینی کا مزا - ایک سمت دماغ اغب ہی
نہیں ہوتا تین تین دینے کے ملازم ایسے گستاخ
کہ ہر وزیٹر سے مقابلہ کے لیے مستعد - نہ پاس ادب

اخبار جاسوس آگرہ

عمدہ سفید کاغذ نفیس لکھائی چھپائی - ۲۰×۲۶ تقطیع کے بڑی سولہ صفحوں پر ہفتہ وار شایع ہوتا ہے - اسکے مقاصد عام دیسی اور دیسی ریاستوں کی اصلاح ہیں - آئین ہر ہفتہ لطیفہ - معمہ پہلیاں - غزل و نظم - حفظ صحت - مفید طلباء - عالم نسواں صنعت و حرفت - زراعت و تجارت معلومات - شمار و اعداد - خود فروشی - نصائح - ریویو زور یار کے معاصرین اور ہم ناظرین سے دو دو باتیں - آگرہ کے مشہور تاریخی عمارات کا حال مع تصاویر ہر دو ہفتہ کی جنتری معہ دیگر ضروری حالات اور دنیا بھر کی تازہ بتازہ خبریں درج ہوتی ہیں قیمت باوجود ان خوبیوں کے بجا صرف سے سالانہ مع محصول ڈاک ہر خریدار کو (۴۰۰) صفحہ کے ناول یا ناٹک مفت نذر ہونگے - درخواست کے ہمراہ بذریعہ منی آرڈر یا وی - پی کی اجازت آنی چاہیئے - اگر اخبار ناپسند ہوگا تو قیمت واپس کر دیجائیگی - اگر نمونہ دیکھنا ہو تو ڈیڑھ آنہ کے ٹکٹ بھیجو۔

المشتہر

ایڈیٹر اخبار جاسوس آگرہ

نہ اخلاق کا خیال ہے
کہ جہین کتب است و این ملا
کار طفلان تمام خواہد شد
فقط - زیادہ دعا

خط نمبر ۲ - از کوہ قاف موضع ۱۳ محرم ۱۹۰ ہجری
قبلہ یار خان - اسلام علیکم مزاج معلی - اثنائے سفر مین ... قیام کیا - شوق کتب بینی نے کتب خانہ پہونچایا - اندر جاکر دیکھا تو عجیب بدانتظامی تھی - وہ شور و شغب مچا ہوا تھا کہ الامان - والحفیظ - طوعاً و کرہاً بیٹھا - اسلامی اخبار کا تلاش ہوا مگر ندارد جدہر نظر آتا تھا بستر کا بستر کا ہی پڑا ہوا تھا - مجبوراً کتاب دیکھنے کا ارادہ کیا - داروغہ صاحب نے تیوری چڑہا کر کنجیاں حوالہ کردیں [illegible] زمانہ سر دہنا کرکے ایک کتاب نکالی - روانگی نیوتی [illegible] کے حوالہ کرکے تاکید کردی کہ ابھی زندہ نہ رکھی جا [illegible] داروغہ صاحب تو ترکی ٹوپی دیکھ چکے تھے [illegible] جب واپس آیا کتاب [illegible] نہایت افسوس ہوا محروم واپس گیا - تین روز تک برابر یہی کیفیت رہی - چھٹے روز مین نے کتاب زیادہ دیر تک پڑھی - چپراسی صاحب خواب خرگوش مین پہنچ گئے - مین کتاب [illegible] مع اپنی چند کتابون کے [illegible] اس غرض سے رکھ چلتا ہوا کہ [illegible] واپس آ [illegible] کا - چپراسی صاحب نے ہوش مین آتے ہی [illegible] کہ [illegible] صاحب ترکی ٹوپی پہنے ہوئے تھے [illegible] لے گئے - داروغہ صاحب نے رپورٹ دا فتری - وہ بھی گھبرا گئے - دوسرے روز میرے آنے سے بیشتر داروغہ صاحب نے وہ واویلا مچا دی کہ ناک مین دم ہوگیا جو شخص آتا تھا یہی شکایت تھی کہ ایک صاحب ترکی ٹوپی پہنے کتاب غائب کرکے لے گئے - سبحان اللہ معلوم نہین داروغہ صاحب ترکی ٹوپی سے کیون اسقدر خوف زدہ تھا - مین بھی [illegible] پہونچا - الٰہی خیر - آج زندہ نہ بچونگا - مجھے دیکھتے ہی وہ آنکھ لگی آواز بلند کی - مین یا دافع البلیات پڑہتا یا حافظ - یا حفیظ دہراتا ہوا میز کے قریب پہونچا -

داروغہ صاحب [illegible] کیون صاحب کتاب بھی لائے -

مین - کتاب کا لانا چہ معنی دارد - کتاب الماری پر رکھی ہے -

جواب سنتے ہی داروغہ کے پاؤن نیچے کی زمین نکل گئی - مگر ابھی تک یقین نہ ہوا تھا - مینے کتاب اوٹھا کر حوالہ کردی - تھوڑی دیر ہوئی کہ داروغہ صاحب در پردہ تمام مسلمانون کو بے ایمان بنا چکے تھے - ایسی خفت ہوئی کہ رنگ فق ہوگیا - الٹی منہ کی کھائی - بات بنانے کیواسطے آئین - بائین - شائین - کرنے لگے - ہرچند کوشش کی کہ اب بھی کسیطرح الزام انھین کی گردن پر رکھون مگر دو چار منصف مزاج انھین کے بھائی بند موجود تھے - ملکر ایسا خفیف کیا کہ توبہ ہی بھلی - یہ حالت دیکھکر مینے تمام حالات دریافت کیے معلوم ہوا کہ ایسے ایسے تجربے ہر ایک کے عمل مین آتے ہین -

خصوصاً داروغہ صاحب حد سے زیادہ قابل توجہ ہین اونکے آنے ہی کتب خانہ نہین رہتا وہ شور و غل برپا ہوتا ہے کہ طبیعت بالکل برداشتہ ہوجاتی ہے - [illegible] کسی وزیٹر کا خیال مذہبی پوزیشن مدنظر سبکو ایک لکڑی سے ہانکنا یعنی اخلاقی حالت کا اثر دوسرون پر بھی ڈالا جاتا ہے - کسی قوم کی [illegible] عزت ہرگز [illegible] ہے کہ دیگر اقوام کو گالیان دیجاتین - [illegible] دیکھا جاوے - [illegible] قوم کو [illegible] تمام دنیا مانتی ہے [illegible] کی صداقت روز روشن سے بھی زیادہ منور ہے [illegible] کا ہم پلہ نہ کوئی مذہب ہوا اور نہ ہوگا محض تعصبانہ خیالات سے بدنام کرنے کی کوشش کرنا گویا اپنا روسیاہ کرنا ہے - [illegible] اپنے [illegible] کو گرد آلود کرنا ہے - اوسکو [illegible] صرف اس غرض سے اتہام اور بہتان لگانا [illegible] گویا اپنی حالت کا اندازہ کرانا ہے - فقط والسلام

واقعی بات یہ ہے کہ یہان کے کتب خانہ مین کتب بینی اور اخبار بینی کا لطف بالکل ہی نہین - وزیٹر پابندی اوقات کا لحاظ کرکے اپنا وقت عزیز یہان صرف کرتے ہین اور داروغہ صاحب کبھی اچھے ندارد کبھی ۹ بجے - غرضکہ پابندی اوقات کا بالکل لحاظ نہین - جسکے سبب سے حاضرین کا از حد حرج ہوتا ہے - اگر قواعد کتبخانہ کی درخواست کیجاتی ہے تو ہمیشہ چھپنے کے واسطے گئے ہوئے ہوتے ہین سول لسٹ کبھی نہین ملتی - اگر کسی پرانے گزٹ وغیرہ کی ضرورت ہوتی ہے تو اس طرز سے دیا جاتا ہے - گویا داروغہ صاحب نے اپنے پاس سے دیا - اور یہی حالت کتابون کی ہوتی ہے - مین اخیر مین ممبران کی معزز توجہ اسطرف راغب کرنا چاہتا ہون کہ از راہ عنایت اسکا دفعیہ کیا جاوے - اور داروغہ صاحب سے دست بستہ معافی کا خواستگار ہونا

فقط

راقم
"یار خان"
روہیلہ

۳۱-۵-۶

بے دوا و بے جراح علاج

موجودہ صحت کا قائم رکھنے والا گئی ہوئی صحت کا بحال کرنیوالا

بے اولادون کے ہان صحیح و سالم اولاد پیدا کرنیوالا نیز جوان عورتون کی خفیہ بیماریون کا بغیر امتحان مقام مرض کی صحیح تشخیص پتہ لگانے والا

ہر تندرست و بیمار کا اتالیق و مشیر - اور ہر مریض و معالج کے لئے یکسان مفید

لاجواب سلسلہ کتب جدید قدرتی طریقہ تشخیص

جدید قدرتی طریق علاج بے دوا و بے جراح و باتصویر

اردو مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوئی کہنی صاحب

جرمن عالم موجد و مصنف علاج بیدوا

جسمین عالیجاہ موجد نے قدرت کے اندر نباتات و حیوانات اور انکی عقل حیوانی اور ظاہر قدرت مثل چاند سورج - کے قدرتی اثرون اور موسمون کے تغیر و تبدل کی علمی مشاہدہ اور عملی تجربے کرکے بڑی منطقیانہ اور فلسفیانہ تحقیق کے ساتھ بدلائل عقلی ثابت کیا ہے کہ جملہ امراض خواہ انکی نام کچھ ہی کیون نہ ہون اور خواہ وہ صورت مین ایک دوسرے سے بظاہر کیسی ہی مختلف کیون نہ ہون دراصل ایک ہی ہین اور ان سبکا ایک ہی مشترکہ سبب ہے - لہذا ان سبکا علاج بھی سائنٹفک یعنی علم طبیعات کے اصولون کے ساتھ یکسان طور پر صرف ایک ہی طریقہ سے بلا ضرورت تشخیص ہوسکتا ہے - جسمین صرف چہرہ اور گردن دیکھکر تندرستی و بیماری موجودہ اور نیز آئندہ حتی کہ برسون بیشتر صحت کے ساتھ دریافت کرنا بتایا ہے اور ہر مرض کا علاج معمولی سر اور دانتون کے درد سے لیکر دق - مراق - ہیضہ - طاعون - اڈیٹھ پھوڑے وغیرہ مہلک اور لا علاج امراض تک - دوا بے جراح - بے عمل بیکاری وغیرہ صرف چار مختلف قسم کے گرم سرد پانی کے تدبیری غسلون دہوپ کے خارجی اثر اور قدرتی کھانے پینے کی چیزون سے نہایت آسان اور کامیابی کے ساتھ بتلایا ہے - جو سقدر مقبول اور پسند ہر خاص و عام ثابت ہوا ہے کہ اسکا ترجمہ دنیا کی ۲۵ مختلف زبانون مین ہوچکا ہے - خود مصنف کی زبان جرمن مین ۴۷ بار اور زبان انگریزی مین ۱۵ بار چھپ چکا ہے - صرف دو سال کے اندر ساٹھ ہزار جلدین فروخت ہوچکی ہین - اسکی اردو اڈیشن باتصویر

(۱) کیا مین تندرست ہون؟ یا بیمار؟ قیمت فی جلد ۲
(۲) حقیقی قدرتی غذاء انسان - قیمت فی جلد ۲
(۳) قوت زندگانی کا بڑھانا - قیمت فی جلد ۲

پیشگی قیمت آنے پر یا بذریعہ وی - پی - پوسٹ - بحوالہ اس اخبار کے خود مترجم صاحب سے حسب پتہ ذیل ملسکتا ہے

محمد امیر مرزا صاحب - ایجنٹ ڈاکٹر لوئی کہنی صاحب موصوف مالک دفتر علاج بیدوا

[illegible]

من وطوطی و تو وقامت یار
فکر ہر کس بقدر ہمت اوست

ایک صاحب کو نبوت کا اسقدر شوق چرایا کہ ایک لگے جاکے اعلان کیا کہ خدا نے مجھکو (قادیانی مرزا کیطرح) مجدد کیا ہے اور سب پر میری ہدایت فرض ہی ہے۔ پس میرے ارشاد کو گوش تصدیق سے سنو اور مجھ پر ایمان لاؤ۔ کچھ سمجھدار داغی کار ون نے یہ گمراہی اور ضلالت کی کہ بجاے تصدیق اور ایمان کے حضرت کو پاگل بنوا کے مرمت کیبعد بدھ لیبید یا۔ اسکے بعد دوسرے صاحب وارد ہوئے اور دعویٰ کیا کہ میں خدا ہوں۔

آپ جانئیے لوگ پہلی ٹھوکر کھا چکے تھے۔ ان صاحب کی نہ سنی گئی لیکن لئے ایسے ایسے مافوق العادت پروفیسر آجکل بہت آتے ہیں۔ ایک ہی صاحب آچکے اور یہاں سے بدرالت تمام پاگلخانے کو ہجرت فرما چکے ہیں۔ اب آپ خود خدا بنکے آئے ہیں۔ آدمی تھے موقع شناس۔ جبرئیل ہمت کے ذریعے سے ابلاغ وحی کلام ہوا کہ بہت اچھا کیا۔ شیوہ مافطرت و قدرت تلنے تو بھیجا ہی نہ تھا۔ پس وہ بھی کاذب ایسی ہی مدارات کا مستوجب تھا۔

اسیطرح کہتے ہیں ہمارے مرزا صاحب کرزن گزٹ و مہراجہ کشن پرشاد صاحب کی جگہ سید ۔۔۔ حیدرآباد دکن کی وزارت کے واسطے سر او ہمارے اور بنفس نفیس اپنی ذات پیش کرتے ہیں۔ مگر ہم سردست ایسے جہول الحال اور ہنگ شہادت جسیمی کی درخواست کو التوائی کھٹائی میں ڈالتے ہیں۔ اور خود کی ذات باجرات و ہمت کو عام ریاستہاے ہندوستانی کے تاج۔ پگڑی۔ تخت گدی۔ مسند تکیہ کے واسطے پیش کرتے ہیں کہ ہم ان سب کے مستحق ہیں۔ کیا وجہ کہ دنیا کی کوئی غفلت اور بےعزوی نہ ہوگی جسمیں مداخلت اور تشویق کامل نہیں اور بڑی بات پولیٹکل ایجنٹوں، ریذیڈنٹوں کو راضی خوشنود اور فولاد کو موم کرنیکی ترکیب کے ہم پروفیسر ہیں۔ اور اس سے بڑھ کے پارلمنٹ یا دربینی طاقت اعلیٰ کی ہر جائز ناجائز ضرورت خواہش دلی کی بے چون وچرا پوری کرنے کا حلفیہ وعدہ کرتے ہیں اور اسکے بعد رعایا کے حال پر متوجہ نہونے کا حلف قسم گنگاجمنا نربدا۔ گھاگھرا۔ سب اوٹھاتے ہیں اور سب خزانہ عامرہ اور طاقت اصلی ریاست کی حفاظت ملک میں پانی کیطرح (کیونکہ کوئی ذکر خون عنقا ہے) بہانیکا وعدہ لاتجب ولا تشک کرتے ہیں مگر اس کا نہ ہمارے ملک کو کسی سمت کھسک یا کھنچ جانیکی زحمت کسی دشمن نے دی تو ہم نیجان ملک کے جون یا جلوے کیطرح خیرخواہی و خیر طلبی کا دم بھرتے کھنچ چلے جاینگے اور ادسجگہ اپنی سابقہ طاقت اعلیٰ کا سکہ مثل بھیل یا تخم بلوا کے بیٹھتے جاینگے۔

الغرض سوالان مہتم بالشان باتوں کے ہمارے نہایت پرلوٹ مشاغل یادگار زمانہ ہیں مثلاً ہم نے سانپ کا ۔۔۔ کا منتر، بچھو کا منتر، بھڑ کے ڈنک شہد کی مکھی کے ڈنک کا بس کھوپڑہ۔ بھونرے، مچھر اور کھٹمل کا منتر جوگا مرد دیس میں اچھتا ہو بذات خاص بہت کچھ وقت عزیز اور قربانی تعیش کے ساتھ حاصل کیا ہے اور اعلان دیدیا ہے کہ جسکو حاجت ہو (بشرطیکہ اسی صدمہ سے جان نہ نکلی ہو) ہم اسکی جھاڑ سونٹ جلتے کرینگے۔

نسیم
خدا سے حاجت

ایک ۔۔۔ کی ہیچ چلے

ہر ادائی نعمت میں نیا تیرہ دخل ہے
گویا نہ ہوا ان بڑا کہیں ہے
رہا بھی شادی رچاؤ کہیں پر
کہ دولہن بھی نزدیک نہتی یہاں ہے
کہاں ہیں میاں قاضی دو بول پڑھیں
کچھ اوستادیئے کی حاجت نہیں ہے
چلیں سالیاں اور جوتی چرائیں
کوئی نیگ رہجاے ممکن نہیں ہے
ارے سے کوئی ہار نعلین لائیے
جو سیلے کا قسمت سے ملتا نہیں ہے

حضرت ابوالمذاق اڈیٹر صاحب اودھ پنچ دشمنوں کے اوپر منہ کی طاق اور دوستوں کے اوپر دواتہ وام ظرافتکم۔ بندگی کے لوکر تسلیمات کے طاق سلام کے لکھو آداب کے گٹھر نمسکار کی ٹپلوسیاں پالاگن کی جھتیاں گڈمارننگ کی جھریاں پیشکش کرتا ہوں اور عرض مدعا یہ ہے تازہ بتازہ نو بنو واقعہ اگر آپکو سننا ہو تو ایجانب کے منہ سے کان لگا دیجئے۔ (تاکہ اس واقعہ کی حرارت عزیزی ضایع نہونے پائے) ایجانب کی یہ گپ کشت زعفران سے کم نہیں جو سنئے

[illegible] اوسکا جگر کباب دہوجاتے کو تمام شہین
اڈیٹر۔ ارے میاں واقعہ تو بعد کو سنونگا اول تو یہ بتاؤ کہ اسقدر کس طرف سے آرہے ہو۔ ایسی بے نقط باتیں جنکا سرنہ پاوں۔

ایجانب۔ لیجیے سنئے گر سننے سے پہلے ذرا کمر پر خوب کس کے باندھ لیجیے اسطرح کہ اوپر کی سانس اوپر اور نیچے کی نیچے رہجائے۔ یہ ممکن نہیں کہ یار دوستوں کی ۔۔۔ سنین اور انکھت کا شوق نہو آے۔
شادی کی دھوم چار دانگ عالم میں ہوگئی تھی
انسر الشیاطین نے منادی کردی تھی۔ کریم اور سخی لوگ ہر طرف سے آآکر جمع ہوگئے۔ دعوت میں ماش کی دال کھلائی گئی۔

اڈیٹر۔ ارے بھائی واقعہ جلدی سناؤ تم نے تو سارا مزورس کا موہنی ۔۔۔ ڈالدیا۔

ایجانب۔ سنئے ڈالیے۔ ایک بڈھے میاں کو شادی کی یاد نے ستایا اور ارادہ یہ کیا کہ ایک حسین عورت کل جدید لذیذ سے لطف اوٹھایا جاے۔ یہ ساون کی راتیں خالی نہ جانے پائیں۔

دوستوں میں جو تذکرہ کیا گیا سب نے اس تیم کی حالت پر رحم سے آنسو گراے۔ بہتیروں نے رو رو کے دریا بہادئیے۔

پہلے نوشہ میاں سکھانے پڑھانے سے بگڑ گئے۔ مگر بعد از خرابی بصرہ نوشاہ میاں کو دولہن کا پری تمثال چہرہ دکھلاکر رجھا لیا گیا۔ نکاح کی تیاریاں ہوئیں۔ دھومیں مچیں۔ امرتیاں بالوشاہیاں منگائی گئیں۔ قاضی صاحب کو بلوایا۔ وہ بعنایت ایسے خوش مزاج واقع ہوے تھے کہ وہ خود نکاح پڑھنے کے بجاے دولہن کے شیدا ہوگئے۔ بقول شخصے۔

قاضی جی دیکھتے ہی ہوے اوسکی مشتری
کشاں کشاں اونکو مجلس سے باہر کیا گیا۔ دوسرے صاحب کو طلب کیا گیا۔ یہ قاضی صاحب ہرفن اوستاد نکلے بلی کیطرح دیکر چوہوں سے کان کترنے والے کو تیار۔ الغرض وکلا آے قاضی بہ ہیئت عجیب رونق افزاء بزم نشاط ہوے۔ لوگوں کو حیرت تھی کہ قاضی صاحب کا منہ کدھر ہے۔

نوشہ میاں کی داڑھی برف سی سفید۔ ہر ادا میں شان الٰہی کا اظہار تھا کوئی تھوڑی دیر سب سکوت کے عالم میں رہے آخر الغرض بہ خان عرف کوتوال نے وکالت اختیار کی گواہان نابالغ بھی اوسی وقت پیدا کئے گئے۔ نوشہ میاں کے

شب خوابی کے والد ماجد بوقت عاصر ... پیا اجازت ظاہر کرنے تو سب کی انگشت حیرت گالہہ دروں گا ہم پروں پیچھے لگی ۔ بساط کے ولی اسم باسمی تھے ۔

رات زیادہ جا رہی تھی اسلیے زور دیا گیا کہ نکاح کا مقدمہ شروع کیا جائے ۔ قاضی صاحب کو اجازت ملی اور انھون نے اپنا کام یون شروع کیا ۔

لاحول ولا قوۃ الا باللہ

قالو افاسد تانی العقد بیر نابلغ والنکاح والاولاد الحرامیہ من شکل موودہ و شبیہہ المنحوس برایں طفل نوزائیدہ ویران دخت عیار ہزار صد ہزار بیاداش جفت قدیم اعلی قدیم ۔ آمین ثم آمین ۔

براین پیر دو خبیث ترمرید ابلیس تا یوم ابدا زدیاد لعن تشنیع یاد باد ۔ پروردگار عالم این ہر دو را بطفیل جملہ شیاطین و بعیش پاپوش خوردن و تمہاے انکار و ضرب بچوب از جملہ خرمی خویش افرختن مہیا گردانند ۔

آن ساعت فرسند خدا از دیاد بماید کہ جملہ شرکا مجلسین بچشم خویش این موے دم سپ ابلق کہ بر رد افتادہ ست و چون گیاہ خشک می نماید در دست زن باکرہ کہ در عقد می آید بہ بینیم ۔ این بود کہ بعد این افراغ عقد و نقضا ایام مقرر از منکوحہ بوزنہ زائیدہ شود کہ باعث نازیہر دو فاد رد مادر باشد ۔

ڈگ ڈگ ڈھون دُ نادن دنادن جٹ جٹ اکسٹھ باسٹھ ترسٹھ ۔

بساعت منحوس جب یہ تقریب اختتام کو پہونچی تو ایک نے یون مبارکباد گائی ۔

مبارکباد

تمکو شادی مرے دلدار مبارک ہووے
نئی بیوی کا نیا پیار مبارک ہووے
ایسے دولہہ کو کہ جو حسن مین خود یکتا ہے
سر پہ پگڑی پہ گندہ ہار مبارک ہووے
شکر ایزد کہ جو چیاکی کلی تھی منہ بند
اوسکے ڈسنے کو سرہار مبارک ہووے
عمر بھر دولہہ دولہن مین رہے نوکا جوکی
نوشہ کو خوردن بیزار مبارک ہووے
ختم ہوتے ہی چھٹا ماہ سعادتمندی
تا خلف طفل سدا خوار مبارک ہووے
واہ بیڈھنگ تمہی خوب مبارکبادی
تمکو یہ شادی کا انظار مبارک ہووے

از تصنیف سمج تخلص بیڈھنگ ساکن ردجاڑ نگر محلہ فسادنگر ۔ بوریضہ ماہ لونڈ تاریخ نزارد سنہ غائب غلہ

حاضرین جلسہ کی مسرت کا اندازہ کرنا طاقت سے خارج ہے ۔ سیٹھ ترنم آزاد پیر بھائی جی نے یہ سہرا کھڑی ہو کر پڑھا ۔

سہرا

دھوم شادی کی ہے کیسی کہ فلک سے خورشید
اترآیا ہے زمین پر لیے پرزر سہرا
رخ یہ نوشاہ کے سہرے کی چھپن تو دیکھو
خوب موزون ہے یہ داڑھی کے برابر سہرا
داڑھی نوشاہ کی نزلے سے ہوئی گو ہے سفید
پردہ جوبن سے کہ شرماتا ہے اوسپر سہرا
یا خدا شادی مبارک ہو فدائی خان کی
ساتھ محبوبہ چھچھوندر کے بہنکر سہرا

شادی ختم ہوئی دولہہ اندر بلایا گیا دوشیزہ خورد سال دولہن نے بڑی منتون سے یہ دن پایا تھا بڑے شوق سے جوتہ خیرایا اور منہ مانگی مراد پائی نوشہ کی داڑھی کا بال بال ایسا کھڑا ہوا تھا جیسے گھوڑے کی دُم

زیادہ تخفل برخاسس والسلام

الراقم

قہقہہ بیگ

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہین لیکن
بہت بے آبرو ہو کر امین آباد سے نکلے

حضرت درتے باز کی آمد آمد شور وغل ہوا ۔ بھیڑ ٹھہری لکھنؤ کی خلقت ۔ وہ وہ چاند ٹھاسنے کی گئیں اور شہری کہ توبہ معاذ اللہ ۔ کبھی سنا کہ [illegible] کے کوتوال کی موچھونکا ایکدم صفایا ہو اور بلا کسی روک ٹوک مین بھنک پڑی ۔ کہ درتے باز نے آؤ دیکھا نہ تاؤ درانہ گھسا چلا آگیا بر سر اجلاس ایک ڈپٹی کلکٹر کی موچھ قینچی سے کتر ڈالی ۔ سوال کرتا ہے مسلمان ہو یا کافر سنی ہو یا شیعہ سب پھر لے دے کر ڈالتا تھا ۔ نماز کے اوقات پر سڑک پر کھڑا ہوا ہو ۔ جو کوئی مسلمان گزرتا ہو اس سے سوالات کرتا ہے ۔ اور کہتا ہے جاؤ نماز پڑھو ۔ جونہی اوسنے منہ موڑا ۔ دیا سر ایک سے ایک درا ۔ اس درے کے سرے پر بندے ہوتے تھے پیسے ۔ وہ لگتے تھے ایسے جیسے کوئی پتھر کھینچکا مارے ۔ نتیجہ جارہی ہے ۔ اور اپنے مسلمانون کو اوترو ا لیا ۔ سنیے ۔ بھیڑا کہتے ہین ۔ ارے صاحب غسل کی حاجت ہے کپڑے ٹھیک نہین ہین ۔ نماز پڑھکر آرہے ہین ۔ کمر دو پیٹ پا چھوا

فتنا ہی نہین ۔ مانتا ہی نہین ۔ اسکے حوارئین اس بھی زیادہ سرگرم ہین ۔ کان پکڑ کر دیتے تھے ڈھکیل آفت سی آفت تھی ۔

البرٹ فیشن کے بال رکھنے والے ۔ موچھون کی نیب منانے والے ۔ نماز چھوڑ کر جانے والے ۔ گھر کے دروازہ بند کرکے بیٹھے تھے کنڈی تک سے چڑھا دیتے تھے ۔ باہر بیٹھے ہین اور سنا وہ آیا درہ باز ۔ اور یہ بھاگے پاؤن کو سر پہ رکھکر ۔ آخر تو یہ ہے ۔ کہ بے نمازیونکا خاصہ ہوا تھا ۔

صدر بازار ۔ نرہی بھی مین ٹھہر کر آئے دو جمایا پنچ قصائی بارہ (امین آباد) کے مطول کرنے کا مقام اکبر انتخاب کیا ۔ موزون بھی تھا اس کام کے لیئے ۔ پیچھے درہ باز نے مع حوارئین کے خوب دھوتین اوڑائین ۔ نذرین لین ۔ عرضیں لیں ۔ آخر جنہ کا کر تا کیا ہو تا ہے کہ حضرت کے دار الامان پر شبہ دفعہ [illegible] کا کارڈ آپ حاضر ہوتا ہے ۔ اور درہ باز وقت کرتا ہے ۔ تمہارے پاس علی شکر کو ستانے کے لیئے کیا سند ہے ۔

لو لیے وہ ایڈورڈ ہفتم کا زمانہ ہے ۔ [illegible] اور بادشاہ کا لیکن اللہ میان کا فرمان ہے ۔ گارڈ نے کہا ۔ تو بس سیدھے سیدھے کل صبح ٹھنڈی ہوا کھاؤ یہاں سے اپنا ڈیرہ ڈنڈا اوٹھاؤ ۔ ورنہ کوال کو ٹھڑی مین بھیجو ہے جاؤ گے ۔ پھر یہ ہوا یہ حضرت پاؤ کے سفتی مین بنارس چلے گئے ۔ الحمد للہ کہ اس ہفتہ سے امین آباد مین امن و امان ہے یہ حکام کا احسان ہے ۔

راقم

اے ۔ آر لوکل نگار

خبرین

۱۹ ۔ جولائی ۔ لندن ۔ ہوس آف کامنس مین مسٹر مارلی نے بجواب چارلس ڈلک کے بیان کیا کہ مین گورنمنٹ ہند کے ساتھ توفیر کی نسبت خط کتابت کر رہا ہون جو ہندوستان کے فوجی مصارف مین عنقریب ہونے والی ہو ۔ بعض امور ڈیفنس کمیٹی کے غور کے لیے باقی ہین ۔ بحال کے دوبارہ انتظام سے ایک بہت بڑی توفیر کی توقع کیجاتی ہو ۔ اور وہ اخیال ... نے بھی ظاہر فرمایا کہ مین اُس خاص کارروائی کی نسبت بھی بیان کر سکتا ہون جسکا تعلق دوبارہ [illegible] ... گورنمنٹ ہند کی تجویز [illegible] جسکا اوسکو اختیار ہے ورنہ سنہ ۱۹۰۶ء کی بابت بندوبست کا تخمینہ بالکل وہی ہے جیسا اُسوقت تجویز ہوا تھا جب

لارڈ کچنر کی تجویز کی منظوری دی گئی تھی - (ر)

۲۰ - جولائی - لندن - مسٹر مارلی نے فرمایا کہ بہت سے علامات سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد چند ہی پارلیمینٹ اپنے انتظام ہند کی ذمہ داریون سے بخوبی واقف ہو - بعض اشخاص کے خیال مین ہندوستان کی حکمت عملی سے فقط ایران اور شمالی مغربی سرحد ایرانیون مراد ہے - مگر اس مسئلہ کو ابھی طرح سمجھنے کی ضرورت ہے کہ خانگی نزاعات یا یورپ مین تقسیم ملک سے انگلستان کو کوئی تعلق نہین ہے - اُسکی حکمت عملی بدلکر اب ایشیائی حکمت عملی قرار دیگئی ہے -

شملہ - لیڈی کرزن کی خبر انتقال پُر ملال سے ہر کہ و مہ کو رنج ہوا اور لارڈ کرزن سے بہت بڑی ہمدردی کیجا رہی ہے - پہلے تو چند روز سے معلوم تھا کہ لیڈی کرزن کی حالت صحت بہت نازک ہو رہی ہے مگر آخری ڈاک پر انگلستان سے جو خطوط آئے تھے اونمین اس بات کا مطلق ذکر نہ تھا کہ ایسا جلد کوئی مہلک مرض ہو جائیگا اور روٹر کی تار برقی سے معلوم ہوا کہ لیڈی آنجہانی کا مرض ایسا تھا کہ ڈاکٹری پرچے شایع کیے جاتے اسی وجہ سے ہندوستانیون خبر ارتحال کو سنکر بڑی حیرت و ملال ہوا لیڈی کرزن نے کو تمام مصیبت زدون سے جو ہمدردی تھی اور اونھون نے بہت سے فیاضانہ کار خیر کیے تھے اسوجہ سے ہر فرقہ و ملت کے لوگ اُنسے مانوس تھے اُنھین ڈفرن ایسوسی ایشن کی کارروائی سے بذات خاص دلچسپی تھی لیڈی مرحومہ نے ہندوستان کی عورتون کو ڈاکٹری مدد پہونچانے کے لیے ایک اور فنڈ جمع کیا تھا اونھون نے خاموشی کے ساتھ جو فیاضانہ کام کیے ہین اونسے شملہ و کلکتہ مین ہمیشہ اونکا نام رہیگا شملہ مین جسقدر لوگ اونسے واقف تھے اُنکے انتقال سے ایسا صدمہ ہوا کہ گویا اُنکا کوئی عزیز مر گیا اور تمام ہندوستان مین غم و الم محیط ہو گیا کیونکہ یاد ہوگا کہ دو برس ہوے جب وہ بیمار ہوئی تھین تو کیسی ہمدردی کی گئی تھی - اب لارڈ کرزن کو جو غضب کا صدمہ پہونچا ہے اُسمین اب اُنسے علی العموم ہمدردی کی جائیگی - (ر)

۲۴ - جولائی - لندن - لارڈ رابرٹس نے تخفیف فوج کی تجویز ناپسند کی اور کہا کہ حال کی کفایت شعاری آیندہ ایک غیر ضروری مصارف عظیم مین مبتلا کریگی - (ر)

مسٹر مارلی نے ہوس آف کامنس مین بجواب ایک سوال کے کہا کہ عنقریب تبت کے معاہدہ پر دستخطون کے مبادلہ کی توقع ہے - (ر)

اصلاحی تحریک کے متعلق ارتجاع مقدمہ کا خوف کرکے بانیہز اِرطلبہ صناع اور اہل تجارت نے برٹش سفارتخانہ

طہران مین پناہ لی ہے - حالت معاملات نہایت نازک ہو رہی ہے وزیر اعظم کی برطرفی کا مطالبہ کر رہے ہین اور چاہتے ہین کہ وہ واپس آئین - یہ مقام قم کو چلے گئے ہین - (ر)

کلکتہ - ایسٹ انڈیا ریلوے کی ہڑتال برابر قایم ہے طرفین کے لوگ اپنے عزم پر مستقر رہنے پر آمادہ ہین - (ر)

نوٹس

ریاست رامپور مین بالفعل یہ تغیر عظیم ہوا کہ مولوی عبد الغفور صاحب مدار المہام ریاست اپنے عہدے سے دست کش ہوے اور صاحبزادہ عبد الصمد خان عرف ننھن میان صاحب نے باضابطہ اونکے عہدے کا چارج لیا - اور منصب علی نے (جنپر الزام رشوت وغیرہ تھا اور قلعہ مین زیر حراست تھے) کسی سموم شے سے خودکشی کی - اسکے متعلق معصر نیر اعظم مراد آباد یون زہر اوگلتے ہین -

"رامپور کے حالات چھ برس گذشتہ مین جو کچھ بھی ہے وہ طشت از بام رہے - یہ مہینہ بھی رامپور کے لیے عجیب لطف و انقلاب کا مہینہ رہا - منصب علی مجسٹریٹ رامپور چونکہ مدار المہام صاحب کے بھانجے اور اونکے خاص آدمی تھے اُنھون نے رشوت ستانی کا یہ درجہ بازار گرم کیا کہ نواب صاحب بہادر تک شکایت پہونچی سرکار نے فوراً اونکو . . قلعہ کی حوالات مین لیکر تحقیقات مقدمات شروع فرمائی - تیرہ مقدمات رشوت ستانی مین کافی ثبوت گذر چکا تھا کہ یکایک منصب علی نے کسی زہریلی چیز سے حوالات مین خودکشی کر لی - . . . . منصب علی کے لیے خودکشی کرنا نئی بات نہین - کیونکہ اسکے باپ بہادر علی (جو ضلع بلند شہر مین سب انسپکٹر تھے) نے بھی مقدمات رشوت قایم ہونے کی وجہ سے خودکشی کر لی تھی - . . . . .

یہ ابھی تحقیق نہین کہ خودکشی کرنے مین کسیکی اور کیا سازش تھی - افسوس اور خوشی کہ عبد الغفور صاحب مدار المہام رامپور اپنے دوامی حکومت کو اس ہفتہ ختم کر کر جسکی بابت اونکو کبھی خیال بھی نہ آتا ہوگا - مدار المہام صاحب کے دوستون کو جو شادی کوئی ہوا اس سے رنج ہوا - پبلک رامپور - بریلی - مراد آباد کو اس سے خوشی کہ نواب صاحب نے مدار المہام صاحب کو باوجود اُنکی خوشامد و آمد کے بھی اُنکو حکام چھٹی کے سلسلہ مین علیحدہ کر دیا - اور اوس مستعار حکومت سے جو مدار المہام صاحب کے خیال کے موافق دوامی تھی سبکدوش کر دیا - مدار المہام صاحب سرکار کے سلام کی غرض سے شاہ آباد جا کر ہمیشہ کے لیے رامپور چھوڑنے والے ہین -

مرض سے کے ... اور ... مدار المہام صاحب کی علحدگی کی خبر شہرت پذیر ہو چکی تھی - رامپور کی رعایا بعد خوشی سے مغرے مار رہی تھی - سرکار نے حکم صادر فرمائی کہ عالیلے رامپور کیطرف سے بجو بعد ختم عہدہ کے مدار المہام صاحب کو کوئی ایذا اور تکلیف نہ ہونے -

اگرچہ افواہی خبرین بہت سی ہین کہ مدار المہام صاحب کا دماغ ترک حکومت کیوجہ سے مختل ہو گیا ہے - اچھا یہ بھی خوف معلوم ہوتا ہے - ایجنٹ رامپور روہیلکھنڈ نے مدار المہام صاحب سے ملنا چھوڑ دیا . . . .

کوئی کہتا ہے کہ مدار المہام صاحب کو رود موضع اسٹیشن سے جیب کر بھاگ گئے -

یہ افواہی خبرین ہین انکی اصلیت ہمارے پاس نہین ہے "

مسٹر مارلی نیشنل کانگریس کی نسبت اسطرح اظہار خیالات فرماتے ہین -

" بعض لوگ یہ لفظ کہتے ہوے سُنے گئے ہین کہ ہندوستان ایک ناقابل حل معمہ ہے - لیکن مین ان لوگون سے ہرگز اتفاق نہین کر سکتا - اور میرا عقیدہ یہ ہے - کہ ہندوستان کی پالیسی کی شاہراہ پر سفر کرتے ہوے اب ہم بتدریج ایک ایسی منزل پر پہونچ گئے ہین جو ہمین مجبور کرتی ہے - کہ ہم مضبوطی اور استقلال کے ساتھ اصلاح کیطرف چند اور قدم آگے بڑھیں - میری سمجھ مین نہین آتا - کہ کیون بعض لوگ نیشنل کانگرس کے مقاصد اور بلند خیالیون کو سنکر ڈر جاتے ہین - کہا جاتا ہے - کہ ہندوستانیون کے ساتھ ہمدردی کا سلوک کیا جائے - اس آواز ہمدردی سے مراد خیالی ہمدردی نہین ہے - بلکہ یہی مردانہ خواہش کہ اہل ہند کی طبایع کو سمجھا اور پہچانا جائے - مین یہ یقین نہین کرتا - کہ انگریزی قواعد اور دستور کو ہندوستان مین بجنسہ قایم کیا جا سکتا ہے - لیکن اسمین کلام نہین - کہ ان قواعد کا منشا عمدگی کے ساتھ پورا کیا جا سکتا ہے - خوشی کی بات ہے کہ گورنمنٹ ہند اس بارہ مین متفق الرائے ہے - کہ جلد اُمیدین نہ باندھنی چاہئین "

ہندوستانی امپور

ذرا ایک نظر ادھر

ذرا آزمائیے — آزمائیے تو سہی

[illegible] کمپنی کا خوشبودار خوشنما گلابی ناریل کا تیل جسکی تعریف میں فقط اتنا کہنا کافی ہے کہ یہ چند ادویات خاص دماغ کیواسطے ملا کر بنایا گیا ہے جو دماغ کو تقویت دیتی ہیں اور ہمیشہ تر و تازہ رکھتی ہیں۔ سر و دماغ کی بیماریوں کو رفع کرتا ہے۔ سر کے بالوں کو دراز کرتا ہے۔ بالوں کو سیاہ چمکیلا ملائم اور خوشبودار بنا دیتا ہے۔ خصوصاً طالب العلموں کو اور ان اشخاص کیلئے جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ انکے واسطے بہت مفید ہے اور ہماری دوکان سے ایجاد ہوا ہے۔ زیادہ تعریف کرنا فضول ہے۔ استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا۔ قیمت فی شیشی ۸ آنہ علاوہ محصولڈاک وغیرہ

نمبر ۳۔ بنرجی کمپنی کا زود اثر مرہم۔ یہ مرہم گو کیسا ہی پرانا پھوڑا یا زخم ہو تاز اثر مین اچھا کر دیتا ہے۔ بعد لگانیکے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا۔ قیمت بھی کچھ نہین صرف ۳ آنہ۔

نمبر ۴۔ بنرجی کمپنی کا بالا اثر انکا سفوف۔ یہ سفوف لاجواب ہے انکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہین پڑتا ہے ملکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۲ رفی تولہ فی شیشی ۶

نمبر ۴۔ بنرجی کمپنی کا فیور پاؤڈر یعنی سفوف دافع بخار۔ بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا۔ صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ۶ عدد پوڑیے ۶

نمبر ۵۔ نو ایجاد گولیان ضابط۔ گولیان صد درجہ کی ضابط ہین بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہے قیمت ۶ عدد گولی ۶ر

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے شوقینوں کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے۔ علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے۔

نمبر ۶۔ بنرجی کمپنی کا عرق سوزش۔ وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا۔ ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا۔ اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک عمر

نمبر ۷۔ بنرجی کمپنی کا روغن

ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحت نے آدمیوں کو بالکل اندھا کر رکھا ہے۔ بے احتیاطی اور خلاف وضع حرکتین بہت زیادہ ہوتی ہین اسیوجہ سے یہ روغن واسطے درفع ماخے کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا [illegible] یا جلن نہین ہے قیمت ۸ر فی شیشی۔

نمبر ۸۔ بنرجی کمپنی کا دندان منجن۔ مسوڑھونکا ورم۔ دانت کا کیڑا۔ مسوڑھون کا ہلنا۔ دانتون سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند روز مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہین۔ یہ وصف بنرجی کمپنی ہی کے منجن مین ہے۔ قیمت فی تولہ ۱۲ر فی شیشی۔ ریحون کے کرم شکم یعنی کیچوؤنکی دوا۔ تلی سودا وی جو بھیا۔ انکے علاوہ اور بہت سی بیماریونکا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت سے بھی ہو سکتا ہے۔ جواب کے لیے ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیے۔

المشتہر۔ ایس سی۔ بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری ونشوالہ لالہ کنھیالال

نقول اسناد

نمبر ۱۔ بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دواساز ہین میرا انسے ہمیشہ معاملہ رہا۔ انکی ادویات تازہ ہوتی ہین۔ سہارنپور دستخط ۷۔ جولائی ۱۹۰۱ء

جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل۔ (سول سرجن)

نمبر ۲۔ مین سارٹیفکٹ ہذا ایس۔ سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین التحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے۔ وہ ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہین۔ ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہان موجود نہو۔

سہارنپور۔ ۱۵۔ دسمبر ۱۹۰۲ء

دستخط جی۔ اے۔ لوٹی ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ

نمبر ۳۔ مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دواساز سہارنپور نے ضلع۔ اسپتال۔ ریل اور دیگر شفاخانون کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور مین عرصہ تک ۳ برس تک میری نگرانی مین رہے ادویہ مہیا کین۔

اس دوکان مین ادویہ بکثرت اور تازی مہیا ہین اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ اشخاص بحیثیت دواساز دوافروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخہ مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین۔ مین نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام الناس کی امداد سرپرستی انپر اسیطرح قائم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہین۔ سہارنپور ۲۴۔ مارچ ۱۹۰۶ء۔ دستخط ڈی ڈبلو۔ سکاٹلینڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

دندان ساز

میکو لال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ

آریونکا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہین۔ کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے۔

پردہ نشین عورتون کیلئے ایک ہوشیار اور تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہے۔ آزمایش کیجئے۔ اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہان موجود ہو گیا تو اب آپ صاحبان دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیے۔ غیر ملک والون یا دیگر مذہب کے لوگون کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعہ سے بنوا سکتے ہین دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہو سکتے ہین۔

المشتہر۔ لالہ میکولال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز۔ امین آباد لکھنؤ

سرگذشت
حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف۔ مذاق پاکیزہ مین شرابور۔ فصاحت اور بلاغت کے دریا مین ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑون خریدار مشتاق قبل اشاعت سے تھے۔ ہر لفظ مین مذاق۔ اور دلگی نفیس قصہ مضحک واقعات شروع سے اخیر تک بھرا ہوا۔ اس شوخی و شنگی کا کوئی ناول اردو مین ابتک نہ نکلا ہوگا ممکن نہین کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنا دے۔ ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشاپردازمثل خاقانی و مرزا ہمدانی ابو اسحٰق۔ عبید زاکانی۔ وغیرہم اور انگریزی مارک لیمن ڈگلس۔ جیرالڈ۔ تھیکرے۔ جیروم کے جیروم۔ مارک ٹوین وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو مین پورا تتبع کیا گیا ہے۔ اعلاً ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے۔ اسپر طرز بیان۔ انداز زبان۔ سونے مین سہاگا۔ یہ ناول بائے بسم اللہ سے تائے تمت تک بالکل کشت زعفران ہے۔ بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہین چاہتا۔ کتب فروشون کے ہاتھ نہین بیچا جاتا۔ صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماء اللحم

[illegible]

عرق ماء اللحم طاقت اور غذا کا کام دیتا ہے

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے چہرہ پر نور برستا ہے

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے خون کا مقدار بڑھتا ہے

[illegible]

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

قیمت فی بوتل ایک روپیہ (۱عہ) - ۳ بوتل (۲عہ)

نصف درجن (۵عہ) - درجن بوتل (۱۰عہ)

بیرونجات میں ۳ بوتل سے کم روانہ نہ ہوگا - اپنے قریب کے ریلوے اسٹیشن کا پتہ صاف لکھو

[illegible]

پتہ: حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء - لاہور (موچی دروازہ)

مطبع شام اودھ لکھنؤ نیا گاؤں میں محمد سجاد حسین نے چھپوا کر شائع کیا

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ

تعداد طبع	چہارم کالم	نصف	کالم	۲ کالم	۳ کالم
ماہ	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین ماہ	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کیمیا گر اعظم — کیوں؟

روح حیات

دوائی ہے جس کا نام ہے: روح حیات

میں جادوگر نہیں ہوں

روح حیات میں موجود ہے۔

روح حیات کے خواص

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کی فروخت سے ایک لاکھ روپے

خرابیاں ... ان سب سے نجات کامل ہو جاتی ہے ... وہ روح حیات کو آزمائیں۔

... المینان خلایق درج ذیل ہے:

میری تین یوم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲ اکتوبر ۱۹۰۶ء	۱۰۷ روپے	۱۳ آنے	
۲ ″ ″	۶۸ روپے	۶ آنے	
۳ ″ ″	۱۶۷ روپے	۴ آنے	
۴ ″ ″	۵۵ روپے	۱۵ آنے	
۴ ″ ″	۳۲۸ روپے	۵ آنے	
۴ ″ ″	۱۵۲ روپے	۴ آنے	
میزان کل	۸۸۳ روپے	۱۴ آنے	

(دستخط) ... لاہور

اب آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ دوائی روح حیات کی قدر دانی

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (ع) ... ۸

مردمی کا بکس

قیمت ... روپے

کمزوری کے لئے

پارس اور

صحت کے لئے ٹھیکہ پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب ذیابیطس

سفوف دافع رقت

حب قبض دائمی

بال اڑانے کا تیل

نوٹ: چار روپے ...

میری طبی قابلیت کا سرٹیفکیٹ

جناب ... آئی ایم ایس

جناب آنریبل ... صاحب بہادر کمشنر

جناب ... سول سرجن لاہور

جناب آنریبل ... ڈپٹی کمشنر

تریاق طاعون

جوہر ...

روغن ...

حب دافع سوداوی

پتہ: حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر کیمیاگر پرپرائٹر شفاخانہ عام - لاہور

تقریب الاسم

نمبر

بتکدہ - کنایہ از کالج سابق۔

شاعر کہتا ہے

اب کہاں تک بتکدے مین صرف ایمان کیجیے
تا کجا عشق بتان سست پیمان کیجیے
ہو یہی بہتر علیگڈھ جا کی سید سے کہون
مجھ سے چندہ لیجیے مجھکو مسلمان کیجیے

الو ہو جانا - بدمست و بیعقل ہو جانا۔

درس تھا یکسان مگر وہ تو مسیحی ہی رہے
تجھپہ ہم سب کے عوض شیطان کا قابو ہو گیا
ایک ہی بوتل سے پی ہوٹل مین دونون نے شراب
لطف مستی اونکو آیا اور لو الو ہو گیا

بابو - یعنی بنگالی۔

شاعر کہتا ہے

زاہد ایسے بیخبر ہین ابروے خمدار سے
جسطرح بابو کو ہو بیگانگت تلوار سے

پردہ در - مخالف پردہ۔

شاعر کہتا ہے

پردے کیواسطے تو عبث بیقرار ہی
پردہ درونکا راز تو خود آشکار ہی
"آغا تقی" مین حسن نہ اب وہ نکھار ہے
پردہ اٹھا کے دیکھو لو کوا گہار ہے

سایہ - مغربی لہنگا۔

شاعر کہتا ہے

سراسر نور تقوی سایہ پر قربان کر آئے
یہ کیا اچھا کیا تمنے اگر رکھوکے مسریاں آئے

تنویر - یعنی روشنی و رونق۔

ناقص تعلیم مین وہ تنویر کہان
وہ وقعت و وسعت اور وہ تاثیر کہان
بابو کا ہے رنگ خانسامان کی ہے بو
وہ مولویانہ حسن تدبیر کہان

خر ہونا - بےغیرت و بے امتیاز ہو جانا

قوم کی تاریخ سے جو بیخبر ہو جائیگا
آدمیت کھو کے رفتہ رفتہ خر ہو جائیگا

گھی - دولت و نعمت۔

ملتا نہین ہے گھی تو خشک روٹی ہی سہی
نعمت جو بڑی نہین تو خیر چھوٹی ہی سہی
مین قوم کی فربہی کا مشتاق نہین
بس چاہیئے میری عقل موٹی ہی سہی

پیپر - یعنی مرشد و یعنی دو شنبہ۔

مرشد نئی روشنی کا ہے قابل قدر
تزئین بھی خوشنما ہے تنویر کے ساتھ
طالب جمعہ کا لیکن اس سے رہی دور
(یوم مسجد)
اتوار لگا ہوا ہے اس پیپر کے ساتھ
(یوم کلیسا)

ڈر بیٹھ جانا - دلمین رعب سما جانا۔

ممکن نہین اونکے علم سے سر پھیرون
دلمین مرے ابتو اونکا ڈر بیٹھ گیا
اونکو یہ خوشی کہ اب رہیگا یہ غلام
مجھکو یہ خوشی کہ قافیہ بیٹھ گیا

CHAMBERLAIN'S PAIN BALM



چیمبرلین کا پین بام

پیٹھ کا درد - پہلونکا درد - پٹھون کا درد - سر کا درد - چوٹ
گٹھیا گٹھیا گٹھیا

کو دور کرتا ہے

گٹھیا کیا ہے؟

سوج اور درد کرنے والے اعضا تکلیف دہ اور سخت درد - ماؤف پٹھے - بےچینی - اور ایسے درد ان شکایتونکا نام گٹھیا ہے - اور اسکا علاج چیمبرلین کا پین بام ہے۔
پہلی مرتبہ جب یہ درد کے مقام پر ملی جاے تو محسوس ہوگا کہ ہڈی تک آرام پیوست ہو گیا ہے اور وہ فوراً دور ہو جائیگا اور اسکے متواتر استعمال سے علاج پورا ہو جائیگا۔

صرف جڑی بوٹیون سے بنایا جاتا ہی — ہاتھ تک نہین لگایا جاتا ہی

ہر جگہ بکتا ہے۔

چھوٹی بوتل کی قیمت ایکروپیہ — بڑی بوتل کی قیمت دو روپے ۲/

موسمی بہار

یعنے

مسٹر لافر کی مکھیان

ایک عالم مین ہو مشہور عسل کی مکھی
ہم دکھاتے مین مگر آج زحل کی مکھی

کیون اوڑاتین گے کسی اہل عمل کی مکھی
ہان اوڑائین گے فقط اپنے تھل کی مکھی

یہ تو خنجر نہین، ہے بجر فنا کی اک دھار
یہ تو جوہر نہین ہے تیغ کے پھل کی مکھی

نوش عشرت کو تو سب ہوس کے نیش سکرات
چاٹ جاتے ہیں زمانے کو اجل کی مکھی

وہ ہو چالاکی کہ ہو نقل در آتش گھوڑا
وہ نشانہ ہو کہ اڑ جائے رفل کی مکھی

زلف سے دام مین ہر چند پھنسانا چاہا
خال محبوب سے ہم نے نہ بدل کی مکھی

لیتی رہتی ہو خبر قومی یہ ہمدردی ہے
چھو پڑو نین بھی تو جاتی ہے محل کی مکھی

ساز و برگ سے سپاہ سے مگر طینت نے
کچھ شگفتہ نہ کیا تجھ کو کنول کی مکھی

نیچی دن رہتا ہے گردش مین سیہ بختی سے
غرض مہ پر نہ بیٹھی ہو جو حمل کی مکھی

پان مین رکھ کے کھلا دیجئے کس طینت کو
کوئی لا دے ہمین اک آدھ زحل کی مکھی

رات دن عیش مین پھر خوب اڑائین گی مزے
اس پری کو جو اڑا لائے عسل کی مکھی

ہاتھ مین اپنے ہے گو لاکھ یہ کوشش کا چنور
مانگ آڑا دیتی ہے پھر بھی تو خلل کی مکھی

بیٹھنے دیتے کبھی آپ تو ایک پل بھی نہ تھی
ناک پر آج تو بیٹھی ہے یہ کل کی مکھی

لطف ہے بیٹھی تو تکلیف بھی ان کو لیکن
جھکے یہ بخت کہ بس آنکھ کی تیلی بجائے
کوئین پیس جائے جو سر مے مین کھرل کی مکھی

کام اپنا کبھی ہم سے تو بنائے نہ بنے
کیا اوڑا دے گا ایا ہم ہی دل کی مکھی

ہو تو غالب نہ حاصل ہوئی شیرین کا می
ورنہ سمجھے گو اڑا دے مڈل کی مکھی

بنک گیا لب مین دہن غنچہ ہے عارض گل مین
رنج جاناں یہ بہ بیٹھے بھی تو ہلکی مکھی

آنے کس پہلو سے پھر اوسکو بھی خواب شیرین
تیشہ فرہاد پہ بیٹھی ہے جبل کی مکھی

مضطر: شیخ ساجوکا عمل کیا امروہے کی تاثیر ہے ۱۲ اڈیٹر

روح مین ... ...
اوڑتی دیکھی ہے کہین بار وسے شل کی
لالہ نے سیکھی ہے کچھ تیسے مکھی چوسی
بیٹھا پھرتا ہے ہر روز ڈبل کی مکھی

سنگلاخ ایسی زمینین ہین کہ ہے قافیہ تنگ
آج تک خالی سے بندھی نہین پل کی مکھی

کیون نہو شاہ سخن کی یہ مگس رانی ہے
تجھ پہ بیٹھے گی نہ لافر کبھی ذل کی مکھی

از امروہا

لال پگڑی والا

ہائے تباہ کر دیا - ہائے اب گھوڑے کو کیا کھلاؤنگا اور خود کیا کھاؤنگا - ہائے افیون کہان سے لاؤنگا دیکھئے یہ ہاتھ ٹیک کر ہاے میرے تو ہاتھ پاؤن پھول گئے -

اے بے زبان جانور صبر کر -

کیون بھئی کسکو کوس رہے ہو؟ کیا تباہ کیا؟ کیا بتاؤن کسنے لوٹا - کہدو کیا ہوگا -

کون سنتا ہے ہماری اے خدا کس سے کہین

لاکھ چلاؤ - تمہارے ایسے کتنے پوچھ گئے مگر کچھ نہوا - آمین کچھ نہوا؟ اسکے کیا معنے - تمنے انیسون وبیسون سے کہا ہوگا - لیک کر مسٹر اودھ پنچ بہادر کے یہان فریاد کی ہوتی - پھر دیکھتے کسطرح شنوائی نہین ہوتی یہین اوٹھین کا اسٹر یٹکار رپورٹر ہون - مجھ سے کہو دیکھو - اور پھر یہ بھی دیکھلو کسطرح شنوائی ہوتی ہے - جاؤ اپنی راہ کسی سے کچھ نہین شدنی -

آخر کہو تو سہی کسنے لوٹا کیون لوٹا؟ - ارے کون دیکھیگا - لال پگڑی والون کے سوا دوسرا کون لوٹیرا ہے - گورنمنٹ انگریزی کے عہد مین - چور - ڈاکو - لوٹیرے اوٹھائی گیرو تو اب رہے نہین - یہی لال پگڑی والے غریب رعایا کو لال پیلی آنکھین دکھاکر لوٹتے ہین - اور پولیس کمیشن کی بدولت اب انکی کوئی داد فریاد نہین - میرے یار پہیلیان تو نہ بوجھاؤ - صاف صاف بتاؤ کون لال پگڑی والا -؟ ارے یہی پولیس گول دروازے والا! جو ہم ہم غریب یکہ بانون کو لوٹتا ہے اور کوئی خبر نہین ہوتا -

ارے ہان توبہ کرو - گول دروازے مین اور ایسی غارتگری - چراغ تلے اندھیرا - کیون اطلاع نہ کی - تمہاری بھی عجیب باتین ہین - ہم مزدور سے دستور کی جو ہان گزر کب ہونے پاتی ہے - اگر رو تا پیٹتا پہونچا بھی تو اور بھی مرمت ہوگئی - پھر بتاؤ کیا کرون -

انما المرض حفظ ما تقدم بہتر

جسکے قویٰ اور نظام جسمانی بخوبی صحیح ہون اوسکو طاعون - چیچک ہیضہ - امراض شش کوئی خطرہ نہین یہ عارضہ ضعیفون اور اونکو جسکا نظام مگس بس گیا ہوتا ہے -

اسکاٹ کا املشن

بیماریون کو ان ضعیف حصون کی تعمیر اور مستحکم کرکے روکتا ہے اس سے عارضہ کوسون دور بھاگ جاتا ہے -

ہاتھ سے نہین چھپا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (محدود)

دوا سازان

لندن

انگلینڈ

یاکم و بیش جو چاہے اسپیرٹ اور خوبیان انکی بحیثیت مجموعی حسن سینے نظیر پیدا کرتی ہین۔ لیکن بقول اوسی مصنف کے اون نشا نہاے خمار اور مستی سے جو آجکل کے مصورون نے وینس کی تصویرین بنائے ہین یہ خیالات بہت بعید ہین۔ قدیم مصورون نے مثل قدیم فلسفیون کے محبت کو بقول پوری پڈریز کے مشیر عقل قرار دیا تھا یہان ایک بات پر غور کرنا چاہیے کہ یہان پر مثل چند تصویرات کے زہرہ کی غمگین اور شست نیچی نظرین نہین ہین اور ناک بنانے مین اس سے بھی زیادہ کامل فن مصوری کا صرف کیا گیا ہے۔ اس آلہ حس کا عجیب و غریب تعلق محبت کے ساتھ بہتر طور سے اس اعلی مصور نے بخوبی سمجھا تھا اور یہ بات نہایت نادانی کی ہے جو چند لوگ اس آلہ شم کی پوری تکمیل کی نسبت اعتراض کرتے ہین اعلی حیوانات مین صرف شامہ ہی نہین محبت کے ساتھ واسطہ رکھتا ہے۔ بلکہ نباتات مین توالد کے ساتھ ہی محبت کو واسطہ ہے انمین سے بہت سے نباتات بروقت شگفتگی گلہاے رنگا رنگ نہایت مسرت انگیز خوشبوئین ظاہر کرتے ہین و اقعی ناک اور اوسکے بانسے کے ساتھ وسطی حصہ چہرہ کا ملا ہوا

---

[1] یہ بات کہ نباتات مین توالد کے واسطے خوشبو ... [illegible] پیدا ہوکر شہوت مین سب یکسان موجود ہوتے ہین اور اگر خوشبو ... [illegible] ... قوت شم ہے۔

ملا ہوا ہے منہ کی تصویر مین بھی اس فن کو اعلے طور سے برتا ہے زاویون کی جگہ یعنے گوشون مین ہونٹھونکا ناقص رہجانا ایک طرح کی عذوبت اور نزاکت پیدا کرتا ہے اور اوپر کے لب کا دو تک ایسا ہی رہنا اور بھی یہ کیفیت زیادہ پیدا کرتا ہے کہ اگر دونون لبونکا درمیانی حصہ بھرا ہو تو اس سے عیش پسندی اور لب زیرین کے صرف بڑے ہونے سے شدید محبت ظاہر ہوتی ہے اور لبون کا تھوڑا سا منفصل ہونا شہوت (خواہش) ظاہر کرتا ہے[1]۔

ان نازک تفصیلون اور خلقی حرکات اور اندازون سے کسی باتکے نہ چھوٹ جانیسے بعض لوگون نے یہ خیال کیا ہے کہ وینس دی میڈیسی کسی شخص کی شبیہ ہے لیکن اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایسے ہر خط وخال مین جیسا استعمال فراست کرنا چاہیئے وہ لوگ نہین کرتے ہین۔ سب سے زیادہ تعجب کی بات تو یہ ہے کہ تمام تصویر کی ہیئت مجموعی کے خوبی کا خیال اونکو مطلق نہین ہے سر کے چھوٹے ہونے کا اعتراض اس راے کے بالکل برعکس ہے اگر اسمین کسی بات کی کمی ہے تو براگز ٹلیز۔ فان۔ کیوپڈ دعشق وغیرہ کی تصویرونمین بھی یہ اعلی درجہ کی خوبیان موجود ہین۔

---

[1] تمام کثیر الشہوات جوان و اشخاص کے ہونٹ عموماً گوشہ دہن تک اوپر کو اوٹھے ہوتے ہین۔ اسکا مفصل بیان رسالہ قیافہ مین موجود ہو۔

عشق کے دیوتا کا سر مقدس ہے اور اوسکے بال بچون
کیطرح گھنے اور گھونگروالے ہی نہین ہین بلکہ رجحان قانون
قدرت کے بخوبی علم سے ہین۔
سر کے بیچو بیچ مین ایک مانگ بن گئی ہے۔ ابرؤون کے پورے
کشادہ اور نہایت دلربائی کے ساتھ خمیدہ ہونے سے معلوم ہوتا ہو
کہ بچپن کی فراست یہان تخت نشین ہے اور وہ بال پشت کی
جانب اس خوبی کے ساتھ جھکے ہوئے ہین کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ
فکر اور خیال اور اندیشہ سب کو پیچھے پھینکتا ہے۔ ابرؤون کے
گوشے خاص لطافت پیدا کرتے ہین۔ استخوانی حصہ پورا پورا
اُبھرا نہین ہے۔ اور صرف وہ بڑی ہلکی سی محدب ہے اور نیچے
کیطرف نہایت خفیف خلو ہے۔ بلکہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ صرف
بالون کے نکل آنے سے نیچے گڑھا پڑ گیا ہے۔ الغرض چہرہ کے
ہر حصے مین ہر خفیف ادنیٰ سی بات ایسی نزاکت سے بنائی گئی
ہے کہ جس سے صغر سنی ٹپک رہی ہے اور زنخدان کے نوکدار
اور لب بالائی کے اُبھرے ہونے سے کم سن دیوتا ہونا ظاہر ہے
تاہم چتون سے محبت اور خواہش پیدا ہے مگر طرحداری کے
کرشمون سے جو الست ہونا ظاہر ہوتا وہ معصومیت سے پیدا نہین ہو
گردن بہت خوشنما ہو خوبصورت حتون سے ہزارون طرح کی حرکات
اور انداز کی کیفیت ظاہر ہے اور حنجرے پر خوشنما اُبھار اور

اوسکی وجہ سے نظام قوت عورتون مین خاصکر نمایان ہوتا ہے۔ اس بات
سے ثابت ہے کہ مصور کو اعلیٰ درجہ کا علم حاصل تھا جسکے اصول پر
لحاظ کرنے سے معلوم ہوا کہ اوسکے برعکس سر کا بڑا ہونا بالکل خلاف
طبیعت کے عورات کا خاصہ ہے[1]۔
جو کوئی اس بت کے سر کو دیکھے گا ممنون ہے کہ اوسکے بڑے اور
بھرے ہوے گھونگروالے گیسوؤن مین اوسکی نظر اٹکے گی اسکے بعد
آنکھون کی نرمی اونکا خمار اور مسرت ہماری توجہ کو کھینچے گی۔
اور اس بات کو نہایت خوبی کے ساتھ ادا کیا ہے اور نسبت پیدا
کرنے کیواسطے ابرؤون کے گوشہ گول اور مذوبت ادا پیدا کرنے
کے واسطے نیچے کا پپوٹا جس سے بہت سے اشارے ادا ہوسکتے
ہین کسیقدر خفیف سا اوٹھا ہوا بنا ہے۔
ونکل مین کا قول ہے زہرہ کی آنکھین کسیقدر چھوٹی اور نیچے کا
پپوٹا اوٹھے ہوے ہونے سے نظر مین ایک طرح کا خمار معلوم ہوتا ہو
خوشی یا مسرت ظاہر کرنے کے واسطے پپوٹون کا فصل کم کردیا جاتا ہے
تاکہ وہ اظہار خیالات جو خوشی تک کو بطور رنج ظاہر کرتا ہے کم ہو جائے۔

---

[1] عالمان علم کا یہ مسئلہ بیان کرتے ہین کہ جن کا سر بہت چھوٹا ہے اسیطرح وہ کسقدر
ہین کہ ہمزد یا مشتری کا سر بڑا ہو اسیطرح سیکڑون نادانی اور حماقت کی غیر مناسب نتیجے
نکال سکتے ہین لیکن علاوہ زنانی صورتون کے ہم کہہ سکتے ہین کہ مختلف اجناس مین
مختلف سر ہوا کرتے ہین۔ اکثر چھوٹے سر کی عورت بڑے سر کا بیٹا جنتی ہے۔ ۱۲

[illegible] جلد تر پہنچو [illegible]

ہر ایک گھرانہ کسی ملک کا بنا ہو ہو وہاں مال کی نفاست [illegible] ساد ر یاد ارن [illegible]
(۱) پالش بنفیشہ اصلی طول ۳ گز سا ڑھے چو گز عرض [illegible] قیمت [illegible] (۲) دوشالہ بنفیشہ اصلی [illegible]
عرض [illegible] (۳) چادر بنفیشہ [illegible] (۴) دستہ بنفیشہ [illegible] عرض [illegible]
(۵) زنانہ دوپٹہ کا ماطول [illegible] (۶) گلوبند کا [illegible] (۷) دستار کا [illegible]
[illegible] محصول ذمہ خریدار۔ سو روپیہ سے زیادہ خرید والے [illegible] بھیجیں۔

المشتہر - منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

[illegible]

اینر خالص سونے کے [illegible]
مین کندہ کیا جاتا ہے۔ نہایت خوبصورت اور نفیس [illegible]
[illegible] قیمت صرف [illegible]
جو صاحب [illegible]
المشتہر - مالک [illegible] جلالپور جٹان پنجاب

حیرت انگیز رعایت

ولایت کے نرخ پر ہندوستان میں گھڑیان

ہندوستان میں پہلی مثال

ولایت کے نرخ سے صرف ایک پیسہ فی روپیہ زیادہ لیا جاتا ہے

آزمائش کیجئے [illegible] ہماری قیمتون کا مقابلہ کسی انگریزی یا دیسی کارخانے سے کرین (۱) ٹائم پیس گارنٹی [illegible] سال [illegible]
ٹائم پیس گارنٹی [illegible] سال قیمت [illegible] (۲) [illegible] گھڑیان [illegible] گارنٹی تین سال قیمت [illegible] (۳) [illegible] گھڑیان
نہایت اعلیٰ [illegible] گارنٹی تین سال [illegible] (۴) [illegible] گارنٹی [illegible] سال قیمت [illegible] (۵) [illegible]
[illegible] سکے
[illegible] اور [illegible] دیگر ملازمان [illegible] ڈاکٹر
و حکیمون کیلئے ایک بے نظیر تحفہ قیمت [illegible] گارنٹی پانچ سال (۷) کلائی پر باندھنے کی گھڑی [illegible] گارنٹی تین سال
(۸) بندوق کی [illegible] (۹) جنتری [illegible] گھڑی جسمین چاند - دن - مہینہ - تاریخ [illegible]
[illegible] گارنٹی [illegible] سال قیمت [illegible] (۱۰) [illegible] گھڑی [illegible] سنہری گارنٹی [illegible] سال [illegible]
ایضاً گارنٹی [illegible] سال [illegible] (۱۱) ایک [illegible] گھڑی [illegible] (۱۲) [illegible]
نہایت عمدہ [illegible] گارنٹی [illegible] سال قیمت [illegible] (۱۳) چاندی کی رسٹ واچ [illegible] (۱۴) سٹاپ واچ درجہ اول گارنٹی [illegible] سال [illegible]
[illegible] درجہ اول [illegible] گارنٹی [illegible] سال - ہر گھڑی کا محصول بذمہ خریدار ہے۔

المشتہر منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان (پنجاب)

چلو خلاصی ہوئی!

کن سے؟ اشتہاری حکیموں سے

جو اپنے چکنے چپڑے لفظوں سے قابل رحم اور کم سمجھ مریضوں کو لوٹ رہے ہیں - کیوں -
اسلئے کہ کامل شناسا بوٹیون کے جاننے والے اور صادق حکیموں کے عجیب و غریب تجربات اور ہر ایک مرض کے نسخہ جات عمدہ مجرب
الجرب نہایت صراحت کے ساتھ درج کئے ہیں اور کتاب
چھپکر تیار ہے - اس کتاب کی موجودگی میں آپکو کسی حکیم
یا ڈاکٹر کا محتاج نہ ہونا پڑیگا - ایک دفعہ منگا کر اس تحریر کا
امتحان کریں عام اشتہاری حکیم انہیں تجربات سے اپنا پیٹ پالتے
ہیں غرض - اس کتاب کا ہر فرد بشر کو خریدنا ضروری ہے قیمت [illegible] محصول [illegible]

منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

خالص سونے کی پہچان

خالص سونا وہی ہے جو کسوٹی پر بھی ٹھیک نکلے اسکے واسطے کسی زر شناس کی ضرورت نہیں۔ [illegible] دوائی صرف وہی ہے جسکی سند
اسناد پیش کرنے کی حاجت نہ ہو [illegible] میری دوائین [illegible] ایسے ہی ہیں [illegible] دوا کا نمونہ بھی دیتا ہوں
روزانہ سینکڑوں سرٹیفکیٹ موصول ہوتے ہیں مگر اشتہاری حکما (سرٹیفکیٹ [illegible] اعتبار کھو دیا۔ بفضل خدا ہماری
دوائوں میں یہ خاصیت ہے کہ جہاں ایک شخص نے دوائی منگوائی۔ وہ کنبہ بلکہ محلہ ہمارا خریدار بن گیا۔ سچ کو ہمیشہ فتح ہے راستی اور
صداقت اپنا اثر خود ظاہر کرتی ہے اور آخر کامیابی سچائی کو ہوا ہی کرتی ہے۔

جوہر حیات

یہ وہ گولیاں ہیں جنکے برابر مقوی باہ [illegible] دوائی آجتک روئے زمین پر پیدا نہیں ہوئی اسکے استعمال سے
انسان کا بدن لوہے کی لاٹھ کیطرح سخت ہو جاتا ہے - اعضا [illegible] کی مانند گوشت بھر جاتے ہیں
کیونکہ صرف اسکے ایک بکس سے ہی پانچ سیر خون تازہ بڑھتا ہے اور طاقت اسقدر زیادہ ہو جاتی ہے کہ اسکا سنبھالنا انسانی
طاقت سے باہر ہو جاتا ہے - لوگوں نے انگریزی ٹانک فاسفورس رکا [illegible] آئل چھوڑ دیا ہے - [illegible] رس اور
سائنس کے استعمال سے توبہ کر دی - یونانی معجونیں یاقوتیاں اور [illegible] ترک کر دیے - ہر سال لوگ اسکے ایک بکس سے
بامراد ہوگئے - مادر زاد نامردوں کے علاوہ اور ہر طرح کے مایوس العلاج اس دوائی سے کامیاب ہو گئے - پیرانہ سالی میں
گولیاں جوان بنا دیتی ہیں - قیمت صرف [illegible] نمونہ کی گولیاں [illegible] آنے پر ارسال ہوتے ہیں -
(۲) اگر جوانی کی غلط کاریوں بچپن کی ناشائستہ حرکات سے اعصاب کمزور ہوں تو ایک شیشی روغن مالش کی [illegible]
کو دیجاتی ہے سود و نوں دوا ور [illegible] خریدار کو محصول ڈاک معاف -
طاعون کی دوائی [illegible] کی دوائی [illegible] بواسیر کی دوا [illegible] سوزش مجرب [illegible]
دوائی [illegible] روپیہ

المشتہر - محمد الدین [illegible] جلالپور جٹان پنجاب

پانچ منٹ میں سرٹیفکیٹ

بیس بیماریونکی ایک دوا

ہر گھر میں ہر وقت اسکی ایک شیشی موجود رہنی چاہیے - یہ دوا ایک طرح کا تیل ہے
ہیضہ ہو جائے تو اسکا ایک قطرہ منہ میں لینے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے
[illegible] کے واسطے یہ سب سے زیادہ سریع التاثیر اور مفید ثابت ہوئی ریاست
پٹیالہ میں آجکل اسکے فیض سے (۹۰) فیصدی مریض صحت یاب ہو رہے ہیں
سانپ بچھو یا بھڑ کی کاٹی ہوئی جگہ پر فوراً لگا دیں تو زہر کے اثر کو وہیں میں
سے نکال دیتا ہے -
ہر طرح کے درد سر کی شرطیہ دوا ہے پانچ منٹ کے اندر درد کا نام
نہیں رہتا پیٹ کے درد - درد پسلی - ورم جگر - طحال وغیرہ میں بیرونی
مالش سے مرض کا نام نہیں رہتا - وجع المفاصل - نقرس ہر طرح کے
جوڑوں کے درد اور چوٹ پر اسکی مالش اعجاز مسیحا دکھاتی ہے - قیمت
فی شیشی [illegible] نمونہ کی شیشی سی دوا بارہ آنہ - محصول ڈاک ذمہ
خریدار [illegible]

المشتہر حکیم محمد الدین [illegible] جلالپور جٹان پنجاب



ٹرکی کا پولیٹیکل کرتب

اگر کتب بینی کا شوق ہے اور کوڑیوں کے مول کتابیں چاہتے ہیں تو سید محمد تقی صاحب تاجر کتب امین آباد سے خط کتابت کیجئے۔

کرنا فقط سنو سارے دن مین ایک ہی سو اسکی ہی
مجھ سے ملی ہیں سے ایک پیسے کے شریک والی نگوڑی
ہوئے - اب بتاؤ ان تین پیسون مین خود کیا کھاؤنگا
اور اسکو کیا کھلاؤنگا - اور افیون کہان سے
لاؤنگا - اور روز تو تین چار کھیپ ہوتی تھین تین چار
روپیے ہو جاتے تھے - تو تین چار ڈبل دینا بھی بیر نہوتا تھا -
اب جو یہ ڈبل ملے اوسمین بھی ایک دینا ہی پڑا - بس
انکار کیا - پہلے پیسے دینے سے انکار کیا خوب کلایان
کھائین - اور پھر دے بھی دیا - اے اسکی کمائی!
اب تو بس مجھے صاحب کی دہائی - اسکی کمائی
پیٹ کے کیا مفت مین ہنو ہے کنوائی - اسکی کمائی
جو روا لے جو پوچھا تو مین کیا اوس سے کہونگا - کیا غدر کرونگا
ہائے حکم یہ ستم ہے نہین افیون بھی کھائی - اسکی کمائی
بیتاب ہو کوئی بیٹھا روز کی بیداد - کس سے کرے فریاد
فریاد کی - پھر بھی تو کچھ بن نہین آئی - اسکی کمائی
اسکے بن کے کسی شخص سے کچھ کر نہ سکا ہی - طرہ ہے یہ ہی
پھر و ہمدرد کی یہ تکرار قیامت ہی ہے بھائی - اسکی کمائی
ہر کام کو کیا اسکی نہین کچھ بھی خبر ہے - اب حال تیرا دو
سب جا ئیگی دو دن مین یہ خوش یہ صفائی - اسکی کمائی
اے پنچ خدا کے لیے فریاد کو ہو کچھ تدبیر تو سوچو
اب تو کوئی صورت نہین دیتی ہے دکھائی - اسکی کمائی

راقم
سنو سنو معرکہ سخن بقلم حضرت خیر ہ جنگلوی

ا ہما الاپنا جوگن کا بیسواڑیکی زبان مین

مارے گرمی کے سب دنیا بیاکل ہے ہے سرجن ہار
سافان لاگ دکو تا برسا کیس کرب اب ہم کرتار
کیت یہ ٹھاڑھے اسامی - راوت ہاسے جبرالی ٹیپہ چار
جیو مان آوت ہو مرجائی بھونک لین ہم پیٹ کٹار
سود ڈولو اسے انگریجی ان کو ہو گمر نا ہین تہیار
کیسکے آگے اب ہم کہیا دیاری پواین پکار
عید بیسی بنین کے گھرمان گو ہون بیاجت بارہ سیار
تنکو یاد رگر جیت دیکھت سوکھ جات ہو منہ اون کیکار
جانو کو گھر مان نہ گا ایکو آٹھ جو پڑی یہو ہار
مہنگی ہو کے دئون بہیا ہے مناوت سانجھ سکار
جن جن سیٹھن کی کوٹھن مان رہتے ان کیر بیوپار
ان ہو کا اب دیکھو بہیا لوٹ گو اسکے بیوہار
جنکے گھرمان بھینسی بندہت تھین تنکے گھر بولت ہین سیار
جے سبکا بانٹت ہتے راکھن تنکا نا ہین ملت ادھار
مانگے بھیک نہ پاوت باہمن چاہے جتنی کرے گہار
پنڈت جوتشی شوالن ہمیشہ پوجا کرت ہوت بھنسار
اچھے اچھے بھل منسن کے بکے جات ہین سب گو بار
کیہتن کی ٹوپی اور کرتہ لیے لیت دیکھو کلوار
بابو بن ین کرسی توڑت مہتر پاسی کوری چمار
بو جیر ہا گھر گنو بجیت سب بچارہ بیت نہین بنیار
ڈبلو کیلین کی آنکھن سے بند ہوت نا انسون دھار
کوؤ ٹوکل پچھتات نا ہین سون رہت دن رات دوبار
نمبر دار ان کا استران کی تھنوا کچھیا ئی بچار
مالگہاری کا اک پیسہ کہو دان نا چھوڑتے سرکار

مالگزاری

کلجگ دیوتا کہان لگ برنون تمہرے آلھا کر لو پار
ترکا جاہی جلدی سے اب آن ملاؤ پیا ہمار

اشرفی دینا راجہ کا جوگن کو بطور انعام کے

ہے بیشک تو اے جوگنی باکمال
کہ پریون کو بھی تجھ سے ہو انفعال
ہوا تجھ سے محظوظ اے گلبدن
مین انعام دیتا ہون اک ساورن

مانگنا جوگن کا شہزادہ کو

ہوگا نہ ساورن سے کوئی کام ہمارا
انعام مین دلوائیے بدنام ہمارا

بھیجنا راجہ مچھندر کا شرارت پری کو اور حکم خلاصی دینا شہزادہ گمنام کا ابلق دیو کو

سن اے دیو ابلق ادھر جلد آ
شرارت پری نے ہے دھوکا دیا
پری جوگنی بن کے یان آئی ہے
شرارت سے اپنے نہ باز آئی ہے
نکال اسکے شہزادہ کو قید سے
مین ہارا ہون اسکو مکر کید سے
رہا کر دے یہ چاہتی ہے جسے
تو لے مرے روبرو کر اسے

گیت دعائیہ

دیکھی نہ سپنے مان ہین ترے دودھ پہوٹین
گھٹنن کے بل گرو دانت بتیسو ٹوٹین
جو کچھ گھر مین مال ہو وہ ڈاکو لوٹین
گھر کے بھاگین پلنگ اور سب کا کک چھوٹین

مچھندر سبھا

(اس سلسلہ کے نمبر اوسپنچ مطبوعہ ۲۶- جولائی سنہ ۱۹۰۷ء ملاحظہ فرمائیے)

فرمایش کرنا راجہ کا جوگن سے واسطے آلھا کے

نہین آتا ہو تو اب بیٹھ کے آلھا گاؤ
ایسی چیزون سے مجھے شوق ہے مجھ کو بہلاؤ

شاہی واش پوڈر

منہ دھونے اور نہانے کے لیے اعلیٰ درجہ کا خوشبودار سفوف شاہی واش پوڈر مہاسے چھائیان اور تمام عارضی داغ مٹاتا ہے - اور چہرہ کا رنگ صاف کر کے جلوہ حسن دکھاتا ہے۔ یورپ سے جتنے اس قسم کے پوڈر آتے ہین اون مین سوا ے نمایشی خوبصورتی کے اکثر امراض جلدی کی رعایت ملحوظ نہین ہوتی - برخلاف اسکے شاہی واش پوڈر جلد کو نرم و نازک بناتا ہے - اور خارش کا غذی داد اور تمام جلدی شکایات کا عمدہ علاج ہے -

نمک سلطانی تخمہ - ہیضہ - سوء ہضم - ریاح بواسیری - درد گردہ - درد قولنج - وجع الفواد - ورم طحال - ضعف معدہ - قبض کا تیر بہدف علاج ہے - اور وباؤن کے تدابیر حفظ ماتقدم مین نہایت مفید ثابت ہوا ہے - اسکی ہندوستان کے ہر گوشہ سے مانگ ہے اور ملک کے بڑے بڑے اہل الرائے حضرات سے کامیابی کا سرٹیفکٹ حاصل کر چکا ہے قیمت شیشی خورد متوسط - رقیمت بوتل کلان جسمین ایک اونس کی ۶ شیشیان آتی ہین -

سلطانی سالٹ اینڈ شاہی واش پوڈر فیکٹری لکھنؤ

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزوں میڈیکل کالج کے پروفیسروں سینکڑوں ڈاکٹروں۔ والیان ریاست اور علاقہ ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹروں نے بعد تجربہ اس امر کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند جالا پڑوال غبار سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیا بند۔ ناخنہ۔ پانی جاتا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہیں۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہیں رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے۔ قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص و عام اس سرمہ سے فائدہ اٹھا سکیں۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہے مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلیٰ قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خالص ممیرہ فی ماشہ بیس روپیہ۔ مصری سرمہ فی تولہ ۴ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

المشتہر

پروفیسر میا سنگھ اہلو والیہ بمقام بٹالہ ضلع گورداسپور

اس سے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہے

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب [illegible] آپکے ممیرے کے سرمہ کو تقریباً تیس مریضوں پر استعمال کیا ہے موتیا بند۔ دھند پھولا ناخونہ [illegible] کے عارضہ میں مبتلا تھے ان مریضوں پر [illegible] استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا [illegible] استعمال میں مفید [illegible] میری رائے میں آپکا سرمہ مثل [illegible] [illegible] سرمہ کا اعلیٰ [illegible] یوسف [illegible]

[illegible]

مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند۔ خارش۔ سرخی چشم کیواسطے نہ صرف انگریزی ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا [illegible] آپنے اسقدر سستے داموں میں یہ سرمہ ایجاد کر ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہے اسکا شکریہ الفاظ میں ہونا محال ہے۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہوکر فائدہ اٹھاویں۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریوں سے نجات حاصل کریں۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۲) [illegible] بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلو والیہ نے تیار کیا ہے استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھوں کی بیماریوں کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ آنکھوں کو تر و تازہ رکھتا ہے اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو تا دیر رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہے۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر [illegible]

[illegible]

(۳) جناب سردار صاحب تسلیم۔ میں نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ [illegible] کرتا ہوں کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری چشم کے لیے بہت مفید ہے میری آنکھیں بالکل [illegible]

نکلتا تھا۔ ایک پہر کام کرنے سے معذور ہو جاتا تھا۔ اب میری یہ کیفیت ہے کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے تین تین پہر بلکہ تمام دن اچھی طرح کام کر سکتا ہوں۔

راقم۔ میاں خورشید محمد خان خلعت نواب حسین محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ میں آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہوں حقیقت میں جیسا آپکے اشتہار میں لکھا ہے اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ میں نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑ دیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھ پڑھ سکتا ہوں۔

راقم۔ [illegible] گورنمنٹ پنشنر [illegible] دہلی محلہ [illegible]

پانچسو روپیہ انعام

اگر کوئی شخص ہمارے اشتہار [illegible] سند [illegible] ثابت کر سکے [illegible]

بلنا شرارت پری اور شہزادہ بیہ ۔

قول پری

شکر خالق ہے کہ صورت نظر آئی تیری
ورنہ مین کبھی تھی یہان حسرت ملاقی تیری
نہین ممکن کہ ملا پہچان لے تیری صورت
پہلے سے آدمی بھی مین نے نہین پائی تیری

قول شہزادہ

قید مین مینے کبھی سدھ نہین پائی تیری
اک برس ایک گھڑی تھی جدائی تیری
تھا جو قسمت کا لکھا وہ تو ہے جھیلا مینے
پر نہین شک کہ نہ تھی پھر او سین کمائی تیری

مبارکباد گانا پری کا ہم بغل ہوکر

عید مجھکو سحر و شام مبارک ہووے
مجھے شہزادہ بدنام مبارک ہووے
نیچرون کو تو مبارک رہے ترکی ٹوپی
کوٹ وجاکٹ کا سرانجام مبارک ہووے
دال روٹی ہی غنیمت ہے ہنیون کو سدا
کایتھون کو مے او شام مبارک ہووے

یہی راجہ وہی یہ سبھا وہی وہی کلجگ داس
نئے ڈھنگ سے یہ کہتا جن پنچ کیو پرکاس

قطعہ

خاتمہ زبانی پنچ کے

ہوئی یہ چھندر سبھا جب مرتب
ظریفون نے اسکی صفت اور ثنا کی
ہر اک مصرع مصرع پہ پڑکتا ہوا ہی
ہر اک شعر ہے اسکی قدرت خدا کی
ظرافت مین کہنے کو کچھ بھی نہ چھوٹا
مگر اسکا پایا کبھی کو نہ ثنا کی
زمانے کا ہے ایک سچا یہ فوٹو
ہر اک نے تلاش اسکی بے انتہا کی
ہر اک بھانڈ کو یہ پسند آئی دل سے
جو گانے کو او سنے زبان اپنی وا کی
جہان ہم ہون اسکا بھی ہووا نیہ چرچا
دعا رنڈیون نے یہ صبح و مسا کی

سنا اگر کسی اہل ناٹک نے اسکو
تھیٹر مین ایجاد کرنے کی تاکی
خریدار مشتاق ہو ہو کے دوڑے
ادھر یہ چھپائی ادھر یہ بکا کی
یہ کہنے لگا ہنتیج ہو کے ہر اک
جہان مین ہو شہرت چھندر سبھا کی

تمام شد

راقم
کلجگ پنچ

قول فیصل

مین ابتک اس تحقیق مین ہون کہ گلزار نسیم پر جو اعتراضات ہوے ہین - عام اس سے کہ تنہا منشی عبد الحلیم شرر ہون - یا کوئی اور صاحب کہانتک صحیح ہین - یا ایک دیرینہ نیکنام کے نیکنامی پر دھبہ لگانے کی کوشش کیجاتی ہے - لین نے سب سے پہلے اس پہلو پر نظر ڈالی کہ معترض کو اعتراض کرنے کی ضرورت کیا ہے - کیا اظہار لیاقت مقصود ہے جیسا کہ شعراے حال کا شیوہ ہی - جہانتک مین اعتراضوں پر انصاف کی نظر ڈالتا ہون چند اشعار موجودہ حالت مین ضرور ایسے ہین کہ جنپر تامل وتاویل کی ضرورت ہو - لیکن ان اشعار پر شوقت تک راے قائم نہین ہوسکتی - جبتک کوئی صحیح نسخہ قلمی نہ دستیاب ہو - بعض اعتراضات کے دیکھنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ عام قبولیت کیوجہ سے یہ مثنوی مختلف مطابع مین طبع ہوئی - ظاہر ہے کہ ہر مطبع کا قلم صحت نگار نہین ہوسکتا - یہ جواب ہے کہ حضرات معترضین کے انصاف کا اندازہ کیا جائے - اسکے متعلق دو سوال ہین - اول یہ کہ جسقدر اشعار اعتراض چھوڑ دے گئے ہین - انکی نسبت معترض کی کیا راے ہے - آیا کوئی اعتراض نہین رہا - یا فی نفسہ وہ اعتراض کے قابل نہین ہین - دویم یہ کہ معترضین صاحبان مین کوئی صاحب نظم بھی فرما لیتے ہین یا نہین - اگر دعویٰ ہے تو امید کرتا ہون کہ ان تین اشعار کا جواب لکھکر اسی بحر مین جنمین اتنے ہی مضامین اور خوبی اختصار مضمون سفارش وسازش تحریر ہون بذریعہ اخبار نیر اعظم مراد آباد جلد عنایت فرماینگے - ع

خط اوسکو لکھا یہ عبارت اے خواہر مہربان سلامت
آتا ہے ادھر یہ آدمی نا د رکھنا اسے جسطرح مری یاد

انسان ہو جاہی کچھ جو سازش ہو مہمان ہے یہ ہو وا رس
تاکہ وہ لوگ جنکو سخن سے مذاق ہے بخوبی سمجھ لین کہ یہ اعتراضات بجر ترکیے گئے ہین یا محض تعصب شاعرانہ ہے - جیسا کہ نو آموز موزون طبع کیا کرتے ہین - فقط

جواب کا منتظر

وکیل احمد نواکنانہ سیوانس ریاست بھوپال

قاضی جی دبلے شہر کے اندیشہ سے

ایک لوکل نامہ نگار صاحب تحریر فرماتے ہین -

ارمان تم کون ہو - بھاگو - بھاگو - الٰہی خیر - الٰہی خیر - اسے پیچھے وہ آے - وہ دیکھیے - مونچھون پر قینچی - چھچھو - یہ خلاف شرع مونچھین ! - یہ لمبی ازار اسے بھی کاٹو ! - اور کیون بے مردود ! - یہ بال انگریزی کیسے ؟ ولایت فیشن - کاٹو - اسے بھی - ہین - نماز کو مسجد نہین جاتا - تڑ تڑ تڑ (پیٹھ پر درہ یا چمڑا) دہائی - تہائی - چہ دہائی - ارے صاحب تم کون ہو - ہم مفتی - مولوی - قاضی - فرستادہ سلطان روم - فرستادہ امیر کابل - فرستادہ خود - ع
خود کوزہ وخود کوزہ گر و خود گل کوزہ
ہم ہی ہم ہین - بس حاکم شرع ! یہ دیکھ درہ - (چمڑا لگا ہوا ایک لکڑی کا ٹکڑا جسے ہمارے حلواھی جیور کہتے ہین) لگا دون پانچ پیٹھ پر - نہین حضرت مین تو

دمہ کا کامل علاج

بابو جگیت راے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس دمہ کے مریضون کو (جو اتوار کے دن بارہ بجے سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین) آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت ہوجاتی ہی - یعنے پھر دمہ زندگی بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین -

- بہت موٹھیں بھی کٹی ہیں - مسجد میں بھی جاتا ہوں (دبی زبان سے سودا لیتا ہوں) زور سے جی میں تو طریقہ شرعی ہوں - آپکا ساتھی - شاباش شاباش ایسا ابھی دعوت ہمارے ہاں - ہمارے صرف دو آدمی ہیں - نہ شور با پھلکا ہونا چاہیئے - اور پلاؤ بھی ہو تو کچھ ہرج نہیں رہا زردہ قلیہ وغیرہ اسکا ذکر نہ آئے - لیکن یہ بطریق اسلامی دعوت کچھ چنداں مضایقہ نہیں - ہاں حضرت تو آپ قاضی ہیں - لیکن فرستادہ روم کیسے - آپ تو کابلی وضع ہیں - او ہم سلطان کے حکم سے آیا ہے - شکی مردود (درہ لیکر) ہم اہل عرب ہو - وضع صرف کابلی ہے - اچھا - جی شاید آپ روم سے براہ کابل آئے ہیں - خشکی کی راہ سے رعایائے اسلامی روس کو درہ مارتے ہوئے - با شرع بناتے ہوئے - خوش ہوکر ہاں ہاں ہاں - تم بڑا ہوشیار آدمی ہے - خوب سمجھا - مگر حضور ایک شک ہے کہ آپ صرف غریبوں کو مارتے اور نماز پڑھواتے پھرتے ہیں - ان بڑے موٹے تازے آدمیوں کو نہ درہ مارتے ہیں نہ نماز پڑھواتے ہیں نہ انکے پاس جاتے ہیں - (سوچ میں پڑ گئے) (سر اوٹھاکر) انکے لیے اور انتظام ہوا ہے - حضور ایک اور بھی شک ہے - کہ سلطان کی رعایا ترک خود کثرت سے بے شرع ہے - لمبی ازار (پتلون) بال البرٹ فیشن کے - مونچھیں بڑی - کھڑے کھڑے پیشاب کرنا - (سوچکر نکلتے ہیں) درہ پھیر کر تڑ تڑ تڑ مردود - نالایق - دوزخی - شکی نابہنجار -

دوہائی انگریز بہادر کی - دوہائی انگریز بہادر کی - دوہائی پولس کی - ارے تھانہ - حولدار صاحب کی - ارے بھائی سنا - صاحب - پولیس کی جوکی پر یہ مدت! ارے یارو ہم رعیت انگریز ہیں - بچاؤ یارو - درہ (تازیانہ) لگانا بغیر حکم مجسٹریٹ یہاں پر جائز نہیں یہ کیسی بات ہے - کہ انگریزی رعیت درہ مارین کابلی آزاد ملک - نماز ہم نہ پڑھیں - نماز پڑھانے دوڑے آئیں سلطان والے - یا دیہ کیا غضب ہے - تڑ تڑ تڑ اور غل مچا - یہ اسلامی حکم ہے - اسمیں کسکی مجال دم زدن ہے - بلا اپنے حامیوں کو - تو بہ تو بہ تو بہ! اب یکسی کو پکارو نگا اچھا صاحب - آپ قاضی - آپ صاحب شرع - آپ فرستادہ سلطان - مگر حضور اب ایک اور شک باقی ہے - جا ہم کھال ادھیڑ دیتے - درہ اوٹھاکر (کیا کہا) کچھ نہیں - بکے آگے بھوت بھاگتا ہے - (دور ہٹکر جسمیں بھاگ سکیں) (دروڑنے سے بھی نہ پاویں) یہ آپ مفلسا بیگ

یہ یکسانی دو گوشش ایک کرتہ ایک پاجامہ یا ازار اور یہ کلاہ کابلی و عمامہ وزن تسمہ چرمی زیب کمر قاتو مست قسطنطنیہ سے کیونکر چلے - یہ گدائی مشن کیسی بھیجیں سلطان اور بے سامانی یہ - درہ اوٹھا مردود شکی - لے گا اور - نالایق شکی - مردود بد اعمال اور یہاں پچاس قدم دور بھد بھد بھد -

راقم

مین چین پن

مولوی مہدی علی کو تمغہ قیصر ہند ملنے کی مبارکباد

ڈیر مہدی علی - دام قیصر ہند کم -

قیصر ہند تم ہوئے - خوشی مجھے ہوئی کیوں - اپنی طبیعت - لیکن ایک اخبار میں یہ دیکھا کہ لوگ یہ پسند نہیں کرتے اور خوش نہیں ہیں - بوجہ حسد کے نہیں بلکہ اوسکو تمہاری عزت و تمہاری محنت اور تمہارے حق کے لایق نہیں سمجھتے - خیر یہ لوگ تو تمہارے خوشامدی ہونگے - اور تمہارے پرانے دشمن لیکن مین تمہارا سچا دوست ہوں - یہ تمغہ سرکار نے تمکو بہت اچھا دیا - اور جیسے لایق تم تھے ویسا -

یہ تمغہ قیصر ہند تم جانتے ہو کون پاتے ہیں - جو قومی کام کرتے ہیں - محنت و فایدہ خلق اللہ کے کاموں میں کرتے ہیں - یہ تھوڑا فخر ہے - تم نے واقعی کالج کے سرمایہ جمع کرنے میں بہت بڑی دوڑ دھوپ کی - سرکار نے تمکو تمغہ دیا اور پھر سونے کا - چاندی کا نہیں ؟ - پھر اور کیا چاہیئے - ؟ رہا سر کے لایق - تم ہی بتاؤ - میرے سر کی قسم تم تھے - اجی بھلا خطاب سر کے لیے بڑی دردسری کی ضرورت ہو - سر یا تو امرا - نواب - والیان ملک ہوا کرتے ہیں یا جنہوں نے بڑے وقت میں سرکار کا ساتھ دیا - جیسا سر سید تو وہ وقت خدا نہ لاوے - جو تم سر بنو -

تمہارے خوشامدی کہتے ہیں تمنے مسلمانوں کو سرکار کا خیر خواہ بنادیا - ایسے سر کے مستحق تھے - توبہ - توبہ ایسا کلمہ بھی زبان سے نہ نکالنا چاہیئے - مسلمان بدخواہ تھے کب جو تمنے خیر خواہ بنا دیا - ایک خطاب کے لیے مسلمانوں پر ایسا اتہام - (انگلی دانت میں دبا کر) استغفر اللہ - توبہ توبہ یقین ہے تم اس اخبار کی

تعلق رکھتے ہو سادہ ... ہمدردی نہیں رکھتے مسلمان بدخواہ نہیں ہیں مسٹر انگریز کا تعلیم کے خلاف ہیں - تمغہ قیصر ہند بالفعل ہیں لو - زنہار ہے تو پھر اور کوئی خطاب ملیگا - سرکی امید نہ رکھو -

راقم

لعل بدخشان

طویلے کی بلا بندر کے سر

اگر پولیٹیکل تشریح کی عینک سے معاینہ ہو تو ملک ہند میں جہاں آٹھ دس برس سے چین ہانگ کانگ وغیرہ سے طاعون نازل ہوا ہے وہاں تیس چالیس سال سے یہ بلائے طحال بھی قدوم اموات لزوم لائی ہے - اگر وہ جہاز کے ذریعے سے ہند میں آیا تو یہ بھی گوروں کے بوٹوں کی قدم کی ٹھوکر سے مصافحہ (شیک ہینڈ) کرتا نازل ہوا ہے - اسپر کبھی کبھی محبان ملک کا دل خون اور فاتح قوم کو تلخی بھی ہوتی ہے - پس اس نخرہ سامان کو جہانتک طاقت بشری ہے اوٹھانے کا سامان کرنا عین خیر خواہی سرکار - وجہان بخشی رعایا ہے اور فاتحوں اور مفتوحوں کے خوشگوار چاشنی سے تلخی اور ترشی مٹاتا ہے -

اگر غور کیا جائے تو طحال کی شکایت پنج قوم پنکھا کھینچنے والے قلیوں کو اکثر ہوتی ہے اور یہ بھی ظاہر ہے پنکھے کی حاجت و ضرورت گوروں کو بوجہ حرارت خون ہندوستانیوں کی بہ نسبت زیادہ ہوتی ہے - اور جو شایستہ اور مہذب ہیں چاہو انگریز ہوں چاہے ہندوستانی - اونہیں اوس بے تمیز حرارت کا جوش اور ہیجان نہیں رہتا - نتیجہ سخن یہ ہے کہ گوروں کے پنکھا قلیوں پر اکثر اسکا نزلہ گرتا ہے - اور اونہیں کا طحال متاثر بھی ضرور ہوتا ہے -

پس اسکی تدبیر بجز اسکے کیا ہے کہ پنکھا ہی موقوف کیا جائے - نہ رہے بانس نہ بجے بانسلی - نہ پنکھا ہوگا نہ اوسکا قلی - مگر اس گرم ملک میں خصوص گرمی برسات میں ہوا کے گرم جھونکوں کو ہ کے تھپیڑوں یا حبس ہوا سے جان بچنے کی کوئی اور صورت نہیں - اس عالم میں ہوا ایک لطیف اور حیات بخش عنصر پانی سے بھی زیادہ ضروری ہے پس اسکی موقوفی گویا ایک ہول تصنیف کرنا ہے ہاں ہوسکتا ہے تو پنکھا قلی کا معطل کرنا - اچھا پھر

اسکی جگہ کون چیز ہو ۔ اگرچہ کلور لیے جاتے ہین اور پنکھے بھی بہت سے ایجاد ہوے ہین مگر جو کام معمولی پنکھا اور پنکھا قلی دے سکتا ہے وہ نہ باخشتہ انجام پا سکتا ہے نہ دامون قیمت میسر ہو سکتی ہے ۔

اس وجہ سے سب سے بہتر ترکیب یہ ہے کہ پنکھا قلیون کو دوامی طور سے رخصت دے دیجائے کہ جہان سنگاپور سیام میں مخلع بالطبع چرتے چگتے پھرین محال دیگر دل وحشت ... پاتے پھرین اور اونکی جگہ ابو دھیا ۔ متھرا اور دیگر مقامات سے ہنومان کی اولاد یعنی مولوی بندر علیہ ما علیہ کے قدوم میمون و مبارک کو بچوکے کے تعلیم پنکھا کشی وغیرہ اور اونسے پنکھا کشی کی خدمت رات دن لین انکو نہ ماہوار کی ضرورت نہ عا بند طول کا خطرہ گھوڑون کے ساتھ ... مولے چو سے ... سے پیٹ پالتے ہین زندہ رہنے ... بیاہ ... بھی ۔ اور پروفیسر یعنی مولوی ... پنکھا کشی کے ساتھ اور ترتیب بھی ... اور پسماۃ ملوکی کو سنوا دے تو میون اور ... کا دل ... دیا ۔ اگر غصے کی نتیجہ مین گورنمنٹ صاحب نے دو ایک لکڑی چلوا دین تو ... تو پھر ... سے چہرت بچا جاتین گے اور اگر ... ہوگا ... اور غیر فرض محال ... سب ... پیچ پیچ جان بھی نکل گئی تو ... کا دعوے دار نہیں ۔

ہم تو ثابت ہو سے گو ہے تا اوٹا
دل ہند بھی کوئی چیز ہے لوٹا ...

رہا اس بات کا خیال کہ بعض ہنومان پرست ناخوش ہونگے تو ... کرتا ... اور ... بیکار ... ہے ۔ ... ترقی علوم و تہذیب ایسی بندر پرستی کو خود کم کر لیجاتی ہے ۔ بڑی بات تو یہ ہے ایسے بندرون کا ... وارث پیدا ہونا محال ہے ۔ جبتک تحقیقات سے یہ ثابت ہونے لگی گراہی سے سلسلہ خاندانی حضرت انسان سے ملا ہو اسوقت تک ڈارون ... کا دعوی ملتوی اور پولیٹکل مصالح سے معطل ۔

راقم
انسان بنا کے کیون مری مٹی خراب کی

ضرورت ہے

ایک ریاست کے لیے مدار المہام کی ضرورت ہے ۔ کچھ پروا نہین اگر وہ رذیل ہو اور ضروری ہے کہ قابل ہو ۔ مگر شرائط ذیل دیکھیے !

یہ لازمی ہوگا کہ ہونے والا مدار المہام ان صفات سے متصف ہو ۔

(۱) ضرورت اسکی ہے کہ مستقل مزاج ہو ۔ وجہ کیا کہ بھائی صاحب آپ جانیے رئیس کا مزاج گھڑی مین تولہ گھڑی مین ماشہ فرض کر لیجیے رئیس ناراض ہوگیا ۔ اور اسنے بجاے مدار المہام صاحب کے "مدریا" یا "مداری" کے لقب سے ملقب کیا ۔ جہانگیر مین دو چار گالیاں دیدین تو ایسے وقت گالی دافع طاعون گولی سمجھکر نگل جانا ہوگا ۔ یہ نہین کہ بچون کیطرح روٹھ کر غیر مستقل ہونیکا ثبوت دیا جائے ۔

(۲) ثابت قدم ہو کیا معنی کہ رئیس ہزار مرتبہ للکارے ڈانٹے ۔ ڈپٹے ۔ سامنے سے دور ہونے کا حکم دے ۔ مگر ہرگز ایک قدم نہ ہٹے بلکہ مدار المہامون کیطرح یہان ثابت قدمی دکھاتا ہوگی ۔

(۳) گنجا ہو (تاکہ پچھلے مدار المہام کی یاد دلین باقی رہے) اگر کھوپری شریف پر نظر کیجاوے تو گمان ہو کہ تانبے کا خول چڑھا ہوا ہے چاندنی رات مین دور سے دیکھین تو معلوم ہو کہ تپائی پر پیتل کا کٹورا اوندھا ہوا ہے ۔

(۴) رشوت خور نہ ہو ۔ اپنے ماتحتون کے ذریعہ سے خواہ بڑی سی بڑی رقم ہضم کر جائے ۔ لیکن جب کبھی کسی مجمع مین رشوت کا ذکر آئے تو بری طرح سے منہ بنائے ۔

نوٹ ۔ گنجے امیدوار کو ترجیح دیجاویگی اور اوسکے ساتھ یہ رعایت ہوگی کہ وہ اپنے خاندان کے سزا یافتہ ۔ نمبر ا کے بدمعاش ۔ اوباش کندہ ناتراش سب کو ریاست مین معزز عہدے دیسکتا ہے خواہ ریاست مین ان سے زیادہ قابل اور شریف آدمی موجود ہون ۔ اور ایسا ہونے سے اگر کوئی باز پرس کرے تو ہمارا ذمہ ۔ کیونکہ رئیس ریاست ایسی چھوٹی چھوٹی باتون کیطرف متوجہ نہین ہوتا ۔ اور اصلیت یون ہے کہ اور قسم کے دنیوی جھگڑے ادھر متوجہ ہونیکی اجازت ہی نہین دیتے ۔ غرضکہ جیسی ہی جیسی لکھتا ہو ۔ درخواستین جلد ذیل کے پتے پر بھیجو ۔

المشتہر ۔ خدائی ... ۔ ... ۔ ... لوی

بے دوا و بے جراح علاج

لاجواب سلسلہ کتب جدید قدرتی طریقہ امراض و جدید قدرتی طریقہ علاج بے دوا و بلا جراح ۔ باتصویر اردو مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوی کہنے صاحب محقق و مصنف عالم موجد علاج بے دوا

۱ ۔ کیا مین تندرست ؟ یا بیمار ؟ قیمت فی جلد ۲؍

(۱) حقیقی صحت کی تعریف ۔ (۲) باقاعدہ ہضم کی توضیح ۔
(۳) ہاضمہ کی ابتری کے اسباب و نتائج ۔ (۴) بیماریونکا علاج کسطرح ہو سکتا ہے
(۵) انسان کا چہرہ گردن دیکھکر تندرستی و بیماری موجودہ اور آئندہ حتی کہ برسون پیشتر دریافت کرنے کا علم ۔
(۶) جدید قدرتی طریقہ تشخیص امراض جدید قدرتی طریقہ علاج بے دوا و جراح کا مقابلہ دیگر مروجہ طریقون تشخیص و علاج سے مثلاً ایلوپیتھی (علاج بالضد یعنی ڈاکٹری ۔ یونانی) ہومیوپیتھی (علاج بالمثل ... (سبب امراض) وغیرہ اور اونکی تشخیص و تدبیر علحدہ علحدہ نفع و نقصان وغیرہ وغیرہ وغیرہ

۲ ۔ حقیقی قدرتی غذا انسان قیمت فی جلد ۴؍

فہرست مضامین کتاب نمبر {۲}

(۱) ہم کیا کھائین ؟ ہم کیا پئین ۔
(۲) انسان میوہ خوار ہے ۔ اسکا عقلی ثبوت ۔
(۳) انسان کے دانتون کی طبعی ساخت اور اونکا نشو و نما
(۴) انسان کی آنتین ۔ (۵) طبعی پینے کی چیزین ۔
(۶) انسان کیواسطے طبعی غذا ۔
(۷) بیمارون کیواسطے غذا ۔
وغیرہ وغیرہ وغیرہ

۳ ۔ قوت زندگانی کا بڑھانا ۔ قیمت فی جلد ۴؍

فہرست مضامین کتاب نمبر {۳}

(۱) ہماری غذا کسطرح جزو بدن بننی چاہیے ۔
(۲) ہمکو کیا کھانا چاہیے (۳) بدہضمی کا بہتر علاج ۔
(۴) نہایت سخت قبض کا نہایت آسان علاج مع عقلی ثبوت و تجربہ
(۵) ہمکو کہان ۔ کھانا چاہیے ۔
(۶) ہمکو کب ۔ کھانا چاہیے ۔
(۷) بے اولادون کے ہان صحیح و سالم اولاد پیدا ہونے کیواسطے معقول مباشرت یعنے ہمبستری کا بہترین منتخب وقت مع عقلی ثبوت و تجربہ وغیرہ وغیرہ وغیرہ

— ہر سہ کتب مندرجہ بالا پیشگی قیمت آنے پر یا بذریعہ وی ۔ پی ۔ پوسٹ بحوالہ اس اخبار کے مترجم صاحب حسب ذیل پتہ سے مل سکتی ہین

محمد امیر مرزا صاحب ۔ ایجنٹ ڈاکٹر لوی کہنے صاحب موصوف مالک دفتر علاج بے دوا

گلی میر مداری ۔ کھڑکی فراشخانہ دہلی

تھیٹر مین مستورات کی شرکت

مغربی تہذیب کے کرشمہ نے جسطرح مردون کو کوٹ پتلون نکٹائی کا شیدا۔ اور چرٹ سیگرٹ شراب کا دلدادہ کر دیا ہے اسیطرح مستورات کو بھی اب تک تھیٹر اور اندر سبھا کے تماشون کے دیکھنے کا شوق دلایا ہے۔ لکھنؤ کے ایک انگریزی اخبار (انڈین ڈیلی ٹیلیگراف) مطبوعہ ۵۔ اگست مین ایک واقعہ مندرج ہے جسکی مجمل کیفیت یہ ہے کہ

مقام بوکل پاکن ضلع بھوالی پور مین دو شریف مسلمان مستورات تھیٹر دیکھنے گئین۔ شب کے ۱ بجے معہ اپنے تین عزیزون کے ہمراہ گاڑی مین سوار ہو کر مکان کو واپس آئین۔ چونکہ انکا مکان ایک کوچہ مین واقع تھا۔ جہان گھوڑا گاڑی کا گذر نہ ہو سکتا تھا۔ لہذا سڑک سے پاپیادہ ہولین۔ چند بدمعاش انکی تاک مین تھے کوچہ مین داخل ہوتے ہی انھون نے اپنا کام شروع کر دیا۔ اور کل زیورہ غیرہ لیکر غائب ہو گئے۔ صبح کو تھانہ مین رپٹ ہوئی۔ دو ملزم گرفتار ہوئے گو باقیماندہ کے لیے پولیس سرگرم تلاش ہے۔ پردہ کی مخالفین اگر انصاف سے دیکھین تو تسلیم کرنا ہوگا کہ یہ تازیانہ ہے انکی بے پردگی کا جرمانہ ہے انکی آزادی کا ثمرہ ہے انکی خیرہ چشمی کا۔ مستورات کا مردون کے مجمع مین آنا جانا۔ خواہ اسمین بعض اتفاقی اور خارجی اسباب کے باعث خطرہ سے امن ہو کوئی صحیح العقل شخص جسکو قطرہ مین دریا اور جزو مین کل نظر آتا ہو اور جو علت و معلول کا قائل ہو ایک لمحہ کے لیے بھی جائز کہہ سکتا ہے۔ دنیا مین ایسے بہت سے شخص نکلین گے کہ جو بالطبع نیک دل و پاکیزہ طینت ہون لیکن اگر اونہین کو خراب سوسائٹی مین آمد و رفت۔ نشست برخاست کا موقع دیا جائے۔ تو شاید مشکل سے ایک فرد بھی اصلی حالت مین قایم رہ سکیگا۔ جب مشاہدہ شاہد۔ تجربہ گواہ اور عقل خرد کا یہ فتویٰ ہے پھر کیون ایسے قبیح و مضر افعال کا استیصال و انسداد کرنے مین اہل ملک پس و پیش کرتے ہین۔ اگر اپنی آبرو کا خیال اور اپنی عورتون کی عفت کا پاس ہے تو پردہ اور وہ پردہ جو ہندوستان مین مروج ہے قایم رہنا چاہیے۔ اور اگر ان بیہودہ امور سے استغنا ہو تو ضرور یہ ہونا چاہیے۔

تا بے سر و پا باشد اوضاع زمان زین سا
ور سر ہوس ناٹک۔ ور . . . . . اولی

راقم
منظور حسین
امین آباد لکھنؤ

نقشہ شطرنج

تسیم نقشہ شطرنج کا درج ہے۔
سبز بازی کا ہر تین طرف سے مات ہے اور چال سبز بازی کی ہے سبز بازی نے چوتھی چال مین سرخ بازی پر مات کر دیا۔ وہ کون چال ہے۔ جن صاحب کا حل نقشہ کا سب سے پہلے میرے پاس پہونچیگا وہ مبلغ دو روپیہ انعام کے مستحق ہونگے۔ جو صاحب حل نقشہ کا بھیجین مہربانی فرما کر اپنا پتہ صاف تحریر فرما دین۔ اور نام نامی بھی خوشخط ہو۔ تاکہ پڑھنے مین دقت واقع نہ ہو۔

المشتہر

کرم حسین خلف جناب شیخ رعایت حسین
وکیل مرحوم۔ ضلع ہردوئی (اودھ)

نقشہ

شاہ سبز							فیل سبز
پیادہ سبز		فرزین سرخ					
	پیادہ سبز		*		رخ سبز		
				گھوڑا سرخ	فیل سرخ		
	رخ سبز			گھوڑا سرخ	فیل سبز		
				رخ سرخ			
فرزین سبز	گھوڑا سبز	شاہ سرخ	X	X			رخ سرخ

لوکل میلے

ایک لوکل نامہ نگار صاحب لکھتے ہین۔

گزشتہ ہفتہ میلون کے لحاظ سے بہت اچھا رہا۔ گڑیون کے میلے مین گڑیان پیٹی جاتی ہین۔ لیکن گشت کرتے ہوے دیکھا ایک زندہ گڑیے کو پیٹا ہوا دیکھا۔ دریافت کرنے سے معلوم ہوا کہ اُس شخص نے دستدرازی کی تھی۔ عورت نے لے دے کر ڈالی۔ لطف یہ تھا کہ عورت بیٹ رہی تھی اور مرد پیٹ رہا تھا۔ گویا بجاے گڑیا کے گڈا پٹ رہا تھا۔

عیش باغ کا آخری میلا ۱۴۔ اگست کو ختم ہوا یہ آخری میلا تھا۔ مہوشان بازاری کا پرا حسب عادت جما تھا۔ شوقین لوگ بھی بازای کتے بنے ہوے پیچھے پیچھے پھر رہے تھے۔ ایک نے کچھ دست درازی کی تھی۔ پولیسمینون کے ہتے چڑھ گیا۔ اب کیا ہے مزے سے عیش بھر کو جائیگا۔ عیش کرےگا۔ اور عیش باغ کے میلے کو یاد رکھے گا۔

راقم
مسٹر اے۔ آر۔ لوکل نگار

آزاد ضمیمہ اودھ پنچ

مطبوعہ ۹۔ اگست سنہ ۱۹۰۶ء

مراسلہ

کیا ندوہ شام اودھ کی سیر کی اجازت دلیسکتا ہے

ندوہ نے اپنے وسیع دسترخوان پر جو چیزیان چنی تھین وہ کچھ اسقدر چٹپٹی ہے دار ثابت ہوئین کہ طلباء کے زبانون سے بجائے شکر نعمت کے رال ٹپکنے لگی۔ اسکی روک تھام اگرچہ جیبی روبالون نے بہت کی۔ لیکن خس وخاشاک سے سیلاب کیونکر رک سکتا تھا؟ اسلیے اسکا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ ایک دریا موجین مارنے لگا۔ اور موجون کے تلاطم نے کثرت سے چھینٹے اڑانا شروع کیے۔ یہ چھینٹے اگرچہ در حقیقت نہایت مکروہ تھے مگر تاہم نیر اعظم نے انکو قطرہ شبنم کیطرح یہ شعر پڑھکر اپنے دامن مین جھٹک دیا۔ ؂

تر دامنی پہ شیخ ہماری نہ جائیو
دامن نچوڑ دین تو فرشتے وضو کرین

بے شبہہ اس قسم کی فیاضیون سے نیر اعظم کے دامن اخلاق کی نہایت وسعت ثابت ہوتی ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ جن قطرون کو اوسنے موتی کیطرح اپنے صدف دامن مین جگہ دی ہے۔ وہ در حقیقت بحر احمر کے موتی ہین یا نقلی موتی ہین۔

اس سوال کے جواب دینے مین نیر اعظم کی معنوی ضیا کو اور بھی چمکا دینا چاہیے۔ تاکہ ناظرین سپید و سیاہ کی تمیز کر سکین۔

حقیقت یہ ہے کہ اودھ نے چونکہ واجد علی شاہ کی ظل عاطفت مین بلوغ پایا ہے۔ اسلیے اسکے ذرہ ذرہ مین عیش پرستی اور نرم آرائی کا اثر پایا جاتا ہے۔ چنانچہ ہمارا دار العلوم بھی اس زہریلے اثر سے نہ بچ سکا۔ اور در حقیقت بچ بھی نہین سکتا تھا۔ یہ سچ ہے کہ ندوہ نے ہمیشہ اس امر کو منظر رکھا کہ قوم کے سدا بہار پھولون کی گلچینی کر لے۔ لیکن اتفاق سے چونکہ اس کا صدر مقام لکھنؤ قرار دیا گیا جو اودھ کا مرکز ہے۔ اسلیے بجائے پھولون کے اسکا دامن کانٹون سے الجھ گیا۔ اس سے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ خدانخواستہ عام طور پر دار العلوم کا صحن۔ اسی قسم کے خس و خاشاک سے بھرا ہوا ہے

بلکہ یہ شرف صرف اودھ بلکہ خصوصیت کے ساتھ ضلع بارہ بنکی کو حاصل ہے کہ وہ ہمیشہ دار العلوم کے حق مین اس قسم کے کانٹے بویا کرتا ہے۔

اس خارستان کے کانٹون مین مولوی افتخار احمد صاحب سابق طالب العلم نہایت سر برآوردہ اور زبان دراز نکلے ہین۔ جنکے ذریعہ سے اڈیٹر نیر اعظم کے دل کے پھپھولے پھوٹے ہین۔

مولوی افتخار احمد صاحب ہمارے دار العلوم کے سابق طالب العلم ہین۔ جنہون نے امسال مدرسہ سے نام خارج کرا کے۔ مدرسہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ یہ ایک نہایت آزاد خیال۔ اور رنگیلے معشوق مزاج شخص ہین۔ نازک مزاجی کا یہ عالم ہے کہ مدرسہ کے آئین و ضوابط سے گذر کر شریعت کی پابندیون سے بھی چین بجبین ہوتے ہین۔

دار العلوم نے لڑکون کو نماز کی پابندی کے لیے یہ قاعدہ مقرر کیا ہے۔ کہ پنجوقتہ حاضری لیجاتی ہے اور جو لڑکے غیر حاضر ہوتے ہین۔ اونکو تادیب کیجاتی ہے؟ اور جو لڑکے اکثر غیر حاضر رہتے ہین۔ اونسے کسیقدر سختی کے ساتھ باز پرس کیجاتی ہے۔ اور چونکہ لڑکون کو مطلق العنان چھوڑ دینے سے کوچہ گردی۔ اور بے تمیز آزادی کا خوف رہتا ہے۔ اسلیے سیر و تفریح کے لیے ہفتہ مین صرف جمعہ کے روز عام اجازت دیجاتی ہے۔ اور اسکے سوا لڑکے حتی الوسع۔ احاطہ دار العلوم مین پابند رکھے جاتے ہین۔ اور جب باہر جانے کی کوئی خاص ضرورت آ پڑتی ہے تو مہتمم صاحب سے خاص اجازت لینے کی حاجت ہوتی ہے! اسکے علاوہ وضع ولباس سے متعلق بھی بوقت ضرورت تنبیہ کیجاتی ہے۔ تاکہ پائنچے دار پائجامے کہین ٹخنے سے بڑھکر۔ شریعت کے تمام محاسن کو نہ چھپا لین۔ بلکہ مہتمم صاحب چونکہ سنن نبوی کے شدت کے ساتھ دلدادہ ہین۔ اسلیے اونکو اسکی کوفت سب سے زیادہ ہوتی ہے۔ تعلیمی حالت درست کرنے کے لیے۔ اگرچہ ماہواری۔ سہ ماہی ششماہی سالانہ امتحانات کافی ہین۔ تاہم مدرسہ اپنا فرض منصبی ادا کرنے کے لیے مہتمم موصوف کے ذریعہ سے اسکی طرف بھی خاص توجہ مبذول رکھتا ہے۔ اسکے علاوہ اور بھی اخلاقی حالتون کی نگہداشت کی جاتی ہے۔

یہ اصول ہین۔ جو دنیا کے تمام قومی مدرسون کے سنگ بنیاد ہین۔ اسلیے کوئی فرد انکے ضروری ہونے سے انکار نہین کر سکتا۔ تاہم مولوی افتخار احمد صاحب اپنی آزاد خیالی سے ان شکنجون کی آغوش مین رہنا پسند نہین کرتے تھے۔ اونکی خواہش تھی کہ نماز کے

متعلق جسقدر آئینین۔ اور جو بندشین ہین سب منسوخ کر دی جائین۔ طرز تعلیم ایسا ہو کہ حکمائے اشراقین کیطرح بغیر پڑھے پڑھائے تمام علوم و فنون کے طلسم کھل جائین۔ شام اودھ کی سیر کی عام اجازت دیدی جائے۔ خوش قسمتی سے اونکو دوست و احباب بھی ایسے ہاتھ آئے تھے۔ جو ان خیالات کو اور بھی اوسکاتے تھے۔ اسلیے اونکے دل مین یہ ملکہ اور بھی راسخ ہوتا جاتا تھا۔ یہ خیالات صرف ذہنی دنیا تک محدود نہ تھے۔ بلکہ کبھی کبھی انکا وقوع بھی ہوتا تھا۔ اسلیے مدرسہ کے اصول کے موافق مہتمم موصوف کو چشم نمائی کرنی پڑتی تھی۔ اور کرنا چاہیے تھی۔ اس وجہ سے نام خارج کرا کے۔ اب مہتمم موصوف کی ہجگوئی پر تلے ہوے ہین۔

ہمکو معلوم ہوا ہے کہ اونھون نے اردو لٹریچر پر احسان کرنے کے لیے نیر اعظم مراد آباد مین مہتمم موصوف کی شکایت مین مضامین کا ایک سلسلہ شایع کرنا شروع کیا ہے۔ جسکا پہلا نمبر ہماری نظر سے گزرا ہے۔

اس موقع پر یہ بھی پیش نظر رکھنا چاہیے کہ مولوی افتخار احمد صاحب ٹھیک طور پر خط لکھنے کی بھی قابلیت نہین رکھتے۔ اسلیے اونکے یہ خیالات۔ اونکے بعض دوستون کے ذریعہ سے ظاہر ہوتے ہین۔ جو ندوہ کے فتنہ انگیز طلباء کے آنریری ممبر ہین۔ اور اونکے ذریعے سے ندوہ مین بڑی بڑی معرکہ آرائیان پیش آئی ہین بہرحال اپنے پیش بہا مضمون مین اونھون نے جن فیاضانہ خیالات کا اظہار فرمایا ہے۔ اوسکا خلاصہ یہ ہے۔

(۱) کہ مہتمم موصوف کی بد اخلاقیان ناقابل برداشت ہین۔ اور اسکی وجہ سے مینے اپنا نام خارج کرا لیا میرے دوست احباب بھی اسوجہ سے مدرسہ سے برافروختہ خاطر ہین اور چند لڑکے انکے ظلم و تعدی سے نام کٹا کر چلے گئے۔ اور بہت سے لڑکے مدرسہ کو خیرباد کہنے کا ارادہ رکھتے ہین۔

(۲) اور اسی پرچہ مین مولانا شبلی نعمانی کو مدرسہ کی انتظامی حالت درست کرنے کی نصیحت بھی کی ہے۔ مہتمم صاحب موصوف کے اخلاق و عادات۔ اور علمی قابلیت سے تمام اراکین بخوبی واقف ہین۔ خصوصاً مولانا محمد شبلی نعمانی سے۔ جو مدرسہ کی روح رواں ہین روزانہ صحبتین رہتی ہین۔ اسلیے انسے زیادہ مہتمم اور ندوہ کے رگ و ریشہ کا رازدار کون ہو سکتا ہے اس لحاظ سے ہمکو مہتمم صاحب کے اخلاق و عادات کی نسبت کچھ لکھنے کی ضرورت نہین۔

اسلئے اس ... پر اس عام غلطی کا رفع کردینا ضروری ہے
کہ بجز انکے ہم صحبت طلباء کے - مدرسہ کا ذرہ ذرہ
مہتمم صاحب کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور انکو
تعلیمی اور انتظامی اصلاحات کا ... درد ... سمجھتا ہے
چنانچہ ... ہے - انگشت نما
چند لڑکون کے سوا تمام طلباء ... برفروختگی سے -
اسکا تمام احساس ہوسکتا ہے - اسکے ساتھ
انہیں ہم قوم ... ان چند سوالات کے جواب چاہتے
ہین - کیا اخلاقی اور شرعی جرم پر مہتمم کو واجبی تنبیہ
کا حق حاصل نہین ؟ - کیا مہتمم صاحب لڑکون کو
مطلق العنان کرسکتے ہین ؟ کیا اس قسم کی چشم نمائیان
ظلم و تعدی پر محمول ہو سکتی ہین ؟ ہمین امید ہے کہ قوم
خصوصاً تمام اراکین ان سوالات کا منصفانہ جواب
دینگے - فقط

راقم

مصلحت نیست کہ از پردہ برون افتد راز
ورنہ در محفل رندان خبرے نیست کہ نیست

نوٹ

روس پر جاپان کی فتح دوسری قومون کو ترغیب و تشویق دلانے والی ہے مگر وحشی یا نیم وحشی سلطنتون مثل کابل وغیرہ کے واسطے رشک اور نظیر مفید پیدا کرنے والی ضرور ہے - اوسنے صاف صاف دکھا دیا کہ یون اور اسطرح عرصہ قلیل مین قومین بلکہ سلطنتین آجکل منتہی اور سدہری خاک سے پاک ہوتی ہین چنانچہ معلوم ہوتا ہے اسی باتنے امیر کابل کو اپنے ملک کی تعلیم کیجانب غیر معمولی طور سے آمادہ منہمک کیا ہے - اگر اسیطرح کافی عرصہ تک انہماک رہا تو یقین کرلینا چاہیئے کہ وہ زمانہ بہت قریب ہے کہ کابل دنیا کی سلطنتون مین سر برآوردہ ہو -

امیر صاحبنے کابل مین ایک دربار منعقد کرکے تعلیم پر حسب ذیل تقریر فرمائی -

مسلمانون کو انکے مذہبی احکام کے موافق تعلیم حاصل کرنا بڑا ضروری ہے - حبیبیہ اسکول کو قایم ہوئے تین سال ہوچکے - لیکن یہان تعلیم کے کام مین کچھ ترقی نہین ہوئی اسمین استادون کی غلطی معلوم نہین ہوتی - بلکہ اسکا الزام سرکاری حکام پر ذمہ عائد ہوتا ہے - جیسا کہ تمام دنیا مین دستور ہے - اگر افغانستان مین بھی سرکاری ملازمت اسی شخص کو دیجائین کہ جو تعلیم یافتہ ہے تو موجودہ حالت مین دس افغانی حکام مین سے دو آدمی بھی سرکاری ملازمت حاصل نہ کرسکین - افغانی حکام کا خیال ہے کہ ہم اعلیٰ ملازمت حاصل کرچکے - اور اب ہماری زندگی قریب الختم ہے - ہم تعلیم اپنے لڑکون کو دلاکر کیا کرین اسلئے کہ چونکہ اب تعلیم ہی سرکاری ملازمت کا ذریعہ قرار دیگئی ہے تو آئندہ کاشتکارون کی تعلیم یافتہ اولاد ملازمت حاصل کرے گی - اور ہماری اولاد برباد ہوجائیگی -

ایسے سرکاری حکام جو تعلیم کا کچھ لحاظ نہین کرتے انکی تمنا ہے کہ اس مدرسہ کا کام ہمیشہ خراب رہے - اور اگر انکا یہی رویہ رہا تو آئندہ ہماری وزراء کے بیٹے دہقانون کے آگے دست سوال دراز کرتے نظر آئینگے - اور دہقانون کے تعلیم یافتہ لڑکے کسی دن وزارت کے عہدے پر متمکن ہونگے - جو شخص کہ اپنے بزرگون کے حسب نسب پر فخر کرتا ہے وہ مثل اس کتے کے ہے کہ جو خالی ہڈیون سے خوش ہوتا ہو ایک آدمی کو دوسرے آدمی پر فضیلت اور برتری صرف علم و ادب ہی سے حاصل ہوتی ہے - بہرحال جب سچ ہو جاتا ہے تو پھر جھوٹ قایم نہین رہ سکتا - اسلیئے ہماری دلی خواہش ہے کہ اس اسکول کے کام مین ترقی ہو - اگر خدا کو منظور ہوا تو ہم بذات خود اس مدرسہ کی ترقی پر پوری توجہ مبذول رکھین گے -

اب ہم اس مدرسہ کے موجودہ اسٹاف کو یہ ہدایت کرتے ہین کہ اسکول کے جو جو امور مانع ہین اور جو جو نقص موجود ہین وہ سب ہمپر ظاہر کرین - اور اسکی آئندہ ترقی کے لیے تجویزین پیش کرین - اگر خدا کو منظور ہے تو ایک دن حبیبیہ اسکول تمام افغانستان مین تعلیم کا اعلیٰ ترین مرکز بن جائیگا -

خبرین

۲۰ - جولائی - لندن - عثمانی ڈیلیگیٹ اُس سیدھی سرحد کی نسبت بابعالی کی منظوری سے تجاہل کرتے ہین جو العقبہ سے رافع کو گئی ہے اور بدوون کی شہادت کے مطابق سرحد کے خواستگار ہین - (اودھ اخبار)

ایران کی مجلس وزراء عظمیٰ کی غیر ہردلعزیزی کا نتیجہ ہے جو عطائے سلطنت گورنمنٹ کے خلاف ہین جسکی نسبت اطلاع دی گئی ہے کہ شاہ اُس کارروائی کو پسند کرتے اور اوسکے خیر مقدم کے لیے آمادہ ہین - (ر)

پیرس کے ایک اخبار نے ان ہنگامون پر سے آزنی کی ہے جو طہران مین پیدا ہو رہے ہین - بیان کرتا ہے کہ ایران مین برطانیۂ عظمیٰ کی سفارتی مداخلت نہایت ضروری ہے - (ر)

طفلس کی خبرون سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہان ارمنیون اور تاتاریون کے مابین ایک ہفتہ تک برابر جھگڑے اور فساد ہوتے رہے ہین تاتاریون نے بہتی لوگ قابض تھے درہ اور انکا محاصرہ کر دیا تھا - قریب و جوار کے دیہات خونریزی کا میدان بن گئے ہین - (ر)

العالم الاسلامی جو عوفہ کا ایک مسلمان اخبار ہے بیان کرتا ہے روس مین مسلمان اخبارون کی تعداد بڑھتی جاتی ہے - یہ سب اخبار اس بات کی کوشش کررہے ہین کہ اسلام کی اشاعت کرین - فی الحال بیس اخبار جاری ہین - (ر)

اخبار طرابلس بیان کرتا ہے کہ اعلیٰحضرت میکاڈو نے جلالتمآب سلطان ٹرکی کا شکریہ ادا کیا جنھون نے تین زبردست عالمون کو مذہبی کانفرنس جاپان مین تقریر کرنے کے لیے روانہ کیا ہے - میکاڈو نے سلطان کو جو پیام بھیجا ہے اسمین بیان کیا ہے کہ اس مذہبی کانفرنس کی غرض یہ ہے کہ دنیا کا سب سے زیادہ سچا مذہب جو اسوقت پایا جاتا ہو دریافت کیا جائے علماء کے نام یہ ہین - اول مدحت آفندی ... علمی - دوسرے محمد اسد آفندی متعلقہ سکرٹریٹ محکمہ مال - تیسرے ملا اسمعیل آفندی جو ٹرکی علماء مین سب سے زیادہ زبردست اور مشہور عالم ہین -

یکم - اگست - لندن - روٹر کا نامہ نگار قسطنطنیہ ناقل ہے کہ گورنمنٹ ٹرکی نے چالیس سپاہی سینہ زار میدان اجانت کو بھیجے ہین - جو انگلش و فرانسیسی معاہدے کے موجب علیحدہ ... فرانس مین قرار دیا گیا اور اعتراض فرانس کا ایک جواب مرتب ہو رہا ہے جسکے باعث سے سرحد ترپولی کا مسئلہ پھر چھڑ جائیگا - (ر)

طہران کے ایک مراسلہ مین بیان ہے کہ مشیر الدولہ وزیر اعظم مقرر ہوئے ہین - بازار بند اور کاروبار معطل ہے - برٹش سفارتخانہ مین تیرہ ہزار پناہ گیر ہے جو باصرار تمام اصلاحات کا مطالبہ کررہے ہین - (ر)

سر ای - گرے نے بجواب ایک سوال کے جسکو سرہنری کاٹن نے ہوس آف کامنس مین پیش کیا تھا اونکو اطلاع دی کہ تبت کے عہدنامے کی تصدیق اور توثیق ۲۳ - جولائی کو ہوئی ہے اور وہ اسکو بہت جلد ہوس آف کامنس مین پیش کرینگے - (ر)

سر ای - گرے نے ہوس آف کامنس مین بجواب ایک سوال کے کہا کہ گورنمنٹ نے ایران سے تحریک کی ہے کہ وہ فی الفور کوئی ایسی کارروائی اختیار کرے جس سے موجودہ حالت معاملات کا خاتمہ اور پناہ گیرون کی معقول اور مناسب حاجات کی تسکین ہو - (ر)

ذرا ایک نظر ادھر بھی

ذرا آزمایئے — دالیے کناڈیکا

۶-۶-۲۸ — ۲-۹-۲۸

بنرجی کمپنی کا خوشبودار خوشنما گلابی ناریل کا تیل جسکی تعریف میں قلم قاصر ہے۔ بعض چند ادویات خاص دماغ کیواسطے شامل کیگئی ہیں۔ جو دماغ کو تقویت دیتی ہیں اور ہمیشہ تر و تازہ رکھتی ہیں سر و دماغ کی بیماریوں کو دفع کرتا ہے۔ سر کے درد کو دور کرتا ہے بالوں کو سیاہ کیساتھ ملایم اور چمکدار کرتا ہے بالوں کو مضبوط بناتا ہے۔ زیادہ تر طالبعلموں کو اور ان اشخاص جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ اونکے واسطے بہت ہی فائدہ مند ہے اور ہماری ہی دوکان سے نو ایجاد ہوا ہے زیادہ تعریف کرنا فضول ہے۔ استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا قیمت فی شیشی ۸ ر علاوہ محصول ڈاک وغیرہ

نمبر ۳ - بنرجی کمپنی کا زود اثر داد کا مرہم - یہ مرہم گو کیسا ہی پرانا ہو یا نیا ہو فوراً فائدہ دیتا ہے۔ بعد لگانے کے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا قیمت بھی کچھ نہیں صرف ۳ فی ڈبیا۔

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا بال اڑانے کا سفوف - یہ سفوف لاجواب ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہیں پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۴ ر فی تولہ فی شیشی ۶ ر

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا فیور پاوڈر یعنے سفوف دافع بخار - بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا - صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ۶ عدد پوڑیہ ۶ ر

نمبر ۵ - نو ایجاد گولیاں ضابط - گولیاں صدر جہ کی ضابط ہیں بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہے قیمت ۶ عدد گولی ۱۲ ر

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے شوقینوں کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے۔ علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے۔

نمبر ۶ - بنرجی کمپنی کا عرق سوزش - وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا - ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہیے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا - اگر ایک ہفتہ استعمال کیجیے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک عہ

۔۔۔ بنرجی کمپنی کا روغن

بیدر روغن نایاب

ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحت نے آدمیوں کو بالکل اندھا کر رکھا ہے - بے احتیاطی اور خلاف فطرت حرکتیں بہت زیادہ ہو رہی ہیں اسیوجہ سے ہمنے یہ روغن واسطے رفاہ عام کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہیں ہے۔ قیمت ۸ ر فی شیشی۔

نمبر ۷ - بنرجی کمپنی کا دانت کا منجن - مسوڑھوں کا ورم - دانت کا کیڑا دانتوں کا ہلنا - دانتوں سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند روز میں دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہیں یہ وصف بنرجی کمپنی ہی کے منجن میں ہے - قیمت فی تولہ ۱۲ ر

فی شیشی ۲ ر بچوں کے کرم کشکم یعنی کیچوے کی دوا - تلی سودا وغیرہ پر بھیجا - اسکے علاوہ اور بہت سی بیماریوں کا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت سے بھی ہو سکتا ہے - جواب کے لیے ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیے -

المشتہر - ایس - سی - بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنہیا لال

نقول اسناد

نمبر ۱ - بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دواساز ہیں میرا انسے ہمیشہ معاملہ رہا - انکی ادویات تازہ ہوتی ہیں۔ سہارنپور

دستخط ۷ - جولائی ۱۹۰۱ع

جولین سی اسمتھ لفٹنٹ کرنل - (سول سرجن)

نمبر ۲ - میں سارٹیفکٹ ہذا ایس - سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہوں کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق میں بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے۔ وہ ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہیں - ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہاں موجود نہو۔

سہارنپور - ۱۵ - دسمبر ۱۹۰۲ء

دستخط - جی - اے - لوٹی لڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ)

نمبر ۳ - مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دواساز سہارنپور نے ضلع - اسپتال - ریل اور دیگر شفاخانوں کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور میں عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی میں رہے ادویہ مہیا کیں -

اس دوکان میں ادویہ بکثرت اور تازی مہیا ہیں اور منتظمان فرمایشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہیں یہ اشخاص بحیثیت دواساز دوا فروش قابل اعتبار ہیں کیونکہ نسخہ میں خاص ادویہ استعمال کرتے ہیں - میں نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ عوام الناس کی امداد سرپرستی انکو امید ہے قائم رہیگی جیسا کہ وہ مستحق ہیں سہارنپور ۲۴ - مارچ ۱۹۰۹ء دستخط ڈی ڈبلو - سکاٹلینڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

دندان ساز

۲۸-۶-۶

سیکو لال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ آریوں کا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہیں - کمالی حد اور بے کمالی دونوں قسم کے -

پردہ نشین عورتوں کیلیے ایک ہوشیار اور تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہو - آزمایش کیجیے - اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہاں موجود ہو گیا تو اب آپ صاحبان کو دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیے - غیر ملک والوں یا دیگر مذہب کے لوگوں کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعہ سے بنوا سکتے ہیں دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہو سکتی ہیں -

المشتہر - لالہ سیکو لال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز - امین آباد لکھنؤ

سرگزشت

حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف - مذاق پاکیزہ میں شرابور - فصاحت اور بلاغت کے دریا میں ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑوں نسخے قبل اشاعت سے بکتے - ہر لفظ میں مذاق - اور ہر نقل نفیس قصہ مضحک واقعات سے شروع سے اخیر تک بھرا ہوا - اس شوخی و شستگی کا کوئی ناول اردو میں ابتک نہ نکلا ہوگا لیکن نہیں کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنادے - ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشا پرداز مثل خان غالی و مرزا ہمنوا ابو اسحق - عبید زاکانی - وغیرہم اور انگریزی مارک لیمن ڈاگلس - جیرالڈ - تھیکرے - جیروم کے جیروم - مارک ٹوئن وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو میں پورا نچوڑ کیا لیا ہے - اعلیٰ ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے - شستہ طرز بیان - انداز زبان - سونے میں سہاگا - یہ ناول بادے بسم اللہ سے تائے تمت تک بالکل کشت زعفران ہے - بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا - کتب فروشوں کے ہاتھ نہیں بیچا جاتا - صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماء اللحم

[illegible]

اس عرق ماء اللحم میں انگور بہی سیب اور ایک سو جڑی بوٹی ... مصفی خون ... شامل کیا گیا ہے

عرق ماء اللحم دوا اور غذا کا کام دیتا ہے

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے چہرہ پر نور رہتا

[illegible]

عرق اللحم کے پینے سے خون کا مقدار جسم

[illegible]

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

[illegible]

[illegible]

پتہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء ۔ لاہور (موچی دروازہ)

مطبع شاہم اودھ لکھنؤ نیا گاؤں میں محمد سجاد حسین نے چھپوا شائع کیا

No. 5

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ

۳ کالم	۲ کالم	کالم	نصف	چہارم کالم	تعداد طبع
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	.	تین ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	چھ ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سال

تفصیل نرخ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	.	.	.	.	[illegible]	.
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

میرا کیمیکل ٹریڈ مارک

کیوں؟

دوائی ہے جس کا نام ہے :-

"روح حیات"

میں جادوگر ہوں

روح حیات کے خواص

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتا ہے کہ اسکی کثرت فروخت سے ایک کھڑ روپے

میری تین یوم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۱۰۶ روپے	۱۳ آنے
۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۷۸ روپے	۷ آنے
۳ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۱۶۷ روپے	۴ آنے
۳ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۵۵ روپے	۱۵ آنے
۴ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۳۲۸ روپے	۵ آنے
۴ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۱۵۲ روپے	۲ آنے
میزان کل	۸۸۴ روپے	۱۴ آنے

آپ اندازہ فرماسکتے ہیں دوائی روح حیات کی قدر دانی

قیمت فی شیشی ۔۔۔ (۸/)

مرہم کا بکس

کمزوری کے لئے

سنگ مارس اور

صحت کے ٹھیکہ پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابیطس

سفوف دافع رقت

حب قبض

بال اڑانے کا تیل

نوٹ

عشبہ

تریاق طاعون

سوزاک کی ...

حب دافع ...

روغن

میری بیماری

جناب آئی ایم ایس سول سرجن لاہور

جناب آر کار ...

جناب ... اسکول

جناب ... ٹیگ ہیڈ

پتہ :- حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر کیمیکل ٹریڈ مارک پرائیویٹ دواخانہ - لاہور

تجدید الرباعیات

جو صاحب زر ہین زر کے متوالے ہین
بے زر کو پڑے جان کے ہی لالے ہین
مفلس کا بنے نہ کوئی بہنوئی بھی
اور جو ہے امیر اُسکے سو سالے ہین

تہذیب کی بھی شراب پہلے بانی
پھیرا تھا اسی نے انڈیا پر پانی
چھو چھو نہوں کیون افیم و می بنگ و چرس
اب آئی گلین بنکے سبکی نانی

جاپان کا سب مین بول بالا نکلا
مشرق مین ستارہ یہ نرالا نکلا
ہم کہتے ہین یورپ کا نہ نکلا ارمان
سب کہتی ہین روس کا دیوالا نکلا

کسطرح نہ پیچ و تاب کھائی انگلینڈ
کیون مصر مین فوجین نہ بڑھائی انگلینڈ
ٹرکی کی ٹپک رہی ہے جب رال اسپر
مصری کی ڈلی کیون نہ چبائے انگلینڈ

ہو دین مین جسکو شک و ناداں ہوگا
جو سچ جانے گا اہل ایمان ہوگا
سیان بھئے کوتوال اب ڈر کسکا
کہتے ہین کہ جاپان مسلمان ہوگا

مے آتی ہے شیشون مین دکھاتی جوبن
پیرس۔ لندن ہے اس پری وش کا وطن
کیون انکی نہ سرخرو سیہ بختی ہو
کالے رنڈوؤنکی لال بیبی ہے دلہن

کسطرح نہ ہند ہو مہاشا کیشی
شرطیکی کی بدلے جب ہو بیشی
بنگال کی قسمت لے اب جنگی بیچے
سودیشی ہو بڑھ بڑھ کے نہ کیون لکھ دیشی

انگلش کی مخالفون کو جو رنگ کرین
نیرنگ دکھائین رنگ مین بھنگ کرین
ہو جائین نئے مسلم سمجھ ہم کافر
ٹرکی سے نہ دل کھول کے گر جنگ کرین

راقم
شوکت الہ آبادی میرٹھی

مفلس ہندوستانکی فریاد

فرش و پوشاک کی ترتیب کہان سے لاؤن
با وقر ہونے کی ترکیب کہان سے لاؤن
دال روٹی کی یہان آن پڑی ہے مشکل
مین بھلا فیشن و تہذیب کہان سے لاؤن

راقم۔ لاغر

CHAMBERLAIN'S COLIC, CHOLERA AND DIARHOEA REMEDY.

چیمبرلین کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوا



درد معدہ۔ پیچش۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ قولنج۔ اور تمام معدہ
اور امعا کی بیماریوںکا علاج

اس عجیب و غریب دوا نے دنیا بھر کی دوسری دوا سے زیادہ انسانی جانین بچائی ہین اور درد و تکلیف کو آرام دیا ہے۔

یاد رکھو کہ ایک ہی خوراک سے معدہ کا درد رفع ہو جاتا ہے اور سخت پیچش کے علاج کے لیے تین خوراکون سے زیادہ کی ضرورت نہین ہوتی۔

صرف جڑی بوٹیون سے بنائی جاتی ہے
ہر جگہ بکتی ہے
چھوٹی بوتل قیمت ایک روپیہ

ہاتھ تک نہین لگایا جاتا
بڑی بوتل قیمت دو روپیہ آٹھ

بے محل باتین

دل بے محل ہے
کوئی مصروف ہے اس پردۂ زنگاری مین

دماغ بے محل - کسی کا اجارہ نہین عقل و دانش
بے محل - پی فہمین نہین - دنیا بے محل ہے
فاکش چنان بخورد کو د استخوان نماند

تہذیب بے محل ہے
ختران را ہمہ جنگ است جدل با مادر
پسران را ہمہ بد خواہ پدر می بینیم

موسم بے محل - آنکھین نہ بکر دیکھا اور بے وقت کی شہنائی
سن لو - کیا معنی کہ ساون بھادون کی جھڑی مشہور مگر ہاں
علیہ الغالی مرحوم و مغفور جیسے ہم سے سکون دور - عمر زدہ
سرور کافور - نصیبوان نور - اہل دل سے دور -
مسلمانون کی قوم بے محل - کیونکہ خود کی بھرتی - ہائے ہو
کے سوا کچھ جانتی نہین ہے
وہی نکبت وہی ذلت ہے آگے تھی سوا ہے بھی

ہم بے محل - تمکو ناحق نہین سوجھتا -
تم بے محل ہو
صدا طوطی کی سنتا کون نقار خانے مین

بکا کرو اور دماغ کھپایا کرو - سے
کس منی پر سدر کے ہیں کہاں ہو
ذرہ ہو یا نصف ہو یا پون ہو

یہانتک کہ اوٹھنا بے محل - بیٹھنا بے محل - چلنا پھرنا بے محل
کھانا پینا بے محل - جاگنا سونا بے محل - پاخانہ پیشاب
بے محل - ہاتھی گھوڑا بے محل - گرمنا گرتا بے محل - یکہ
ٹم ٹم بے محل - بگھی گاڑی بے محل - پھر تمہین خدا لگتی کہو -
کہ اتنے بے محلون کے شکنجے مین کسکر تمہین محل کی
باتین کہان سے سناؤن - جب تحت الثریٰ سے عرش
معلی تک بے محل ہی بے محل نظر آرہا ہے اور اگر اتنے
بے محلون پر بھی پیچھا نہ چھوڑو - تو رفع اطمینان کیلئے
اور بھی دو چار بے محل باتین سن لو اور با ضابطہ پھر
بے محل کی لائی ہی مین بے محل نام نامی بے محل درج کرالو
سمجھے نا؟ تو اچھا سنو -

ہفتون سے اس قیصر آباد کیا مین بے محل ہلہ - بے محل طوفان
بے تمیزی برپا تھا - حیوان بادم کے بے محل مالک الموت
ڈاکٹر جانوران مع ایک دو اس جیسے چاہنے والون کے شہر مین
گشت کرتے اور قبل از وقت غریب گاڑی بانون کو
غریب ٹٹوؤن پر نشانہ بازی کر کے ٹھنڈے ٹھنڈے
الاتے تھے - مخلوق خدا آہ و نالہ کرتی تھی - مگر کالو
اسیر افلاس زدہ کی کون سنتا تھا کہانی کس کی - کیا معنی کہ
یہ بے محل یکہ و گاڑی والے ان بے محل بے زبانون پر

بے محل ...... کے بے محل نام سے جانتے تھے - اسلیے
... بے محل ... اور بے چارے چڑھنے والے
دوان شہر کی بے محل خاک اوڑاتے پھرتے - اور بے محل
بڑے بیگم صاحبون کی بے محل ... بے محل ... کر
بے محل سینہ ٹھونکتی دیکھ کر بے محل ... شور ... کے
بے محل حراست مین لاکر ندی بھجا - اور بے محل گولی ...
ہمیشہ کے لیے بے محل سلا دیتے - بے محل ... کس
کی بے محل غذا سے لطیف کا بے محل انبار لگا ... تھے
چاہے جانور بے محل ہو - اور ہزارون ایسی بے محل ...
دیکار آمد کا بے محل مین ثبوت بھی ہو - وہ سب بے محل
باتین - ورنہ المفت بے محل ... نصیب -
پھر جہان ... بے محل ہوگا - چویان کا کیا پوچھنا شہر کے
سارے گاڑی ٹم ٹم والے ... اصلاح و مشیرہ کر کے
بے محل ٹم ٹم و گاڑی کو بند ... بے محل ... کر دیا
اور ... کا تیلا حال کر دیا تھا کہ ناگاہ خدا کی رحمت ...
چھائی - ہمارے شہر کے ... صاحب لوہ صاحب کلکٹر
بہادر نے دریا سے لیبن ... اور منادی کرا دی کہ ...
بے محل ٹٹو بیکار ثابت ہوگا - اسکی بے محل پر ... کار
پرس کرے گی - اور سب بے محل اسکا ... سوار ...
نذر کریگی - پھر کیا تھا دن چاندی اور رات سونا - سارا
ہنگامہ برطرف کہو ہے نا؟
اور سنو! اسکو ایک دنیا جانتی ہے - کہ پھر مختار بے محل
مال زادی سے کیا کی آبادی ہے انکے ہان اس بے محلی
کی ایسی کثرت ہو جسطرح تمہارے ہان ... کی
کی یاد باشوق از فاقہ مستون کی - پھر انکے ...
کا کیا کہنا ہمیشہ اچھی اچھی خوبصورت ... چڑیان بے محل
بال و پر نکالکر پھدکتی - بے محل آزادی کا دم بھرتی - بے محل
تحریکان کا آزادی نسوان پر تالیان بجاتی - بے محل سبزہ
سرخ باغ کی سیر کرتی اور ... آشناؤن کو
اپنے ناز و ادا پر بے محل بھینٹ چڑہاتی مین جیتا ہو
ایک صاحب کے بے محل مختار بے محل ...
کا مادہ الو کو مادون کی تلاش رہتی اور سدا تابانہ مال پر
بے محل رال ٹپکا کرتی تھی - تا شدنی ... والا الصحت
ایک چڑیا صاحبہ کی بے محل ... اکی محبت
جوش جنون مین ترقی ہوئی - بے محل لپک لگا کے اور
اور بلی کیطرح ...... بے محل جان نثاری کا دم بھر
لگے کہ ہے
کبتک چھپے گی کیری تو پتون کی آڑ مین
مختصر یہ کہ دھر لیے گئے - دورہ سپرد - اور وہ جینا
بھی بے محل کھو گا چشم بنگلی - ادھر بے محل بے جرم

بچون کی صحت

والدین کی بڑی فکر کی بات ہے

اگر بچہ چڑچڑا ہے یہ ضعیف ہے تو اوسکو

اسکاٹ کا املشن

دینے مین توقف نہ چاہیے

اگر چند قطرے دودھ مین ملا کے دیئے جائین تو بچے مین تغیر معلوم ہو بچہ خوش بشاش چانکا ہو اور غذا (جو صحت کی نشانی ہے) مزے مین کھائے -

ہاتھو سے نہین چھوا ہے

سب دوا فروش سے بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (محدود)
دوا سازان لندن
انگلینڈ

تک کا دوم ہونا اور اوپر کیجانب تنگ رہنا اور رون جان نیچے اوترنا ویسی قدر چوڑا ہوتے جانا اگرچہ مرد کی بہ نسبت کسیقدر مسطح ہوا کرتا ہے اور ... تک ابھرا ہوا رہنا اور رانون کا شروع ہی سے بھرا بھرا ہونا اور داخلی طرف ایک دوسرے کے مقابل جھکا ہونا کہ جس سے یہ معلوم ہوتا ہے ایک دوسرے پر غالب ہوئی جاتی ہے اور اپنی اپنی جگہہ سے مقابل مین حد اعتدال سے باہر قدم رکھتی ہے اور اس سے اوپر چلکر رانین عموماً پتلے ہوتی ہین اور اس تمام جسم مین اسفل کا بہئیت مجموعی ایسا چوڑا ہونا اور پھر پتلا ہونا نہایت خوبی کے ساتھ پیدا ہوجاتا ہے یہ تمام عورات کی خوبی شمائل جو اوسکے جنس کے واسطے لازمی ہین خود عورات کے نزدیک سرمایہ مسرت و نازش ہین اور ان خوبیون سے متصف ہونے کی وجہ سے تصاویر حسین اس لائق ہوگئین کہ یونان کے معابد مین انکو جگہہ دیجائے اور وہ بات پیدا کرین جو قانون قدرت سے بھی نہین ہوسکی۔ اور ہر زمانہ مین تمام اقوام اونکی تعریف و توصیف مین رطب اللسان رہین۔

ٹامسن شاعر اپنی نظم مین کیا خوب لکھتا ہے۔

وہ دلربا تصویر جو بینا مسور کی ہوی ہے واقع ہے اور خم ہوکر بنظیر خوبی کو پوشیدہ کررہی ہے۔ جو مغز دریونانی کا مشترک حسن ہے پیرن کا قول ہے کہ وہاں پر جیی نے پتھر کو پسند کیا ہے اور

اپنے گرد و نواح کے ہوا تک کو خوبصورت بنایا ہے۔

اس مرکز کے سامنے کھڑے ہونے سے ہمکو چہرہ اور قد اس خوبی کے ساتھ دکھائی دیتا ہے کہ بیان سے باہر و نظاہر کرتا ہے کہ ذہن انسانی ایسی ایسی چیزین پیدا کرسکتا ہے کہ خود قانون قدرت جنکی خلقت سے معذور ہے۔ صنم پرستون کے ذہن مین یہ خیال ڈالتا ہے کہ اگر اس سانچہ کا اصلی انسان ہوتا۔ تو کیا ہی حسین ہوتا۔ ہم ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے اور پھر وہان سے ہٹ آتے ہین مگر یہ نہین کہہ سکتے کہ کس عضو کے حسن نے یہ چکا چوندھ پیدا کی تھی اور ہم ساکت اور صامت مثل ایک محبوس کے اوسکے سامنے حیران و ششدر کھڑے رہتے ہین اور نہین جی چاہتا کہ اسکو چھوڑ کر ہٹین۔

وینس دی مدیسی کے مناسبات

۱۔ اسکے سات سر اور سات حصہ ہین اور تین دقیقہ بلند ہے

۲۔ سر کی چوٹی سے دیگر بالون کے جڑون دبن مو تک تین حصہ ہے

۳۔ بن مو (بالون کے سرون) سے ابرون تک تین حصہ ہے

۴۔ ابرون سے ناک کی جڑ بانسے تک تین حصہ ہے

۵۔ بانسے کی جڑ سے زنخدان تک تین حصہ ہے

۶۔ زنخدان کی جڑ سے ہنسلی کے گڑھون کی وسط تک چار حصے ساڑھے تین دقیقہ۔

۷ - ہنسلی کے گڑھون کی وسط سے لیکر سینہ کے آخری حصہ تک دس حصہ پانچ دقیقہ

۸ - سینہ کے حصہ زیرین سے وسط ناف تک آٹھ حصہ تین دقیقہ

۹ - وسط ناف سے قاعدہ عانہ اور آغاز حصیات : اوس تک گیارہ حصہ ساڑھے چار دقیقہ

۱۰ - اخیر حصہ عانہ سے گھٹنے کی وسط جوڑ تک اٹھارہ حصہ دو دقیقہ

۱۱ - گھٹنے کے وسط جوڑ سے ٹخنہ تک ستائس حصہ تین دقیقہ

۱۲ - گھٹنے کے جوڑ کے وسط سے زمین تک پچیس حصہ تین دقیقہ

۱۳ - پاؤن کی حد بلندی تین حصہ ساڑھے پانچ دقیقہ

۱۴ - ساق پا سے نر انگشت پا تک نو حصہ نصف دقیقہ

۱۵ - بغل سے کہنی تک بیس حصہ دو دقیقہ

۱۶ - کہنی سے کلائی تک چودہ حصہ

۱۷ - ہاتھ جہان بہت چوڑا ہے پانچ حصہ

۱۸ - عام عرض بازو کا چار حصہ پانچ دقیقہ

۱۹ - ہنسلی کے گڑھے سے بازو کی مچھلی تک چھ حصہ چار دقیقہ

۲۰ - مذکور گڑھے کو وسط سے دونون سر پستان تک دس حصہ نصف دقیقہ

۲۱ - دونون سر پستان کا وسط گیارہ حصہ دو دقیقہ

۲۲ - دھڑ کا عرض سینہ کی زیرین حصہ پر پندرہ حصہ ساڑھے چار دقیقہ

۲۳ - دھڑ کا اقل عرض پسلیون سے لیکر چودہ حصہ ایک دقیقہ۔

نشانات محبت مخفی ظاہر کرتے ہین ۔ المختصر ہماری دانست مین کسی پرانی تصویر سے ایسا عبور علم قیافہ و علم اسرار الاعضا ذرا ور اسی جسمہ مین بھی نہین پایا جاتا اور جنکو ان باتون کا کچھ بھی وقوف ہو وہ اُن لوگون جو ونیس کے اور سرون کے ساتھ اسکا مقابلہ کرتے ہین اگر مضحکہ کرین تو بیجا نہوگا اور باقی چھاتیون کے دلچسپ ابھار جو ایسی بڑی نہین ہین اور زینت سینہ ہین ہر طرف سے کئی خمون کے ساتھ اوٹھی ہین اور ایک جھلی پر وہ سب خم ملگئی ہین اور ہر حصہ زیرین ثقل جسامت سے نیچے کو ڈھلکا ہوا ہے ۔ اور بل کھانے والی کمر جو ناف جسم سے بھی کسیقدر آگے بڑھکر گا دوم ہوگئی ہے واقع ہے اور اوسکا زیرین حصہ درجہ بدرجہ کولون سے بھی کسیقدر اونچا اوبھر آیا ہے کولون کی پھنگی جو عورت کے نشانہا مخصوص مین شامل ہے اور حمل اور بلوغ کی قابلیت [illegible] اور یہ پھنگی ایسی ہے کہ بڑھتے بڑھتے ران کے بالائی سرون سے جا ملتی ہے اور اونکا بالائی حصہ پیچھے کیطرف اور ریڑھ کے حصہ زیرین کی دونون جانب بھرا ہوا ہونا اور کمر کے برابر بلند ہوجانا اور منفصل کولون پر پہونچکر اونکا اور بھی بلند ہونا اور دونون حرن کے درمیان جو جگہ بنتی ہے اوسکا سطح ہونا اور سرین پر ہلکے ہلکے گڑھے پڑجانا اور زیر ناف کا جو عظم العانہ (عشق کے ٹیلے) کے ٹھیک اوپر ہے کامل بلندی حاصل کرنا اور اوسکا دیگر اعضا

پشمینہ کا ... روپے کا مجرب نسخہ امیرانہ کپڑا

[illegible] ... کسی ملک کا بنا ہوا ... مال کی نفاست خوبصورتی اور پائداری کو نہیں پہونچتا ... پاس نہ آسکے ... (۲) ... پشمینہ اعلیٰ ... (۳) ... پشمینہ ... (۴) ... (۵) ... دستار کا ... [illegible] ... پشمینہ ... محصول ذمہ خریدار ... میں پیشگی بھیجیں۔

مشتہر۔ منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

نیو فیشن کے بٹن ورسٹ

... خالص سونے کے ... نہایت خوبصورت اور عجیب ... کندہ کیا جاتا ہے ... کاریگری کا بہترین نمونہ۔ قیمت صرف ... محصول ڈاک ... جو صاحب ... قیمت ... کو ایک ... مفت دیا جائیگا

المشتہر۔ ... جلالپور جٹان پنجاب

حیرت انگیز رعایت

ولایت کے نرخ پر ہندوستان میں گھڑیاں

ہندوستان میں پہلی مثال

ولایت کے نرخ سے صرف ایک پیسہ فی روپیہ زیادہ لیا جاتا ہے

آرڈر دینے سے پہلے بیشک ہماری قیمتوں کا مقابلہ کسی انگریزی یا دیسی کارخانے سے کرلیں (۱) ٹائم پیس گارنٹی ... سال ... (۲) ... ٹائم پیس گارنٹی ۳ سال قیمت ... (۳) ... گھڑیاں ... گارنٹی تین سال قیمت ... (۴) اسکرپ گھڑیاں نہایت اعلیٰ ... گارنٹی تین سال ... (۵) فینسی ذاکر ... گارنٹی دو سال قیمت ... (۶) ... سٹاپ واچ ... جس سے ... ڈاکٹر ... حکیم ... مریض کی نبض دیکھنے اور ... ضلعداروں و دیگر ملازمان نہر ... (۷) کلائی پر باندھنے کی گھڑی ... گارنٹی پانچ سال ... (۸) ... بندوق کی ... (۹) جنتری ٹائم گھڑی جس میں چاند، دن، مہینہ، تاریخ، وقت سب ... گارنٹی ... سال قیمت ... (۱۰) ... سنہری ... گارنٹی ... سال ... (۱۱) ایک ہفتہ ... کی گھڑی ... (۱۲) ... گارنٹی ۹ سال ... (۱۳) ... (۱۴) ... سٹاپ واچ درجہ اول گارنٹی ۹ سال ... ریلوے ریگولیٹر درجہ اول ... گارنٹی ... سال۔ ہر گھڑی کا محصول بذمہ خریدار ہے۔

مشتہر۔ منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان (پنجاب)

چلو خلاصی ہوئی!

کن سے؟ اشتہاری حکیموں سے

جو اپنے چکنے چپڑے لفظوں سے قابل رحم اور کم سمجھ مریضوں کو لوٹ رہے ہیں۔ کیوں؟ اسلئے کہ کامل شناسا بوٹیوں کی جاننے والے اور صادق حکیموں کے عجیب ... تجربات اور ہر ایک مرض کے نسخہ جات ... مجرب ... نہایت صراحت کے ساتھ درج کئے ہیں اور لیا ... تیار ہے۔ اس کتاب کی موجودگی میں آپکو کسی حکیم یا ڈاکٹر کا محتاج نہ ہونا پڑیگا۔ ایک دفعہ منگا کر اس تحریر کا امتحان کریں عام اشتہاری حکیم انہیں مجربات سے اپنا پیٹ ... الغرض۔ اس کتاب کا ہر ... کو خریدنا ضروری ہے قیمت ... محصول ...

منیجر کارخانہ دیسی دستکاری جلالپور جٹان پنجاب

خالص سونے کی پہچان

خالص سونا وہی ہے جو کسوٹی پر بھی ٹھیک ... اسکے واسطے کسی زرد شہادت کی ضرورت نہیں۔ ... دوائی صرف ... سند اور پیش کرنے کی حاجت نہیں ... دوا کا نمونہ مفت دیتا ہوں روزانہ بیسیوں سرٹیفکیٹ ... اشتہاری حکیموں ... دواؤں میں ... سچ کو ہمیشہ فتح ہے راستی اور صداقت اپنا اثر ... کرتی ہے ...

جوہر حیات ... انسان ... اعضا ... ایک ... سیر خون تازہ ... طاقت ... فاسفورس ... سالوں کے استعمال سے ... بامراد ہو گئے ... گولیاں ... قیمت صرف ... (۲) ... اعصاب کمزور ... (۳) ... محصول ڈاک معاف۔ ... ماہواری کی دوائی ... بواسیر کی دوائی ... دوائی ... روپیہ

المشتہر۔ محمد الدین موجد جلالپور جٹان پنجاب

پانچ منٹ میں سرٹیفکیٹ

بیس بیماریوں کی ایک دوا

ہر گھر میں ہر وقت اسکی ایک شیشی موجود رہنی چاہیے۔ یہ دوا ایک طرح کا تیل ہے ... ہیضہ ہو جائے تو اسکا ایک قطرہ منہ میں ڈالنے سے فوراً آرام ہو جاتا ہے بچوں کے واسطے سب سے زیادہ سریع التاثیر اور مفید ثابت ہوئی ہے ... پنجاب میں آجکل اسکے فیض سے (۱۰) فیصدی مریض صحت یاب ہو رہے ہیں سانپ بچھو یا بھڑ کی کاٹی ہوئی جگہ پر فوراً لگا دیں تو زہر کے اثر کو وہیں ... نکال دیتا ہے۔

ہر طرح کے درد سر کی شرطیہ دوا ہے پانچ منٹ کے اندر درد کا نام نہیں رہتا ... درد پسلی۔ ورم جگر۔ طحال وغیرہ میں ... مرض کا نام نہیں رہتا۔ وجع المفاصل۔ نقرس ہر طرح کے ... کے درد ... اسکی مالش ... اعجاز مسیحا دکھاتی ہے۔ قیمت فی شیشی ... نمونہ کی ... محصول ڈاک ذمہ خریدار

المشتہر حکیم محمد الدین موجد جلالپور جٹان پنجاب

نکلنا خلد سے آدم کا سنتے آئے ہیں لیکن
بہت بےآبرو ہو کے ترے کوچے سے ہم نکلے

اودھر بے حرمتی وعصمت ریزی کا سابقہ ڈاکٹری ملاحظہ بھی
کا معائنہ بھی ثابت ہو ۔ دیکھئے اس بے عملی کی عاقبت بخیر کیا
ہوتی ہے؟

اور سنو ایک کہار بے عمل سو ملک ہو گئے اشنائے ایک
برہمن کی بے عمل لڑکی پر بار ہو گئے ۔ بے عمل بے محل
ہوئی ۔ اور ایک سال کے لیے بے عمل بکام نصیب
ہوا ۔ اُس اشنا کے بیچون بیچ مین یہان کی بے عمل آب ہوا
کی بدولت و بے عمل لڑکی ایک لالہ بھائی کی عمل بنگلی
جب اشنائے قدیم بے عمل کی سزا بھگت کر آئے تو پہلے
بہت کچھ ٹیم بردھائی ۔ اور پھر اُس سے بھی کامیابی حاصل
اور عدالت سے بھی مراد بن بامراد نہین ہو ئین تو عدالت
کی بے عمل سڑک پر بے محابا لالہ صاحب کی مرمت کرکے
دل کی بھڑاس نکالی حضرت پولس علیہ الوردی والاول کی
بھی تاک مین لگی تھی ۔ جھٹ سے پر آ پہونچی اور دونون کو
لات گھونسے سے درست کرکے داخل حراست کیا ۔ کہو ہے نا؟
بے عمل ۔

اور سنو! ایک جگہ مدت دراز سے ایک مرغی صاحبہ خودکش
ہین ۔ جو علاوہ حسن ذاتی کے ہر گن مین پوری معشوقیت
مین ثانی ۔ ایک بن مانس یا بھلے مانس (جو سمجھو) نے
بے عمل علاج کے لیے بلا بھیجا ۔ وہ کب چوکنے والی
تھین فوراً کے پیشتر آدھمکین اور خلوت کو جلوت بناکر
بے عمل تشریح کی یا گرائی و اللہ اعلم بحقیقۃ الحال ۔
غرض یہ بھی بے عمل داخل عدالت ہوکر بے عمل عفونت
محلی کی گندگی پھیلا رہی ہے ۔ کہو ہے نا؟ بے عمل ۔

اور سنو! ۲۸ ۔ جولائی کو بے عمل دورے مین جناب
لفٹننٹ گورنر بنگال تشریف لائے ۔ خوب خوب عمل
و بے عمل باتین ہوئین ۔
۔ بڑی بڑی پیشگوئیان ہوئین جسکو
بڑے بڑے عمل والے جانین ۔ ہان بے عمل بہار
کی تجویز بھی شاید پاس ہوئی ۔ اور پھر دوسرے دن
روانہ ہائی پور شدند ۔ کہو ہے نا؟ بے عمل ۔

اور سنو! آپکے بے عمل علاوہ بارشان علیہ الاخرہ

والبادام مع بے عمل یون درجن حوارین کے شارع سے
گھوم گھام کر یہان بھی آدھمکے ۔ اور آتے ہی لگے بے عمل
نماز کی صدائین لگانے بے عمل دھر پکڑ کرنے بے عمل
ہر کس و ناکس بیکس و بیکس پر ڈرے برسانے ۔
بے عمل مونچھین تراشنے ۔ بے عمل پیشانی کے فیشن
ایبل بال مقراضون سے اڑانے ۔ بے عمل نعوذ
بالنواہی والاقدام کی شان دکھلانے لگے ۔ بے عمل
بلا وجہ ہوئی سب بے عمل پبلک کے بے عمل شکمون مین بے عمل
تشویش سے کے ہوتے ہے ۔ قلا بازیان کھانے لگے ۔ بالآخر
اس بے دھینگا مشتی طوفان بدتمیزی کا نتیجہ یہ ہوا ۔ کہ
سپرنٹنڈنٹ بہادر نے جبر غلی اوڑا دیا ۔
کہ فوراً آگئے چار دسنٹ کے بہتر سکنڈ کے قبل کے
چوبیس گھنٹوں کے اندر اپنے بے عمل ذات شریف سے
یہ مقدس علیہ المجھر کو خالی کیجئے ۔ اور بے عمل تشریف
کا ٹوکرا ادھا لیجئے ۔ ورنہ عدول حکمی پر بے عمل کھر کی
زیارت کرائی جائیگی چنانچہ یہان سے نبی دہ بانغان
مع حواریین بے عمل و بے تیل و مرام بیرنگ چلتی ہوئر
پھر جہان ابھی بے عملی کا اونگا لگا ہوا ہے ۔ وہان
ہماری کہاں گذر؟ اسلیے اس بے محلی کو بے محل چھوڑکر
اینجانب قدس سرہٗ و نور مرقدہ و برد مضجعہ بھی بے عمل
روانہ می شوند ۔ والسلام ۔
راقم
وہی بے عمل نویس ابوالمجرد بہاری از گیا

مچھرون کی چھاؤنی

سنو! جسطرح گورنمنٹ عالیہ نے آپکے شہر کو گورے
کالون کی چھاؤنی سے عزت دی ہے اسیطرح گورنمنٹ
خدا ایلیہ نے ہمارے شہر کو مچھرون اور مال زادیون سے

زینت دی ہے ۔ اور یہ کیون؟ اسلیے ۔ یہان کی سڑکون
پر سنا ہیر و دبا ؤ و تقلیب رضا و رغبت خون ریزیان
ہوتی ہین نا استحفاظ کے لیے بکثرت خدائی فوجدار حضرت
مچھر کی تعیناتی ہے ۔ اور یہ آج سے نہین بلکہ اسوقت
سے جب بابا آدم کا نام و نشان نہ تھا صفت تھا غرض
یہان پہلے تو ممبران امپیریل کی نشست برخاست کی ٹھہری
دونون کی پالیسی تراشی ہوئی جسطرح سے کونپڑیون
کی ۔ سانپ کو نیند کیون کی ۔ پیر کو نئے مریدون کے
پھانسنے کی ۔ اوباشون کو موقع کی ۔ پولس کو شکار کی ۔
شاعرون کو تشبیہ کی ۔ مریضون کو مٹھاس کی ۔ فیونیون
کو بالائی کی ۔ ریفارمرون کو اسپیچ کی ۔ الغت پلاکر فوجیہ
اوڑانے کی ۔ اور سبب خدا خدا کرکے اسکی تماہ ملی ۔
بول و براز کی ڈگری ملی ۔ مچھرون کی تحصیل ہاتھ آئی ۔
تو افسر الامپھار منظم الخس ماکھا شاک کی والیس
چیرمینی مین لگا ۔ سبب و مسبب ازروے تناسخ
والیس چیرمینی کی روح ایک نئی امت مرحوم مین حلول
کر چکی یعنی پیٹ پاؤن اور پاؤن سے ہاتھ
نکال چکی ہے ۔ اور بڑے بڑے توند اور ہوائی
مشک کیطرح ۔ ۔ ۔ والون کو اپنا شریک ہم خیال
بنا چکی ہے ۔ مگر سے

ہم نے چاہا تھا کہ حاکم سے کرینگے فریاد
وہ بھی کمبخت سے تیرا چاہنے والا نکلا

کیا معنے کہ دھوتی پتلون مین ایک گونہ تعلق خیالی ہے
اسلیے دھوتی نے طرفدار خیالی نہین بلکہ ہمدردی
کا دم بھرنے اور ایکی بھی میونسپلٹی کا ٹیکا آپ ہی کے سر
لگانا چاہتے ہین ۔
پھر جب دنیا کا دار و مدار اسی پر ہے کہ جسکو پی چاہے
وہی سہاگن ۔ تو وہان ننھی ننھی کھیون کے بھنبھنانے
اور چٹخون کے رینگنے کا کیا اثر و نتیجہ تولد
ہو سکتا ہے ۔
چنانچہ جب الکشن کی تاریخ تھی ۔ مگر یہ کثرت
مچھرون کھیون بھڑون کے بھنبھنانے کی صدائین

شاہی واش پوڈر

منہ دھونے اور نہانے کے لیے اعلیٰ درجہ کا خوشبودار سفوف شاہی واش پوڈر منہ سے چھائیان اور تمام عارضی داغ مٹاتا ہے اور چہرہ کا رنگ صاف کرکے جلوۂ حسن دکھاتا ہے ۔ یورپ سے جتنے اس قسم کے پوڈر آتے ہین اونمین سوائے نمایشی خوبصورتی کے اکثر امراض جلدی کی رعایت ملحوظ نہین ہوتی ۔ برخلاف اسکے شاہی واش پوڈر جلد کو نرم و نازک بناتا ہے ۔ اور خارش کاغذی داد اور تمام جلدی شکایات کا عمدہ علاج ہے ۔

نمک سلطانی تخمہ ۔ ہیضہ ۔ سوء ہضم ۔ ریاح بواسیری ۔ درد گردہ ۔ درد قولنج ۔ وجع المفاصل ۔ ورم طحال ۔ ضعف معدہ ۔ قبض کا بتر بہدف علاج ہے ۔ اور طاعون کے تدابیر حفظ ماتقدم مین نہایت مفید ثابت ہوا ہے ۔ اسکی ہندوستان کے ہر گوشے سے مانگ ہے اور ملک کے بڑے بڑے اہل الرائے خدا سے کامیابی کا سرٹیفکٹ حاصل کر چکا ہے ۔ قیمت شیشی متوسط ۔ قیمت بوتل کلان جسمین ایک اونس کی ۱۶ شیشیان آتی ہین ۔ تمام

سلطانی سالٹ اینڈ شاہی واش پوڈر فیکٹری ۔ لکھنؤ

سرمہ ممیرا

ممیرے کا

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزی میڈیکل کالج کے پروفیسرون نامور ڈاکٹرون والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس امر کی تصدیق فرمائی ہی کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند جالا پڑوال۔ غبار سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیا بند۔ ناخنہ۔ پانی جانا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے مریضون پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہین۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہین رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے۔ قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اُٹھاسکین۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہی مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خاص ممیرا فی ماشہ بیس روپیہ مصری سرمہ فی تولہ ۸ خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

المشتہر

پروفیسر میا سنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

انسے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہی

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب تسلیم مین نے آپکا ممیرا کا سرمہ کو تقریبا تیس مریضون پر استعمال کیا۔ جو موتیا بند۔ دھند پھولا ناخونہ آنکھون مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے ان مریضون پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور بیحد مفید پایا میری لیے مین آپکا سرمہ مثل پوڑیہ کونین ڈاکخانجات اور ہر گاؤن کے نمبردار کی معرفت فروخت ہونا چاہیئے تاکہ امیر و غریب آپکے سرمہ سے مستفید ہوکر آپکو دعائے خیر سے یاد کرین براہ مہربانی ایک تولہ ممیرے کا سرمہ سفید اعلی قسم (وی۔ پی۔ پوسٹ بھیجین۔ مین ہون راقم۔ ڈاکٹر [illegible] میر خان سیڈیکل انچارج شفاخانہ [illegible] ضلع [illegible]

(۲) مین نے ممیرے کا سرمہ جو سردار میا سنگھ صاحب نے خود بنایا ہے آشوب چشم اور بہت سے بیمارون پر استعمال کر کے دیکھا ہی۔ اور مین بہت خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ ممیرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھون کی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہو۔ مین نے اپنے تجربہ سے مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا مین انکو جنکی آنکھون میں ذرا بھی کسی قسم کی شکایت ہی ضرور زود [illegible] استعمال کرنیکی سفارش کرتا ہون۔ اسطرح کہ

مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند خارش۔ سرخی چشم کیواسطے تمام انگریزی ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور سچ تو یہ ہے آپنے اسقدر سستے داموں میں یہ سرمہ ایجاد کر کے ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہی اسکا شکریہ الفاظ مین ہونا محال ہی۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہوکر فائدہ اوٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریون سے نجات حاصل کرین۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۳) مین نے اور میرے بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہو استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھون کی بیماریون کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہی۔ آنکھون کو تر و تازہ رکھتا ہی اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قائم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہی۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔

آنریبل نواب محمد حیات خان۔ خان بہادر سی ایس آئی۔ سی آئی اے ایس سابق جوڈیشل کمشنر قسمت جالندھر ممبر کونسل کونسل پنجاب

(۴) جناب سردار صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری چشم کے لیے بہت مفید ہی میری آنکھیں بالکل کمزور تھین

لگاتار ایک پہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا۔ یہ میری یہ کیفیت ہو کہ صرف ۸ روز کے استعمال سے تین مین نہ صرف بلکہ تمام دن اچھی طرح کام کرسکتا ہون۔

راقم۔ میان خورشید محمد خان خلف نواب حسین محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپنے اشتہار مین لکھا ہی اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑ دیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھ پڑھ سکتا ہون۔

راقم۔ لالہ داس گورنمنٹ پنشنر مقام دہلی محلہ چیڑیگران

انعام

اگر کوئی شخص [illegible] ثابت کرے [illegible] پنجاب [illegible]

مسکرنا تاریخ مقرر کیا ہے

مسلمان۔ دو بسیر او جدا قوم۔ بگڑ دہو دل۔ ٹوٹ پیلوں سے ملیں۔ اسپر بنی جالان کے تام لیوا۔ جی امت کے شریک بعلاوہ اس ہوا خواہی سے کیونکر۔ دبا سکتے تھے۔ع

سمند نازپہ اک اور تازیانہ ہوا

بیچ چور بھاگ کر ڈٹ گئے۔ او صاحب بہادر کو ایک چٹھی لکھ بھیجی۔ کہ پہلے ہم سے ایک دھوتی پرشاد علیہ الخاشاک سے مخالفت تھی۔ اب معلوم ہوا کہ دوسرے مخالفوں مین آپکی ذات بھی شریک ہے۔ع

ایک سے جب دو ہوے تب لطف یکتائی نہین

اگر اسکا قبل علم ہوتا تو یقینا ہرگز اس گورنا گرٹ نی لائن بیہ مقابلہ کی نہین ٹھہرتا۔ خیر اب ہم اور ہمارے ہمنوا دو ہم مقیم جواہین اس دوبلی تاریخ مین حاضر نہین ہونگے اور اسی مخالفت کی آنچ کا دعوان کلکتہ ہائیکورٹ مین بھی پہونچا ہین گے۔

الحاصل اس شہر مین ہر جگہ ہر خاص و عام ہی کا مذکر د اسی کا چرچا ہے۔ دیکھئے اس چھیڑ چھاڑ کا دھی شکٹ کا کیا نتیجہ پیدا ہوتا۔

اور بیگاری کا نقد ہاتھ آتا ہے۔

راقم

آپکا رپورٹر

کلکتہ کی چٹھی

حضرتنا! آخرکار بیسوین صدی کے شایستہ خان مشرقی بنگال کے لفٹنٹ گورنر عالیجناب مسٹر فلر صاحب نے اپنے ہی دست مبارک سے اپنی حکومت کا خاتمہ کر دیا۔ کیون نہ ہو اپنے محسن افسر لارڈ کرزن بہادر کی دکھائی شاہراہ پر آپ چلتے تھے انھون نے بھی ایسا ہی کیا تھا۔ فرق اتنا ہی ہے کہ انھون نے میعاد سے بھی کچھ زیادہ عرصہ تک حکومت کا مزہ لیا اور انھون نے پانچ سال کا عرصہ دس مہینے ہی مین ختم کر دیا۔

بنگالی لاکھ خوش ہون اچھلین کودین صاحب لوگ کلکتہ مین آپکی خوب عزت کرنے کا نوٹس دیتے ہین۔ نیاز مند نے بھی ایک رخصتی ایڈریس تیار کیا ہے۔ اگر اسمین مچھلی بھات بو آئی تو بندہ لاچار۔ بنگالیون کی صحبت کا اثر بھلا کہان جائیگا۔

راقم

اب بنگالی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

روٹی چھوڑی پیاری تھالی　　اُمیدون پر پھر گیا پانی
ہے ہے اوسکی بھری جوانی　　یہ کیا تمنے دل مین ٹھانی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

پہلے تو وہ دھوم مچائی　　ملکون ملکون پھری دوہائی
سب نے جانا قہر خدائی　　اب یہ کیسی جی مین آئی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

پہلے سے جاری کی نوابی　　جسسے چھاکا رنگ گلابی
ڈھاکے مین پھیلی شادابی　　پھر یہ کیسی ہوئی خرابی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

نوابی کی شان نرالی　　سب کہتے تھے خوب نکالی
ملتا کب تھا مزاج عالی　　لیکن ابتو بیتی ہے تالی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

پانچ صدی کا کیا زمانہ　　آپکی خواہش پھر تھی لانا
پھر سے وحشی پن پھیلانا　　اُدھڑ گیا سب تانا بانا

چھوڑ چلے شایستہ خانی

رنک سودیشی کی کی جاری　　نادر شاہی کرکے جاری
ہوئی سزاؤن کی بھرماری　　آخر کرکے سب کچھ خواری

چھوڑ چلے شایستہ خانی

جاری کرین سرکلر لائن　　اور ہر سن ٹھونکین فائن
کم بولیس ہوے کمبائن　　لیکن وقت بڑا ہے ڈائن

چھوڑ چلے شایستہ خانی

گورکھون کی پھر پلٹن بلوائی　　جگہ جگہ پر پولیس چڑھائی
لاٹھی کی بھی پھری دوہائی　　لیکن وہ کچھ کام نہ آئی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

خوب امن مین لٹھ چلوائے　　سر بھی کتنون کے تڑوائے
ناحق ملزم جیل بھجوائے　　آخر یہ دن آگئے آئے

چھوڑ چلے شایستہ خانی

بریسال کی دیکھ تباہی　　بھولی دنیا سکھا شاہی
صاف سفیدی پہ ٹھہری سیاہی　　ختم ہوئی اب عالیجاہی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

لڑکے نیچے خوب اُجاڑے　　کتنے ہی تھے اسکول بگاڑے
مارا مار ہوئی دن دہاڑے　　پھر کچھ بھی نہین آیا آڑے

چھوڑ چلے شایستہ خانی

اپنے سن کی شرم نہ آئی　　لڑکون سے کی خوب لڑائی
کچھ نہین سوچا بات بڑھائی　　اسی سبب منھ کی کھائی

چھوڑ چلے شایستہ خانی

گئے آگرے تھے بلوائے　　جیسے گئے نہ ویسے آئے
بگڑے کرزن کے بہکائے　　آکر یہ سب بھول کھلائے

چھوڑ چلے شایستہ خانی

اپنی عقل جو کام مین لاتے　　تو کیون یہ سب ستم اٹھاتے
کیون یہ دنیا کو ہنسواتے　　ایسے چھوڑ نہ گھر کو جاتے

چھوڑ چلے شایستہ خانی

راقم

ایضاً

ہائیکورٹ کے لیے شملہ بہتر ہے

ڈیر پنچ۔ یار جی آجکل غریب ہائیکورٹ عجب وبال مین پھنسا ہوا ہے۔ یار لوگون کی اینچا تانی مین اوسکا برا حال ہے صاحبان لکھنؤ چاہتے ہین کہ ہائیکورٹ یہان آجائے تو بہتر ہے۔ بڑے بڑے استحقاق اور بڑی بڑی دلیلین اسکے لیے پیش کرتے ہین۔ ایڈیٹر صاحب روہیلکھنڈ گزٹ کا منشا یہ ہے کہ ہائیکورٹ بریلی مین آ دھمکے شاید اسلیے کہ یہ روہیلکھنڈ کا صدر مقام ہے اور چونکہ پاگلخانہ یہان سے آگرہ پہنچا۔ لہذا ہائیکورٹ کے ہونے سے وہ کمی پوری ہوجائے گی اور پاگلخانہ کا عوض ہوجائیگا۔ غرضکہ ہر شخص اپنی اپنی ہمت کے موافق رائے دے رہا ہے۔

ایک صاحب فرماتے ہین کہ آب و ہوا فلان مقام کی اچھی ہے ہائیکورٹ کے لیے واقعی مناسب ہو۔ دوسرے صاحب کہتے ہین کہ نہین سیر و تفریح کے لیے فلان مقام سے بڑھکر ملنا مشکل۔ لہذا قوی مصلحت

دمہ کا کامل علاج

بابو جگپت رائے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس دمہ کے مریضون کو (ہر اتوار کے دن بارہ بجے سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین) آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت ہوجاتی ہے۔ یعنی پھر دمہ زندگی بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین۔

بہی ہے لہا ہائیکورٹ وہان ہو کیسی صاحب کی راے مین وسیلہ ہونا ضروری ہے۔ تاکہ ہائیکورٹ وہان بھیجدیا جائے۔ آپکے نامہ نگار صاحب کا لکھنا صحیح ہے کہ اگر وسطیہ مسافت دریافت کیا جاے تو کوئی ضلع کوہین جا پڑتا ہے اور کوئی کہین۔

اور ہائیکورٹ کے بارے مین نامہ نگار صاحب کے دلائل بھی درست ہین۔ مناسب بھی یہی ہے کہ ہائیکورٹ ثابت قدم رہے اور ٹس سے مس نہو۔ لیکن اگر یہ ضروری بات ہو کہ ہائیکورٹ الہ آباد رہ ہی نہین سکتا خواہ کچھ ہو الہ آباد سے ضرور چلدیگا تو ہمارے خیال مین تو ہائیکورٹ کیلیے شملہ بہتر ہے۔ کو مقیمون بنگلون والونکا نقصان تو خواہ ہائیکورٹ کہین بھی جائے ہوگا مگر جو نقصان شملہ جانے سے ہوگا وہ ہی لکھنؤ و بریلی کے جانے سے۔ لیکن پہر اگر ہائیکورٹ لکھنؤ گیا تو بریلی کے اخبار کا ایک آدھ کالم ہر ہفتہ اسکی خاطر سیاہ ہوا کریگا۔ اور اگر خدانخواستہ بریلی مین ہائیکورٹ ہوگیا تو تعلقداران اودھ کی شکایت کا سلسلہ چلیگا الغرض جھگڑا پھر بھی باقی رہیگا۔ پس اگر کوئی طریقہ ہے تو یہ ہے کہ نہ بریلی نہ لکھنؤ چلدے پیٹھے شملہ یہان آکر ہائیکورٹ ڈبل اسم بامسمی ہوجائیگا کیونکہ شملہ بریلی و لکھنؤ سے ہائی ہے اور ہائیکورٹ جسقدر ہائی ہو اتنا ہی بہتر ہے۔ سیر و تفریح کے لیے بھی بریلی و لکھنؤ سے کم نہین۔ آب و ہوا بھی شملہ کی ان دونون مقامون سے بہتر ہے۔ علاوہ برین حکام کو موسم گرما مین رخصت لیکر پہاڑ پر جانے سے اور مفت کی تنخواہ اوڑانے سے چھٹکارا ہوجائیگا شملہ آکر اگر پھر کہین ہائیکورٹ بریلی یا لکھنؤ کا نام لے تو میرا ذمہ۔ آیندہ آپکی راے ہے۔

نوٹ- ہائیکورٹ کے ساتھ شملہ آنے والے بندگان خدا سے پہلے ایک کام یہ کرین کہ قد آدم [illegible] کی مضبوط لاٹھی مین نیچے ایک جراب لوہے کی [illegible] اپنے ساتھ ضرور اسباب مین باندھ لین ورنہ [illegible] کیونکہ آجکل [illegible] درست کردیا ہے آیندہ وہ جانین اونکا کام

راقم

محی الدین لوری - سید

عقل سے ہی قدر ہے انسان کی

توبہ توبہ - لاحول ولا - کیسا کلمہ زبان سے نکالتے ہو۔ واللہ ایسی اول جلول باتین منہ سے نکلتی رہین تو تعجب نہین کہ پاگل خانہ آگرہ سے لکھنؤ کو نہ منتقل ہوجائے۔ ہائیکورٹ کو جانے دیجیے۔ وہ تو کہو۔ خدا کی عنایت اور لکھنؤ کا صدقہ کہ پاگلخانہ بجاے بریلی سے ادھر کو سرکتے سرکتے پہونچا اودھر بارہ پتھر باہر۔ یعنی خاص الخاص آگرہ۔

دیکھیے آجکل کی تہذیب - ترقی - فیشن کے زمانہ مین جو عقل دی لیے۔ پالسی سے چلے۔ وہ عزیز بنا رہتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کیا اگر کسی سے صاف بات کہو تو وہ کل روٹھا ہوا سہی۔ [illegible] منھ بناے تو [illegible] علیہ الرحمۃ کا ذمہ۔ تو ہم تمھین حال ہی کا واقعہ سناتے ہین۔

ہمارے ایک مہربان پولس ڈیپارٹمنٹ مین سب انسپکٹر ہین۔ اور آجکل ڈونڈیلی کے لیے پولس لائن مین آے ہوے ہین۔ چونکہ آپکو ایسے حضرات کو آے دن بہت شریفون اور بھیجے رستون سے سابقہ پڑتا رہتا ہے لہذا آپنے ایسے ساندھ دیجار رکھا [illegible] بھی جو کسی کے جانثا بھی مارین تو وہ تیخنی کھاتا ہوا سیدھا لنکا مین جاکر دم لے یعنی سب کے سب سزا یافتہ تھے کسی دشمن نے سراغ رسانی کا دفتر کھولدیا۔ وہان کیا دیر تھی۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ [illegible] پولس کا ایک بڑا لفافہ آیا۔ جواب بہت [illegible] اب اگر سچ سچ لکھتے ہین تو نوکری سے ہاتھ دھونے کے علاوہ شکنجے مین کسے جاتے ہین۔ خدا کے فضل سے خود کتنون کو آرامخانے مین بھجوا چکے ہین لیکن اب اپنے اوپر بن رہی تھی۔ خود سوچا کیا جواب دین۔ کہ اتنے مین دماغ مین جوڑ توڑ اترا - آپنے یہ جواب باصواب دے گھسیٹا۔

حضور عالی-

بیشک میرے پاس سزا یافتہ [illegible] مین [illegible] لیکن [illegible] کچھ مصلحت ہے۔

اول یہ کہ عام پولسمین یا کانسٹبل چھوڑ خود مین بھی انکی آزادی کی حالت مین ویسی عمدہ طور سے اونکی نگہداشت نہین کرسکتا تھا جیسا کہ اپنے پاس ملازم رکھنے سے کرسکتا ہون۔ کیونکہ اب مین ہر وقت کی موجودگی کی وجہ سے انکے چال چلن کو دیکھنے کا زیادہ موقع پاتا ہون دوسرے یہ ہمارے محکمہ کا کلیہ ہی کہ ملازم کی آزادی زمانہ [illegible] سے اسیر عمدہ طور سے کاربند ہون۔ کیونکہ اس سے زیادہ نگرانی نہین ہوسکتی۔ تیسرے یہ۔ جب مین مطمئن ہوجاؤنگا - تو اونکو نوکری سے برخاست کردونگا۔

لیکن اگر حضور میری راے سے اتفاق نہین کرتے ہین تو مین حاضر ہون۔ جیسا حکم صادر ہوگا - فوراً بسر و چشم تعمیل کی جائیگی۔

سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر کیطرف سے جواب ندارد کیون [illegible] ہم سمجھتے - [illegible] اتفاقی عقل اور [illegible] زاری [illegible] کام کرگئی - ورنہ فتح ہونے مین کچھ کسر نہین رہی تھی - چھری گلے پر تلی ہوئی تھی - خوب نصرت ہوئی - دشمنون کو شکست ملی

[illegible] - [illegible] میرٹھی از لکھنؤ

ناک کاٹنے کا مانیا

ارے یارو - یہ تو بڑی مشکل ہوئی - ابھی [illegible] چندروز گذرے کہ کلکتہ مین [illegible] چیونٹیون [illegible] کا مانیا پھیلا تھا - اب اجمیر مین ناک کاٹنے کا مانیا پیدا ہوا ہے۔ مسٹر [illegible] ۹ اگست کے پرچہ مین [illegible] ہوے ہین [illegible] ایک سپاہی [illegible] [illegible] تو کیا وجہ کہ آپ نے ناک [illegible] فوراً [illegible] اب [illegible] ہوگیا تھے [illegible] خوب قصائیون پر جرمانے کرا دیے - [illegible] کو نمبرا - ایکدفعہ ہوے دو بار ہوے تین مرتبہ ہوے - یہان تو روز کا تانتا لگنے لگا - آخر قصائیون سے نہ رہا گیا - تم جانو - انکا کام کاٹنا حلال کرنا چھری پھیرنا ٹھہرا - پھر ناک کا دوڑانا اونکے بائین ہاتھ کا کرتب ایک ذراسی انگلی کا کرشمہ تھا۔ انھون نے سوچا کہ ناک کا ہی صفایا نہ کرین [illegible]

[illegible] بچے کی ہنسلی

ایک روز موقع پاکر کیون (اخبار عام کی بولی) نے دھاوا بولدیا - بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر جو ہاتھ پھیرا تو ہاتھ

لہ مانیا جنون کی ایک قسم ہے ۱۲-

لہ سونگھیا زمین سونگھ کر فوراً بتا دیتے ہین کہ یہان دفینہ گڑا ہوا ہے ۱۲-

خالی گیا ۔ کیا معنی کہ انسپکٹر کی بیا دیں
لوگ دوڑ پڑے ۔ بچیو ۔ دوڑیو ۔ پکڑیو ۔ لیکیو ۔ دو ہائی ہو
تمہاری ہے ۔ چو تھائی ہے ۔ جان پر بن آئی ہے ۔ خوب ہی
غل مچایا ۔ لوگون نے ایک قصائی کو ہاتھون ہاتھ پکڑ لیا
اس ظالم نے سیدھے سبھاؤ سبکا پتہ بتا دیا ۔ انسپکٹر
صاحب خدا کا شکر ادا کرتے ناک کان صحیح و سلامت
لیے گھر کو آئے ۔ جان بچی لاکھون پائے ۔ مقدمہ ہوا ور
قصائیون پر جرمانہ ہوا ۔

ہمارے حضرت سونگھیا صاحب نچلے بیٹھنے والے
آسامی تھوڑی ہی تھے ۔ پھر وہی کارگزاری شروع کر دی ۔
ایک روز آپ جا رہے تھے جھٹ پٹے مین کہین پیچھے
سے ایک قصائی آیا ۔ اوسنے ناک کا کیا صفایا ۔ جڑ تک
اوڑا دی ۔ رتی برابر نہ چھوڑی ۔ آپ بڑے مین بنا
رہے تھے وہین ۔ لیکن دیکھا تھا قصائی کو کہین ۔
رستے مین کوئی راہگیر آیا ۔ دیکھکر بڑا چکرایا ۔ [illegible] دیا
کہ کرائنگ ہوا ۔ غور سے دیکھا تو انسپکٹر صاحب کو خون
مین لتھڑا ہوا پایا ۔ توبہ توبہ کرتا ہوا لے گیا ۔ انکو گھر ۔
اگلے دن لایا انکو بیٹھ مجسٹریٹ ۔ سزا ہو گئی ۔ قصائی کو
ان حضرت کو ادھر چھوڑ دیئے ۔ پاس کی ریاست
ڈیہری کے سربراہ کار بنیے ۔ انکو پہلے دشمنون
بنایا ۔ پھر ناک کو لوٹا ۔ لوٹنا کیا معنی جڑ سے اڑا دی ۔
ذرا بھی رو رعایت نہ کی ۔

اور ر ر ر ر تو یہ ہے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اعظمگڑھ
خدا کے لیے جلد ہی خبر لین ۔ ورنہ مجھے خوف ہے کہین
یہ ماتا یا طاعون کیطرح عالمگیر نہ ہو جائے ۔ پھر کیا کرایا
کچھ کام نہ آئے ۔ اللھم احفظنا من شرور ۔ آگے کیا
بھول ۔ جینی تراشنا ۔

لقب ۔۔۔۔۔۔ لم

مسٹر اے آر میرٹھی از لکھنو

روایتون کے تسلیم کرنے مین انکار ہی رہا ۔ کیونکہ اگر ان
لوگون کو سلطان المعظم بھیجتے تو اول تو انکی روانگی کا ذکر
ٹرکی کے اخبارون مین ضرور ہوتا جیسا کہ آجکل ٹرکی
مشن کا حال جو جاپان کو گئی ہے برابر اخبارون مین
شائع ہو رہا ہے اور اگر کابل سے یہ لوگ آتے تو بھی
پتہ چلجاتا ۔

اونکی ہئیت یہ تھی کہ بعض کا لباس ہندی معلوم
ہوتے تھے اور بعضے کابلی وضع اختیار کیے ہوئے
تھے اور ہر شخص کے پاس ایک چھوٹا سا ڈنڈا تھا
اور اوسمین ایک تسمہ بندھا رہتا تھا اسی کا نام درہ تھا ۔
یہ درہ ظاہر شرع کے امر سے تجاوز کرنے والے کی
کمر پر مارتے تھے جسکی مونچھین حد اعتدال سے
زیادہ بڑھی ہوئی دیکھتے فوراً اپنی جیب سے قینچی نکال
تراش ڈالتے اسیطرح سے البرٹ فیشن کے
بال بھی تراش ڈالتے تھے ۔

اب ہم افسوس کے ساتھ اپنی راے دیتے ہین :-
اسلام نہ کسی لباس کے ساتھ تعلق رکھتا ہے نہ وہ
لوگ جو سر گھٹاتے ہین مسلمان کہلائے جانے کے
مستحق ہین اور نہ کسی خاص وضع مین اسلام محدود ہے
اسلام فی الحقیقت خیالات کو پاکیزہ اور روحانی ترکیہ
کے لیے دنیا مین آیا ہے ۔ کیونکہ عرب والون کے
خیالات نہایت نجس ہو گئے تھے جتنی بد اعمالیان تھین
وہ سب اونمین موجود تھین کوئی بدترین فعل
ایسا نہ تھا جسکا رواج اونمین نہ ہو گیا ہو پیغمبر اسلام
نے نہ اونکے لباس پر اعتراض کیا نہ اونکی [illegible]
کو کاٹا بلکہ یون ہدایت فرمائی کہ بت جنکو تم نے
اعتقاد آخدا جانتے ہو اور جنکی بیشمار قدرت کے
قائل اور سب کچھ اونہین کے ہاتھ کا کیا دھرا
سمجھتے ہو اونکو خدا مت کہو بلکہ یہ پتھر کے [illegible]

جنکو تم نے اس صورتین بنایا ہے ۔ اور یہان [illegible]
اور دل سے یقین کرو کہ خدا ایک ہے جو تمہاری آنکھون
سے پنہان ہے (مگر اوس کی قدرت [illegible]
آشکار ہے) قدرت والا [illegible] اوسی نے [illegible]
کچھ بنایا ہے جو تم اپنی آنکھون سے دیکھتے ہو اسلام
حق ہے اور اس لیے وہ حق کو پھیلاتا ہے اور یہی
عرب کے لوگ جس لباس یا اس وضع کو استعمال کرتے
تھے وہی [illegible] اسلام [illegible] لینے کے بعد بھی پیغمبر
اسلام کے زمانہ مین رہا کیونکہ یہی اوسوقت ہوا ہوا رواج تھی
یمن و ملامت کی نشانی نہ زمانہ جاہلیت مین عرب
لوگ داڑھی رکھتے تھے بعد قبول اسلام بھی وہ
داڑھی رکھا کیے اسلام نے کار نمایان جو عربون مین
آشکار کیے وہ یہ تھے نہایت پھرتی سے خیالات
تبدیل کر دینا تھا نہ کہ لباس کا تبدیل کر دینا ۔ بیشک
تبدیل خیالات کرنے کے لیے اونکی تالیف قلوب کی
سخت ضرورت تھی جو خیالات کا تبدیل کر دینا آسان کام
نہین ہے یہ صرف خدا کی مدد تھی کہ پیغمبر اسلام اپنی مشن
مین کامیاب ہوے کیونکہ وہ خاتم المرسلین تھے ۔

یہ خیالات اور عاقبت اندیشیون کا عکس ہے کہ [illegible]
[illegible] دیکھ کر یا انگریزی وضع کے بالون کو دیکھکر ناک پھون
سکوڑ لینا یا کسی ادنیٰ جزوی فعل کے ترک کرنے پر اسقدر
[illegible] جو افراط تفریط کے دائرہ مین آجائے ۔
الامان الحفیظ ۔

یہ زمانہ آزادی کا ہے اور اس زمانہ مین جبکہ گورنمنٹ
آزادی دے رہی ہے تو ہر شخص اپنی اپنی راے
مین آزاد ہو [illegible] اس [illegible] علما کا
فرض ہے کہ وہ اپنی گدی تکیہ کو خیر باد کہین اور بپابرہنہ
ترویج دین کے لیے عوام الناس تالیف قلوب کرین
نہ کہ تشدد کا برتاو رکھین ۔ ایسے ایسے میٹر سے

کیا ابتک خبر نہین

کہ اخبار رفیق پنچ مین مذہب اور پنجابی دونون رنگ کے مضامین اسلامی ۔ ملکی ۔ فوجی ۔ تعلیمی ۔ اخلاقی
اور دنیا بھر کے ہر مذاق کی تازہ تازہ خبرین شائع کیجاتی ہین [illegible]
۲۶ × ۲۰ تقطیع کے بڑے سولہ صفحون پر ہفتہ وار چھپکر ملک [illegible] مین بکثرت جاتا ہے
وجہ کثرت اشاعت کی یہ ہے کہ قیمت تمام اخبارات سے کم یعنی مبلغ [illegible] سالانہ [illegible]
کو ایک روپیہ کا ناول انعام درخواست کے ہمراہ قیمت بذریعہ منی آرڈر یا وی ۔ پی کی اجازت آنی چاہیے ۔

ملنے کا پتہ :- منیجر اخبار رفیق پنچ ۔ مراد آباد

درہ بازگردی

شہر لکھنو مین پچھلے روزون ایک درہ بازونکا گروہ آیا
ہوا تھا ۔ جسکے پورے حالات ناظرین اودھ پنچ در ہفتہ پر
برابر مطالعہ کر رہے ہین جبتک یہ لوگ یہان مقیم
رہے شہر مین تلاطم برپا رہا بعض کہتے تھے کہ
سلطان المعظم نے ترویج دین کے لیے ہند مین
بھیجا ہے ۔ بعض شہرت دیتے تھے کہ شاہ افغانستان
نے امر بالمعروف نہی عن المنکر کے لیے اس عمارت
درش مین روانہ کیا ہے ۔ مگر ہمکو سابق سے ان دونون

جیسے کچھ عرصہ ہوا اوہ یا زادن کے نام سے ... مشہور ہوا کثرت سے ملک میں پائے جاتے ہیں یہ در اصل اسلام اسلام کی حمایت نہیں بلکہ ... اسکی عظمت و شان کے درپے ہیں اور اپنے ہر فعل سے اسلام کی تحقیر کرتے ہین گویا یہ بھیڑ کی کھال میں بھیڑیئے ہیں۔

ہم یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ جو وضع آجکل کے علما نے اختیار کی ہے ... وضع خالص عربی ہے اسکا جواب سوا ... کے اثبات میں ہرگز نہیں ملسکتا۔ ہم بعض عالموں کو دیکھتے ہیں کہ وہ جاہلوں کی وضع جنہوں نے ایام غدر میں تاجگنج کو لوٹا تھا اختیار کیے ہوے ہین جسکو وہ کہتے ہین شرعی ہے۔ مثلاً انگرکھا کو لے لیجیے اگر اسکے نصف دامن تراش ڈالے جائین اور پھر اسکو پہنا جائے اور اوسکے پہننے والے کی صورت کو دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ کیسی وضع ہے بعض علما ایک نئی وضع کا انگرکھا استعمال کرتے ہین جسکی کمر مین سینکڑون شکنین ... ہوتی ہین اوسکا گھیر ہمیشہ چندرہ سولہ گز کا ہوتا ہے۔ ... اسراف مین داخل نہیں ہے۔ افسوس ہے کہ پتلون یا پاجامہ پر اسراف کا الزام عائد کیا جاتا ہے مگر علما اپنے ڈھیلے پائچون پر الزام عائد نہیں کرتے کہ جسمین کپڑا پتلون یا پاجامہ سے کہین زائد صرف ہوجاتا ہے فرق صرف اتنا ہے کہ اول الذکر طویل ہوتا ہے اور موخر الذکر عریض نہایت کرما ... عربی قبا استعمال کرتے ہون اس جگہ ... تشیخ کے علمائی تعریف کرین ... کہ وہ خالص عربی لباس استعمال کرتے ہین۔

مصر مین آجکل عربی عبا و قبا کا استعمال ... ہی چونکہ وہان کے لوگ بسبب عربی النسل ہونے کے عوام الناس بھی یہی عبا و قبا استعمال کرتے رہین مگر اب وہان کے بعض روشن خیال علما نے اسکو اسراف خیال کیا ہے اور ایک قباحت بڑی بھاری یہ ہے کہ عربی لباس عام ہے اسلیے علما کا کوئی خاص امتیاز باقی نہین رہا انکو وہان کے لوگ امتیاز کرسکتے ہون مگر ایک غیر ملک کا باشندہ عوام الناس اور علما مین کوئی بہتر امتیاز نہین کرسکتا۔ مصر کے لوگ ایک خاص وضع رکھتے ہین۔ افغانی اپنا ملکی لباس پہنتے ہین۔ ایرانی بھی ایک خاص وضع رکھتے ہین اور یہ سب عربی لباس سے علیٰحدہ ہین اب صرف ہندوستان ہی مسلمان ایسے ہین کہ جنکا کوئی خاص ملکی لباس موجود نہین اگر اونھون نے اپنے تئین اور قومون سے ممتاز بنانے کے لیے کوئی خاص وضع اختیار کی

تو کسی کو حق نہین کہ وہ اوسکی وضع پر اعتراض کرے۔ فرائض مذہبی کے بیے البتہ علما تنبیہ کرسکتے اور اونکا فرض بھی یہی ہے کہ زمانہ کی ہوا کا رخ دیکھکر پند و وعظ کرین ...

اس ... کا اظہار ہم پہلے ہی کرچکے ہین کہ اسلام کو لباس یا وضع مین مقید کرنا مناسب نہین ہے اور نہ اسلام کا منشا یہ ہے مگر بات پر بات آجاتی ہے۔ اسلیے ہم نے چند تشدید ... اور بہت کچھ نتائج اخذ کرسکتے ہین ... ظاہری امور کے لیے بالکل نازیبا ہے۔

راقم ---

خا

آزاد ضمیمہ اودھ پنچ

مطبوعہ ۱۴ اگست ۱۹۰۶ء

جواب

ہفتہ گزشتہ کے ضمیمہ مین مراسلہ "کیا ندوہ تمام ... کی سیر کی اجازت دے سکتا ہے" شائع ہوا تھا ... ہفتہ چھاپا گیا ... جواب لکھا ہے بعینہ بلا تغیر الفاظ درج ذیل ہے۔ مگر ہم کہتے ہین اگر کسی کو لیاقت ہو تو کسی اسلامی یا علمی مسئلہ پر طبع آزمائی کرے۔ ذاتیات کی تو تو مین مین دماغ ناظرین پریشان کرنا کوئی نہین گوارا کرسکتا۔ اس دفعہ تو ... سخت جو کچھ مراسلہ مین ہے خاطراً درج کرتے ہین۔ آیندہ اگر قدوائی صاحب چاہتے ہین کہ اونکا مضمون درج ہو تو کسی لایق آدمی سے صلاح و اصلاح لے لیا کرین۔ ورنہ اخبار کو معذور سمجھین۔

وہو ہذا

(دار العلوم ندوۃ العلما کی سیر)

معزز ناظرین پیشتر اسکے کہ مین آپکی خدمت مین کچھ عرض کرون یہ کہنا مناسب سمجھتا ہون کہ میں ایک نہایت معمولی طالب علم ہون لہذا جو لغزشین میرے مضمون مین ہون اونکو بہ نظر اصلاح ملاحظہ فرماوین ... آج تک نہ تو کوئی مضمون لکھا اور نہ لکھنے کی جرأت کی الغرض کچھ واقعات ندوہ کے متعلق جوکہ نہایت صحیح اور معتبر تھے ٹوٹے پھوٹے الفاظ مین لکھکر (نیر اعظم) مین بھیجدیے تھے اوسپر فاضل بہاری نے وہ زور باندھا کہ الامان۔ بیٹھے بیٹھے حضرت کے دل مین یہ آیا کہ اودھ پنچ مین کچھ لکھکر اپنے دل کے جلے پھپھولے

بے دوا و بے جراح علاج

موجودہ صحت کا قائم رکھنا گئی ہوئی صحت کا بحال کرنے والا بے اولادون کے صحیح و سالم اولاد پیدا کرنے والا۔ بچون اور عورتون کی خفیہ بیماریون کا بغیر امتحان بقاعدہ مرض کا صحیح پتہ لگانے والا ہر تندرست و بیمار کا اتالیق و مشیر۔ اور ہر مریض و معالج کا ...

لاجواب سلسلۂ کتب جدید قدرتی طریقہ تشخیص مراض

جدید قدرتی طریق علاج بے دوا و بے جراح و با تصویر

اُردو مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوی کہنے صاحب

جرمن عالم موجد و مصنف علاج بے دوا

— جسمین ثابت ... قدرت کے اندر نباتات و حیوانات اور اونکی عقل حیوانی ہو نظام قدرت مثل چاند، سورج کے قدرتی اثرون اور موسمون کے تغیر و تبدل کی علمی مشاہدہ اور عملی تجربے کرنے بڑی منطقیانہ اور فلسفیانہ تحقیق کے ساتھ بدلائل عقلی ثابت کیا ہے کہ جملہ امراض خواہ انکا نام کچھ ہی کیون نہ ہو اور خواہ وہ صورت مین ایک دوسرے سے بظاہر کیسے ہی مختلف کیون نہ ہون در اصل ایک ہی ہین اور اون سبکا ایک ہی مشترکہ سبب ہے۔ لہذا ان سبکا علاج بھی سائنٹفک یعنی علم طبیعات کے اصولون کے ساتھ یکسان طور پر صرف ایک طریقہ سے بلا ضرورت تشخیص ہوسکتا ہے — جسمین صرف چہرہ، اور گردن دیکھکر تندرستی و بیماری موجودہ اور نیز آیندہ حتی کہ برسون پیشتر صحت کے ساتھ دریافت کرنا بتایا ہے اور ہر مرض کا علاج معمولی سر اور دانتون کے درد سے لیکر دق۔ مراق ہیضہ۔ طاعون۔ اُڈ پھوڑہ وغیرہ مہلک و لاعلاج امراض تک بے دوا بے جراح بے عمل پچکاری۔ بغیرہ صرف چار مختلف قسم کے گرم و سرد پانی کی تدبیری غسلون دھوپ کے خارجی اثر اور قدرتی کھانے پینے کی چیزون سے نہایت آسان اور کامیابی کے ساتھ بتایا ہے جو اسقدر مقبول اور پسندیدہ ہر خاص و عام ثابت ہوا ہے کہ اسکا ترجمہ دنیا کی ... مختلف زبانون مین ہوچکا ہے۔ خود مصنف کی زبان جرمن مین ... بار اور زبان انگریزی مین ۱۵ بار چھپ چکا ہے۔ صرف دو سال کو اندر ساٹھ ہزار جلدین فروخت ہوچکی ہین۔ اسکی اُردو اڈیشن با تصویر

(۱) **کیا مین تندرست ہون؟ یا بیمار؟** قیمت فی جلد ۴ر

(۲) **حقیقی قدرتی غذاے انسان** - قیمت فی جلد ۴ر

(۳) **قوت زندگانی کا بڑھانا** - قیمت فی جلد ۳ر

پیشگی قیمت آنے پر یا بذریعہ وی۔ پی۔ پوسٹ بحوالہ اس اخبار کے خود مترجم صاحب سے حسب پتہ ذیل ملسکتا ہے۔

محمد امیر مرزا صاحب۔ اجنٹ ڈاکٹر لوی کہنے صاحب موصوف مالک دفتر علاج بے دوا گلی میر مداری۔ کھڑکی فراشخانہ۔ دھلی

نورون احمد ببلک کو آپ کے رسالے نے کا ...

موصوف نے چپکے تو بیچارہ - (نیر اعظم) کو جو دلمین تھا کہہ سنایا - اور بعد لو تکے میرے طریقہ اوقات پرست - اور جہانتک اونکی بن آئی کچھ نہ کچھ بھی ہاتھ مار لیا - اصلی تو یہ ہے کہ سچ بہت کڑوا ہوتا ہے - سچ بات ہر شخص کو چبھ جاتا ہے - اور خاص کر نا منصف مزاج لوگونکو تو ضرور برا معلوم ہوتا ہوگا - غیر مولانا بہاری نے تو خوب برا بھلا کہکر اپنے دل کا بخار نکالا - ادھر (نیر اعظم) کو جو دلمین آیا کہہ سنایا - وہ فرمیسے یہ جو مصالحہ فاضل صاحب نے اکٹھا کر رکھا تھا سب اوگل دیا جہانتک اونسے ہو سکا خوب اودھ پنچ کے کالم سیاہ کیے اور جو کچھ باقی ہو فاضل صاحب کہلیجیے - آپکے منہ مین زبان ہے خدا کی شان ہے - مگر مین تو اسجگہ پر بغیر سعدی علیہ الرحمۃ کا شعر لکھے نہ رہونگا کیونکہ وہ مصداق ہے (شعر)

کس نیاموخت علم تیر از من
کہ مرا عاقبت نشانہ نکرد

مجھے تو مرے تو وکیفیت آتے ہین - مگر ہان کسی چیز کی اصلیت بھی جھوٹ سے نہین چھپائی جاتے - اکثر ناظرین بہار سے تو واقفیت کلی رکھتے ہونگے - اسمین شک نہین - کہ اس خطے کے اکثر لوگ جماعت علما مین سے کہلانے لگے - نام کے عالم نہین بلکہ حقیقتاً عالم ہین - لیکن ان لوگون نے کہان سے اور کن سے سیکھا - یہ سب ہمین لوگونکا طفیل ہو کہ یہ لوگ بھی جماعت علماء مین داخل ہونے لگے - مگر ناظرین اکثر ان بہاریون مین سے ایسے بھی ہین کہ جنکے لیے حضرت سعدی شیرازی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ شعر مصداق ہے -

عاقبت گرگ زادہ گرگ شود
گرچہ باآدمی بزرگ شود

فاضل بہاری کی قابلیت کا حال سنیئے - جسوقت حضرت لکھنو مین تشریف لاے تھے بات کرنے تک کا سلیقہ نہ تھا - تہذیب اور اخلاق کا تو کیا ذکر - سواے - شاید شوپر اور رسالہ ہیہا - کے کچھ حضرت کو یاد نہ تھا - چہ جاے کہ اردو - آج اسی ملک کے بدولت - فاضل صاحب بھی اپنی تئین قابل اردو لکھنے والون کی فہرست مین سمجھتے ہین -

خدا کی شان ہو ہمین سے سیکھا - اور ہماری صحبتون کی بدولت آدمی بنے اور آج ہمین کو آنکھین دکھانے کے لیے مستعد ہین - یہ اونکا قصور نہین بلکہ زمانے کی خوبی ہے - مجھکو فاضل بہاری سے کسی قسم کی دلی خصومت نہین بلکہ ہم اونکے سچے بھی خواہ ہین اونکی یاوہ گوئی پر اونکو متوجہ کرتے ہین کہ خدا چشم انصاف سے کام لیا کرین اور ہٹ دہرمی اور ہٹ ہی سے کام نہین چلسکتا - یون تو جسکو زبان اللہ تعالی نے دی ہو وہی کچھ نہ کچھ غوغان کر لیتا ہو - فاضل صاحب نے اپنے قلم کا زور ضمیمہ اودھ پنچ مطبوعہ ۹ اگست مین دکھایا ہو - اجی حضرت مجھکو ندوہ سے

کسی قسم کی خصومت پہلے تھی اور نہ اب ہے - مین تو سچ کہتا ہون کہ میرا کہنا آپکے دلمین وخاصکر مہتمم صاحب کے دلمین خار کا اثر رکھتا ہو رکھتا ہوبین تو شک پایا جاتا ہے بلکہ یون کہنا چاہیے کہ رکھتا ہے - آپ اودھ پر اور خاصکر بارہ بنکی والون پر حرف دھرنا چاہتے ہین - آپ فرماتے ہین کہ یہ لوگ سرکش اور فتنہ انگیز ہین اجی حضرت ذرا ہوش کی لیجیئے آنکھین اپنی کھول ڈالیئے پردہ غفلت سے باز آیئے -

حقیقت تو یہ ہے کہ اودھ بارہ بنکی ہی کا طفیل ہو کہ یہ دو چار صورتین تہذیب اور اخلاق کے جوہر سے آراستہ آج ندوہ مین نظر آتی ہین -

افسوس کی بات ہو جبکہ یہ راے قرار پائی تھی کہ صدر مقام ندوہ لکھنو مین قرار دیا جائے تو آپنے کیون نہ عاقلانہ تقریر فلسفیانہ تحریر سے کام لیا - آپ جیسے شخص پر یہ بات لازم تھی کہ ایسی ناپاک اور خراب جگہ جہان کہ مفسدہ پرداز لوگ آباد ہون وہان دار العلوم کا صدر مقام نہ قایم ہونے دیتے - اہا معلوم ہوا کہ آپ اسوقت پردہ تجاہل مین تھے - یہ شام اودھ ہی تھی جسنے آپکو ناز و غمزہ سیکھا کر ایک اچھا معشوق بنا دیا - اور جسکی بدولت آج آپ غراتے ہین - جسکی آغوش مین آپنے پرورش پائی - اوسکی آنکھوںین اونگلیا کرنا آپ ہی کا کام ہے -

پرورش پانے سے میری مراد پرورش علم ہے - یعنی وہ اودھ جہان آپنے علم سیکھا اور جسکے بدولت آپکو کچھ آگیا - آپنے جو میرے قابلیت کا اظہار کیا ہو بہت بجا اور درست ہے - جو کچھ آپ فرمائین صحیح ہے - فاضل صاحب خواب سے بیدار ہو جائیے اور چشم انصاف سے کام لیجیے - مدرسے مین نام خارج نہ کرا لیتا تو اور کیا کرتا -

جو کچھ کہ بے عنوانیان مہتمم صاحب کی ذات عالی سے ظہور مین آتی ہین وہ (اظہر من الشمس ہین [illegible] عیان را چہ بیان) ہٹ دھرمی کی بات ہی دوسری ہے - چند ایسے بھی تو ہین جو خالق حقیقی کی وحدانیت ہی کو سچ جانتے ہین - مین بکمال اب پبلک کی خدمت مین صحیح اور معتبر واقعات جنکی اصلاح کی اشد ضرورت ہو پیش کرتا ہون - فاضل بہاری نے تو یہ لکھ مارا کہ مہتمم صاحب ایسے ہین ویسے ہین - اور ندوہ مین یہ معقول انتظام اور وہ انتظام سنات قابلیت کے انجام دیتے ہین - مگر اصلیت کی طرف رجوع ہونے ہوے فاضل صاحب پر غالباً شرم حائل ہوجاتی ہو - ندوہ کے طلبا آزاد وشن ہین - کسی کا اونکو پاس ہے اور نہ خیال ہے - جہان چاہتے ہین جاتے ہین - اور جو چاہتے ہین کرتے ہین - تھیٹر کے جلسونمین اور ناچ اور رنگ کی محفلونمین بے تکلف حصہ لیتے ہین - علاوہ اسکے اونمین اور بہت سے حرکات موجود ہین - جنکے لکھنے کو قلم مانع ہے مولوی محمد یوسف صاحب خلف مہتمم صاحب مجھ سے فخریا بیان کرتے تھے کہ فلان فلان طالبعلمون کے ساتھ فلان فلان

جلسہ مین گیا اور فلان تھیٹر مین یہ نقل ہوئی تھی اور فلان مین ناچ اچھا تھا - جب مہتمم صاحب کے صاحبزادے کی یہ حالت ہے تو ناظرین اندازہ کر سکتے ہین - کہ آزادی کا کسقدر حصہ طالبعلمونکو ملا ہوا ہے - اور اسپر فاضل بہاری فرماتے ہین کہ طلبا اجازت مہتمم صاحب کوئی باہر احاطہ قدم نہین رکھتا - ذرا فاضل صاحب گریبان مین منہ ڈالکر خود آپ دیکھین - کہ آپ کونسے پابند ہین جو دوسرون کو نصیحت کے لیے تیار ہو جاتے ہین - مجھے تو آپ جو چاہین کہین اسلیے کہ مین نے تو کام ہی ایسا کیا ہے - اگر مین کچا چٹھا ندوہ کا نہ لکھتا - نہ میری گردن پر آپ اپنی تحریر سے احسانات کرتے -

نماز کے بارے مین آپ جو تحریر فرماتے ہین کہ پنجوقتہ نماز پابندی کے ساتھ ہوتی ہے - مین آپکے اس بات کو تسلیم کرتا ہون مگر سواے اسکے اور کونسا کام مہتمم صاحب کرتے ہین جب مہتمم کا لفظ اونکے لیے مقرر کیا گیا - اور مہتمم بھی بنا دیے گئے تو اونکو لازم یہ تھا کہ مہتممی کے فرائض بجا لاتے - مگر وہ تو اس دور سے بھاگ لیتے ہین - پاس تک نہین پھٹکتے - فاضل صاحب آپ ہی کونسے نماز کے پابند ہین اور دون پر اعتراض کے لیے بہت جلد مستعد ہو جاتے ہین - مگر آپنے اصلاح خود آپ نہین کرلے بڑی شرم کی بات ہی -

کیا آپ انصاف سے کہہ سکتے ہین کہ آپ نماز سے غیر حاضر نہین ہوتے اور آپکا (حیالہ گوشت) بلا ناغہ نہین بند ہوتا تھا - کبھی نماز فجر غائب ہو - کبھی نماز ظہر - غرضکہ گنڈے دار نماز آپکے حصہ مین آئی ہے - منہ زوری تو اور چیز ہے - دلمین اپنے آپ شرماتے تو ضرور ہونگے - مگر کیا بالکل بے سود - وضع کے بارے مین آپ کیا تحریر فرماتے ہین جسوقت مہتمم صاحب نے وعظ فرمایا تھا - کیا طلبا بارہ بنکی اونکی نصیحت پر عمل نہین کرتے تھے یا اب نہین کرتے - نا منصفی اور عیب ہو - مگر اہلیان بہار - اور اعظمگڑھ کی تو یہ حالت ہو کہ با وجود نصیحت مہتمم صاحب جنکو وہ اپنا رکن اعظم سمجھتے ہین - کچھ بھی نہ اثر ہوا بلکہ اونکے کانون پر جون تک نہ رینگی - مگر دوست مولوی جواد علی صاحب کے بار بار کہنے سے مہتمم صاحب نے وعظ فرمایا تھا - مگر بہاری کب کسی کے سننے والے تھے خلہ بنگال کٹ ہی تھی اور ایک بات پر اڑ جانے کے لیے مشہور ہی تھے خواہ وہ صحیح ہو یا غلط مگر اعظمگڑھیون نے بھی خوب اونکا ساتھ دیا وہ بھی اپنی پائجامہ کے مہری سے پچیس بالشت آگے گذر کر مات کرنے لگے -

شریعت مین بھی نقص نکل رہے ہین - بحث کے بلند اور گرم کر دیتے ہین خداوند عالم ان طبقون پر رحم کرے - اور ہدایت کو راہ راست پر لاوے - آمین - امتحانات کے بارہ مین فاضل صاحب تحریر فرماتے ہین کہ تعلیمی حالت درست کرنے کے لیے سہ ماہی ششماہی امتحان ہوتے رہتے ہین -

اور مدرسہ مہتمم صاحب کے ذریعہ سے اسکا اخبار ہونا کام منصبی سمجھا

ایسے امتحانات سے جسمین کہ طلبا نقل کرکے فخر حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہین کچھ فائدہ اوٹھا سکتے ہین۔ ہرگز نہین۔ سمجھو مین نہین آتا ہی دنیا مین ہم امتحانات پاس کرکے وقعت حاصل کرینگے۔ سبحان اللہ واہ ری وقعت واہ۔ اگر ایسی ہی وقعت پبلیک کی نظر مین حاصل کیجاتی ہے تو اس سے بہتر ہے کہ قوم کی بہبودی کے لیے اور کوئی کام کرین۔ ایسی وقعت سرمناک ہوتی ہے۔ کیونکہ اگر باطن کیطرف کوئی جورہ ہوگیا اور کسی مشہور شخص کو ہوگی تو اسکا نتیجہ کیا نکلیگا۔ ذلت و پریشانی اپنی ہی نہین بلکہ ندوہ کی۔ خیر علاوہ ان نقلی امتحانون کے اور سنیے جس سے ناظرین کو اور تعجب ہوگا۔ آیات قرآنی اور وحدیث نبوی کی مٹی پلید کیجاتی ہے۔ یعنی پاخانہ مین طلبا کتب فقہ وحدیث لیجا کر پہلے سے رکھ آتے ہین۔ اور پیشاب و پاخانے کے بہانہ سے جاکر کتابین دیکھتے ہین یہ میرا چشم دید واقعہ ہے۔ بلکہ مین نے چند طلبا کو ایسا کرنے کرنے سے منع کیا۔ مگر کون سنتا ہے دماغ مین تو سودا ہوئی ہے کہ امتحان پاس کرلینا چاہیئے۔ کسی طرح ہو۔ شرم۔ شرم۔ شرم۔ اگر ہماری یہ حالت رہی تو ناظرین غور کرسکتے ہین کہ آیندہ نسل کے لیے کیا کچھ بیج ہم بو رہے ہین بجز کانٹون کے اور کیا کہا جائے۔

اب ان وجوہات پر اگر مین اپنا نام ندہ حاجی کرالیتا تو کیا کرتا۔ تعلیم کا یہ حال۔ مہتمم صاحب کی عدم توجہی کی وجہ سے خیال ہی نہین کرتے۔ بلکہ اگر کوئی شخص اونسے اسکی بابت شکایت کرتا ہے تو اوسکو لاطائل سمجھتے ہین۔ مہتمم صاحب کی منصفی کا حال بیان کرنا ضروری جانتا ہون۔ تاکہ پبلک کو معلوم ہوجائے کہ غیر لوگون کے ساتھ اونکا کیا برتاؤ ہین۔ امتحانات جسقدر ہوتے ہین۔ اعظمگڈھی تو خیر امتحانات مین ہاتھ مارتے ہین۔ پر اور لوگون کے طلبا بھی۔ مگر طلبا کو ہمیشہ کا سبز باغ رہتا ہے۔

غرضکہ مہتمم صاحب کی منصفی اسقدر بڑھی ہے کہ اعظمگڈھی طلبا کو کچھ کہتے تک نہین۔ ہر طرح کی آسایش بھی ہے تو اونھین کے لیے جو چاہتے ہین کرتے ہین۔ دیگر طلبا کو تو کیا مجال ہے کہ وہ کچھ بول سکین سواے اون بہاریون کے جنکا رسوخ آستانہ عالی تک ہے۔ اب رہی چھوٹے بچون کی تعلیم اوسکی کیفیت یہ ہے کہ ۲-۲- اور ۳-۳- سال گذر جاتے ہین اونکو ایک ہی جماعت مین۔ مگر کوئی اونکو پوچھتا تک نہین۔ جوتہ بازی اور مارپیٹ برابر ہے۔ اور اعظمگڈھی طلبا کا گویا مالیدہ ہاتھ کا کھیل ہے جب چاہا آپس میں لڑ گئے اور سنجیدہ ہاتھ ٹھوک دیا۔

مہتمم صاحب کے ایک عزیز محمد حسین نامے سے اور انھین لوگون جوتے بازی اور مارپیٹ نہین ہوتی یہ کیا مشغلہ طلبا کا نہین رہتا۔ طلبا ندوہ کا سخت کلامی اور جوتہ بازی ایک ادنی بات ہے۔ کیا مدرسہ مین طلبا اعظمگڈھ اور بہار تاش شطرنج وغیرہ نہین کھیلتے۔ کیا بہاری اور اعظمگڈھی جنکا تعلق دار العلوم سے متعلق نہین ہے۔ وہ نہین ہستے۔ اگر آپ اسی کو اخلاق اور تہذیب کہتے ہین تو فیصلہ ہوچکا ہین . . . . مہتمم دار العلوم کا شاکی نہین ہون بلکہ اس بات کا تصفیہ کیے دیتا ہون۔ اور یقین دلاتا ہون کہ جبتک . . . . مہتمم دار العلوم مہتمم ہے برخاست کیے جائینگے۔ ندوہ کی انتظامی حالت اصلاح پذیر نہ ہوگی۔ بلکہ روز بروز دگرگون ہوتی جائیگی۔ اور ان تمھیں غیریا باتون سے جو فاضل بہاری نے ندوہ کے متعلق لکھا تھا۔ قوم کا روپیہ برباد کرتا ہے۔ مین تمام اراکین ندوہ کی خدمت مین اور خصوصاً مولوی شبلی صاحب نعمانی معتمد دار العلوم کی خدمت مین نہایت ادب سے مستدعا کرتا ہون کہ آپ توجہ کرین۔ اور کوئی اور مہتمم جلد مقرر کرین۔ فقط

ہم کہین جائینگے حال دل بیتاب بیان
اس سے مطلب نہین سرکار سنین یا نہ سنین

راقم
اشتیاق احمد قدوائی مار بنکی

خبرین

۳۔ اگست۔ لندن۔ جہاز کروز موسوم یا میات ازلا پر جو بالطک کے ساحل پر تھا باغیون نے کمانیر اور چار افسرون کو مار ڈالا لیکن خیر خواہون نے باغیون کو مغلوب کرلیا اور جہاز پر اوبھین ریول کو لائے جہان انسے ہتھیار لے لیے گئے۔ اور اونکو مقید کردیا۔ (اودھ اخبار)

کرانسٹاڈ مین افسرون نے باغیون کی جنگ مین بہت بڑی دلیری ظاہر کی۔ تمام مقتول اور مجروح لڑتے ہوئے زمین پر گرے تھے۔ مقتولین مین ریر ایڈمرل بکلی میشف اور کپتان رادنشف ہین۔ موخر الذکر نے ناو شیا کے محاذ مین جنگ کی تھی۔ (//)

مسٹر انیفی میکڈانل نے ڈبن مین تقریر کی جسمین اونھون نے بیان کیا کہ مجکو یقین کامل ہے کہ ۱۹۰۸ء مین وہ ان بہت سی امیدون کا نتیجہ دیکھین کے جو سالہا سال سے اون آئرش مین ظاہر کرتے آئے ہین۔ (//)

۴۔ اگست۔ لندن۔ سینٹ پیٹرسبرگ کی خبرون مین بیان ہے کہ عام ہڑتال جسکا احتمال تھا شروع ہوگئی ہے فی الحال کارخانون کے پندرہ ہزار آدمی بیکار ہین۔ (//)

مدراس کے ہڑتالیون کی تعداد پچیس ہزار ہے۔ ریلوے کی ہڑتال ملتوی ہوگئی ہے۔ (//)

مسٹر ای۔ گرے نے بجواب مسٹر جے۔ ایم۔ رابرٹسن کی نکتہ چینی کے بیان کیا کہ اسمین شک نہین کہ مصرین طبائع کی ہیجانی جاتی رہیگی۔ لارڈ کرامر کی اوس سفارش سے پورا پورا اتفاق کیا جو اونھون نے اسی معاملہ کے متعلق خدیوی فرمان کی ترمیم کے لیے کی تھی۔ (//)

۶۔ اگست۔ لندن۔ اخبار ڈیلی نیوز سیفیلڈ لائلکے استعفا کا خیر مقدم کرتا ہے جو مسٹر مارلی کے ہاتھون کو بہت بڑی تقویت دیگا۔ اور مشکل معاملات کی صفائی مین مدد کریگا۔ (//)

سرکاری طور پر اطلاع دی گئی ہے کہ مسٹر جان پریسکاٹ ہیوٹ سر جیمس ڈگس لاٹوش کے بجاے لفٹنٹ گورنر ممالک آگرہ واودھ مقرر ہونگے۔ (//)

۶۔ اگست۔ شملہ۔ ہز مجسٹی ملک معظم اور قیصر ہند نے ممالک متحدہ آگرہ واودھ کی لفٹنٹ گورنری پر آنریبل مسٹر جے پی ہیوٹ۔ سی۔ ایس آئی۔ سی۔ آئی۔ ای ممبر صیغۂ تجارت وحرفت کے تقرر کو بجاے آنریبل سر جے۔ ڈی۔ لاٹوش کے سی۔ ایس۔ آئی کے منظور فرمایا جو آیندہ نومبر مین کنارہ کش ہونگے۔

۱۰۔ اگست۔ لندن۔ لیڈی کرزن کا وصیت نامہ مورخہ ۲۹۔ دسمبر سنہ ۱۸۹۸ء جسکو اونھون نے جہاز عربیہ پر بحر ہند مین اپنے ہاتھ سے لکھا تھا شایع ہوا ہے اوس جائداد کے سوا جسکا تصفیہ ہوچکا ہے لیڈی مرحومہ نے اپنا علاقہ جسکی قیمت بارہ ہزار پونڈ اسٹرلنگ ہے اپنے شوہر کے نام وصیت کی ہے۔

اخبار نیویارک ٹربیون رقمطراز ہے کہ امریکا والون نے پانچ جاپانیون کو ہلاک کر ڈالا ہے جو جزائر الیوشین مین ناجائز طور پر مچھلی کا شکار کررہے تھے۔ اسکے بعد ایک محصول جمع کرنے والی ڈونگی آئی اور بارہ آدمیون کو گرفتار کرلیا۔ ان پانچ آدمیون کی ہلاکت کا سبب معلوم نہین۔ امریکا جاپانی سفیر سے اوس سرسری برتاؤ کی نسبت افسوس ظاہر کریگا۔ جو ان مچھلی کے چورون کے ساتھ ہوا ہے۔ (//)

۱۰۔ اگست۔ لندن۔ سینٹ پیٹرسبرگ اور ماسکو مین اسلحہ۔ بم کے گولون اور اشتہارون کا ایک بہت بڑا ذخیرہ پکڑا گیا ہے۔ (//)

سلطان المعظم ٹرکی علیل ہین۔ (//)

ذرا ایک نظر ادھر

ذرا آزمائیے | دل لے کر نا پچھتا

بنرجی کمپنی کا خوشبودار خوشرنگ گلابی ناریل کا تیل جسکی تعریف مین قلم قاصر ہے - اسمین چند ادویات خاص دماغ کیواسطے شامل کیگئی ہین - جو کہ دماغ کو تقویت دیتی ہین اور ہمیشہ تر و تازہ رکھتی ہین - سر و ملش کی بیماریون کو دفع کرتا ہے - سر کے درد کو دور کرتا ہے بالون کو سیاہ گھیرا لمبا اور جڑ مین کو مضبوط بناتا ہے - زیادہ تر طالبعلمون کو اور ان اشخاص جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے - اونکے واسطے بہت ہی فائدہ مند ہو اور ہماری ہی دوکان سے نو ایجاد ہوا ہو زیادہ تعریف کرنا فضول ہی - استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا

قیمت فی شیشی ... علاوہ محصول ڈاک وغیرہ

نمبر ۲ - بنرجی کمپنی کا زود اثر داد کا مرہم - یہ مرہم گو کر کیسا ہی پرانا ہو یا نیا ہو تا فا تامین اچھا کر دیتا ہے - بعد لگانیکے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا - قیمت بھی کچھ نہین صرف ۴ فی ...

نمبر ۳ - بنرجی کمپنی کا بال اڑ انیکا سفوف - یہ سفوف لاجواب ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہین پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۲ فی تولہ فی شیشی ۶

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا نیور یا لوڈر یعنی سفوف دافع بخار بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا - صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ۹ عدد پوڑیہ ۶

نمبر ۵ - نو ایجاد گولیان ضابط - گولیان عمدہ درجہ کی ضابط ہین بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہو

قیمت ۶ عدد گولی ...

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے شوقینون کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے - علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے -

نمبر ۶ - بنرجی کمپنی کا عرق سوزش - وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا - ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہیئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا - اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک ...

نمبر ۷ - بنرجی کمپنی کا روغن - جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحبت نے آدمیون کو بالکل اندھا کر رکھا ہے - بے احتیاطی اور خلاف فطر حرکتین بہت زیادہ ہوتی ہین اسیوجہ سے ہمنے یہ روغن واسطے رفاہ عام کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہین ہے - قیمت ۸ فی شیشی -

نمبر ۸ - بنرجی کمپنی کا دانت کا منجن - مسوڑھونکا ورم - دانت کا کیڑا دانتون کا ہلنا - دانتون سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند دنون مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہین

یہ روغن بنرجی کمپنی ہی کے منجن مین ہے - قیمت فی تولہ ۱۲ فی شیشی ۔ ریحون کے کرم شکم یعنی کیچوے کی دوا - تلی سوداوی چوٹیا - انکے علاوہ اور بہت سی بیماریونکا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت سے بھی ہو سکتا ہے - جواب کے لیے ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیئے -

المشتہر - ایس - سی - بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنہیا لال

نقول اسناد

نمبر ۱ - بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دوا ساز ہین میرا اپنے ہمیشہ معاملہ رہا - انکی ادویات تازہ ہوتی ہین - سہارنپور ۷ - جولائی سنہ ۱۹۰۱ع دستخط

جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل - (سول سرجن)

نمبر ۲ - مین سارٹیفکٹ ہذا ایس - سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے - ان ایک جدت عمدہ دوا سازی کی دوکان رکھتے ہین - ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہان موجود نہو -

سہارنپور - ۱۵ - دسمبر سنہ ۱۹۰۲ع

دستخط - جی - اے - ڈبلیو ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ

نمبر ۳ - مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دوا ساز سہارنپور نے ضلع - اسپتال - ریل اور دیگر شفاخانون کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور مین عرصہ ۳½ برس تک میری نگرانی مین رہے ادویہ مہیا کین -

اس دوکان مین ادویہ بکثرت اور تازی رہا کرتی ہین اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ اشخاص بحیثیت دوا ساز و دوا فروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخہ مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین - مین نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام کی امداد سرپرستی انکو اسیطرح قایم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہین - سہارنپور ۲۴ - مارچ سنہ ۱۹۰۳ع دستخط ڈی ڈبلیو - سکاٹلینڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

دندان ساز

۲۸-۶-۰۶

سیکولال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ آریہ قوم کا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہین - کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے -

پردہ نشین عورتون کیلیے ایک ہوشیار و تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہو - آزمایش کیجئے - اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہان موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان کو دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیئے - غیر ملک والون یا دیگر مذہب کے لوگون کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعہ سے بنوا سکتے ہین دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہو سکتی ہین -

المشتہر - لالہ سیکولال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز - امین آباد لکھنؤ

سرگذشت

حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف - مذاق پاکیزہ مین شرابور - فصاحت اور بلاغت کے دریا مین ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑون خریدار مشتاق قبل اشاعت سے تھے - ہر لفظ مین مذاق - اور دلگی نفیس قصہ مضحک واقعات شروع سے اخیر تک بھرا ہوا - اس شوخی و شنگی کا کوئی ناول اردو مین ابتک نہ نکلا ہوگا ممکن نہین کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنا دے - ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشا پرداز مثل خانغالی و ابو اسحق - عبید زاکانی - وغیرہم اور انگریزی مارک ٹوین ڈکنس - جیرالڈ - تھیکرے - جیروم کے جیروم - مارک لمن وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو مین پورا تتبع کیا گیا ہے - اعلیٰ ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے - بہتر طرز بیان - انداز زبان - سونے مین سہاگا - یہ ناول بسم اللہ سے تا تمت تک بالکل کشت زعفران ہے - بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہین چاہتا - کتب فروشون کے ہاتھ نہین بیچا جاتا - صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماء اللحم

اس عرق ماء اللحم میں

عرق ماء اللحم اور عنبر کا مرکب ہے

عرق ماء اللحم کے پینے سے چہرہ پر نور رہتا ہے

عرق ماء اللحم کے پینے سے خون کا مقدار جسم

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

پتہ: حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء - لاہور (موچی دروازہ)

مطبع شام اودھ لکھنؤ نیا گاؤں میں محمد سجاد حسین نے چھپوا کر شایع کیا

REG. A 15

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ و آزاد

تعداد طبع	چہارم کالم	نصف کالم	کالم	۲ کالم	۳ کالم
ماہ	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین ماہ	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

تفصیل قیمت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	•	•	•	•	[illegible]	•
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

پیرِ کیمیا اکسیرِ جوان

کیوں؟

...دوائی ہے جس کا نام ہے:-

مروح حیات

روح حیات کے خواص

کمزوری، ضعف دماغ، ضعف جگر، ضعف معدہ، ضعف اعصاب، ضعف مثانہ ...

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اسکی کثرت فروخت سے ایک لاکھ روپے

... روح حیات کی تیاری اور حساب ... مسلمان اور عیسائی مذہب کے لوگ ملازم ہیں ...

... جسکی نقل بالاختصار بغرض اطمینان خلائق درج ذیل ہے:-

میری تین یوم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲ اکتوبر سنہ ۱۹ء	۱۰۷	روپے	۱۳	آنے
۲ ...	۷۸	روپے	۷	آنے
۳ ...	۱۶۷	روپے	۴	آنے
۳ ...	۵۵	روپے	۵	آنے
۴ ...	۳۲۸	روپے	۵	آنے
۴ ...	۱۵۲	روپے	۲	آنے
میزان کل	۸۸۳	روپے	۱۴	آنے

۱۵ اکتوبر سنہ ۱۹ء ... صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر لاہور

اب آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ دوائی روح حیات کی قدردانی

... قیمت فی شیشی ... (عہ)

مردمی کا بکس

قیمت ... روپے (عہ)

کمزوری کے لئے سنگ پارس اور صحت کے ٹھیکہ پر علاج

... کہاں ہیں وہ دوست ... جو ہمارے ... اپنی حالت کسی کو بیان نہیں کر سکتے اور شفا سے مایوس ہو کر خودکشی کرنے پر آمادہ ہیں ...

نوٹ: جو صاحب شرطیہ صحت کے ٹھیکہ پر علاج کرانا چاہیں ان سے چار روپے پیشگی ... (عہ)

جناب ... لفٹننٹ گورنر بہادر

جناب سوئیم ایٹکنسن ...

جناب آنریبل ... صاحب بہادر کمشنر

میری کیمیا گری کی شہرت

جناب میجر ... لفٹننٹ کرنل بہادر آئی ایم ایس سول سرجن لاہور

جناب آر ای ینگ ہسبنڈ

کمشنر لاہور - ۱۹ مارچ سنہ ۱۹ء - حکیم محمد شریف ... رسالہ تدابیر انسداد طاعون مفت تقسیم کرنے سے پبلک کی بڑی خدمت کی ہے -

نوٹ: مندرجہ بالا اور ... کے علاوہ ... معززین ... کے موجود ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ دوائی روح حیات واقعی اکسیر ہے اور جان کو کندن بناتی ہے +

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابطیس

سفوف دافع رقت و کمزوری و ضعف مثانہ

حب قبض دائمی

بال اڑانے کا تیل

جوہر عشبہ

خون کو صاف پاکیزہ ... واقعی تریاق ہے -

تریاق طاعون

سوزش کی حکمی دوائی

حب دافع سوداوی

روغن ...

پتہ: حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر کیمیا گر پروپرائٹر شفاخانہ ۱۰ - لاہور

دی گریٹ گراس ورلڈ سرمنٹ

ساون کے اندھے اور نئی تحقیق

حضرت دنیا او دھر ہیچ

آجکل برسات کا بھی عجیب عالم بہار ہے۔ جدھر دیکھیے جل تھل بھر رہے ہین سبزہ ہی سبزہ نظر آتی ہے۔ غضرت انسان بھی باقتضای جبلت کے ہاتھون گلون کو پرسلنے دیکھکر بعض وقت گھاس کیطرف مائل ہی ہوجاتے ہین۔ زمانہ بھی کچھ ایسا ہی آلگا ہے۔ بعید نہین کہ اگر یہی ایام چندے اور گردش مین رہے تو دو وقت مہذب دستر خوانون اور ڈرائنگ ٹیبلون پر چارا اور سبزی دیکھی جاتی ہے یہ بھی پلیٹون مین نظر آنے وجہ کیا کہ قدیم اشیائے خوردنی بہت گران ہورہی ہین۔ روز ہزارہا واقعات خودکشی بوجہ تنگدستی کے ہوتے رہتے ہین۔ حکماے یورپ وامریکہ نے اسپر کافی غور کرنے کے بعد یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اگر دنیا کی آبادی ایسی ہی سرعت بڑھتی رہی تو انسان کی کاشت شدہ اشیا انکی اشتہا کی آسودگی کے لیے کفتی نہ ہونگی۔ ضرورت

امر کی مقتضی ہے کہ یا تو نئی اشیا انسانی ہوتی ہے ہضم ہوجانی یا کچھ قدرتی اشیا تلاش کیجائین۔ کثرت رائے سے اسپر فیصلہ ہوا کہ قدرتی اشیا جو بکثرت قدرت کیطرف سے ہر ملک مین ہوتی ہون انکا تجربہ کیجاے کہ آیا وہ انسان کی غذا کا کام دیسکتی ہین۔ یا نہین چنانچہ چنانچہ انواع و اقسام کے نباتات دنیا کے ہر ملک سے بمقام "نیگا ڈنگو" (واقع ریاست متحدہ امریکہ) بہم پہونچائی گئین اور ایک معینہ مدت تک مختلف انسانون پر تجربہ کیا جاتا رہا جسمین گھاس کو سب پر فضیلت دیگئی۔

بمقام "فرٹائل گراونڈ" مین انھین امور پر غور و فکر کرنے کے لیے ایک عظیم الشان کانفرنس بنام نہاد "دی گریٹ گراس ورلڈ کانفرنس" قایم ہے اور اوسکا سالانہ اجلاس دنیا کے مشہور مقامات مین ہوتا ہے۔ سال گذشتہ کے اجلاس مین مشہور روزنامہ اخبار "ہولوق کا چو" یونگی ڈانسو" سے شایع ہوتا ہے ایک ایک خاص رپورٹر اس جلسہ مین شریک ہوا تھا۔ رزولیوشن پر جو تقریرین ہوئی تھین انکا اقتباس ذیل مین شایع کرتا ہے۔

"گھاس کھانے سے انسان کے جسم مین آکسیجن (وہ ضروری ہوا کا جزو جسکی بدولت کل جانداروں کی زندگی قایم ہے) بمقدار کثیر سرایت کرتا ہے اور اسکی زندگی کی طوالت مین معین ہوتا ہے۔ آنکھون کی بصارت

مین کبھی کمی نہین ہوتی۔ انسان کا رنگ بھی مائل بہ سبزی ہوجاتا ہے۔ لاغری کی شکایت نہین باقی رہتی۔ انسان ہروقت بشاش۔ توانا اور تندرست نظر آتا ہے۔ دماغ اسقدر آراستہ اور دل اسقدر روشن ہوجاتا ہے کہ ہروقت الہام ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ ہندوستان مین جو ایک مرزا قادیانی کہلاتے ہین محض اس گھاس کی بدولت مسیح موعود اور کرشن جی کے اوتار ہوے ہین۔ کیونکہ انھون نے برسون جنگل مین تنہائی مین بسر کی اور محض گھاس پات پر گزارہ رہا جسکی بدولت انکو الہام ہونا شروع ہوے اور جب وہ ترقی کرتے کرتے مسیح کے درجہ پر پہونچگئے تو آبادی مین چلے گئے اور بنی نوع انسان کو عام دعوت دیدی۔ گھاس کی مزاولت برابر جاری ہے اور ہمیشہ خلوت مین دیکھ بھال کے نوشجان فرماتے ہین ہندوستان کے ضعیف الاعتقاد نیم وحشی انکی کرامات کو ریاضت و عبادت پر محمول کرلیتے ہین۔ انھین کے تتبع مین نیویارک کا ایک باشندہ مسمی میکلین نے بھی جنگل مین رہنا اختیار کیا (یہ شخص ہندوستان کے کل مقامات کی سیر کر آیا تھا) اور کامل اٹھارہ برس گھاس پات پر گزار دیے تھے مگر نہ معلوم کہ اس سے اصول غذا مین کیا غلطی ہوئی کہ جسوقت جنگل کو ترک کرکے وہ نیویارک مین آیا تو صرف ایک ہی دعوی اپنے مسیح ہونیکا پیش کرسکا۔ اسکو ہروقت ملائکہ نظر آتے تھے۔ اور وہ کہتا تھا کہ مین جو کچھ کہتا ہون ملائکہ کی صلاح سے اور جو کچھ بولتا ہون خدا کی زبان سے۔ مگر مثل ہندوستانی مسیح کے وہ زیادہ دعوی نہین کرسکا البتہ ایک بات مین وہ مرزا قادیانی سے ضرور بڑھا ہوا ہے۔ وہ یہ کہ اسکو فرشتے نظر آتے ہین اور وہ انسے ہروقت کلام کرتا رہتا ہے۔ اور مرزا صاحب کو یہ بات نصیب نہین۔ امریکہ کے دوسرے مشہور نبی مسٹر ڈوئی کو بھی اسی گھاس کی بدولت نبوت کا مرتبہ نصیب ہوا تھا جسنے صرف آٹھ برس کل گھاس پر بسر کیے تھے۔ ایجاد و اختراع کا مادہ اسقدر بڑھ جاتا ہے کہ ایجادین پیٹنٹ کراتے کراتے ناک مین دم آجاتا ہے۔ ارسطو۔ افلاطون اور بقراط سے بھی فلسفہ مین کوسون بلند اڑنے لگتا ہے ... کی ... کا یہ عالم ہوتا ہے کہ مراقبہ اور آنکھین بند کرنے کی ضرورت نہین ہوتی۔ داہنی ... اور بائین ادھر۔ ایک آن مین دونون ... حافظہ اس درجہ بڑھجاتی ہے کہ ایک بار ... تک کے لیے محفوظ۔ اگر ... وکٹوریہ پارک لکھنو۔ ... پارک ... پارک واشنگٹن ... پیرس۔ ...

CHAMBERLAIN'S COUGH REMEDY.



چیمبرلین کی کھانسی کی دوا

کھانسی۔ زکام۔ خراش۔ گلا پڑجانا۔ کالی کھانسی اور تمام

حلق اور سینے کی بیماریون کو اچھا کرتی ہے

کھانسی سے بے پروائی نہ کرو۔ یہ خطرناک ہے اور اس سے نمونیا (ذات الریہ) خون تھوکنا اور سل پیدا ہوسکتے ہین۔

چیمبرلین کی کھانسی کی دوا کے استعمال سے حلق سے غلیظ تھوک دور ہوجاتا ہی۔ دردناک تنفس کو چنگا کردیتی ہی خوفناک آواز والی کھانسی نہین رہتی۔ ماؤف پھیپھڑون کو آرام دیتی ہے اور کھانسی کو دور کردیگی تاکہ آرام کی نیند سوسکو۔

چیمبرلین کی کھانسی کی دوا مین افیون کی ملاوٹ نہین۔

صرف جڑی بوٹیون سے بنتی ہی
ہر جگہ بکتی ہی
ہاتھ تک نہین لگایا جاتا

چھوٹی بوتل کی قیمت ۱۲؍
بڑی بوتل کی قیمت دو روپے ۸؍

ــہ ملینہ وغیرہ کے دو وقتہ باقاعدہ ملے تو انسان گھوڑا
تو گھوڑا امیاں ٹرین سے بھی دوڑ مین سبقت لیجا
سکتا ہے ۔ چنانچہ سنہ ۱۹۲۳ء اپریل مین جو ایک
ریس (دوڑ) بمقام کیوچن ٹیلو انجن ۔ انسان اور
گھوڑے مین ہوئی تھی ۔ اسمین دوسرا نمبر انسانکا
تھا جسکو برابر باقاعدہ سائنٹفک طریقے سے
تین برس اور کچھ مہینہ دودھ میں گھاس کھلائی تھی ۔
اس سے نتیجہ نکالا گیا کہ اگر دودھ کین ہی سے گھاس
بطور غذا استعمال کرائی جائے تو انسان ریلوے
انجن کا بکامیابی مقابلہ کرسکتا ہے ۔ گھاس کا اہم ترین
فائدہ یہ ہے کہ انسان دونون جہان سے آزاد ہوجاتا ہے
اور اسکی یہ طبیعت ہوجاتی ہے کہ وہ کل پابندیون
سے کنارہ کش ہوجاتا ہے اور دوسرون کو بھی ویساہی
آزاد دیکھنا چاہتا ہے جو موجودہ تمدن کا سب سے
بڑا مقصد ہے یعنی آزادی ۔ گھاس کے فوائد
عجیبہ مین سے ایک یہ بھی ہے کہ انسان اسکی بجہ
عورتون کے حقوق کا بڑا محافظ اور اپنے
ساتھ مساوات کا درجہ قایم کرنا چاہتا ہے ۔ اور
انکو بھی ہر امر مین اتنا ہی آزاد دیکھنا چاہتا ہے
جتنا خود ہے تئین جس سے کل دقتین نکاح و طلاق
اھد آسے دن کے جھگڑون کی یکقلم گاو خورد ہوجاتی
ہین جس سے جسکی جسوقت ضرورت نکلتا ہے اور

باقی ۔ ما فیہ شما بسلامت سنتے ہین کہ ہندوستان مین بھی مسلمان
انگریزی تعلیم یافتون مین سے چند نے کچھ مہینے
گھاس کھا کر چھوڑ دی تھی ۔ وہ ایک تو زیادہ کھا گئے
تھے قومی پاگل ہوگئے اور کچھ کے دماغ مین تعلیم
کے بہانے آزادی نسوان کا کیڑا دماغ مین پیدا
ہوگیا ہے جو سال مین ایک مرتبہ بڑے دن مین
رینگتا ہے اور اس سے کل مسلمانان ہند کو تکلیف
پہونچتی ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ گھاس ہر رنگ مین اپنا
رنگ دکھاتی ہے ۔ یہ گھاس کا قصور نہین ہے
بلکہ طریقہ استعمال کا ۔ آدمی جو چیز بلاقاعدہ ضرورت سے
زیادہ کھا جائیگا بجائے نفع کے الٹا نقصان ہوگا اگر
گھاس کا استعمال غذا کی جگہ ہوتا اور دیگر اشیاء کی
جو لوگ بطور غذا استعمال کرتے ہین بدپرہیزی نہ جاتی
تو ضرور گھاس کے اصلی دیرپا فوائد ان ہندوستانی
مسلمانون پر بھی ظاہر ہوتے ۔ تاہم یہ فائدہ بھی کچھ
نہین کہ انکے دماغون مین آسمانی نورکی جگہ یورپین
تمدن کی کرنون کا عکس پڑنے لگا ہے ۔
ہندوستان کے مسلمانون کو مناسب ہے کہ اپنے کالج
مین ضرور کم از کم بورڈرس کو گھاس دین ۔ علاوہ سب
باتون کے فی الحال ڈائننگ ہال سے اتنی رقم بچیگی
کہ دو ہی تین سال کی بچیں ہوئی نقش کھانے کی بچت سے
وہ کئی یونی ورسٹیان قایم کرسکین گے اور انکی مفلس

ــت پاجائےگی کیونکہ غذا بجونزہ
بلا سر پیچ پیسے لے صرف کے ہر جگہ بافراط میسر
آسکتی ہے ۔
اسی کانفرنس مین ایک حکیم نے یہ عذر پیش کیا کہ اگر
انسان نے اپنا ہاتھ گھاس پر بھی بڑھایا تو یہ چارے
چوپائے کس چیز پر قناعت کرینگے اور دوسرے
یہ کہ انکے لیے کیا بندوبست کیا گیا ہے ۔
ایک دوسرے اہل الراے نے تھوڑے مباحثہ کے بعد
ان اعتراضات کا یون جواب دیا کہ آجکل سائنس ترقی
کر رہا ہے اور اب وہ تاریک زمانہ نہین رہا کہ ہمین
ہمین ان ہی کی مدد پر بھروسا کرنا پڑے ۔ موجودہ دور
مین کل کام جو کبھی ان چوپایون کے سپرد تھا اب
کلون اور مشینون سے لیا جاتا ہے ۔ سڑک کی
سواریون مین موٹر کار ۔ ٹریم وے اور بائیسکل وغیرہ
بار برداری اور دور دراز سفر کو ریل وغیرہ ۔ اسکے
علاوہ صدہا قسم کی ہلکی ۔ دستی کلین اور کمانیون دار
گاڑیان ہین جنکو انسان ہاتھ کے ذرا سے اشارے
سے کوسون اونچی نیچی ناہموار پتھریلی اور ریتیلی زمینون
پر بلا تکلف اسباب لادے لیے پھر سکتا ہے ۔ اب ہم
ان جانورون سے مطلق کام نہین لیتے ۔ بل بکی
بار برداری اور سواری وغیرہ کا کل کام ہماری دخانی
اور برقی مشینین اور کلین کرتی ہین ۔ لہذا بہتر ہوگا
کہ انسان ان کل جانورون کو سوا گائے بھیڑ اور
بکری کے بطور غذا استعمال کرے ۔ یہ ایک مدت مدید
تک انسان کو کفایت کرینگے اور گھاس کا ذخیرہ جو انکے
پیٹ مین چلا جاتا وہ بھی اسنے بچ جائیگا اور ایک زمانہ
مین انسان کے کام آئیگا ۔ اس تقریر کے بعد ایک
دوسرے جالینوس دوران اٹھے اور فرمانے لگے کہ
گائے اور بکری کی نسل کی بقا کے لیے ضروری ہے کہ
ہم انکے نرون کو بھی محفوظ رکھین اور گو اسطرح گھاس
کی ایک مقدار کا نقصان تو ضرور ہوگا مگر دودھ مین
آیا کریگا ورنہ اس سے بھی ہاتھ دھونا پڑیگا ۔ اس تقریر پر
ایک تیسرے صاحب نے یہ اعتراض پیش کیا کہ ہمین
مطلق دودھ کی ضرورت نہین ۔ مصنوعی دودھ جو ابھی
حال ہی مین جرمنی مین طیار کیا گیا ہے طاقت و قوت مین
کسی طرح اصلی سے کم نہین اور لذت و ذائقہ مین
ان غیر مہذب خیالات کو دیکھکر اگرچہ قوم کا بچہ بچہ بداہتہً
فیصلہ کرسکتا ہو کہ یہ محض مخالفانہ خیالات ہیں اسلیے ندوہ
کے موجودہ اسٹاف پر اسکا کوئی اثر نہیں پڑسکتا -
تاہم ہمکو اتنا ملحوظ ہے - ان اسرار کے چہرے سے حق پوشی
کی نقاب اوٹھا دینی چاہیے -

مہتمم صاحب پر اعظم گڈھی طلباء کی طرفداری کا جو الزام
لگایا ہو اوسمیں اگر کچھ بھی واقعیت ہوتی - تو غریب طلبا
کی حالت کے لحاظ سے سب سے پہلے اسکا اثر ہماری دلجوئی
پر پڑتا - لیکن ہم نہایت آزادی کے ساتھ فخریہ کہتے ہیں
کہ اعظم گڈھی طلباء کی تعداد اسوقت مدرسہ میں پندرہ
بیس سے کم نہیں - لیکن انہیں صرف دو دو کے وظیفہ خوار ہیں
حالانکہ مہتمم صاحب کو انتظامی حیثیت سے اسمیں بہت کچھ دخل
تھا - اور تعلیم و تعلم کے متعلق تو صنف بندی کے لحاظ سے
فرق مراتب ظاہر ہی نہیں ہوسکتا - اسلیے اس احتمال
کی بھی گنجایش نہیں - ہاں یہ ممکن ہو کہ اودھ کے بعض
حضرات کو سالانہ امتحان کی ناکامیابی سے یہ فرق بھی
محسوس ہوتا ہو - لیکن اونکو سعدی علیہ الرحمہ کے اس
شعر سے ازالہ شبہہ کرلینا چاہیئے - ع

باران کہ در لطافت طبعش خلاف نیست
در باغ لالہ روید و در شورہ بوم خس

مہتمم صاحب پر خفتہ گوئی اور سخت کلامی کا جو اتہام

ہے۔ جو ہونکے اخلاقی و تاریخی حالات کا بیوشاکہ جسکے پہلو پیش کر چکے ہین۔ ادس سے ناظرین خود فیصلہ کرلین گے۔ موسوی اخبار احمد علی نازک مزاجی کا اعتراض

راقم

محرم راز

خبرین

۱۹۔ اگست۔ لندن۔ چھ ہزار یونانی خاندان خوف زدہ بلگیریا سے روانہ ہوئے اور ادڑیانوپل مین پناہ لی۔ (اودھ اخبار)

فرانسیسی اخبار موسومہ ڈیبٹس نے ایک چٹھی شائع کی ہے جسپر مصر کے فرانسیسیون کی ایک جماعت کے دستخط ہین جنھون نے یہ امید ظاہر کی ہے کہ انگلستان مصر کی ترقی کے کام برابر جاری رکھے گا اور بیان کرتے ہین کہ حال مین برٹش نے حفظ ماتقدم کی جو کارروائی اختیار کی ہے وہ نہایت مناسب اور منصفانہ ہے۔ (〃)

باب عالی نے دول عظام کے نام ایک مراسلہ ارسال کیا ہے جسمین اُس سخت خطرہ کی نسبت توجہ دلائی گئی ہے جو بلگیریا مین یونانیون کی مخالفت تحریک سے پیدا ہو رہا ہے۔

اخبار پیرس ٹیمیس ایک مضمون مین بیان کرتا ہے کہ تقسیم بنگال ایک غلطی ہے اور ابھی اسکی اصلاح کے لیے کچھ زیادہ دیر نہین ہوئی۔ اس آرٹیکل مین مسٹر مارلی کی تعریف کیگئی ہے اور بیان کیا ہے کہ جب انڈیا آفس مین ایک فلاسفر موجود ہے تو انگلستان یا ہندوستان کو افسوس کرنے کا کوئی موقع نہ ملے گا۔ (〃)

۲۲۔ اگست۔ لندن۔ شہنشاہ بیلجیم کی تجویز ہے کہ افسرون اور ویسرایون کی ایک کانفرنس طلب کرین جو قانونی انتظام کے اختیار کرنے کے معاملہ مین بحث کرے۔ (〃)

اخبار ٹیمس شائع کرتا ہے کہ کوہستان کے درمیان ڈکیتی کی روزبروز ترقی ہوتی جاتی ہو۔ وایسرائے اسکی ناقابلیت پر زور دیا جاتا ہے اور اوسکو متنبہ کرتا ہے کہ اگر چینی اس ڈکیتی کا انسداد نہین کرسکتے ہین تو برطانیہ عظمی اس کام کو اپنے ہاتھ مین لیگی۔ (〃)

۲۳۔ اگست۔ لندن۔ بلقان اور بلگیریا مین پیچیدگی بڑھتی جاتی ہو اور رفتہ رفتہ اسکے سامنے تین جھگڑے ہین یعنی یونان اور ٹرکی کے ساتھ اور رومانیہ کے ساتھ جسنے اپنے سفیر صوفیہ کو حکم دیا ہو کہ بلگیریا کی حکومت سے اپنے تعلقات منقطع کرے جبکی وجہ صوفیہ کے اخبارات مین وہ خطوط بہت شائع ہو چکے جسکی اشاعت کا اختیار نہ تھا۔ (〃)

معلوم ہوا ہے کہ بلگیریا کا سفیر مقیم ٹرکی اپنی حالت نازک دیکھکر استعفا دینے والا ہے۔ (〃)

جزیرہ جوان فرنینڈو پر تیسیرا بسن کردہ استھاناً بکل بہ گیا۔ ارجنٹائن مین زلزلہ کی حرکات محسوس ہوئی ہین۔ (〃)

فوٹو گراف اس زمانہ کی نہایت دلکش ایجاد ہے قسطنطنیہ مین بھی اسکا رواج ہو گیا۔ قسطنطنیہ کے فوٹوگراف لوگون نے آیات قرآنی کو نغمات کے طور پر ادا کرنا شروع کیا ہے۔ مگر سلطان المعظم نے اسکی ممانعت کردی فوٹوگراف کی تعمیم سے عجب نہین کہ دوسرے مقامات پر قرآن مجید کی آیات کو بھی غزلون کیطرح ادا کرنا شروع کردین اور کوئی بھی مانع حائل نہو لیکن اسکی ممانعت ہونا چاہیے اسلیے کہ یہ مذہب اور حد کی بے ادبی ہے۔ (〃)

اڈیٹر۔ معلوم ہوتا ہے اس خبر کا لکھنے والا جسقدر اسلامی حرمت کی نزاکتون سے نابلد ہے اسیقدر فوٹوگراف سے جاہل ہو ذکر آیات قرآنی فوٹوگراف مین مع صحیح قرات کے کسیطرح سوء ادب عقلاً نہین ہو سکتا۔

کانٹن مین افیون کے خلاف ایک بہت بڑا مجمع ہوا۔ جسمین طلبہ نشان لیے ہوئے تھے اور افیون کے استعمال کو برا بھلا کہتے جاتے تھے۔ یہ جلوس ایک لڑکے کی سرغنائی مین تھا جو گھوڑے پر سوار اور افیون کی ایک سٹک لیے ہوئے تھا۔ اسکے چہرہ پر سیاہی ملی ہوئی تھی جس سے ظاہر ہو کہ وہ ہندوستانی ہے۔ (〃)

بمبئی۔ جب سے ہڑتالی چٹھی رسان موقوف ہوئے اُس سے چٹھی رسانی کا جو انتظام کیا گیا ہو وہ ابھی تک

دیسی گبرون

۶-۹-۳۰

یعنے لودہانہ کلاتہ۔ کوٹ قمیض پاجامہ وغیرہ کے لیے نہایت عمدہ اور نئے نئے نمونہ کے ہمارے ہان تیار ہوتے ہین نمونہ درخواست آنے پر مفت ارسال ہوتے ہین۔

المشتہر

شیخ الٰہی بخش سودیشی کلاتہ مرچنٹ لدھیانہ پنجاب

[illegible] ہندوستانی قانون وقفون اور [illegible] امریکے [illegible] مقرر [illegible] تک [illegible] کا زر کافی [illegible] پر افسوس کیا گیا۔

بمبئی ہائیکورٹ کے جسٹس [illegible] جانشین انتقال یہان ہو چکی۔

متوفی ججون مین بمبئی کے پہلے ہندوستانی بیرسٹر تھے یہ بار مین کام کرنے کے بعد ہائیکورٹ کے جج مقرر ہوے اور وہان جن لوگون کے مقدمے انکے اجلاس پر پیش ہوے سب کے ساتھ برتاؤ [illegible] یہ بہت بڑے ہوشیار قانوندان اور ہندوستانی زبانون سے بخوبی واقف اور بہت بڑے تربیت یافتہ اور انگریزی خوب بولتے تھے۔

آنریبل مسٹر لونڈس ایڈوکیٹ جنرل نے بار کیطرف سے جواب دیا کہ ان برسون مین جج متوفی کی صحت و تندرستی مین فرق آگیا تھا یہ ہمیشہ ہمارے یاد رہین گے کہ یہ قانونی پیشہ کی زیب و زینت اور بہت بڑے ہوشیار و لائق قانوندان تھے اور بھی اسی وجہ سے یاد رہین گے کہ یہ عام فیض رسان شخص تھے اور سب سے زیادہ یہ امر تھا کہ سب سے پہلے مسلمان جج ہائیکورٹ تھے۔

اسکے بعد بپاس ولحاظ جج متوفی عدالت بند کردیگئی۔

انعام پندرہ روپیہ ۱۵

۶-۹-۲۹

میری دستاویز رہن نامہ نوشتۂ نبی بخش موسومۂ فرید الزمان ساکن قصبہ آسیون ضلع اوناو مرقومہ ۱۳۔ اگست ۱۹۰۳ء شہر لکھنؤ مین اُس سڑک پر جو کوٹھی روشن الدولہ سے امین آباد ہوتی ہوئی چار باغ کو گئی ہے بتاریخ ۴۔ جولائی ۱۹۰۶ء کہین گر گئی ہے۔ لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ جس شخص نے دستاویز کو پایا ہو وہ حوالہ کردے ۱۵ روپیہ بطور انعام دیا جائیگا اگر بعد اشتہار ہمکو اطلاع نہ دیگئی تو وہ مال مسروقہ متصور ہوگی۔

المشتہر

نور الحسن قصبہ آسیون ضلع اوناو

ذرا ایک نظر ادھر

... گی ناریل کا تیل جسکی ... خوشبو ... ہے - اسمین چند ادویات خاص ... ملائی گئی ہین ... دماغ کو تقویت دیتی ہین اور ... سر درد ... وغیرہ بیماریون کو دفع کرتا ہے ... بالون کو سیاہ ... ہوتا ہے ... ایسے اشخاص جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے - انکے واسطے ... استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا

قیمت فی شیشی ... محصول ڈاک وغیرہ

نمبر ۳ - بنرجی کمپنی کا زود اثر ... مرہم - یہ مرہم کیسا ہی ... اچھا کر دیتا ہے - ... معلوم ہوگا ... قیمت بھی کچھ نہین صرف ...

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا بال اڑانے کا سفوف - یہ سفوف ... جلد پر نہین پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت ... فی شیشی ۶ر

نمبر ... بنرجی کمپنی کا ... سفوف دافع بخار - بخار کیسا ہی ... چند روز کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ...

نمبر ۵ - نوایجاد گولیان ضابطہ - گولیان صدر ... کی ضابطہ مین بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہو قیمت ... ایک گھنٹہ ... استعمال کرنے سے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے ... علاوہ اسکے مفرح ... بھی ہے -

نمبر ۶ - بنرجی کمپنی کا عرق سوزش - وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا - ایک مرتبہ ... کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا - اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک عہر

نمبر ۲ - بنرجی کمپنی کا روغن ... ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی ... نے لوگون کو بالکل ... کر رکھا ہے - بے اعتدالی اور خلاف فطرت حرکتین بہت زیادہ ہو رہی ہین اسکا نتیجہ ہے یہ روغن واسطے ... کے ... ہے اسکے لگانے سے کبھی کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہین ہے - قیمت ۸ر فی شیشی -

نمبر ۳ - بنرجی کمپنی کا دانت کا منجن ... دانتون سے خون کا آنا ... منجن کے استعمال سے چند دنون مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہین یہ وصف بنرجی کمپنی ہی کے منجن مین ہے - قیمت فی تولہ ۱۲ر فی شیشی ... بچون کے کرم ... دوا - ... کے علاوہ اور بہت سی بیماریون کا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت بھی ہو سکتا ہے - جواب کے لیے ... یا جوابی کارڈ آنا چاہیئے -

المشتہر - ایس - سی - بنرجی اینڈ سنس ... ہال سہارنپور
متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنھیالال

نقول اسناد

نمبر ۱ - بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دوا ساز ہین - ... معالجہ رہا - انکی ادویات تازہ ہوتی ہین - سہارنپور
دستخط ۷ - جولائی سنہ ۱۹۰۱ع
جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل - (سول سرجن)

نمبر ۲ - مین سارٹیفکیٹ ہذا ایس - سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے - ... ایک بہت عمدہ دوا سازی کی دوکان رکھتے ہین - ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلب ... دوا کے یہان موجود نہو -
۱۵ - دسمبر ۱۹۰۲ع
سہارنپور -
دستخط جی - اے - لوٹی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ)

نمبر ۳ - مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دوا ساز سہارنپور نے ... ہسپتال - ریل ... کو ... دوران قیام سہارنپور مین عرصہ ... ۳ برس تک میری نگرانی مین رہے اور ادویہ سپلائی کین -
اس دکان مین ادویہ بکثرت اور تازہ ... ہین اور منتظمان ... کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ اشخاص بحیثیت دوا ساز دوا فروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخہ مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین - مین نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام ... کی امداد سرپرستی انکو ... قائم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہین - سہارنپور
۲۴ - مارچ ۱۹۰۹ع دستخط ... ایم آئی ...

۲۹-۶-۰۲

دندان ساز

سیکولال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ
آریہ ... کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہین - کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے -
پردہ نشین عورتون کیلیے ایک ہوشیار اور تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہے - آزمایش کیجئے - اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے
اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہان موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیئے -
غیر ملک والون یا دیگر مذہب کے لوگون کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعہ سے بنوا سکتے ہین دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہو سکتے ہین -
المشتہر - لالہ سیکولال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز امین آباد
لکھنؤ

سرگزشت
حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف - مذاق پاکیزہ مین شرابور - فصاحت اور بلاغت کے دریا مین ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑون خریدار قبل اشاعت سے تھے - ہر لفظ مین مذاق - ... قصہ مضحک واقعات شروع سے اخیر تک بھرا ہوا - اس شوخی و شگفتگی کا کوئی ناول اردو مین اب تک نہ نکلا ہوگا ... کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو ... ہنسی ... کبوتر نہ بنا دے - ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور خوش طبع ظرافت نگار شعرا اور انشا پرداز مثل خانخانان و مرزا ہمام ابو اسحٰق - عبید زاکانی - وغیرہم اور انگریزی مارک لیمن - ڈگلس - جیرالڈ - بیکرے - جیروم کے جیروم - مارک ٹوین وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کو اردو مین پورا کھینچ لیا ہے - الغرض ناول مضحک اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے - شیرین طرز بیان - انداز زبان - سونے مین سہاگا - یہ ناول بسم اللہ سے تائے تمت تک بالکل کشت زعفران ہے - بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہین چاہتا - کتب فروشون کے ہاتھ نہین بیچا جاتا - صرف دفتر اودھ پنچ سے مل سکتا ہے

عرق ماء اللحم

عرق ماء اللحم و العنبر کا کام دیتا ہے

عرق ماء اللحم سے خون کا مقدار جسم

ہزاروں تولیں ہر سال باہر جاتی ہیں

پتہ حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء - لاہور

مطبع ... اودھ لکھنؤ ... میں محمد سجاد حسین نے چھپوا ... کیا

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ

تعداد طبع	چہارم کالم	[illegible]	کالم	۲ کالم	۳ کالم
۱ بار	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین بار	•	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

تفصیل قیمت	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	•	•	•	•	[illegible]	•
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

روح حیات

میں جادو ہوں ...

روح حیات کے خواص ...

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اسکی کثرت فروخت سے ایک لاکھ روپے ...

میرے تین یوم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲ اکتوبر ۱۹۳۱ء	۱۰۷	روپیہ	۱۳ آنے
۲ ...	۷۸	روپیہ	[illegible]
۳ ...	۱۶۷	روپیہ	[illegible]
۳ ...	۵۵	روپیہ	[illegible]
۴ ...	۳۲۸	روپیہ	[illegible]
۴ ...	۱۵۲	روپیہ	[illegible]
میزان کل	۸۸۳	روپیہ	[illegible]

اب آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ دوائی روح حیات کی قدر دانی ...

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (عہ)

مردمی کا محسن

کمزوری کے لئے سنگ پارس اور صحت کے ٹھیکہ پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابیطس

سفوف دافع رقت

بال اڑانے کا تیل

روغن ...

حب دافع ...

پتہ:- حکیم محمد شریف آئی ڈاکٹر کیمیا گر پرائیویٹ شفاخانہ عام - لاہور

گوشتِ خر دندان سب

دانت ہین اُس غنچہ لب کے یاد ہین دل مین پڑیان
کیون چباتا بات ہے کب ہین سخن مین ہڈیان

جسم لاغر تھا تو ہو ہین کچھ کفن مین ہڈیان
بس اُٹھین سب گردشِ چرخِ کہن مین ہڈیان

نخلِ اُلفت کا یہ پھل ہو کیا پڑی پھرتی ہین آ کے
بلبلِ وارفتہ کی صحنِ چمن مین ہڈیان

جوشِ گریہ سے ہے روز غم شب یلدا مجھے
شمع سوزان ہین مشہور پیرہن بدن مین ہڈیان

کیون نہ جلکر خاک ہوجائیگی جسم زار مین
پڑ گئی ہین آتشِ رنج و محن مین ہڈیان

مر رہا گھل گھل کے پھر بھی تو رہا سودا زدہ
دفن شانے کی ہون مشک ختن مین ہڈیان

پہلے تو پروانہ کی لگتا ہے اس روئے مین آگ
شمع کیون پروانہ کی ہوتین لگن مین ہڈیان

کیا ملیگا خاک مین پھر تیز کیون دندان آز
دیکھیے ہین لانہ زاغ و زغن مین ہڈیان

توڑ ڈالین اُس دُر دندان کی آب و تاب نے
گوہر شہوار کی بھی تو عدن مین ہڈیان

گو امیر و داغ کی روحین گئین سوئے وطن
رہ گئین پر ہی تو ملکِ دکن مین ہڈیان

حضرتِ لاغر کا تک گوشتِ خر دندان سگ
بن بنا ہر پہلو مین طرح حسن مین ہڈیان

مکتوباتِ مولینا دکنی

ڈیر پنچ!

گو آپ نے "مخزن" مین مکتوبات آزاد" اردوئے معلی" مین مکتوبات امیر" اور فصیح الملک" مین مکتوبات داغ" ملاحظہ کیے ہونگے۔ مگر مکتوبات مولینا دکنی" کی تو چاشنی ہی اور ہے۔ نہ کبھی دیکھی نہ سُنی بلکہ نہ کھائی نہ چکھی۔ بڑی ہی کوششون بڑی ہی دشوار یون اور نہ معلوم کیا دستون کے بعد تو مہین یہ مشتے نمونہ از خروارے نصیب ہوے ہین۔ خدا نہ کرے کہ ناظرین پسند فرمائین۔ ورنہ اینجانب عاجز الدکن کو تو سخت ہی مصیبت کا سامنا ہوگا۔ کیا معنی کہ پنجاب سے دکن تک کا سفر نمونہ سفر اختیار کیا تب کہین جا کر مولینا کے مکتوبات ہاتھ لگے۔ واللہ سب سے آپکو ذری دیکھیے تو کیا فصاحت ہو کیا روز مرہ ہے کیا ذائقہ اور کیسی پیاری پیاری بول چال ہو کہ بس۔ قلم تو قلم، دوات تک پھوڑ ڈالی ہے۔ خدا چشم زخم سے بچایا۔ اونا ظرین کی پڑھے پڑھے رال ٹپک پڑے۔ ٹپ ٹپ۔

راقم۔ (رہنا نمبر۲)
(از حیدرآباد دکن)

وھو ہذا

(نام پر تحصیل دار شرقی کے ضلع اطراف بلدہ مین)
(بیچ ملک دکن کے)

عالیجناب تحصیل دار صاحب سمت شرقی ضلع اطراف بلدہ۔

تقصیر آداب بندگی تسلیم بعد تعظیم کے بعد۔ مزاج ہمایون اور محل مین مزاج کیسا ہے۔ اپن کو ایک عرصہ دراز سے آپکی ملاقات میسر نہوئی بول کے دل بہت بہت اچ) بے قرار ہے۔ ہو یان قرار کیے ہین نہین تو چند کرت حاضر ہوا۔ اب ملاقات دیدار فرحت سے مشکور ہونگا۔ تقصیر اعزہ سے ایسا زبانیے تو اچھا کہ جھٹکے مین حاضر ہونا ہوگا۔ اگر اس یو (پر) بھی ملاقات نہو تو رنج بدن اور صرف زر بے وجہ ہوئیکے نقصان ما یو دیگر شماتت ہمسایہ" کا باعث ہوگا۔ آپنے ایسا دل متعلق میرا فرمائے ہین کہ ہمیشہ متعلق اُس جانب پر رہتا ہے۔ کیا تو بھی جادو گری ہے؟۔ زیادہ ملاقات۔

آپکا محب دلی۔ عبد الباری
جاگیر دار وغیرہ

نہین ہی فائدہ ہڑتال کے مچائے مین
خطون کے لگ گئے انبار ڈاکخانے مین

اڈیٹر صاحب۔

کیا آپکو معلوم ہو کہ بمبئی مین کیا حشر برپا ہے۔ آج کئی روز سے ڈاکیون نے ہڑتال مچا رکھی ہے۔ باہر سے آئے ہوے خطوط پوسٹ آفس مین پڑے سڑ رہے ہین۔ جنرل پوسٹ ماسٹر کا قول ہے کہ چہ غم۔ چٹھی رسان کہتے ہین نہ شادی نہ غم۔ لیکن پبلک رو رو کر کہہ رہی ہے کہ مرے سو ہم۔ بیوپاری چلا اُٹھے ہین۔ مہاجن بلبلا رہے ہین۔ سوداگر پریشان ہین تاجر حیران ہین۔ ان سب کو چھوڑیے عاشق مزاج نوجوانون کیطرف دیکھیے جو اپنے پرزاد گلعذار معشوقون کے خط ہی دیکھکر جیتے ہین وہ ان خطون ہی کو پیغام زندگی سمجھتے ہین۔ بیچارے کلیجہ تھامے

CHAMBERLAIN'S COLIC, CHOLERA AND DIARRHOEA REMEDY.



چیمبرلین کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوا

درد معدہ۔ پیچش۔ بدہضمی۔ ہیضہ۔ قولنج اور تمام معدہ اور امعا کی بیماریون کا علاج

اس عجیب و غریب دوا نے دنیا بھر کی دوسری دوا سے زیادہ انسانی جانین بچائی ہین اور درد و تکلیف کو آرام دیا ہے۔

یاد رکھو کہ ایک ہی خوراک سے معدہ کا درد دفع ہوجاتا ہے اور سخت پیچش کے علاج کے لیے تین خوراکون سے زیادہ کی ضرورت نہین ہوتی۔

صرف جڑی بوٹیون سے بنائی جاتی ہے ہاتھ تک نہین لگایا جاتا

ہر جگہ بکتی ہے

چھوٹی بوتل قیمت ایک روپیہ

بڑی بوتل قیمت دو روپیہ ۱۲

... تیار کیا تھا سو ویسا ہی ... ہو گیا ہے۔
... اب جنرل پوسٹ ماسٹر بھی ہر کیطرح کہنچے ہوئے ہین
... ادھر گورنمنٹ ... کے ماتش کے آگے کیطرح اکڑ ...
جاتے ہین بلکہ دونون مین زبان حال سے جو سوال و
جواب قدرتی طور پر ہو رہے اونکا فوٹو عالم خیال مین
اتار کر ہدیۂ ناظرین کیا جاتا ہے ۔

پہلا فوٹو

پوسٹ مین

نوٹس پہ بھی تنخواہ ہماری نہ بڑھائی
اسواسطے ہم سب نے ہے ہڑتال مچائی

جنرل پوسٹ

سچ کہہ دو یہ بھی تمہین کس نے ہے پڑھائی
کس مفسدہ پرداز نے یہ آگ لگائی

پوسٹ مین

ماتحت کی افسر سے کہان عہدہ برائی
ہڑتال مچانے کی اب دھن ہی سمائی

جنرل پوسٹ

بنیاد بغاوت کی ہے یہ تم نے اٹھائی
ہڑتال مین تم لوگون کی ہوئیگی تباہی

پوسٹ مین

یہ بات نئی دل سے نہین ہمنے بنائی

پھر کچھ سے ہے مزدورون نے ترکیب بتائی

جنرل پوسٹ

اب کام سے نکلوادو کہ ہے اسمین بھلائی
حاکم سے کوئی کرتا ہے ایسی بھی ڈھٹائی

دوسرا فوٹو

پوسٹ مین

ناحق ہمین اب آپ یہ بتا ہین بتاتے
تنخواہ بڑھاتے نہین باتین ہین بناتے

جنرل پوسٹ

ہم ایسا نہین باتون تو تمہاری نہین لاتے
باہر سے ہین خط بانٹنے والون کو بلاتے

پوسٹ مین

ہم بھی تو کہین شہر سے باہر نہین جاتے
دیکھین تو بھلا کام ہین کسطرح چلاتے

جنرل پوسٹ

باز آؤ حماقت سے یہ مرغوب نہین ہے
نادان ہو حاکم کو عبث ضد ہو دلاتے

پوسٹ مین

اس نوکری مین اپنی گزر اب نہین ہوتی
اس سے کہین بہتر تھا جا سے ہی بناتے

جنرل پوسٹ

... روٹی ... سے لے ... ہمارے
... سمجھتا ہے ... شکر ...

تیسرا فوٹو

پوسٹ مین

اسطرح تو ہم بات نہ مانینگے تمہاری
وردی جو لیا چاہو تو لو نوکری ہو جاری

جنرل پوسٹ

منہ زوریان ہم تمکو بھلا دینگے ساری
آخر کو اوٹھاؤگے بہت ذلت و خواری

پوسٹ مین

کیون زخم جگر پر نہ ہمارے لگے کاری
صاحب کا ہے ہر لفظ چھری اور کٹاری

جنرل پوسٹ

او مین چلا جاؤ کہ سر ہو گیا بھاری
تم لوگ سے بہتر نظر آتا ہے بھکاری

پوسٹ مین

ہوگی نہ اگر آپ سے کچھ کار برآری
انصاف کی دادی ہے گورنمنٹ ہماری

جنرل پوسٹ

ہان جا کے عدالت مین کرو گریہ و زاری
معلوم ہوا نوکری تمکو نہین پیاری

چوتھا فوٹو

پوسٹ مین

الزام لگا کر ہمین ناشاد کرینگے
اب جا کے گورنمنٹ سے فریاد کرینگے

جنرل پوسٹ

ہر وقت ہی سختی سے تمہین یاد کرینگے
نت روز نئے ہم ستم ایجاد کرینگے

پوسٹ مین

قدرت کے فرشتے اگر امداد کرینگے
پھر دیکھین تو کیا بانی بیداد کرینگے

جنرل پوسٹ

ہڑتال کی جو لوگ کہ بنیاد کرینگے
برباد حقوق اپنے وہ کیا یاد کرینگے

پوسٹ مین

ہڑتال نے بیداد کی ہم داد کرینگے
اس داد کو ہڑتال سے برباد کرینگے

جنرل پوسٹ

اس خبط و جنون سے تمہین آزاد کرینگے ... خاموش ... نہ فساد کرو ...
(یار باقی صحبت باقی)

۱۸۷۹ سے ۱۹۰۶ تک

تجربہ کا وقت

۲۷ سال سے زیادہ

اسکاٹ کا املشن

نہایت سخت تجربہ مین جو اطبای عالم نے کیا یہ ہو نہین پڑا اور آج اوسیکا نتیجہ ہو ساری دنیا مین ایک کرتا
امراض سینہ
سرفہ
ضعف ہاضمہ
کیواسطے اور بچے اور بوڑھے دونون کے لیے مقوی اور چنگا بنانے والی ہے ۔

ہاتھ سے نہین چھوا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (محدود)
دوا سازان ۔ لندن
انگلینڈ

جس دوسرے مین خلو معلوم ہوتے ہین نا اور بھدا پن پیدا ہوتا ہے۔

۱۶ جبکہ ایسی فربہی جا بجا گرفت۔ گرتے پیدا کرونے اور گوشت بے جا ڈھل آئے کیونکہ اس سے نظام ذموی کا بھدا پن پیدا ہو۔

۱۷ - جبکہ مٹاپا اوتر جاسے اور خانہ دار جھلی اور کھنچی ہوئی جلد ضعیف ہو۔ کیونکہ اوس سے جھریان پیدا ہوجاتی ہین۔

۱۸ - جبکہ تمام رطوبت اصلی جذب ہوکر ہڈی موتھڑے سے نکل آئین۔ پٹھے اور دیگر حصہ سخت اور جلد خشک ہو۔ کیونکہ ایسی صورت مین نظام دموی کا کم ہونا اور سن کی درازی ظاہر ہوتی ہے

۱۹ - جبکہ جلد نرم و نازک اور شفاف اور باریک اور صاف اور شاداب اور سکت دار نہ ہو جب رنگت مین صفائی اور تازگی ہو بال نرم و نازک اور گھنے نہ ہون ناخن چکنے شفاف اور گلابی نہ ہون کیونکہ اس سے بھی ضعف نظام پایا جاتا ہو۔

نقایص ذہنی

۱ - سر دھڑ کے دیکھتے بہ نسبت مرد کے چھوٹا نہ ہو کیونکہ عورت کیواسطے مناسب ہے کہ اوسکا نظام دماغی نظام دموی سے کم ہو کیونکہ ایسا نہ ہوگا تو جن کامون کے واسطے خدا نے اوسے مخلوق کیا ہے وہ بخوبی اور بآسانی انجام نہین پا سکتے۔

۲ - جبکہ آلات حواس خمسہ دماغ کو بہ نسبت مرد کے کسیقدر زیادہ

اوبھرے ہوے نہ ہون کیونکہ عورتون مین لازم ہے تعقل کی نسبت احساس زیادہ تیز ہو۔

۳ - جبکہ دماغ بہ نسبت آلات حواس کے مرد سے کم ہو کیونکہ عورت مین مرد کی بہ نسبت احساس زیادہ اور عقل کم ہونا مناسب ہو۔

۴ - تحت آلات حواس سے بہ نسبت مرد کے عورت مین چھوٹا نہ ہو۔ کیونکہ عورتون مین حس زیادہ اور جرأت کم ہونا چاہیے۔

۵ - اگر گدی تو کدار اور پیچھے کو بالتناسب نکلی ہو یعنی عورت کے ڈیل مین عریض ہونے کی جگہ لابنی ہو۔ کیونکہ اس سے عورت کی مرضی بہ نسبت استقلال کے شدید ہونا لازم ہے۔

۶ - اگر پشت سر کے تناسب سے پیشانی کشادہ تر ہو بلکہ برعکس اسکے پست اور تنگ ہو۔ کیونکہ وہ لحاظ اور خیال کی جگہ ہے اگر عضو چھوٹا ہوگا تو ظاہر ہے اوسکے خدمات بھی چھوٹے ہونگے اور اوس حالت مین ممکن ہے شہوات اور خواہشات مستولی ہون۔

۷ - اگر نزاکت جلدی اور سیقدر احساس عورت کی ممتاز نہو۔

۸ - اگر دہانہ تنگ نہو یا نتھنون کی حد سے باہر نکلا ہوا اور لب نزاکت کے ساتھ اور شیرنی نہون۔

۹ - جبکہ پیشانی کی سیدھ پر ناک نہ ہو یا خفیف سے گڑھے کے علاوہ بہت جگہ بیٹھے۔

کولے کے مردانہ ابھار سے مختلف اور ممیز ہو کیونکہ اس سے بھی وہی امر متذکرہ صدر پایا جاتا ہے۔

۱۳ - اگر کولون کے پیچھے اور ریڑھ کے دونون جانب اوپر دار کو گوشت بھرا بھرا نہو اور کمر تک بلند نہ ہو اور سرین پر جا کر ختم نہ ہو گیا ہو اور دونون کولون کے مابین جو سطح بنی ہو اور اسکے اوپر دونون جانب ایک ایک گڑھا بوجہ بلندی حصہ جات متصلہ نہ پیدا ہو گیا ہو - کیونکہ اس سے بھی اوسی نظام کا نقص پیدا ہے جو عورت کیواسطے لازمی ہے -

۱۴ - اگر خانہ دار جھلی اور گدازگی جسقدر اوس سے متعلق ہے اسقدر غالب نہو کہ تمام پھونکا اوبھار چھپ نہ گیا ہو اس سے بھی ضعف دم ثابت ہوتا ہے اور اس سے عورت کی صحت مین نقص آجاتا ہے - اگر عورت مین گدازگی اور گدراہٹ نہو تو لاکھ خوبیان ہون وہ حسین نہین کہی جاسکتی - دُبلی پتلی عورتون کی صورت کرخت ہوا کرتی ہے - منھ پر روکھاپن ہوتا ہے - رنگت مین تازگی نہین ہوتی - دہان و لب مین مسیحائی معدوم ہوتی ہے - روپ روغن مین نمک نہین ہوتا تناسب اعضا پایا نہین جاتا تمام حرکات و سکنات نخرے اور غمزے بدقوارہ بے ڈھنگے اور بھونڈے معلوم ہوتے ہین -

۱۵ - جبکہ فربہی بہت غالب ہو کیونکہ اس سے تمام اعضا

۱۰ - جبکہ آنکھین بالتناسب بڑی اور بالکل صاف شفاف بہر حسین نہون -

۱۱ - بیچوٹے بیضوی ہونے کے عوض مدور بندر - بلی یا چڑیون کی آنکھ کی طرح ہون کیونکہ گول آنکھ جب بڑی ہوتی ہے - خاصکر جبکہ سیاہ ہو تو اوس سے ہمیشہ ایک طرح کی جرأت پائی جاتی ہے اور جب چھوٹے ہون تو ایک طرح کا مکر اور فریب اوس سے ثابت ہوتا ہے -

۱۲ - جب پلکین لانبی اور ریشم سی نرم نہون اوسکے اوپر بھوین نرم بال نہون اور ممیز طور سے محراب دار نہون -

۱۳ - جبکہ کان اسقدر اوبھرے ہوئے ہون کہ سر کی بیضویت کو متغیر کردین اور اسکی سطح ابھارون سے بدنما ہو گئی ہو -

باب اکیسوان

۱ آثار ظاہری - یعنے باوجود اعانت پوشاک کے جسمیت اصلی مقدار حسن - کیفیت ذہن - نوعیت عادات اور عمر بخوبی معلوم ہو سکے - (۲)

قامت کے آثار خارجی

شمائل کے ظاہری آثار اون اعضا کے ملاحظہ کرنے سے معلوم ہوتے ہین جو عموماً پوشاک سے چھپے رہا کرتے ہین اور یہ باتین ایک ہوشیار نظر باز کو رفتار دیکھنے سے بخوبی معلوم ہو سکتی ہین -

شکایات سے لبریز فلر

نہ تو شیشہ ہی ملا اور نہ ساغر پایا   ساقیا لے تری محفل سے چلے بھر پایا

کسی سیٹھ لوگ نے بھی کو نیدن ٹھوہ دین سہارا جو مجھے پار اُترنے والے

بھائی جی رام رام - رام رام سیٹھ جی رام رام
کہو بھائی جی کہیں تھے؟ ہان سیٹھ جی سب آنند آپکے کرپا
آپکے یہان تو سب خیر صلاح ہے؟ ہان جی سب کشل ہے -
سیٹھ جی گنگا جی نہین چلوگے؟ کیون؟ سوموتی اماوس ہے
ابھی جی نہاتی ہو -
ابھی تو روز کی ہین سال مین کبھی گنگا اشنان بھی
کر لیا کرو -
بھائی جی تم جانتے نہین کا پور مین مرد لوگ کو گھاٹ الگ
اور استریان الگ نہاوین ہین سو موکون کچھو بہو تو شو
علوم دیوے ہے - اور یہان واہ! قہہ قہہ تو باتھ
ارے سیٹھ جی تو بہتیر غلطی ہوتے جاتے ہین خیر باشد
نہاؤ اور بڑی پر بیٹھ جاؤ دیکھا رام جانے تجھے سے کہوب
دیکھو - بڑی بڑی شروب وان استریان نہایان
کمتر اندریان آدینا بہ شرم نہاتے ہین - استری پرش
کر سنگم - ہمتو روپ تو دش بچے لون بیٹھ کے تماشو
دیکھین ہین - پھر آپکے دوکا نوکھولین ہین -
سیٹھ جی تمھین شرم نہین آتی کہ تمہاری ہی قوم کی
عورتین اسطرح بے پردگی کے ساتھ ایک گھاٹ پر
مرد و عورت ساتھ نہاوین اور تمھین اونھین گھورو -
افسوس بانہ شہر کے رئیسون کی اسکی کوئی فکر کہ علیحدہ
علیحدہ گھاٹ بنوادین - نہ مینوسپل کیطرف سے گورنمنٹ
کی توجہ دلائی جاتی ہے - یہ تو بڑا بھاری شہر ہے
اگر ایک دو اولو العزم متمول مہاجن چاہین تو آسانی
سے انتظام ہوسکتا ہے ورنہ چندہ سے بندوبست
کر دیں - درحقیقت نہایت ندامت کا موقع ہے جن
شہرون مین گھاٹ مردانہ زنانہ علیحدہ ہے وہان دیکھیے
کسی قسم کی شکایت نہین -
(سیٹھ جی) ہان بھائی جی کہو تو ٹھیک ہو - مین تو
کمشنر صاحب کو بھی کہہ جانٹ شاب کی کچہری مون مین
سیہے شوا گئی دیہان کہون گو چڑ ور
جات جنانہ و مرد انہو والگ الگ بڑو اذیت ہو
جیسے - نا ہین تو مہاڑو اشتہار
سیٹھ جی جج صاحب کچھ نہین کرسکتے اسین تو ڈپٹی کمشنر
صاحب کے کان تک بھنک پہونچانی چاہئے اور کمیٹی
ہو کر کوئی شکل عمل آوے تو کیا عجب -
(سیٹھ) اچھا تو مہاڑو شگو بھائی جو میٹر ہے شو پر وشی
کو ڈر کر کٹ دیکھنو جاوے ہے اور بڑے شاب کے
بنگلہ پر ہو بیو آوے ہے واسے کہدون گو
ابی سیٹھ جی کسی معزز آدمی کے کہنے سننے سے صاحب
سیلن گے جیسے راجہ - نواب تعلقہ دار جوہری - مہاجن - وغیرہ
یا امیر اغیر انتھو خیر اسے -
ابی شیخ تو ٹھگو تو یوہے کہ اودہ پنچ مین چھپوا دیو جائے
شاب آپ جات لین گے - بڑ پاڑ ہمار و لو (اور بہتیرے
بے پہنچو ان کو) مجو جاتو رہیگو شو یا کو اب
بے فکری پھکڑون کا مزا جاتا رہیگا سو اسکا عذر
شواب تمہارا بڑی اوپر ہے -

ہم بلبل دست آید وہم یاز نرنجد

بقلم
کے - پی

مینڈک کی گھوڑا

ابتک عربی - ترکی - ایرانی - کاٹھیاوار - جنگلی - اغیرہ وغیرہ
قسمین گھوڑون کی آپنے سنی ہونگی - مگر یہ نئی قسم کا گھوڑا ہے -
یعنی یورپ کے مشہور سیاح "مسٹر راگ مانٹ" کا بیان تھا
کہ مجھے دوران سفر اکثر مینڈک پر سوار ہوکر پانی عبور کرنا
پڑا ہے - مگر یورپ والون نے اس بیان پر قہقہے لگائے
اور محض لاف و گپ سمجھے جسپر مسٹر موصوف نے ایک دن
جھلا کے ویسے ہی مینڈک کو دیکھکر آؤ دیکھا نہ تاؤ -
کود پڑے دریا مین اور اوسپر لد لیے - لطف یہ کہ مینڈک
حسب منشاء و خواہش "مسٹر راگ مانٹ" جدھر کو انھون
نے کہا اُدھر ہی کو چلا - سیاحون کی بدولت
ایک نہ ایک لطیفہ سننے مین آہی جاتا ہے - واللہ اگر
اس قسم کے مینڈک یہان پیدا ہو جائین تو عجیب لطف
ہو ہر امیر و غریب کے پاس ایک ایک گھوڑا ہو - بلکہ اپنی
خوشی رہی خواہ دو گھوڑے -
ضرورت نہ دانہ گھاس کا جھگڑا نہ اصطبل کی فکر نہ اگاڑی
پچھاڑی کی حاجت - گھر میں رسا باندھا اور قریب کے
کسی دریا یا جھیل مین چھوڑ دیا - اور اطمینان سے گھر
آبیٹھے - وہ بیٹھا تا رہیگا پانی کے کیڑے مکوڑے
اور گھاس - جب کبھی کسی دریا کے پار اوترنے کی
ضرورت ہوئی رسا کھینچا اور مسٹر مینڈک کو سر پر
یا اگر وہ (بھاری ہو تو ٹھیلے پر) لادا اور چلدیے -
جب ہی دریا پر پہنچے گھوڑے کو پانی مین چھوڑا اور
ساتھ ہی ساتھ خود بھی غڑاپ اور چھپاک سے سواری
گانٹھ لی - پچ پچ کرتے ہوئے پار پہنچ گئے بس
پھر وہ ہی ترکیب یعنی دُم مین رسا باندھا اور کنارے
پر میخ ٹھونک کر جکڑ دیا - خود چلدیے - کام سے فارغ
ہوکر دریا پر آ اور مینڈک نما کشتی کا لنگر اٹھا واپسی
کی ٹھہرائی - نہ کسی کے لینے مین نہ دینے مین - اپنے
گھر جا دھمکے - اللہ اللہ خیر صلاح
سیاحون کے تجربے سیاحت کے چٹکلے - اگر مینڈکون
کی سواری کا رواج ہو گیا تو جہازون اور کشتیون
کو نقصان پہنچنے کے علاوہ لوگون کو بیرسٹری
پاس کرنا آسان ہو جائیگا - کچھ ضرورت نہین کہ جہاز
کی روانگی کی تاریخ کا انتظار کیا جائے - مینڈک پر
چڑھے اور گئے یا چلو - سمندر کا سفر پھر تو ایک
دن کی بات ہوگا - نہ جہاز کا کرایہ دینا ہوگا اور وہ
بار بار استفراغ ہوگا جو جہاز مین ہوتا ہے - اور

دمہ کا کامل علاج

بابو جگپت رائے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس
دمہ کے مریضون کو جو اتوار کے دن بارہ بجے
سے دو بجے تک اونکے پاس جاتی ہین
آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت
ہو جاتی ہے - یعنے پھر دمہ زندگی بھر
نہین ہوتا مفت دیتے ہین -

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزون میڈیکل کالج کے پروفیسرون۔ نامور ڈاکٹرون۔ والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ جالا۔ پڑوال۔ غبار۔ ہیل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیابند۔ ناخنہ۔ پانی جاتا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے ادویہ کے مریضون پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہین۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہین رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اٹھاسکین۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہے مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خاص ممیرہ فی ماشہ بیس روپیہ مصری سرمہ فی تولہ ۴ خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

المشتہر

پروفیسر میا سنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

انسے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہے

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب تسلیم مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ کو تقریباً تیس مریضون پر استعمال کیا۔ جو موتیابند۔ دھند چھولا۔ ناخونہ۔ آنکھون مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے ان مریضون پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور بے حد پایا میری رائے مین آپکا سرمہ مثل یوٹیہ کونین بذریعہ ڈاکخانجات اور ہر گاؤن کے نمبردار اسکی معرفت فروخت ہونا چاہیے تاکہ امیر وغریب آپکے سرمہ سے مستفید ہوکر آپکو دعائے خیر سے یاد کرین براے مہربانی ایک تولہ ممیرے کا سرمہ سفید اعلی قسم وی۔ پی۔ پوسٹ بھیجدین۔

راقم۔ ڈاکٹر چودھری امیر خان میڈیکل انچارج شفاخانہ [illegible] ضلع [illegible]

(۲) مین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ صاحب نے خود بنایا ہے خود اور بہت بیمارون پر استعمال کرکے دیکھا ہے۔ اور مین بہت بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ نادر ممیرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھوں کی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مین نے اپنے تجربہ مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا مین استعمال سے آنکھون مین ذرا بھی کسی قسم کی شکایت نہین ہوئی۔ مین ہر ایک کو استعمال کرنے کی سفارش کرتا ہون [illegible]

مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند۔ خارش۔ سرخی چشم کیواسطے نہایت گزری اور دیا کے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور سچ مچ آپنے اسقدر سستے دامون مین یہ سرمہ تیار کرکے ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہے جسکا شکریہ [illegible] مین ہو نا محال ہے۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہوکر فائدہ اٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماری سے نجات حاصل کرین۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۳) مین نے اور میرے بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہے استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھون کی بیماریون کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ آنکھون کو تر و تازہ رکھتا ہے اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قایم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہے۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔

ظفر نصیب محمد حیات خان خان بہادر سی۔ ایس۔ آئی۔ سابق ڈویژنل جج قسمت جالندھر۔ ممبر کونسل [illegible]

(۴) جناب سودھی صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ [illegible] چشم کے لیے بہت مفید ہے میری آنکھین [illegible]

[illegible] پہلے بہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا۔ اب میری یہ کیفیت ہے کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے تین تین پہر [illegible] اچھی طرح کام کرسکتا ہون۔

راقم۔ میان خورشید محمد سلطان خلف نواب نسیم محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپکے اشتہار مین لکھا ہے اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑ دیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھ پڑھ سکتا ہون۔

راقم۔ راؤ باکشن گورنمنٹ پنشنر مقام [illegible]

پانچ ہزار روپیہ انعام

[illegible]

...ہیں ...

راقم

اے - سلیم - بریلوی

بھنگیوں کی کمائی حلال خوروں نے کھائی

عقل مجسم ... کرم ... صاحب -

آپکو کچھ خبر بھی ہے کہ کسطرح کی ہوائین بہہ رہی ہے آپ تو کوئی بڑی سی بات ہے کہ دوسرا دھار بارش مین اپنے پرفضا کمرے سے قدم باہر نکالین سنئیے ایک تازہ خبر سنئیے - بیچارے غریب محتاج جفاکش (بھنگی) کی گاڑھی کمائی حلال خورون نے اپنے اوپر حلال کی۔

کل جو بیچارے گشت کرتے ہوے ایک طرف وارد ہوے تو دیکھا کہ کچھ آدمی ایک مقام پر جمع ہین خیال ہوا کہ شاید کوئی عجیب غریب تماشا ہے چلئے جا کر کیا دیکھتے ہین کہ ایک جاروب کش مہتر زار و قطار رو رہا ہے - اور یہ درد انگیز بین کر رہا ہے دو ماہ سے لٹ لیا - برباد ہوگیا - میرے جورو بچے بے موت مرجائین گے - مہینا بھر تک کیا پھانک کے جیئے گین - میری بچون کی روزی بھی چھین رکھا ہے دل بیتاب ہوگیا اور اوس سے کیفیت دریافت کرنے لگا۔

ارے کچھ کہو تو سہی کیا ہوا۔

مہتر - جائیے میان اپنا کام کیجیے مین اپنا دکھ اپنے پرمیشر سے کہہ رہا ہون وہی فریاد سنے گا۔ آپ سے کیا کہون۔

بھلا کچھ معلوم تو ہو - تجھکو کسنے ستایا ہے۔

مہتر - حضور مین جھاڑو دینے والا ہون صبح سے شام تک سڑک پر جھاڑو دیتا ہون لید گوبر میلا کچرا اوٹھاتا ہون - راستہ - گلی - مہتری نالی وغیرہ کی صفائی مین گرد برد رہتا ہون تب کہین مہینہ بھر بعد بگار (تنخواہ) ملتی ہے - اسی پر زندگی بسر ہوتی ہے جورو بچے پلتے ہین - جبکہ اتنی تھوڑی سی کمائی مین بھی بیدید ذوقی حصہ دار ہو جائین تو پھر بھلا ہم مرین گے یا جئین گے۔

آپکے پتہ کیا لگتا ہو یہ تو انگریزی عملداری ہے اسمین ایسا اندھیر نہین ہو سکتا - کیا تم اپنے صاحب سے اطلاع نہین کر سکتا۔

مہتر - واہ حضور صاحب بہادر کیا گلی کوچون مین مارے مارے پھرتے ہین وہ اپنے ہوا دار بنگلے مین مزے اڑاتے ہین وہان تک کیا مقدم جانے دیگا او سکے اور چپراسیون کے بھی جالے ہوتے ہین - اگر جرأت کر کے رونا پیٹنا وہان تک پہونچ بھی جاؤن تو وہ ٹھوکرین نصیب ہون کہ تلی پھٹ جائے یا نمونیا ہو جائے۔

کیا آج تم لوگون کی تنخواہ بٹی ہے۔

مہتر - جی ہان تنخواہ بٹی ہے مگر مین جیسا گیا تھا ویسا ہی خالی ہاتھ آیا ہون - کہنے کو تو تنخواہ پائی مگر میرے پاس ایک پائی بھی نہین - پہلے تو مہاجن نے گریبان پکڑ کر پیسہ وصول کیا باقی عملدارون نے چھین جھپٹ لیا - اگر نہ دیتا تو لات گھونسے سے مرمت کرتے ہڈیان نرم کر دیتے ہائے مار ڈالا - ہائے لوٹ لیا - مہینہ بھر کا فاقہ کس سے ہو سکیگا - اے رام اے پرمیشر اے بھگوان اے اللہ تیرا ہی آسرا ہے۔

اسی بیخودی کی حالت مین اوسنے رو رو کر اسطرح نوحہ شروع کیا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ یہ صدمہ اسکو دیوانہ بنا کر چھوڑے گا۔

نوحہ

کر زور سے کس ظلم سے بیدردون نے کھائی	مہتر کی کمائی
لوٹی ہے مقدم نے دہائی ہے دہائی	مہتر کی کمائی
جورو مری پوچھیگی تو کیا اوس سے کہونگا	کیا عذر کرونگا
بچون کو مرے موت سے ہوگی نہ رہائی	مہتر کی کمائی
کسطرح اوٹھائے کوئی ہر روز یہ بیداد	ہو سخت یہ افتاد
فریاد جو صاحب سے کرون کب ہو رسائی	مہتر کی کمائی
سن پائے جو دشمن تو قیامت ہی بپا ہو	کیا جانئے کیا ہو
ہو جائے مری دشمن جان ساری خدائی	مہتر کی کمائی
صاحب کو غرض کیا جو کرین بات کی تحقیق	مطلق نہین توفیق
اندھیر ہے بچتی نہین تنخواہ مین پائی	مہتر کی کمائی
اے ... تمہین دادرسی کے لیے آؤ	آفت سے بچاؤ
جو بات کہ بیتی تھی وہ ... سنائی	مہتر کی کمائی

راقم

س - م - ا -

از بمبئی

شہری پرچے

دیکھئے آجکل تھیٹر آیا ہوا ہے - نت نئے تماشے ہورہے - شہری مین گرہ کاٹ کے ٹکٹ لیتے ہین کیا معنی تماشہ دیکھنا ضرور - دو سرکس ابھی ابھی آئے تھے اور چلدیئے۔

دو تھیٹرے بڑے بڑے سورما پہلوان آئے ہوے ہین انکا وہ زور شور ہے کہ کمر و رون کا طور بیطور ہے۔ ایسے وقت مین اگر لکھنؤ کسی پر بل پڑے تو بیچارا چھوڑانا مشکل ہو جائے۔

تیسرے ڈاکخانہ کی شاخ آپکے پروس مین آئی ہے نئے گاؤن مین آپکے دفتر کے نزدیک سب پوسٹ آفس کھلا ہے - آس پاس کے لوگون کو چاہیئے کہ اس سے فائدہ اوٹھائین ورنہ وہ آفس ہوجائیگا بند اور معاملہ ہین تیرہ - آنہ مالشی ہے

چوتھے فریقین کو غصہ آرہا ہے - بھنگی گنج کے نکڑ کی مسجد کے سامنے کی دو دوکانین دو منزلہ بنائی جارہی تھین کہ سنی مزاحم ہوے - مسجد اوٹ مین ہو جائیگی - سٹی مجسٹریٹ نے معائنہ کر کے تعمیر کرادی بند - قل شتاب ہوگیا -

راقم

اے - آر - لوکل نگار

انعام پندرہ روپیہ عہ

میری دست آویز رہن نامہ نوشتہ ... بخش موسوم ... ساکن قصبہ آسیون ضلع اوناؤ مرقومہ ... اگست سنہ ۱۹۲۶ء -

شہر لکھنؤ مین آس سڑک پر جو کوٹھی روشن الدولہ سے امین آباد ہوتی ہوئی چار باغ کو گئی ہے - بتاریخ ۴ - جولائی سنہ ۱۹۲۶ء کہین گر گئی ہے - لہذا اشتہار دیا جاتا ہے کہ جس شخص نے دست آویز کو پایا ہو وہ حوالہ کردے عہ روپیہ انعام دیا جائیگا۔ اگر بعد اشتہار ہکو اطلاع نہ دیگی تو وہ مال مسروقہ متصور ہوگی۔

المشتہر

نور الحسن قصبہ آسیون ضلع اوناؤ

س نقشہ شطرنج مندرجہ اخبار ہذا مطبوعہ

۹ - اگست ۱۹۰۶ع

کرم فرمائے بندہ - تسلیم۔

آپ کے اخبار مطبوعہ ۹ - اگست ۱۹۰۶ع میں نقشہ شطرنج کا جو میں نے بھیجا تھا اُسکے حل صرف میرے پاس چار - پانچ آئے - چونکہ سب کے پہلے محمد حسین احمد صاحب ضلع شیخوپورہ نے حل نقشہ کا بھیجا تھا اسلیے اونکو انعام بھیجدیا -

اب نقشہ کا حل روانہ کرتا ہوں مہربانی کرکے اپنے اخبار کے ایک کونے میں اسکو بھی جگہ دیجیے -

نقشہ حل

فیل سفید	۷	۶	۵	۴	۳	۲	شاہ سفید
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱ فرزین سیاہ	۱۰	۹ پیدل سفید
۲۴	۲۳	۲۲ رخ سفید	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸ پیدل سفید	۱۰
۳۲	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۶	۱۵
۴۰	۳۹	۳۸ فیل سیاہ	۳۷ گھوڑا سیاہ	۳۶	۳۵	۳۴	۳۳
۴۸	۴۷	۴۶ فیل سیاہ	۴۵ گھوڑا سیاہ	۴۴	۴۳	۴۲ رخ سفید	۴۱
۵۶	۵۵	۵۴	۵۳ رخ سیاہ	۵۲	۵۱	۵۰	۴۹
۶۴ رخ سیاہ	۶۳	۶۲	۶۱	۶۰	۵۹ شاہ سیاہ	۵۸ گھوڑا سفید	۵۷ فرزین

(۱) گھوڑا سفید از شکر خانہ نمبر ۴۱ میں جاتا ہے - اور فرزین کی آڑ تی ہوئی شہ پڑتی ہے - شاہ سیاہ مجبور ہے کہ خانہ نمبر ۵۲ میں جاتا ہے -

(۲) رخ سفید خانہ نمبر ۴۲ سے چلکر خانہ نمبر ۴۴ میں جاتا ہے - شاہ سیاہ کو مجبوراً ہارنا پڑیگا -

(۳) فرزین سفید خانہ نمبر ۵۷ سے چلکر خانہ نمبر ۲۰ پر جاتا ہے - شاہ سیاہ کو پیچھے ہٹنا پڑیگا -

(۴) رخ سفید خانہ نمبر ۲۲ سے چلکر خانہ نمبر ۲۰ میں جاتا ہے - رخ کی مدد و نیز فیل کی آڑ دی ہوئی شہ پڑتی ہے - شاہ کو کوئی گھر نہیں ہے -

کرم حسین خلف شیخ رعایت حسین صاحب ... مرحوم ضلع ہردوئی

نہ معلوم قسمت مین کیا لکھا ہے

غلط ! بالکل غلط !! یہ کیا کہا کہ نہ معلوم قسمت مین کیا لکھا ہے کیا قسمت کا حال معلوم نہین ہوسکتا ؟ میرا خیال تو یہی ہے کہ نہین ہوسکتا -

نہین ! نہین !! بالکل غلط - ہو نہین سکتا ؟ اچھا آپ فرمایئے کسطرح ہوسکتا ہو ؟ مجھے فرمانے کی کیا ضرورت ہے ۸ روانہ خرچ کرو - منشی نذیر احمد بی - اے کا کاشف تقدیر منگا لو - بس چھپی ہوئی چودہ طبق روشن ہوجائین گے - جو کچھ قسمت مین ہے سب معلوم ہوجائیگا - بڑے کام کی چیز ہے - مثلاً اگر قسمت مین لکھا ہو کہ کل شہراب جی کی دوکان سے واپسی مین گھوڑا ٹھوکر رسید کریگا لہذا یہ شخص جسے تقدیر کا حال معلوم ہے ہوشیار ہوجائیگا - ٹھوکر تو لگیگی ہی مگر مالم بیخبری مین جو زیادہ چوٹ آتی اوس سے بچ جائیگا - یا کسی کی قسمت مین لکھا ہے کہ فلان دن ریل کے سفر مین ٹکٹ لیکر اگر جلدی ہی درجہ مین نہ بیٹھ گیا تو باوجود انٹر کلاس ٹکٹ کے تھرڈ کلاس مین جگہ ملے گی - بس اب تقدیر کا حال جاننے والا ہوشیار ہوجائیگا اور ٹکٹ لیتے ہی پھر خواہ پاپوچھے چلانے ٹکٹ دیکھنا چاہے مگر وہ کہدیگا کہ ذرا صبر کیجیے جناب - پہلے مین گھس جاؤن یہ تقدیری معاملات ہین پھر جگہ نہین ملیگی - اور پہلے درجے مین بیٹھ لیگا تب ٹکٹ کلکٹر سے بات کریگا وغیرہ وغیرہ ابھی نہین - ایسا ہو نہین سکتا - کیا - ایسا نہین ہوسکتا اسکے معنے یہ ہین کہ تعلیم یافتہ مڈل پاس نہین - بی اے بھی کبھی کبھی ایسا لغو بکتے ہین ؟ بھائی صاحب کچھ ہی سمجھو مین تو لغو ہی سمجھتا ہون وجہ کیا کہ یہ

... کوئی ... سکے ... کیا ہوگا -

اور ... انگریزی کا مقولہ ہے کہ

(فورون فورز واٹ ہار کنگ)

اور شیخ ہندی کا مقولہ ہے کہ (استری کا چرتر پرش کا بھاگ - دیوتا بھی نہین جانتے) یعنی عورت کا فریب اور آدمی کی قسمت اسکا پتہ دیوتا ؤن کو نہین ہے آدمی تو چیز کیا ہے - علاوہ برین اگر تقدیر کا علم ہو تو بزرگان دین کو ہوتا - پھر وہ ان لڑائیون کو جن مین شکست ہوئی کبھی نہ لڑتے - کیون کہ فتح - شکست عزت ذلت جو ہوگی وہ موافق عقاید درج قسمت ہے - جھوٹ تو نہین کہتا ؟ اجی یہ سب معمولی باتین ہین - لاحول ولا قوۃ - کیا بکتے ہو ؟ خدا کے کلام کی عزت نہین ؟ انگریزی کیا پڑھی کہ فرعون ہوگئے - تمھارے عقیدے مین فرق ہے - جاؤ غلام علی شاہ کی مسجد مین وہان حافظ جی رہتے ہین اونسے ملکر رفع شک کرو مگر وہ کھانے کی فرمایش کر دیتے ہین - اسکا بندوبست کرلینا -

راقم

مولوی خوشحال خان کا مُرید

استفسار

برا ہ نام تحفہ اخبار شریف " لاہور مین دیکھتا ہون کہ مہاراجہ صاحب کشمیر گلمرغ سے مری تشریف لے آگئے - خوب ! اور واقعی میں نے آجتک گلمرگ - اور مری تحریر سنا تھا کیا کوئی واقفکار صاحب بتا سکتے ہین کہ ان مقامون کا نام گلمرغ اور مری تحریر ہی یا گلمرگ اور مری تحریر کا ترجمہ کر دیا گیا ہے اگر ترجمہ ہے تو کس زبان مین - اور یہ تبادلہ حروف کس قاعدہ سے ہوا ہے ؟ (بہت سخت نوازش ہوگی) -

نیازمند - مستفسر بریلوی

دیسی گبرون

پہننے لودیانہ کلاتھ - کوٹ - قمیص پاجامہ وغیرہ کیلیے نہایت عمدہ اور نئے نئے نمونے کے جامے یہان تیار ہوتے ہین - نمونہ درخواست آنے پر مفت ارسال ہوتے ہین -

المشتہر

شیخ الٰہی بخش سودیشی کلاتھ مرچنٹ لدھیانہ پنجاب

[illegible]

[illegible]

(از مضمون عصر جدید)

مگر نہیں ہم بھی کچھ دوسری قوموں سے ملتے کرتے ہیں۔ کبھی چندہ دو ہوسے کرد کیتھی سے دکن میں کمیونٹی کالج قایم کرسکنے کیلیے اوس الاصدر پہ کمال کرتے شیکسپیر یا۔ وڈ اوسکی کالج کی سر بفلک عمارتیں عالم خیال میں مسلمان بچون کی تعلیمگاہ ہیں۔

اس سے قبل علیگڈہ کے ضلع کے ایک مسلمان شہر والی تانا کا ۲ لاکھ کا عطیہ اخباری دنیا کو معلوم ہوگا جسکا اعلان تو ہو ہی چکا ہے۔ مزدور سے قیامت میں ادا بھی ہو جائیگا مشرف۔ ان خیالات کو دیکھکر یہی سمجھ میں آتا ہے کہ ہم میں قومی احساس اور عملی قوت ہی نہیں رہی ہے۔

اسوقت جبکہ ملک میں آبادی دن دونی رات سوائی بڑھتی چلی جا رہی ہے ذرایع معاش کا دائرہ محدود ہوتا چلا جاتا ہے۔ اخراجات کا بار اور ضروریات زندگی بڑھتی چلی جا رہی ہیں۔ ملک کی تجارت غارت ہو چکی ہے زراعت کو امریکہ نے گرد کر دیا ہے۔ صنعت و حرفت میکنکس کی رو میں پامال ہو چکی ہے۔ [illegible] کا دروازہ بند ہو چکا ہے۔ اور ایک ایک ادنی ملازمت کے لیے سیکڑوں عرضیوں کا آنا ہمارا افلاس وصد بیمار کا سا معاملہ ہو رہا ہے اور ہمارے افلاس کی بین شہادت پیش کر رہا ہے۔ لبرل ایجوکیشنل ہمارے حالات کے لحاظ سے کاسہ گدائی ثابت ہو چکا ہے۔ اسوقت ہمارے وطنی بھائیون نے جو بلحاظ سے ہم سے بدرجہا بہتر ہیں نہایت سوچ سمجھ کر یہ مسئلہ اچھی طرح حل کر دیا ہے۔ کہ محض لبرل ایجوکیشن ہمارے درد کی دوا نہیں ہوسکتی چنانچہ انھوں نے اپنی توجہ صنعت و حرفت پر اور سائنس کی طرف مبذول کی ہے اور کوئی دن نہیں جاتا جو یہ سننے میں آتا ہو کہ فلان جگہ سے اتنے لڑکے جاپان یا امریکہ یا یورپ حرفتی تعلیم کے لئے روانہ ہوے یا کہ فلان شخص نے اتنے وظیفے یا اتنا چندہ حرفتی تعلیم کے لیے دیا۔ دن رات نئے نئے اور قسم قسم کے کارخانے نئی نئی کمپنیان اور نئے نئے بنک کھلتے چلے جا رہے ہیں۔ مگر افسوس ہے نہ کوئی مسلمان طالب علم حرفتی تعلیم کے لیے جاتا نظر آتا ہے نہ کوئی اسلامی چندہ صنعت و حرفت کے لیے سنا جاتا ہے۔ نہ کوئی کارخانہ یا بنک قایم ہوتا ہے۔ نہ اس قسم کی کوئی شخص کوشش ہی کرتا نظر آتا ہے۔ ع

کھل رہے ہیں جا بجا کارخانے ملک میں
جنکے ملک میں وطنی بھائی ہیں ہمت سربسر
جو لگے ہیں ملکی ترقی کے لیے اک فال نیک
جنکی آنکھیں ہیں مثل روز روشن جلوہ گر
قوم کا نقشہ نہ وہان پاؤگے تم اسکے سوا
دل بجھے قلیون کی اک فوج آئیگی تمکو نظر

ان اشعار میں وہ حالت دکھائی گئی ہے جو آجکل کی ہے۔ لیکن اگر ہم اسی طرح سے بے خبر پڑے رہے تو عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہے جبکہ ہمکو کوئی قلیون میں بھی نہ رکھیگا۔

ہمارے ابنائے وطن ملک کی پست حالت کو مدت سے دیکھ رہے تھے اور اسکی مداوا کی صورت سوچنے میں مشغول تھے کہ تقسیم بنگال کے مسئلہ نے میگزین کو چنگاری دکھا دی۔ اس سرے سے اوس سرے تک آگ لگ گئی۔ سودیشی سودیشی کا غل مچ گیا بائیکاٹ ہونے لگا۔ ولایتی مال جلایا جانے لگا۔ دیسی مال دگنی اور چوگنی قیمت پر بکنے لگا۔ جو تا یہانتک بڑہا کہ ننھے ننھے بچون تک کے عجیب عجیب قصے سننے میں آتے ہیں۔ ہم کو کاہلی ہمارا شیوہ اور کام کرنے والون کی مخالفت کرنا ہمارا شغل رہا ہے۔ ہم سودیشی تحریک میں کیسے شریک ہوتے۔ اور اتنے میں خوش قسمتی سے بہانہ بسیار کا معاملہ ہو گیا۔ گورنمنٹ کی مخالفت کا نام نکل گیا۔ اتنی سستی وبیکاری کے لیے اچھا بہانہ بلکہ سرٹیفکٹ ہاتھ آ گیا۔ اب اسطرف توجہ کرے ہماری بلا۔

اسمین شک نہین کہ جس طریقے سے ہمارے ابنائے وطن نے اس تحریک کو چلایا ہے وہ ضرورت سے زیادہ جوش اور ایک سرکاری حکم کی مخالفت کی آمیزش کیوجہ سے غلط اصول پر مبنی ہو گیا ہے اور یہ جوش خالص نیک نیتی پر مبنی نہ ہونے کیوجہ سے دیرپا نظر نہین آتا۔ علاوہ ازین بائے کاٹ کی تحریک نظر بہ حالات زمانہ اپنے پاؤن چلتی نظر نہین آتی۔ کیونکہ ملک مین باہر کا مال آنا بند نہو گا اور ملک سستا اور دلفریب مال لینا بند نہ کریگا۔ غرض پولیٹکل اکانمی کی صریح مخالفت اس تحریک کو چلنے نہ دیگی۔ غرض بائیکاٹ سے انگریزونکا کوئی نقصان نہ ہوگا۔ ہمارا فرض تھا کہ ضرورت ملک۔ ولایت کے کارخانون کو اپنی سستی مزدوری سے مات دیتے۔ آخر رفتہ رفتہ ہمارے ملکون ہمارا ہی مال بکنے اور ہماری دولت ہمارے ہی ملک مین رہنے لگتی۔ اگر سودیشی تحریک پولیٹکس سے جدا کر دیجاوے اور استقلال کے ساتھ ملکی حرفت کو زندہ کیا جاوے تو ہندوستان کو یقینی فائدہ پہونچنے کی امید ہو سکتی ہے۔ غرض یہ غلطی دور ہوگی اس تحریک مین وہ پائیداری کی جڑ جم جائے گی۔ ہمارے ابنائے وطن کے سون مین [illegible] اور دماغ مین عقل ہی وہ اپنی اس غلطی کو جلد ہی معلوم کرلین گے اور فوراً اصلاح بھی کر لین گے۔ مگر ہم کہ اپنی خوسے بدسے لاچار ہین اسی طرح مثل بید صحت دنیا بیٹھے بیٹھے حیلے حوالے بناتے رہین گے اور جسوقت ہمارے وطنی بھائی اس میدان مین بھی گنجایش نہ چھوڑینگے اور ہماری قوم کے لیے روزی کے سب رستے بند کرکے نان شبینہ تک محتاج کر دینگے اسوقت بعد ہزار رسوائی ہم بھی ہاتھ پاؤن ہلانا چاہین گے۔ لیکن نتیجہ وہی ہوگا جو بیشتر سب تحریکون کا ہو چکا ہے۔ بلکہ اس سے بھی بدرجہا بدتر۔ اگر اسوقت اپنی حالت پر ہم پچھتائین گے لیکن پچھتانے سے کچھ نہ ہوگا۔ کیونکہ پھر پچھتائے سے کیا ہوتا ہے جب چڑیان چگ گئین کھیت۔

ہماری اکثر اخبار نویس اور مدعیان لیڈری جیسے کچھ دعوے کرتے ہین۔ کہ آج نہین بلکہ بیسیون برس سے ہم دیسی صنعت کے معاون اور سودیشی کے دل سے خیر طلب ہین۔ اور بجائے خود اسمین کوشش کرتے ہین لیکن چونکہ ہندوؤن نے اس مسئلہ کو ایک پولیٹکل مسئلہ بنا دیا ہے اور تقسیم بنگال منسوخ کرانے کے واسطے شور شغب ہے اسلیے ہم انکے ساتھ اس کام مین شریک نہین ہو سکتے۔ مگر افسوس جہانتک مین خیال کرتا ہون یہ سب انکے زبانی دعوے ہین اگر وہ بیسیون برس سے سودیشی تحریک کے محرک رہے ہین تو یہ بتائین کہ اتنے عرصہ مین انھون نے عملاً کیا کرکے دکھایا۔ اخبار کا دوزخ بھرنے کیلئے برس دو برس مین دو چار مضمون لکھدینے سند نہین بلکہ یہ بتائین کہ

(۱) کون کونسی صنعت و حرفت کے مدرسے جاری کیے؟

(۲) کتنے کارخانے کھلوائے؟

(۳) کتنے مسلمان لڑکے دیگر ممالک مین بلکہ ہندوستان ہی کے کارخانون یا مدرسون مین کام سیکھنے کیلیے داخل کرائے؟

(۴) کتنے وظایف اس تعلیم کے لیے مختص کیے؟

(باقی آیندہ)

ازاد ضمیمہ اودھ پنچ

مطبوعہ ۔ ۶ ستمبر ۱۹۱۶ء

ہر ایک بات پہ کہتے ہو تم کہ تو کیا ہے
تمھین کہو کہ یہ اندازِ گفتگو کیا ہے

قدوائی صاحب جو اپنے کو اہل زبان سمجھتے ہین اور اوسی بنا پر گزشتہ مراسلہ کا جواب دیا ہے ۔ گو اس قابل نہین کہ ایسے شخص کا جو علم اور زبان سے بالکل بیگانہ ہو جواب دیا جاے ۔ لیکن ذرا قدوائی صاحب کی یا ہے شیخت توڑ کر بتلا دینا چاہیے کہ ایسے لوگ جنکو تذکیر تانیث تک کی بھی تمیز نہو زباندان نہین ہو سکتے ۔

ہم اسکا ثبوت خود قدوائی صاحب کی اس تحریر سے جو اودھ پنچ مطبوعہ ۱۶ ۔ اگست مین شایع ہوئی ہے تحریر کرتے ہین جس سے ناظرین خود فیصلہ کرینگے کہ کیا قدوائی صاحب زباندان ہو سکتے ہین یا اگر خدا لگتی پوچھو تو ہم تو یہی کہین گے کہ قدوائی صاحب سے جب مراسلات کا جواب نہو سکا تو یہ سمجھا کہ ہمارے مضمون کا مجیب کوئی بہاری ہے ۔ بتا سے بہاریون پر زبان کی چوٹ کر بیٹھے اور یہ کہنے کے لیے مستعد ہو گئے کہ بہاریون نے ہم سے زبان سیکھی ۔ ناظرین اودھ پنچ یہ اندازہ کر سکتے ہین کہ جو شخص خود دیہاتی اور جسکو "تذکیر" "تانیث" کے استعمال کا خود سلیقہ نہو اوس سے کیا کوئی اپنی زبان درست کر سکتا ہے ۔

قدوائی صاحب ! ہان اسمین کوئی شک نہین کہ آپ قریب لکھنؤ کے رہنے والے ہین مگر اسکی وجہ سے اہل زبان نہین ہو سکتے اگر زبان معتبر ہے اور جسکو ساری دنیا مانتی ہے تو وہ اُن لوگون کی زبان ہے جو خاص اہل شہر ہین ۔ پھر آپکا یہ یہ کہنا کہ ہم اہل زبان ہین اسکے کیا معنی ۔

ہم یہ کہتے ہین کہ آپ لوگون سے بہاریون کی زبان لاکھ درجہ شستہ اور اچھی ہے ۔ اگر آپکو زبان کا دعوی ہے (اور جس اُردو کو اُردو کہتے ہین) تو کچھ اپنا جوہر دکھلائیے ۔ ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے ۔

کھلی الف ...

اب ذرا قدوائی صاحب کی زبان کی صفائی (اہل زبان ہونے کی حیثیت سے) اور بچارے بہاری کی (غیر اہل زبان ہونے کی حیثیت سے) قابلیت غلط نامہ وصحت نامہ" مین ملاحظہ فرمائیے ۔

غلط نامہ	صحت نامہ
قدوائی صاحب کی زبان ۔ نہ تو کوئی مضمون لکھا ۔ اور نہ لکھنے کی جرئت کی ۔	بچارے غریب بہاری کی جرأت
اودھ پنچ مین کچھ لکھکر وکیے سُبے پھُپھلے تو ڈون	پھپھولے اور پھر جانے
اور ملک کو آپنے روانی طبع کا زور دکھاؤن ۔	اپنی
یہ بات سے ہر شخص چڑھتا ہے ۔	چڑھتا
مجھتے وسے مرد سے تو الیہ سے نہین آسکتے ۔	مجھسے زندہ مردہ قدوائی صاحب نے دیکھا ہوگا ۔
مولوی محمد یوسف صاحب فلفل" تم صاحب مجھے فخریہ بیان کرتے تھے ۔	فخریہ صحیح
خواہ وہ صحیح ہو یا غلط مگر ان بہاریون تک رسوخ آستانی عالی تک ہے	آستان عالی

ناظرین اندازہ کر سکتے ہین کہ جو شخص اسقدر غلط لکھتا ہو وہ کیا اہل زبان ہو سکتا ہے ۔

قدوائی صاحب اگر کچھ بھی شرم ہے تو یہ زندہ درگور ہو جانے کی بات ہے کہ بہاری (جو بقول آپکے اہل زبان نہین) آپکی اسقدر غلطیان نکالکر بتلا رہا ہے ۔

دعوی کیا تھا گل نے کل اوسکی رنگ و بو کا
ماری صبا نے دھولین شبنم نے منہ پہ تھوکا

ہم امید کرتے ہین کہ قدوائی صاحب آیندہ سے کبھی اہل زبان ہونے دعوی نہ کرینگے ورنہ پھر منہ کی کھانی پڑیگی ۔

چونکہ صوبہ بہار مین چاول کا استعمال کثرت سے ہے اسی بنا پر قدوائی صاحب بہاریون کو یہ کہنے کے لیے مستعد ہو گئے" بہاری سوا سے شاپر شوربہ سالے بھٹا کے کچھ نہین جانتے ۔

ہم کہتے ہین کہ آدم علیہ السلام تو گیہون کھا کر کیوجہ خلد سے باہر کر دیے گئے ۔ کہین آپ لوگ" بھی دنیا و دونون سے نہ راندہ ہو جائین ۔ بنگالے کو بہار سے

سب دوا ہے بے جراح علاج

لاجواب سلسلہ الکتب جدید قدرتی طریقہ تشخیص امراض و جدید قدرتی طریقہ علاج بے دوا بے جراحی ۔ باتصویر اردو مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوئی کونی صاحب جرمن عالم موجد و مصنف علاج بے دوا

۱ ۔ کیا مین تندرست ہون یا بیمار ؟ قیمت فی جلد ۱۲ ؍

(۲) حقیقی صحت کی تعریف (۲) با قاعدہ ہضم کی تشریح (۳) ہاضمہ کی ابتری کے اسباب و نتائج (۴) بیماری کا ابتدائی تشخیص (۵) انسان کا چہرہ گردن دیکھکر تندرستی و بیماری کا موجودہ حال اور نیز آیندہ حتی کہ برسون پیشتر دریافت کرنے کا علم ۔

(۶) جدید قدرتی طریقہ تشخیص امراض جدید قدرتی طریقہ علاج بے دوا و جراح کا مقابلہ دیگر مروجہ طریق تشخیص و علاج سے مثلاً ایلوپیتھی (علاج بالضد یعنی ڈاکٹری ۔ یونانی) ہومیوپیتھی (علاج بالمثل) مسمریزم (سبب امراض ادغیرہ امراض کی تشخیص تدبیر کا علم و علم نفع و نقصان

دغیرہ دغیرہ دغیرہ

۲ ۔ حقیقی قدرتی غذا انسان قیمت فی جلد ۔ ۱۲ ؍

فہرست مضامین کتاب نمبر { ۲ }

(۱) ہم کیا کھائین ؟ ہم کیا پیئین ۔
(۲) انسان میوہ خوار ہے ۔ اسکا عقلی ثبوت
(۳) انسان کے دانتون کی طبعی ساخت اور اونکا نشو و نما
(۴) انسان کی آنتین ۔ (۵) طبعی پینے کی چیزین ۔
(۶) انسان کے واسطے طبعی غذا ۔
(۷) بیمارون کے واسطے غذا

دغیرہ دغیرہ دغیرہ

۳ ۔ قوت زندگانی کا بڑھانا ۔ قیمت فی جلد ۱۲ ؍

فہرست مضامین کتاب نمبر { ۳ }

(۱) ہماری غذا کسطرح جزو بدن بننی چاہیے ۔
(۲) ہمکو کیا کھانا چاہیے ؟ (۳) بد ہضمی کا بہتر علاج
(۴) نہایت سخت قبض کا نہایت آسان علاج مع عقلی ثبوت
(۵) ہمکو کہان ۔ کھانا چاہیے ۔
(۶) ہمکو کب ۔ کھانا چاہیے ۔
(۷) بچے اولادون کے بان صحیح وسالم اور ذہین ہون کیونکر پیدا ہون ۔ مباشرت یعنی ہمبستری کا بہترین وقت مع عقلی ثبوت وغیرہ

دغیرہ دغیرہ دغیرہ

— ہرسہ کتب منرجہ بالا پیشگی قیمت آنے پر یا بذریعہ وی پی پوسٹ بحوالہ اس اشتہار مترجم صاحب سے مل سکتی ہین محمد امیر مرزا صاحب اجنٹ ڈاکٹر لوئی کونی صاحب موصوف مالک دفتر علاج بے دوا

گلی میرداری ۔ سکھر کی فراش خانہ دہلی

[illegible]

ہے - پھر اسکو [illegible] کا [illegible] کرکے رہا کرو

مین [illegible] ہوتا ہی رہتا ہے یہ کوئی تہذیب کی

[illegible] کی وجہ سے

[illegible] نام لکھا گیا -

[illegible] باقی ہوش

ستم ہر بات کی برداشت ہر ناز نیزا ہونکو

طبیعت کے کشیدہ ہونے کو خنجر سمجھتے ہین

ایک ہندوستانی جوگی کا قصہ

ہندوستان کا ایک روحانی رسالہ تھیوسوفسٹ کے اہتمام سے جاری ہے اور جو اپنی قسم کے رسالون مین نہایت ہی دلچسپ ہے - ماہ حال کے نمبر مین سمادھی کے کچھ حالات شایع کیے ہین جو پڑھنے کے قابل ہین اور جنکا خلاصہ یہ ہے -

انسان ایک ایسی حالت اختیار کرسکتا ہے کہ اگر وہ اس قابل ہوجائے کہ جب چاہے مرجاوے اور اس زمانہ مین تمام ان فوائد کو حاصل کرے جو ایک مردہ حاصل کرسکتا ہے اور اسپر بھی وہ جب چاہے زندہ ہوسکتا ہے -

اس عجیب و غریب قول کی تائید مین راقم مضمون نے ڈاکٹر جی ڈی ایری یاون ایف آر سی پی کا ایک بیان پیش کیا ہے جو تیس برس تک ہندوستان مین رہ چکے ہین وہ کہتے ہین کہ مین نے ہردوار کے میلہ مین ایک جوگی کو سمادھی کا عمل کرتے ہوئے دیکھا - یہ جوگی دیکھتے دیکھتے بیچ مین بیٹھ گیا بہت سے لوگون نے اسکو چارون طرف سے گھیر لیا اور اسکے بعد اسکو سکتہ سا ہوگیا -

اسکے بعد اعلی درجہ کے بہت سے جوگی مٹی کے کونڈے لیے ہوئے آگے بڑھے جو جلتی ہوئی آگ پر رکھے تھے ان مین گلایا ہوا موم بھرا گیا - ہر کونڈے مین ہر جوگی نے ایک چھوٹی سی پڑیا ڈالدی جسمین کوئی سفید رنگ کی چیز تھی یا نچوین درجہ کے بعض جوگیون نے

[illegible] لاش پر [illegible]

[illegible]

لیکن اسکے بعد وہ لاش پر کچھ عمل کرتے رہے [illegible] ایک [illegible] تیار کیے ہوئے موم سے خوب بند کردیا تھا - بعد ازان دونون سے لاش کے پکڑ کر آہستہ آہستہ موم کے اندر لاش کو ڈبونے لگے - پھر اسکو اٹھاکر سیدھا کیے رہے تاآنکہ موم جم گیا اور ٹھنڈا ہوکر سفید ہوگیا - اسی طرح آٹھ مرتبہ یہ عمل کیا گیا - ہر مرتبہ موم مین غوطہ دیکر لاش کو اوٹھایا اور پھر موم کو خشک کرلیا - اسی اثنا مین جوگیون کا ایک اور گروہ قبر کے کھودنے مین مصروف تھا - بیس آدمیون کے قریب پھاوڑے اور کدالیان لیے ہوئے قبر کھودتے تھے اور اب انھون نے اپنا کام پورا کرکے چھ سے لے کر آٹھ فیٹ تک کی گہری قبر کھودلی -

اب لاش کے دفن کرنے کا وقت آیا - کچھ منتر پڑھے گئے اور لاش جوگی کے گرد گھمائی گئی اور تین بوڑھے آدمیون نے اسکو اوٹھاکر ایک ناہموار چوبی بکس مین جو بطور تابوت کے تھا رکھدیا اور وہ صندوق قبر کے اندر اوتار دیا گیا - قبر مین مٹی بھروی گئی اور اسپر ایک اونچا ٹیلہ بنادیا گیا -

آٹھوین دن لاش کے مبعوث ہونے کا وقت آگیا قبر جسمین کسی نے ہاتھ نہین لگایا گیا تھا کھل گئی صندوق کے تختے جو لکڑی کی کیلون سے جڑ دیے گئے تھے جدا ہوگئے - لاش جیسی پہلی تھی پھر اسی طرح کی معلوم ہونے لگی - کپڑا جو لاش مین لپیٹا گیا تھا نکال لیا گیا - آنکھ ناک منہ اور کان مین جو موم بھر گیا تھا وہ ہٹا لیا گیا - بعد اسکے کچھ اور جوگی آئے اور تین مرتبہ لاش کے گرد انھون نے چکر لگایا - تیسرے دور مین جوگی آہستہ سے اٹھ بیٹھا اور جسطرح کوئی آدمی سونے کے بعد جاگ اٹھتا ہو اسطرح وہ پھر چہار طرف دیکھنے لگا - بعد اسکے نامبردہ آہستہ آہستہ پہاڑ کی جانب اپنے غار کو چلا گیا جہان اسکو بقیۃ العمر قبر مین بیٹھنا تھا - اسکے ساتھی کہتے تھے کہ وہ سال بھر تک قبر مین اسیطرح رہ سکتا تھا - اور اسکے بعد زندہ اور صحیح و تندرست حالت سے نکل سکتا تھا -

(اودھ اخبار)

حجاز

ہے - ذات الحج دمشق سے [illegible] کیلو میٹر ہے واقع ہے - جدید یہ حجاز ریلوے کمپنی کو سنٹرل فنڈ مین ماہ [illegible] گذشتہ کے اختتام تک چندہ کے دو کرور روپیے کے قریب وصول ہوچکے ہین حجاز ریلوے [illegible] ماہ حال سے پہلے تبوک کے اسٹیشن تک بالکل مکمل ہوجائیگی ۳۱ - ماہ حال کو سلطان المعظم کے جلوس تخت نشینی کی سالگرہ ہوا کرتی ہے - (مخزن دکن)

سلطان المعظم نے حال مین نہر زبیدہ کی مرمت کا حکم صادر فرمایا ہے یہ نہر بغداد کے مشہور بادشاہ خلیفہ ہارون رشید کی چاہیتی ملکہ بادشاہ بیگم زبیدہ خاتون نے تعمیر کرائی تھی مکہ معظمہ کے اردگرد جسقدر باغات اور جسقدر قابل زراعت ہے ان سب کی آبپاشی کا انحصار اسی نہر پر ہے ایک زمانہ مین تمام صوبہ حجاز کی آبادی کے پینے کے پانی کا دارومدار اسی پر تھا - (مخزن دکن)

انگلستان مین ایک کمپنی زنگبار مین ریل ڈالنے کے قصد سے مقرر ہوئی ہے - جزیرۂ زنگبار مین لونگ اور تار جبیل کی کاشت بکثرت ہے اور یہ کمپنی دارالحکومت کی گلیون اور سلطان زنگبار کے قصر مین برقی روشنی کا انتظام کرنے والی ہے - (ے)

سنا گیا ہے کہ ملا عبد القیوم مسلمانون کی تعلیم جاپان و امریکہ کے لیے روپیہ جمع کررہے ہین - مولوی صاحب نیشنل کانگریس کے بڑے حامی ہین اور دیگر اہل اسلام کو بھی اپنا ہمخیال بنانا چاہتے ہین - جہان وہ ایک نئی خیال کے مسلمان جنکو کانگریس کی ممبری مایۂ ناز ہے - ملکی اتفاق کا نام لے لیکر قوم کو مغالطہ مین ڈالنا چاہتے ہین وہان ایک آپکی ذات بھی ہے - مسلمان طلبا کا جاپان جانا اعلی مدارس مین پڑھنا - مختلف علوم و فنون سیکھنا یہ سب کام مفید کام ہین صرف اندیشہ ہے تو اسقدر ہے کہ مولوی صاحب کانگریسی ہین - کہین آپکے خیالات قومیت سے گزر کر ملکی پلیٹ فارم پر نہ آجائین و ملکی بھائی ہونے کے باعث غیر قوم کے طلبا بھی اس روپیہ مین شریک ہون - پھر وہی مثل ہوجائیگی -

یا ہر والے کھا گئے گھر کے گائین گیت

(روہیلکھنڈ گزٹ جدید)

آزاد - بدگمان وہم کی دارو نہین لقمان کے پاس -

بیرون

۲۹ اگست - لندن - سینٹ سبرگ مین ایک بڑے پیمانہ پر گرفتاریان جاری ہین - کل انقلابی جس حرکت ایسی بڑھی ہوئی تھی جو ابتک دیکھنے مین نہین آئی - (اودھ اخبار)

ایک نیم سرکاری بیان کے مطابق جو پیرس مین شایع ہوا ہے جنیوا مین امن قایم ہوگئی ہے اسلیے کہ عنقریب فرانس اور ٹرکی مین ایک معاہدہ ہونے والا ہے جسکی رو سے ایک سرحد قایم کیجائیگی - یہ کارروائی بجنسہ ویسی ہی ہے جیسی برطانیہ عظمی نے عقابہ کے واقعہ کے فیصلہ کی نسبت کی تھی - (〃)

۲۸ - اگست - لندن - روٹر کا نامہ نگار ریگنگ بیان کرتا ہے - کہ بیوہ شہنشاہ بیگم نے ایک کمیٹی مقرر کی ہے جو قانونی انتظام کی تجویز پر غور کرے گی (〃)

سینٹ پیٹرسبرگ مین بیان کیا جاتا ہے کہ ماہ اکتوبر کے لیے ایک بغاوت کی تجویز ہوئی ہے - اسلحہ اور آتشگیر مادہ کی ایک بہت بڑی مقدار خرید کی گئی ہے لیکن سازشیون کی ایک جماعت کی گرفتاری سے اسکا انتظام منسوخ کر دیا گیا ہے - (〃)

ایرانی سفیر قسطنطنیہ نے ضلع مارگو در کے ترکی قبضہ کی نسبت سخت اعتراض کیا ہے جو دوستانہ سرحدی فیصلہ کے اقرار کے بالکل خلاف ہے - باب عالی نے اس جیاسنہ دست درازی اور مداخلت سے انکار کیا ہے - (〃)

کانپور سنٹرل پاور سٹیشن انڈین الکٹرک سپلائی اور ٹریکشن کمپنی لمیٹڈ اب تیار ہے پانچ بلی اور مارکوم انجن اب اسکے پاس ہین جنمین ایکہزار دو سو پچاس گھوڑون کی قوت ہے اینین ایک انجن سہ جندیعنی پانچسو پچاس گھوڑون کی طاقت کا ہے اور دو کمپو نڈ انجن دو دو سو چالیس گھوڑون کی قوت کے ہین اور دو انجن ایک ایک سو دس گھوڑون کی قوت کے ہین اور تین دخانی قوت پیدا کرنے والے انجن ہین جنکے تل پانی مین رہتے ہین اور ہر ایک مکعب انچہ مین ایک سو پچاس پونڈ کی قوت ہے - جن تین پمپون سے بوائلرون مین پانی آئیگا وہ مقناطیسی قوت سے چلتے ہین - یہ سب سامان تو تیار ہے اب پہلو کھلی ہوئی گاڑیان بہت جلدی کے ساتھ بن رہی ہین - (〃)

سکندرآباد - ہز اکسلنسی نواب ظفر جنگ امیر کبیر

ریاست حیدرآباد بہت عقلمند ہین - بفضل خدا یہ مسلمانون کی ... فوائد کو اچھی طرح ... تیز کر سکتے ہین - جہان ایک حضرت ... صاحب نعمانی نے بعض بھولے بھالے مسلمانون کو بہکا کر سر فلر کے استعفی پر اظہار رنج کے جلسہ مین شامل کیا وہان دوسری طرف بڑی خوشی کی بات ہو - کہ مقام ہندوستان وشرقی بنگال مین دیوان عبد الحمید صاحب کی زیر صدارت ایک عظیم الشان جلسہ ہندو مسلمانون کا اس غرض سے منعقد ہوا کہ سر فلر کے استعفی پر دلی مسرت و اطمینان کا اظہار کیا جائے - مولوی مظفر حسین صاحب نے اس ریزولیوشن کی تائید کی جو اظہار مسرت کے مضمون پر پیش جلسہ کیا گیا تھا - (ہندوستان)

اس امر کی تصدیق ہوئی کہ ولمان کی مہم شمالی قطب جو ہوائی جہاز پر جانے والی تھی وہ ترک کر دی گئی ہے - (اودھ اخبار)

اخبار پیرس ٹیمس بیان کرتا ہے کہ ترکی ممبران ترکو مصری حدبندی کمیشن معاہدہ حدبندی مین لفظ قریب کی تاویل اپنے طور پر کرتے ہین اور انگلو مصری اعتراض کے خلاف مصری سرحد پر دست درازی اور مداخلت کی کوشش کر رہے ہین - (〃)

۳۱ - اگست - لندن - لیڈی کیمبل بینرمین نے آج مینرباد مین قضا کی - اعلی حضرت ملک معظم ایڈورڈ نے وزیراعظم کو ماتم پرسی کا پیام روانہ کیا ہے - (〃)

اخبار ٹریبون بیان کرتا ہے کہ اسٹاف سرکل مین یہ افواہ مشہور ہے کہ لارڈ کچنر عنقریب آئرلینڈ کی کمان پر مقرر ہونگے - (〃)

ایک اسلامی مسجد کی تعمیر کے لیے انتظام مکمل ہوگیا ہے جو لندن مین بنائی جائے گی اوسکی لاگت کا تخمینہ ایک لاکھ پونڈ ہے - (〃)

لیڈی کیمبل بینرمین کی لاش محنوط ہوگی اور اسکاٹ لینڈ مین دفن کیجائے گی - (〃)

غریب سر فلر پر چلتے چلتے بھی اخبارات مین عجیب عجیب فقرے چست کیے گئے ہین وہ مسلمانون کے بڑے طرفدار تھے کہ انکے مذہب کے شیدا بتائے گئے - بیان ہے کہ اونھون نے اردو ہی مین اڈریس سنے اور اردو ہی مین جواب دیا - خیر یہ تو کوئی ناممکن سب خیال نہ تھا مگر یہ کہنا تعجب انگیز ہے کہ وہ اب بیت المقدس نہین بلکہ بیت اللہ شریف تشریف لیجائینگے اور وجہ اسکی مسلمانون کی ہمدردی اور دلسوزی بیان کیگئی ہے - یہ فقرہ کسی غیر مسلمان نے

... مشرف ہو سکتا ہے - یعنی بیت المقدس سے ... (〃)

... روسیون کے ... اور ... کر ... گشت کے لیے روانہ ہو ... (〃)

باب عالی نے جنیوا مین دعوت ... کی ہے اسنے چاہا ہو کہ ... کے متعلق ... کے ساتھ دوستانہ بحث ہو - عبد القادر ... ہے کہ وہ اس قطعہ کی جانب پیشقدمی ... جو ریگستان مین ایک سیر حاصل زمین ہو - (〃)

چند آدمیون کا ایک گروہ جو تبدیل ہیئت کیے ہوئے تھا - اور درحقیقت وہ چینی ڈاکو تھے کنٹان مین برٹش دخانی جہاز مینگ پر سوار ہوا - کپتان جہاز کو جب معلوم ہوا جسنے انکو حکم دیا کہ اپنی تلاشی دین ورنہ انکو گولی ماردی جائے گی اسکے ابعد وہ قید کر لیے گئے اور وہ چینی برٹش کانسل کے حوالہ کر دیے گئے - (〃)

کابل کی خبرون سے معلوم ہوتا ہو کہ ہز مجسٹی امیر کی تشریف آوری ہندوستان کی ابتدائی تیاریان ہو رہی ہین جو آئندہ اوائل موسم سرما مین آئین گے عام کا خیال ہے کہ سفر مذکور اواخر اکتوبر مین شروع ہوگا اسلیے کہ کھائیون سے اترنے کے لیے یہ بہت اچھی فصل ہے اور اوسط نومبر تک جاڑے کی فصل شروع نہین ہوتی اور رسد و باربرداری کے متعلق کوئی مشکل نہوگی - یہ نہین معلوم کہ امیر کے ساتھ کسقدر ہمراہی ہونگے کتنا کارد ہوگا لیکن غالبا کثرت سے لوگ ہونگے اور کم سے کم جلال آباد یا ڈھاکہ تک ساتھ آئین گے ڈھاکہ کے بعد لنڈیخانہ واقع خیبر ہے جو ایک منزل ہے وہان کم تعداد کا گارد ہونا چاہیے کیونکہ تین دن مین جمرود تک سفر ہو سکتا ہے اور جس پہاڑ سے وہ گھاٹی گئی ہے اسکی خیبر رائفل پلٹن کے سپاہی حفاظت کرینگے اور بہت جلد سننے مین آئیگا کہ کابل سے امیر کے روانہ ہونے کی کونسی تاریخ مقرر ہوئی ہے اسکے بعد استقبال امیر اور اونکے دورہ ہندوستان کی تیاریان شروع ہونگی -

آگرہ کی نسبت خیال ہے کہ جب امیر ہندوستان مین آئینگے تو وہان بہت بڑا کیمپ ہوگا اور فوجی قواعد ہوگی - (〃)

---

۲۰۰ یا ۳

ذرا ایک نظر ادھر

ذرا آزمائیے — دل لگے تو منگائیے

ہنری کمپنی کا خوشبودار خوشرنگ گلابی ناریل کا تیل جسکی تعریف میں کچھ کہنا فضول ہے۔ اسمیں چند ادویات خاص دماغ کیواسطے شامل کیگئی ہیں۔ جو کہ دماغ کو تقویت دیتی ہیں اور ہمیشہ تر رکھتی ہیں سر کو ٹھنڈا رکھتی ہیں بالوں کو مرغوب کرتا ہے سر کے درد کو دور کرتا ہے بالوں کو سیاہ گھنیرا ملائم اور جڑ ان کو مضبوط بناتا ہے۔ زیادہ تر طالبعلموں کو اور ان شخصوں کو جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ اونکے واسطے بہت ہی فائدہ مند ہے اور ہماری دوکان سے نوایجاد ہے اس سے زیادہ تعریف کرنا فضول ہے استعمال سے خود معلوم ہوجائیگا قیمت فی شیشی ۱ر علاوہ محصولڈاک وغیرہ

نمبر ۲ - ہنری کمپنی کا نزلہ وادرد کا مرہم - یہ مرہم کہ کیسا ہی پھوڑا ہو یا نیا ہو نافی تاثیر اچھا کردیتا ہے - بعد لگانے کے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا۔ قیمت بھی کچھ نہین صرف ۳ر فی ڈبیا

نمبر ۳ - ہنری کمپنی کا بال اڑانے کا سفوف - یہ سفوف لگا دیا جائے اوسکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہین پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۴ر فی تولہ فی شیشی ۶ر

نمبر ۴ - ہنری کمپنی کا فیور پاوڈر یعنے سفوف دافع بخار - بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا - صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہوجاتا ہے قیمت ۶ عدد پوڑیہ ۶ر

نمبر ۵ - نوایجاد گولیان منابط - گولیان صد درجہ کی منابط ہین بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہو قیمت ۹ عدد گولی ۱۲ر

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے شوقینون کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے۔ علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے۔

نمبر ۶ - ہنری کمپنی کا عرق سودرش - وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا - ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہیئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا - اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہوجائیگا قیمت بارہ خوراک ۱ر

نمبر ۷ - ہنری کمپنی کا روغن یہ وہ روغن نایاب ہے جسکی ضرورت ہر خاص وعام کو ہو کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحت نے جوانوں کو بالکل بوڑھا کر رکھا ہے - بے احتیاطی اور خلاف عادت حرکتین بہت زیادہ ہوگئی ہین اسیوجہ سے یہ روغن واسطے رفع ہونے کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہین ہوتی قیمت ۸ر فی شیشی -

نمبر ۸ - ہنری کمپنی کا دانت کا منجن - مسوڑھون کا ورم - دانت کا درد دانتون کا ہلنا - دانتون سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند دنون مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہوجاتے ہین یہ صرف ہنری کمپنی ہی کے منجن مین ہے - قیمت فی تولہ ۱۲ر فی شیشی ۱ر گولیون کے کرم کشکم یعنی کیچوئی کی دوا - تلی سودے کا جوڑتیا - کے علاوہ اور بہت سی بیماریون کا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط وکتابت سے بھی ہو سکتا ہے - جواب کے لیے - ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیئے -

المشتہر - ایس - سی - ہنری اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنہیالال

نقول اسناد

نمبر ۱ - ہنری اینڈ سنس پر قابل اعتبار دواساز ہین میرا اپنے ہمیشہ معاملہ رہا - انکی ادویات تازہ ہوتی ہین - سہارنپور
دستخط ۷ - جولائی ۱۹۰۱ء
جولین سی اسمتھ لفٹنٹ کرنل - (سول سرجن)

نمبر ۲ - مین سارٹیفکٹ ہذا ایس - سی ہنری اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے - وہ ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہین - ایسا شاذ ونادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہان موجود نہو -
سہارنپور - ۱۵ - دسمبر ۱۹۰۲ء
دستخط جی - اے - ٹوئی ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ)

نمبر ۳ - مسٹر ایس سی ہنری اینڈ سنس دواساز سہارنپور نے ضلع - اسپتال - ریل اور دیگر شفاخانون کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور مین عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی مین رہے ادویہ مہیا کین -
اس دوکان مین دوا بکثرت اور تازی مہیا ہین اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ شخص بحیثیت دواساز و دوافروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخہ مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین - مین نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام الناس کی امداد سرپرستی انسے امید ہے قایم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہین - سہارنپور
۲۴ - مارچ ۱۹۰۴ء دستخط ڈی ڈبلو - سکالفیلڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

۲۸-۶-۰۶ وعدے سب

میکو لال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ
آریوں کا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہین - کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے -

پردہ نشین عورتون کیلیے ایک ہوشیار اور تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہو - آزمایش کیجئے - اجرت وقیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہان موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان دوسری جگہ اسکی لانے وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیئے - غیر ملک والون یا دیگر مذہب کے لوگون کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعہ سے بنوا سکتے ہین دیگر امورات بذریعہ خط وکتابت طے ہوسکتے ہین -

المشتہر - لالہ میکو لال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز - امین آباد لکھنؤ

سرگذشت
حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف - مذاق پاکیزہ مین شرابور - فصاحت اور بلاغت کے دریا مین ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑون مشتاق قبل اشاعت سے تھے - ہر لفظ مین مذاق - اول تا آخر نفیس قصہ مضحک واقعات سے شروع سے اخیر تک بھرا ہوا - اس شوخی و شستگی کا کوئی ناول اردو مین اب تک نہ نکلا ہوگا - ممکن نہین کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنا دے - ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشا پردازون مثل خاقانی ومرزا سودا ابواسحٰق عبید زاکانی - وغیرہم اور انگریزی مارک لیمن ڈگلس - جیرالڈ - تھیکرے - جیرڈ کے جیروم - مارک ٹوئن وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو مین پورا نتیجہ کیا گیا ہے - اول تا آخر ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے - شستہ طرز بیان - انداز زبان - سونے مین سہاگا - یہ ناول بابے بسم اللہ سے تا بہ تمت تک بالکل کشت زعفران ہے - بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہین چاہتا - کتب فروشون کے ہاتھ نہین بیچا جاتا - صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماء اللحم

عرق ماء اللحم دوا اور غذا کا کام دیتا ہے

[illegible]

عرق ماء اللحم کے پینے سے جوہر ...

[illegible]

عرق اللحم کے پینے سے خون کا مقدار جسم

[illegible]

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

نصف درجن (...) - درجن بوتل ...

[illegible]

پتہ - حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء - لاہور (موچی دروازہ)

مطبع ... اودھ ... لکھنؤ نیا گاؤں میں محمد سجاد حسین نے چھپوا شایع کیا

BGPA 10

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ وآزاد

۳ کالم	۲ کالم	کالم	نصف کالم	چہارم کالم	تعداد طبع
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	•	تین ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	چھ ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سال

کیمیائی جوان

روح حیات

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اسکی کثرت فروخت سے ایک لکھ روپے

مسٹر مینن لوہجیم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲ اکتوبر	۱۰۷ روپے	۳ آنے
۲	۶۸ روپے	۷ آنے
۳	۱۶۷ روپے	۴ آنے
۳	۵۵ روپے	۱۵ آنے
۴	۳۲۸ روپے	۵ آنے
۴	۱۵۲ روپے	آنے
میزان کل	۸۸۳ روپے	۱۴ آنے

اب آپ اندازہ فرمائیں کہ دوائی روح حیات کی قدر دانی

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (عہ/۸)

مردمی کا بکس

قیمت آٹھ روپے

کمزوری کے لئے سنگ پارس اور صحت کے ٹھیکہ پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابطیس

سفوف دافع رقت

بال اڑانے کا تیل

جوہر عشبہ

تریاق طاعون

حب دافع سوداوی

روغن

جناب آرکا صاحب بہادر

پتہ: ... ڈاکٹر کیمیاگر ... شفاخانہ عام - لاہور

تقریب ال

(شدت تہذیب)

ہوے اسقدر مہذب کبھی گھر کا منہ نہ دیکھا
کٹی عمر ہوٹلوں مین مری اسپتال جاکر

(مضمون)

پڑھتے رہو قانون کو قانون یہی ہی
اُمید پہ بیٹھے رہو افسون یہی ہی
اک شغل مؤدب ہے تو اک شغل مسکن
مضمون کے طالب ہو تو مضمون یہی ہے

(التواے عشق بضرورت امتحان)

شبو نہین کورس وہین فارمولا ورک کرتے ہین
عدیم الفرصتی سے اونکی الفت ترک کرتے ہین

(طبع آزمائی بر غزل خواجہ وزیر)

اونھین شوق عبادت بھی ہی اور گانیکی عادت بھی
نکلتی ہین دعائین اونکے منہ سے ٹھمریان ہوکر
تعلق عاشق و معشوق کا اک لطف رکھتا تھا
مزے اب وہ کہان باقی رہے بی بی میان ہوکر
حقیقت مین مین بلبل ہون مگر جاےکی خواہش مین
بنا ہون ممبر کونسل یہان مٹھو میان ہوکر
نہ تھی مطلق توقع بل بنا کر پیش کردوگے
مرے جان لٹ گیا مین تو تمہارا میہمان ہوکر
نکالا کرتے ہین گھر سے یہ کہکر تو تو مجنون ہے
ستا رکھا ہی مجھکو ساس نے لیلی کی مان ہوکر

رقیب سعلہ وضع سے نہ بیرن اا و
بھگایا مچھرون کو اونکے کمرون سی دھوان ہوکر

(بتان زر طلب)

خدا رکھے سلامت اوس نظر کو
کہ جسنے سیم کو چھوڑا نہ زر کو

(قناعت)

جو ملگیا وہ کھا لیا شکر خدا کیساتھ
نفرت نہ ہوگی ہم سے ہے وحشت شراب کی

(سرد مہری)

افسوس ہی مین آپ مین پاتا نہین ذرا
وہ ربط فطرتی کہ جو مادہ کو نر سے ہی

(تخویف رندانہ)

تم ناک چڑھاتے ہو مری بات پہ اے شیخ
کھینچونگا کسی روز مین اب کان تمہارے

(لطیفہ محبوب)

کھائی مژگان و نظر کی جو قسم بولا وہ شیخ
آپ اب قسمین بھی کھاتی ہین چھری کانٹے سے

(غفلت)

نکالا شیخ کو مجلس سے اونسے یہ کہکر
یہ بیوقوف ہے مرنیکا ذکر کرتا ہے

OHAMBERLAIN'SPAIN BALM

چیمبرلین کا پین بام



پیٹھ کا درد - پہلو ونکا درد - پٹھونکا درد - سر کا درد - چوٹ
گٹھیا گٹھیا گٹھیا
کو دور کرتا ہے

گٹھیا کیا ہے؟

متورم اور دور کرنے والے اعضا تکلیف دہ اور سخت درد - پاؤن پھٹے - بے چینی - اور بے دردی ان شکایتونکا نام گٹھیا ہی - اور اسکا علاج چیمبرلین کا پین بام ہے -

پہلی مرتبہ جب یہ درد کے مقام پر ملی جائے تو محسوس ہوگا کہ تہری تک آرام ہیوست ہوگیا ہی اور درد فوراً دور ہو جائیگا اور اسکے متواتر استعمال سی علاج پورا ہو جائیگا -

صرف جڑی بوٹیون سے بنایا جاتا ہی - ہاتھ تک نہین لگایا جاتا ہی

ہر جگہ بکتا ہی - چھوٹی بوتل کی قیمت ایکروپیہ عمر - بڑی بوتل کی قیمت دو روپے عمہ

اثر تعلیم

طفل دل محو طلسم رنگ کالج ہو گیا
ذہن کو تپ آ گئی مذہب کو فالج ہو گیا

(انسانی ناتوانی)

خلاف شرع کبھی شیخ تھوکتا بھی نہین
مگر اندھیرے اوجالے یہ چوکتا بھی نہین

رقم

رپورٹر

مسٹر روڈ چوہے دان مین

کیا۔ چوہے دان مین؟ جی ہان چوہے دان مین! یہ کیا بات ہوئی؟ بات یہ ہوئی کہ واشنگٹن کے مشہور تاجر مسٹر روڈ کی گھر بیبی کو عادت تھی کہ وہ ہر شب کو اپنے شوہر [illegible] کی جیب [illegible] رو پیہ پیسا [illegible] نکال لیتی تھی۔ مسٹر روڈ [illegible] ہندوستان تو ہے نہین کہ بیوی سے [illegible] کی پوچھا جاسکے آپ جانتے مہذب ملک کے مہذب آدمی مساوی حقوق کے ماننے والے۔ اگر کچھ تو بیوی صاحبہ کچہری مین کھینچ بلائین۔ مسٹر روڈ نے سوچا کہ ایکدن ہو دو دن چار دن ہو۔ یہ روز روز کی چپت کیسطرح سہی جائے؟ مجبوراً ایک شب کو چوہے پکڑنے کا آلہ لاکر اپنی جیب مین لگا کر کوٹ کو ٹانگ دیا اور سو رہے۔ وقت مقررہ پر مسز روڈ نے تلاشی لینا چاہی جون ہی جیب مین ہاتھ ڈالا کھٹ آواز ہوئی اور وہ نازک نازک ملایم انگلیان آلے کے تیز دندانون سے کٹ گئین۔ اب تکلیف کے باعث مسز روڈ نے چلانا شروع کیا "او فادر! او گاڈ!! ڈیر مائی لائف!!!" مسٹر روڈ کی آنکھ جو کھلی تو دیکھا کہ گھر بیبی چوہے دان مین پھنس گئین خون جاری ہے چاہا کہ مستعدی سے اظہار ہمدردی کرین۔ مگر بی صاحبہ خاوند کی اس گستاخی سے سخت ناراض ہوئین۔ فوراً اپنے مان کے گھر چلی گئین اور صبح ہوتے ہی ایک ہتک عزتی دائر کی اور گھر والے کی اس بد تہذیبی اور بدسلوکی کا عوض چاہا قابل جج نے فیصلہ بھی انکے ہی موافق کر دیا۔

[illegible] وہان [illegible] فیصلہ کیا ہے [illegible] ہین مہذب ملک کی مہذب [illegible] کے تماشے زیادہ ہی بہت کے کرشمے۔ اپنا ہی قصور اور خاوند پر دھر دیا۔ واہ ری [illegible] تیرے [illegible] اگر خوش نصیبی سے جناب میر صاحب [illegible] واقعہ معلوم ہو جائے تو وہ [illegible] اپنی [illegible] ہمنون سے اپیل کر دین۔ کہ کیا وجہ ہمارے ملک کی بہنین اس واقعہ کو خیال مین نہ لائین؟ وقت پر ہمت کر دکھائین۔ یہ کیا بات ہے کہ بھیڑ بکریون کیطرح سب کچھ سہین اور کان نہ ہلائین۔

قلم

آغا منیر

افیونی باتونی

صبح کا وقت ہے سرد ہوا چل رہی ہے۔ دو افیونی ڈبیا کھول کے۔ کانٹے مین تول کے ایک ایک گولی گھول کے نشہ جما چکے ہین۔ سرور آ رہا ہے۔ سماور گرم ہے ایک پلیٹ مین پونڈے کی گنڈیریان۔ دوسری طشتری مین مٹھائی۔ ایک پیالے مین دودھ دوسرے مین ملائی۔ خدا کا دیا سب کچھ موجود ہے۔ حقہ بھرا ہوا سامنے رکھا ہے۔ نئے نئے خیالات دماغ مین چکر لگا رہے ہین۔ افیون کی ترنگ نے زبان کی چابی گھما دی ہے۔ دونون یار داستان بلبل ہزار داستان کیطرح چہک رہے ہین آپکے نامہ نگار بھی با دولت ایک گوشے مین سناٹا کھینچے کھڑے ہین یکایک افیونیون کی طبیعت نے بلند پروازی کی اور پھر کتے ہوئے طائر مضمون خیال کے جال مین آنے لگے۔ لیجئے سنئے۔

وہ ہوا

پہلا۔ کاشت افیون کی دنیا مین کیا [illegible] لیے [illegible] مین اگر ساری [illegible]

دوسرا۔ چاہتے [illegible] تھی [illegible] ہے اگر [illegible]

پہلا۔ [illegible] لگنے لگے سب [illegible] اپنے [illegible] سے [illegible]

دوسرا۔ کوئی لذت سی ہوتی جو افیون [illegible] نہ گنڈیری نہ مٹھائی نہ ملائی ہوتی

۱۸۶۹ سے ۱۹۰۶ تک

تجربہ کا وقت

۳۷ سال سے زیادہ

اسکاٹ کا املشن

نہایت سخت تجربہ مین جو اطبائے عالم نے بتایا ہے اوسمین پورا اوترا آج اوسیکا نتیجہ ہے کہ بیماری [illegible]

امراض سینہ

سرفہ

ضعف ہاضمہ

کیواسطے اور بچے اور بوڑھے دونون کے لیے مقوی اور چلبلی بنانے والی ہے۔

ہاتھ سے نہین چھوا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (محدود)

دواسازان [illegible]

انگلینڈ

اور تحنہ بہت کم (بالتناسب) کام دیتا ہے۔
بروقت رفتار اگر ٹھوکر زیادہ ہو جیسے کوئی پنجون کے بل چلنے تو سمجھنا چاہیے کہ ساق بڑی ہے کیونکہ اسی کے اعصاب کے ذریعہ سے تمام جسم کا بوجھ لیکر پاؤن بھیل سکتا ہے۔
اگر رفتار مین ہر ہر قدم پر پاؤن ایسی بے ڈھنگی قطع سے اوٹھایا جائے کہ ہر قدم پر ایڑی دکھائی دے اور پوشاک کا سرا آگے پیچھے کسیقدر اوٹھ جایا کرے تو سمجھنا چاہیے کہ کولے اور ساق دونون بیقدر بہنین بڑے ہین کہ جسقدر حسن کے واسطے درکار ہین بہت سے اعضا جو کھلے رہتے اور بخوبی دکھائی دیتے ہین اونھین بھی تنگ پوشاک پہننے سے نظر بہت کچھ غلطی کرجاتی ہے۔ اسواسطے ہوشیار عورت کو چاہیے کہ پوشاک پہننے کے فن کو بخوبی تمام سیکھے
کتابی چہرہ والی عورت سامنے چوڑی ٹوپی دیتی ہین جس سے رخسار کا حصہ زیرین کھلا رہتا ہے اور چوڑے چہرے کی عورات کی ٹوپیان سامنے کیطرف تنگ ہوتی ہین اور چوڑے چہرے ہون تو بخدا ان کے کونون کیطرف ٹوپی کے سرے جھککر اوس چوڑائی کو چھپا لیتے ہین۔
جبکہ عورت کی گردن لانبی ہوتی ہے اسکی ٹوپی کی گردن نیچے کی طرف اور لباس گلو کا گلا اوپر کیطرف ہوا کرتا ہے تاکہ گردن

کتاؤنین بھی رہتے جنکی گردن کوتاہ ہوتی ہے وہ چھوٹی ٹوپی دیتی ہین اور پوشاک کا گلا نہ چوڑا ہوتا ہے نہ بلند۔
جن عورتون کے شانہ پتلے ہوتے ہین وہ اپنی پوشاک کے کاندھے پر بہت سے شانون سے اُبھری ہوئی شکن یا چین لگاتی ہین اور پشت اور سینہ کی جانب شانون اور سینے کی وسط تک بیجاتی ہین۔
جنکی کمر بڑی ہوتی ہے وہ آگے کیطرف اسنا کو دینے (قلی پڑو) یا اوسکی قطع کی کوئی اور شے لگانے سے اور پشت کی جانب کسیقدر پوشاک اونچی بنانے سے عیب چھپاتی ہین اور اوپر سے پوشاک بالکل سطح ہوتی ہے اور کمر کیجانب نیچے کو پلیٹین پڑتی چلی آتی ہین۔ جنکی چھاتیان بہت چھوٹی ہوتی ہین وہ سینہ کے اوپر کپڑے مین ترکیب سے بہت جھول رکھتی ہین یا دوسری ترکیبین کرتی ہین جنکی پشت کمر بہت جھکی ہوتی ہے وہ سایہ کے دامن بہت کچھ وہان جمع کرکے اونچی بنالیتی ہین۔ اور کم سلیقہ سے عیب چھپاتی ہے جو آسانی کھلجاتا ہو۔
جنکا دھڑ نیچے کیطرف آگے کو نکلا ہوتا ہے وہ کمر چھوٹی کرکے پچھاؤاؤ ابھارکے اور سرگے سینہ نکال کے دوسے چھپالیتی ہین۔
جنکے کولے پتلے ہوتے ہین وہ ہوشیاری سے سایہ پیچھے کیطرف بہت گھیر دار پہن بنا تین۔
کشیدہ قامت عورت بڑے گھیردار دامن لگاتی ہین اور

بہت سی شکنین ہوتی ہین یا بیہودہ لٹکن باتین ہوتی ہین۔
پستہ قد عورتین حد اعتدال مین رہتی ہین۔ مگر جہانتک آرام
کے ساتھ ممکن ہوتا ہے وہان تک جھول وغیرہ پیچھے رکھتی ہین۔

ظاہری آثار حسن

جب کوئی عورت سامنے ہو کر نکل جائے اور نظر باز کو اوسکی جانب
توجہ ہو اور اوسکے ساتھی یہی نامناسب معلوم ہو کہ بیہودگی کے
ساتھ اوسکے چہرے کیطرف گھورے تو ایسی حالت مین ضرور اس
بات کا دیکھنا لازم آتا ہے کہ آثار حسن کیا کیا ہین۔
یہ بخوبی سمجھ لینا چاہیئے کہ اگر دیکھنے والا مرد ہوگا اور عورت حسینہ
ہوئی تو صرف چہرہ مہرہ دیکھ کے محظوظ ہو کر نہ رہیگا بلکہ پچھاوا
بھی سر سے پاؤن تک غور سے دیکھیگا اگر دیکھنے والی عورت
ہوئی تو اس سے زیادہ پیچیدگی ہوگی۔ اگر دونون قبیح صورت
یا حسین ہوی یا جو ملا ہو وہ حسین اور عورت قبیح صورت ہوئی
تو بیس بسوے تو ممکن ہے کہ وہ ملنے والا یا والی سے
گزر جاے اور محض نظر تغافل ڈالے۔ برخلاف اسکے جو
وہ قبیح صورت ہو اور جسکو دیکھا ہے وہ حسینہ ہو تو
وہ قبیح صورت عورت نہایت سخت نکتہ چینی سے معاینہ کریگی
اور جب بشرے اور صورت کو عیب سے خالی

بلحاظ مناسبت اعضا اگر عورت کی رفتار صغرسنی مین گرچہ بڑی لحاظ سے
خوش آیند ہو لیکن کسیقدر اوس کلفت ہوتا ہو یا ہر قدم اوسکا ایسے
بھاری بھاری زمین پر پڑے یا ایڑی پر زیادہ زور دے تو اوس سے
معلوم ہو سکتا ہے کہ ہاتھ پاؤن ہوسکے اگرچہ سڈول ہون لیکن عمر
کی بہ نسبت ضرور پتلے ہونگے۔
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اوس عورت کی نظام دموی کی
قوت بہت زیادہ ہے۔
علاوہ ازین اگر اس نوع کی عورت کو خفیف سا بھی کوئی عارضہ
ہو جاتا یا ضعف لاحق ہوتا ہے تو بروقت رفتار کاندھے
اور سینے کا حصہ بالائی ہر ہر قدم پر خفیف سی حرکت کرتا ہے۔
اگر پشت کی جانب سے دیکھا جائے تو ہر قدم پر پاؤن پیچھے
کو بڑا کرتا ہے اور خفیف سا بیڈا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ
گھٹنے اندر کیطرف جھکے ہوتے ہین اور اگر آگے سے دیکھین تو ہر
قدم پر اوسکا لباس سمٹکر ایک پاس آجایا کرتا ہے اور پھر ٹھوکر
سے دوسری طرف ہٹ جاتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے
کہ گھٹنے اندر کیطرف بہت کچھ جھکے ہین۔
تناسب اعضا کے لحاظ سے اگر رفتار مین نپی تلی لمبے
ڈگ بڑھین تو سمجھنا چاہیئے کہ کولے بڑے ہین کیونکہ بروقت
رفتار کے کولون کے اعصاب خاصکر زیادہ کام مین آتے ہین اور

غازی سرفلر کا استبداد

پہلا۔ گھر مین رکھ چھوڑتے افیون کے مسیھر پر
گر نہ سرکار کی جانب سے منائی ہوتی

دوسرا۔ خواب مین بھی نظر آتی نہ کبھی کالے کو
کبھی گوروں نے یہ افیون چکھائی ہوتی

پہلا۔ لطف تو جب تھا کہ ہم فوج مین ہوتے بھرتی
اور پھر روس کی سرحد پہ چڑھائی ہوتی

دوسرا۔ لشکر روس کو ہم دم مین فنا کر دیتے
مدیان جو نکی بھتین جو لڑائی ہوتی

نامہ نگار۔ حال اوس جنگ کا اخبار مین ہم لکھ دیتے
ایک چسکی جو کبھی ہمکو پلائی ہوتی

پہلا۔ آئیے آئیے حاضر ہے یہ ڈبیا ساری
کاش پہلے سے خبر آپکی پائی ہوتی

دوسرا۔ بعد مدت کے غریبوں پہ کرم فرمایا
اب تو دیجیے یہ خبر کوئی سنائی ہوتی

نامہ نگار۔ درد انگیز خبر دیکھی ہے اخبار مین آج
پیشتر اس سے ہمین موت ہی آئی ہوتی

پہلا۔ کر دیا آپ کی اس بات نے دلکو بیچین
آگ یہ سینۂ دشمن مین لگائی ہوتی

دوسرا۔ جلد فرمایئے آئی ہے کہان سے وہ خبر
صبر سے اب تو نہین عہدہ برائی ہوتی

نامہ نگار۔ چین کہتا ہے مرا ملک نہو تا برباد
ہند سے اتنی جو افیون نہ آئی ہوتی

پہلا۔ ہے گورنمنٹ کا یہ چین کی بیہودہ خیال
کچھ قباحت تو بھلا اوسنے بتائی ہوتی

دوسرا۔ ہم اگر ہوتے کمیٹی مین وہان کی ممبر
پارلیمنٹ مین واللہ لڑائی ہوتی

نامہ نگار۔ اوسکی خواہش ہے نہو ہند مین افیون کی کاشت
کاشکے ایسی حماقت نہ سمائی ہوتی

پہلا۔ ہائے افیون کی کچھ قدر نہ کی ظالم نے
ذات سے اسکی نہین کوئی برائی ہوتی

دوسرا۔ دشمنی چین کو افیون سے کیون ہو آخر
اسمین ہے کوئی خرابی تو بتائی ہوتی

نامہ نگار۔ وہ یہ کہتا ہے کہ حق کی ہو دشمن افیون
ورنہ جاپان سے زک مینے نہ پائی ہوتی

پہلا۔ عقل و دانش سے اگر چین نہو تا خالی
اوسنے افیون پہ تہمت نہ لگائی ہوتی

دوسرا۔ فوج مین چین کی ہم لوگ جو نوکر ہوتے
سارے جاپان کی ہستی ہی مٹائی ہوتی

نامہ نگار۔ وہ یہ کہتا ہے جو افیون کی ہوتی نہ خطا
بادہ خواروں کی نہ تعداد سوائی ہوتی

پہلا۔ عقل پر چین کی کا ہے کو یہ پتھر پڑتے
اوسکو تہذیب کسی نے جو سکھائی ہوتی

دوسرا۔ خوبیان چین کو افیون کی ہم جتلاتے
اوسکے دربار مین اپنی جو رسائی ہوتی

نامہ نگار
میٹھی باتوں سے بہت آپکی خوش ہین سید
ذائقہ ایسا نہ دیتی جو مٹھائی ہوتی

راقم
س - م - ا
از ...

جاپان مسلمان ہو کر ہمکو کیا دیگا

مدت سے دیکھ رہا ہون کہ جاپان مسلمان ہوا چاہتا ہے اب اوسنے کلمہ طیبہ پڑھا۔ اے لو خبر معتبر آگئی کہ شاہ جاپان مسلمان ہوگئے۔ نہین نہین ابھی کچھ کسر ہے۔ شاید کانفرنس کا نتیجہ ابھی نہین شائع ہوا۔ کچھ کٹھ حجتی کر رہا ہے نہین ... ضرور رنگ جاہیگا۔ اچھا صاحب مسلمان ہوا۔ یا ہو جائیگا۔ پھر ہمکو کیا کسی کو نہو لیکن مسلمانان ہند کو ضرور خوشی ہے کیون۔ اسلیے کہ ترکی کا بادشاہ مسلمان۔ مصر کا خلیفہ مسلمان۔ اے تو یہ خدیو۔ خلیفہ نہین خلیفہ نہین۔ شاہ کابل مسلمان۔ شاہ ایران مسلمان خان بخارا مسلمان۔ شاہ حبش مسلمان۔ شاہ زنجبار مسلمان۔ شاہ مسقط۔ چین آدھا مسلمان کرنل فوج سے لیکر وزرا تک مسلمان۔ ادھر امریکہ بھی کسیقدر مسلمان۔ لورپول مسلمان۔ اب جاپان مسلمان ہوا جاتا ہے ہندوستان مین تو مسلمان پہلے سے ہین۔ یہ سب ملکر آدھی دنیا سے زیادہ مسلمان ہوگئے۔ رہی آدھی دنیا وہ بھی انشاء اللہ مسلمان ہو جائیگی۔ ہان بات کہنے کو رہگئی جلدی مین خیال نہین رہا۔ علیگڑھ مین ایک فرقہ کثیر مسلمان طلباے کالج مسلمان۔ مسٹر ... مسلمان۔ البشیر مسلمان۔ پھر کیا ہے ادھر ادھر زمین آسمان سب مسلمان۔ اچھا تو پھر یہ سب درست۔ لیکن اگر جاپان مسلمان ہوا تو ہمکو کیا دیگا واہ جی سبحان اللہ۔ دیگا یہ کیا کم ہے کہ ہم ہندوستانی مسلمان اوسکے بھائی بند مین شمار ہو جائینگے لیکن جلدی اب اسکی کرو کہ دو دو چار چار آنے آدھ آنہ پیسہ۔ دھیلا۔ کوڑی۔ ادھی جو ہو سکے فوراً دیو۔ ... ہزار دو ہزار جسقدر جمع ہو سکے ایک مولوی کو ہمارے لادو۔ کہ جاپان میں پہونچ کے اردو زبان مین وعظ شروع کر دے۔ کیونکہ چندہ ہندوستان کا خاص حصہ ہے ذرا کوئی بات ہوئی لے چندہ۔ مفلسی کا اللہ زور زیادہ کرے کسی مین نہ ہمت ہے۔ نہ قوت ہے کہ وہ پورا بار اوٹھا سکے اور یا نچھین سوار ... مین داخل ضرور ہوا چاہیے بس چھ پائی فی نافہ دو چار سو دیکر ایک شخص سے میلو اخبار مین چھاپ دو جاپان نو مسلم فنڈ۔ ہندوستان کی بات ... رہے گی۔ اور جسطرح حضرت یوسف علیہ السلام کے خریداری کے لیے رشتہ لیکر ... بھی تم بھی مختصر چندہ کا اشتہار لیکر بیٹھو۔ قیامت کے دن جب منادی غیب جاپان کے مسلمان کرنے والوں کی مساعی کی فہرست کھولیگا تمہارا نام نمبر اول رہے گا۔

اگر پریان کند ... گورے
... باشد زمو ...

... جاپان مسلمان ہو کے کیا فائدہ مسلمانون کو پہونچا سکتا ہے اور مذہب اسلام کو کیا قوت ... مذہب آجکل فیشن ہے۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مذہب تو ... مانے ہین تھا اور جو اوسکے پابند ہین وہ ... دقیانوسی تعلیم کے لوگ ہین۔ جاپان کو

دمہ کا کامل علاج

بابو جگپت رای محلہ درگا کنڈ شہر بنارس دمہ مریضوں کو جو اتوار کے دن بارہ بجے سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت ہو جاتی ہے۔ یعنے پھر دمہ زندگی بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین۔

سرمہ

نیر کار

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزی میڈیکل کالج کے پروفیسرون. نامور ڈاکٹرون۔ والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہی کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند جالا پڑوال۔ غبار۔ سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیا بند۔ ناخنہ۔ پانی جاتا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے مریضوں پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہین۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہین رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اٹھا سکین۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہی مبلغ دو روپے میرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خاص میرہ فی ماشہ عصہ روپیہ۔ بصری سرمہ فی تولہ ۴ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

المشتہر

پروفیسر میا سنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

انسے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہو سکتی ہی

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب تسلیم مین نے آپکا میرے کا سرمہ کو تقریباً بیس مریضون پر استعمال کیا۔ جو موتیا بند۔ دھند پھولا ناخونہ آنکھون مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے ان مریضون پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور بیتر بہدف پایا میری رائے مین آپکا سرمہ مثل لوڑیہ کو نین بذریعہ ڈاکخانہ جات اور ہر گاؤن کے نمبردار کی معرفت فروخت ہونا چاہیے تاکہ امیر وغریب آپکے سرمہ سے مستفید ہو کر آپکو دعائے خیر سے یاد کرین برائے مہربانی ایک تولہ میرے کا سرمہ سفید اعلی قسم وی۔ پی۔ پوسٹ بھیجدین۔

راقم۔ ڈاکٹر چودھری امیر علی میڈیکل انچارج شفاخانہ کنسہ ضلع [illegible]

(۲) مین نے میرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ صاحب نے بنایا ہے آپ خود اور بہت بیمارون پر استعمال کرکے دیکھا ہی۔ اور مین اس امر کی بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ نادر میرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھون کی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہی۔ مین نے اپنے تجربہ مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا ہین۔ استعمال سے آنکھونمین ذرا بھی کسی قسم کی شکایت [illegible] سے استعمال کرنے کی سفارش کرتا ہون۔ [illegible]

مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند خارش۔ سرخی چشم کیواسطے زندگی بری ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور سچ سچ آپنے اسقدر سستے داموں مین یہ سرمہ بنا کر ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہی سکا شکریہ الفاظ مین ہونا محال ہی۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہو کر فائدہ اوٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریون سے نجات حاصل کرین۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۳) میرے اور میرے بہت سے متعلقین نے میرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہی استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھون کی بیماریون کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہی۔ آنکھون کو تر و تازہ رکھتا ہی اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قایم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہی۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔

نیاز مند خان محمد حیات خان بہادر [illegible] سابق [illegible] ممبر کونسل [illegible]

(۴) جناب سردار صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا میرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری کے لیے بہت مفید ہی میری آنکھین بالکل [illegible] لگاتار ایک پہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا۔ اب میری یہ کیفیت ہی کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے دن مین پہر بلکہ تمام دن اچھی طرح کام کر سکتا ہون۔

راقم۔ میان خورشید محمد خان خلف نواب حسین محمد خان صاحب بہادر۔ رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر میرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپنے اشتہار مین لکھا ہی اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑ دیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھ پڑھ سکتا ہون۔

راقم۔ راے [illegible] کشن گورنمنٹ پنشنر بمقام دہلی محلہ چوڑیگران

پانچ ہزار روپیہ انعام

اگر اول شخص [illegible] سرمہ [illegible] ثابت کر [illegible]

[illegible]

[illegible] کو مولانا صاحب کا [illegible] جناب
شمس العلما مولوی حاجی [illegible]
مولوی صاحب سہروردی قادری چشتی نقشبندی
اشرفی ۔ عربی ۔ ایم ۔ اے ساکن [illegible] وغیرہ
صورت دیکھو تو ڈاڑھی منڈا ہوا [illegible] کا فتویٰ
ہے ۔ مونچھ یا ڈاڑھی یا دونوں کا [illegible] موکھ
دونون [illegible] ۔ یا ڈاڑھی بڑی مونچھین کا صاف
یا فرانسس کٹ کھڑے کھڑے پیشاب کرنا ۔
کانٹا چھری ۔ میز کرسی شراب کی ممانعت صرف
انگوری کی ہے کیونکہ خمر اوسی سے مراد ہے
رہا گوشت طیور کی ستھرا ہے کل اور مشین
سے بنی قطعی جائز ہے عورتین باہر نکلین ۔ انٹرنس
ایف ۔ اے ۔ بی ۔ اے ۔ ہون پردہ نہ اٹھو
غرضکہ رواسم شریعت سابق منسوخ ۔ شریعت حال کے
قرآن مین رسم تقسیم شرعی لائق منسوخی ہین کیونکہ
قوم پہلے مفلس تھی اب امیر ہے ۔ اب اوس
تقسیم مین نقصان ہے اور دقت ہو ۔ پہلے زمانے
مین دو چار اونٹ ۔ چند غلام ۔ چند کھیت ہوتے تھے
جسطرح چاہا تقسیم کر لیا ۔ اللہ میان کو غیب دان
تو تھے نہین یہ کیا معلوم تھا کہ زمانہ پلٹ جائیگا ۔
مسلمانان ہندوا ایسے ہونگے جنکی حسب حال یہ مسئلہ
تقسیم ہوگا ۔ ورنہ یہ آیت کلام مجید مین یا دور سلطنت
مغلیہ ہی مین فرماتے انگریزی عملداری مین اولاد اکبر
کی وراثت کا حکم دیتے ۔ بس جاپان اگر مسلمان ہوا
تو یہی خوف کیا کم ہے کہ ہم مسلمان ہستیم
او ہم ہم مذہب ماہست ۔ شیخ ہرا ۔ اور شیخ
سلاری کے برادری سے اب ہم بہت عاری آگئے
ہین ۔ اسلیے اسلام در کوٹ پتلون باید کہ مرتد
شود چنیدہ کنند چندہ کنند جاپان کو مسلمان جسطرح
چاہو بنالو نہ مانے تو شاہ جاپان کا نام بجبر باختیار
خود تو بہ راسے خود ۔

پہلی تاریخ کالی جمعرات سے قاری مکا ڈو الدین رکھ لو
بس اخبار مین چندہ کی تاکید لکھو ۔ اور دیکھو یہ ہندو
لوگ مسلمانون سے بہت جلتے ہین ۔ یہ نہین چاہتے
کہ مسلمانان ہند جاپان کو مسلمان کر لین کیونکہ ایک
کثیر فرقہ بودہ کا جاپان کا اسلام لانے سے نمارد
ہو جائیگا ۔ بس جو ہندو اخبار اس امر مین لکھیں
تو وہ سکو جانیے وہ یہی بات ہو ۔ تعصب پر
محمول کرکے چپ ہو رہا کرو اور چندہ بھیجے

جناب مولوی صاحب ۔ اگر اجازت باشد سانسا
کردہ بیائیم

ضرورت ہے

ایک بندۂ خدا کو دس ہزار (نقد) کی ضرورت ہے
اور چونکہ سخت ضرورت ہی اسلیے فیصدی پچیس ماہواری
سود دینے کو تیار ہین ۔ وعدہ ہے کہ روپیہ بہت جلد مع
سود بقول شخصے (لینا مرے کہ دینا) ادا کر دیا جائیگا
غرضمند دنیادار آدمی تو ہے نہین کہ جائداد کسی قسم
کی ہو ۔ ایسی بیے تمسک اور استغراق کے جھگڑونسے
بچکر محض ایمانداری پر معاملہ کرنا چاہتا ہے روپیہ
مارا نہین جائیگا ۔ دینگے اور ضرور دینگے ۔ اگر یہان
نہ دینگے تو بڑی عدالت ہے ۔ خدا کے یہان دیگر
بچکر جا کہان سکتے ہین ۔ ؟ ۔
یہ ایک نادر موقعہ ہے اُن مسلمانون کی قسمت آزمائی
کے لیے جو جواز سود مین ٹوک ٹوک کر زور لگا رہے
ہین ۔ آیندہ اونکی بد قسمتی ۔

المشتہر

یکے از خانساران سرستی جان متصل دوکان حمید دسلوائی

بقلم آغا منیر

زنخون کا میلہ "اے ہے"

بسیا نچ اے ہو ۔ شوخ طبیعت اے ہو ۔ جیتے رہو اے ہو ۔
کیون بھی تم نے اس "اے ہے" کو بھی کچھ سمجھا یا نہین ؟ یہ
تمھارے شہر کے زنخون کا سخن تکیہ یا حسن کلام ہے
جہان اس برسات مین گڑیون کے میلے ۔ عیش باغ
کے میلے مہترون کے میلے ہوتے ہین ۔ وہان یہ
زنخون کے میلے بھی خالی از لطف نہین ۔ ایکدن آپکے
نامہ نگار ہنٹر نگار نے کوٹ پتلون سے لیس ہو ترکی
ٹوپی کھوپڑی جما ۔ جیب مین گھڑی ہاتھ مین چھڑی لیے
منہ مین سگار چرٹ دبا بھک بھک دھوان اڑاتا کھٹ
پٹ مائی ٹف کرتا گوئنگ ایم لگتا سیر کا دعا ا
بولو یا خبر اور مضامین کی تلاش مین گشت لو تھی ہی
ناک کی سیدھ پر نواز گنج کیطرف چل کھڑا ہوا ۔ یہان
چوراہے کے قریب اچھا خاصا مجمع نظر آیا ۔ دلمین کہا
یہی لو
ڈیول آف دی پریس (چھاپے خانہ کا بھوت) ۔۔۔
کہان چھپتا ۔ اگر ان میلے ٹھیلون کا لطف اوٹھا تو ۔
کسی رپورٹ کو ڈھونڈھا وہ بھی نہین ۔ کیا بتاؤن
کیسا پُر مذاق سین تھا ۔ بیچ مین سڑک دونون طرف
کے مقابل کوٹھون پر زنخون کا مجمع ۔ ایک کوٹھے پر
ادھے زنخے ۔ اور دوسرے پر پورے زنخے ۔ لوچدار
ساریان باندھے بڑے ٹھسے سے براجمانے ہوئے
تھے ۔ دونون طرف ایک ایک زنخا ڈھولک بجا رہا تھا
اور تال سُر کے ساتھ گالیون کی بوچھار ہو رہی تھی ۔
مجمع کے شتٹے سے سواے ڈھولک اور "اے ہے"
کی آواز کے اور کچھ سنائی نہین دیتا تھا ۔ زنخون کا
مٹکنا اور ہاتھ جھمکا جھمکا اور کمر لچکا لچکا کے کہنا ۔ جو کچھ انجناب
علیہ الرحمہ نے سُنا آپ کو بھی سُناتا ہون ۔
بنگال کے بابو اے ہو ۔ پاگل یا بو آے ہو ۔ بالی سدیشی
اے ہو ۔ سودائی خبطی اے ہو ۔ بھوکا بنگالی اے ہو ۔
بودا بنگالی اے ہو ۔ ملک کا دشمن اے ہو ۔ مکار
اور پُرفن اے ہو ۔ دوسرے کوٹھے والون نے یون
جواب دیا ۔ لکھنؤ کی صفائی اے ہو ۔ مہتر کی جائی اے ہو ۔
سڑکون پر کیچڑ اے ہو ۔ گلیون مین ٹھوکر اے ہو ۔
بندۂ درگاہ نے اس بے تکی اے ہو کو ناتمام چھوڑا
اپنے آشیان جنت نشان کو مراجعت فرمائی یاران طریقت
بشن مرزا اور روزیر مرزا ساتھ تھے ۔ لوٹتے وقت ساری
راہ اسی "اے ہے" کی دلگی رہی ۔ کسی نے کوئی بات
کہی او سکے ساتھ ہی دوسرے نے "اے ہو" کا
پچھلا جوڑ دیا اور ایک فرمایشی قہقہہ پڑا ۔ آپ جانیے
"دلی کے خواب مین چھیچھڑے ہی چھیچھڑے" کھانا پی کے
نائٹ ڈریس (شب خوابی کے کپڑے) پہن کے
جو پلنگ پر دراز ہوتا ہون تو بی نیند النسا بیگم
بڑے ٹھسے سے چھم چھم کرتی ہوئی بغل گرمانے کو
دھم سے آ پہونچین ۔ پھر کیا تھا دوسرے ہی عالم مین

دیسی گبرون

بعد ۶ ۔ ۳۰ ۔ ۹ ۔ ۹

یعنے لودھیانہ کلاتھ ۔ کوٹ ۔ قمیص پاجامہ وغیرہ کیلیے
نہایت عمدہ اور نئے نئے نمونہ کے ہمارے ہان تیار
ہوتے ہین ۔ نمونہ درخواست آنے پر مفت ارسال
ہوتے ہین ۔

المشتہر

شیخ الٰہی بخش سودیشی کلاتھ مرچنٹ لدھیانہ پنجاب

جاسہو جاؤ یہان بھی اسی آسے ہو کا نرنہ دیکھا۔ مگر فرق اتنا تھا کہ وہ جاہل ناخواندون کی آسے ہو تھی اور یہ موزون طبع کی۔ سب تو یاد رہی نہین۔ جو یہ جلدی مین حافظہ کی نوٹ بک مین لکھا جا سکا اوسکی نقل بھیجتا ہون

وہو ہذا

ہے خبر گرم وہ آسے شہ کابل آسے ہو
دیکھ لینا کہ ہوا ہند کا اب تل آسے ہو
اسکے آتے ہی خزانے کا کھلے گا اینٹھ
دیکھنا ہندی خزانے کا تول آسے ہو
خبط ہی خبط ہے بنگالی مہاشاؤن کو
ہے سودیشی سے انھین کیسا توغل آسے ہو
راگ گاتے ہین خوشی سے یہ مہاشا کیا کیا
سر فلر کے ہو رزائن یہ یہ کیا غل لسے ہو
اسکے برسات مین گھر ہو گئے جیسے جھلنی
آجکل کبھی جیتین کرتی ہین جھل جھل آسے ہو
اودی نواب کے دشمن ہون کسی کے نوکر
کچھ وثیقہ ہے۔ اوسی پر ہے توکل آسے ہو
موسے دشمن ہون سپاہی مرے نوابون کے
اپنے کمرے مین لڑا لیٹے یہ لبل آسے ہو
پٹون سے بڑے بڑے لگتے ہین البرٹ فیشن
کیا بھلی ہین مرے نواب کی کاکل آسے ہو

راقم

پوربی ہنٹر جھنکار

حجت بنگالہ

ذیل کے واقعہ سے واضح ہوگا۔ کہ بنگالیون مین کسقدر جرات ہے۔ اور یہ کہ وہ قانون کی راہ پر سے نہین ہٹتے ہین۔

۱۰ اگست ۱۹۰۶ء کو لال بازار پولیس کلکتہ مین مسٹر ڈی سوٹن جو قائم مقام پریسیڈنسی مجسٹریٹ ایک بڑھیا کا مقدمہ مین مشغول تھے کہ کسی اخبار کا نامہ نگار آیا۔ اور یہ معلوم کر کے کہ اوسکی مقررہ جگہ پر ایک وکیل بیٹھا ہوا ہے۔ وہ اسکے پاس گیا اور عاجزی کر کہا کہ آپ اٹھ جائیے۔ لیکن وہ قانون کا پتلا کب سننے والا تھا اوسنے صاف طور سے انکار کر دیا۔ نامہ نگار تب کٹہرے مین کھڑا ہو گیا۔ اور پلیڈر صاحب سے جگہ سے متعلق شکایت کی۔ آپنے فورا مڑکر دیکھا اور بنچ کلرک سے کہا کہ وکیل سے اٹھ جانے کیلئے کہہ دو۔ یہ حضرت سیدھے سبھاؤ بغیر کٹ حجتی کیے

کب اٹھنے والے تھے۔ چھوٹتے ہی بولے میرے برخلاف شکایت کیا ہے؟

کورٹ۔ اس جگہ سے اٹھ جائیے۔

پلیڈر۔ کیون جناب عالی۔

کورٹ۔ وہ نامہ نگار کی جگہ ہے۔

پلیڈر۔ مین نہین سمجھتا کہ پریس کو پلیڈرون پر کیون فوقیت دیجاتی ہے۔

کورٹ۔ مین بحث کرنا نہین چاہتا۔ آپ جگہ سے ہٹینگے یا نہین؟۔

پلیڈر۔ مین یہ نہین جانتا کہ میرے برخلاف شکایت کیا ہے۔

کورٹ۔ (غصہ سے) سنتے بھی ہو۔ جگہ سے اٹھوگے کہ نہین؟۔

پلیڈر۔ لیکن مین چوکی چھوڑنے سے پہلے اپنے برخلاف شکایت جاننا چاہتا ہون۔

کورٹ۔ جگہ چھوڑ دیگا یا نہین؟ مین اسکی نہین سنونگا اور جگہ بیٹھ جائیے۔

پلیڈر۔ (اٹھ بیٹھے اور دوسری چوکی پر جا ڈٹے) میرے برخلاف شکایت کیا ہے۔

کورٹ۔ شکایت یہ ہے کہ تمنے نامہ نگار کی جگہ لے لی۔

پلیڈر۔ کیا وہ نامہ نگار کی جگہ ہے۔ مجھے آجتک علم نہ تھا۔

کورٹ۔ مین زیادہ بحث کرنا نہین چاہتا۔ مہربانی فرماکر بیٹھ جائیے۔ کیونکہ مجھے اور کام بھی کرنے ہین۔

پلیڈر۔ لیکن کوئی نوٹس ایسا نہین ہے جس سے معلوم ہو سکے کہ فلان جگہ نامہ نگارون کے لیے ہے۔

کورٹ۔ وہ مقامات (اشارہ کرکے) نامہ نگارون کے لیے ہی ہین

پلیڈر۔ مین اپنے برخلاف شکایت سننا چاہتا ہون۔

کورٹ۔ شکایت بتلا دی گئی۔ اب مہربانی کیجیے۔ اور بیٹھ جائیے۔

پلیڈر۔ مین تو یہی کہونگا شکایت جھوٹی ہے۔ اور مجھکو ثابت کرنیکا موقع دینا چاہیے تھا۔

کورٹ۔ میری بات سنتے ہو۔ بیٹھوگے یا نہین

پلیڈر۔ مین اس بات کی شکایت کرونگا۔

کورٹ۔ آپ شوق سے کیجیے۔

اسکے بعد عدالت اپنا کام کرنے لگی

خیال کرنے کی بات ہے کہ ایکسا ذرا سے معاملہ کسقدر بک بک جھک جھک سا مچائی۔ لیکن پھر منہ کی کھائی تعجب آتا ہے کہ مجسٹریٹ صاحب کو غصہ کیون آیا۔

[illegible]

مدرسہ زراعت

مقام نانز بیور ضلع لکھنؤ مین کوشش جناب چودھری محمد حسین صاحب تعلقدار نانز بیور عنقریب ایک مدرسہ زراعت اور فارم قائم ہونیوالا ہے۔ ممالک اودھ مین بہت کم ضلع ایسے ہین جنمین اس مفید کام یعنے زراعت کی تعلیم کا باقاعدہ انتظام ہو۔ گورنمنٹ نے ازراہ عنایت ایک انسپکٹر تعلیم کے لیے بھیجا ہے جو سال بھر تک امتحاناً لڑکون کو تعلیم دیگا اور فارم کا انتظام کریگا۔ اگر ہمارے اہل شہر یا قرب و جوار کے دیہاتی بھائیون نے اس جانب توجہ کی تو یقیناً وہ اسی کمی کو پورا کر دینگے جسکی فی زمانہ ضرورت ہے۔

مقام نانز بیور لکھنؤ سے صرف چار میل کے فاصلے پر نواب گنج کی سڑک پر واقع ہے۔ ہوشیار طلبا کی ضرورت ہے جو کسیقدر خواندہ ہون۔ کام بہت جلد شروع ہو جائیگا۔ اور طلبا کو کوئی فیس یا کوئی خرچ متعلق تعلیم ادا کرنا ضروری نہین ہے۔

لوکل نوٹس

چھاؤنی مین کسی سٹیلے کے دفتر کے سامنے والے بنگلہ مین آگ لگی۔ وہ تو کہو خیر ہو گئی۔ [illegible]

[illegible]

کہتے ہین کہ آگ لگ گئے مین چھپا رہا اور سنگھے ہوشیار ہو گئے گلے مین پٹہ پڑا رہے۔ ورنہ خیر نہین۔ بتلا دیا ہاں۔

ایک جھلک دیکھنے کی بات اوسوقت ... میرے منتظمین ... ہو گئی تھی۔ ... کرنے ... جواب ... میں۔ ... ہو گیا۔ ... سمجھے میں ایک آنچ کی کسر بھی باقی نہ رہی تھی۔

جل جہاتر کے میلے میں بڑے لطف کی بات یہ تھی کہ چند یوروپین ... نے ذرا نا نا ... بیچ ہی میں ... شائقین اسقدر مشتاق تھے کہ بار بار سر اٹھاتے آتے تھے۔ مگر تو بہ توبہ۔ ایک جھلک بھی نہ دیکھ سکے۔

اسے بساآرزو کہ خاک شدہ

پہلوانوں کا دنگل ختم ہوا۔ انعامات بھی بٹ چکے۔ بہت کا روپیہ پولس فنڈ میں داخل ہوا۔ تھوڑی دنوں تک خوب چہل پہل رہی۔ سپرنٹنڈنٹ اوف پولس یا نئی دنگل نے کئی مرتبہ حکمت عملی سے گرد بڑ جھگڑے کو روکا ورنہ فریقین بالکل تل گئے تھے۔

بقلم
اے۔ آر۔ لوکل نگار

ریویو

آنے والی قوم

اس نام کا ناول پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی نے حال میں شائع کیا ہے۔ اور اگرچہ اصل مصنف یا اوسکے مشہور ناول دی کمنگ ریس کا کہیں اشارتاً یا کنایتاً نہیں ذکر ہے۔ مگر جن لوگون کی اس قسم کی کتابون کی بابتہ نظر وسیع ہے وہ جانتے ہین کہ شاعر لارڈ لٹن متوفی جو ہندوستان کے قیصری دربار والے مشہور والیسرائے لارڈ لٹن کے والد تھے اسکے مصنف ہین۔ جیسا اونکے ناولون مین نازک فلسفیانہ۔ حکیمانہ۔ محققانہ مضامین ہوتے ہین ویسی عمیق معلومات سے ممزوج اور مضمر مضامین اسمین بھی ہین اور دکھایا گیا ہے کہ بنی نوع انسان ترقی کرتے کرتے کسی حد تک مصنف کے وسعت خیال کے مطابق جاسکتا۔ اور رفتہ رفتہ۔ زبان شکل۔ تعلیم۔ مشاغل۔ حکومت۔ جذبات قلبی۔ اخلاق و افعال کی قوت برسمون وغیرہ وغیرہ مین کیا کیا ہوسکتا ہے۔ اگرچہ قلت فرصت سے ہمکو اسکا موقع نہین کہ جانچین کہ لٹن کے خیالات عالی کس مقدار مین اور کس درجہ تکمیل کے ساتھ کم مایہ ... اور مولف یا مترجم حق سے ادا ہوئے ہین مگر اسقدر کہتے ہین کہ یورپ آجکل معاش کی دنیا مین ترقی کئے جاتا ہے وہان اس قسم کے خیال اور معلومات کا سلسلہ نہایت لطف دیتا ہے مگر ہمارے حضیض پستی مین پڑے ہوئے ناظرین ناول اس سے اوسیقدر حظ ناقص حاصل کرسکتے ہین جیسے زیدر سبہا کے سین یا فردوس برین سے اکثر شد بُد جاننے والے یا الف لیے بد قصہ والا قصائد مدر یا جی یا درہ نادرہ کے مضامین اور میزان منشعب والا مدرسے اور شمس بازغہ سے —

چہ داند بوزنہ لذات ادرک

خیر بہر حال یہان سرسری دلچسپی کے واسطے اون ہزارون اوریجنل ناولون سے بدرجہا بہتر ہے جنمین معمولی پامال عشق عاشقی فسق فجور وغیرہ کا تذکرہ دماغ گندہ اور رعنا اخلاق پراگندہ کرتا ہے۔ اسکی قیمت چھ آنہ ہے

لائے اوس بُت کو التجا کرکے
کفر ٹوٹا خدا خدا کرکے

بقیہ مضمون خضر جدید

(۵) کسقدر چندہ جمع کیا؟ —

ان سب سوالون کے جواب سوائے نفی کے کچھ نہین ہوسکتے۔ جب یہ حالت ہے تو کس منہ سے کہہ سکتے ہین کہ ہم بھی ملکی صنعت کے بہی خواہ ہین۔ اسمین شک نہین کہ جسطرح سے ہمارے اپنائے وطن نے اس تحریک کو پولیٹکل رنگ دیکر چلایا ہے اس طرح سے ہمکو چلانا اور بائیکاٹ مین شریک ہونا مناسب اور مفید نہین۔ مگر اعتدال کے ساتھ زمانہ کا رخ پہچانکر حفاظت خود اختیاری کے طور پر اپنے کاریگرون کو تباہی سے بچانا اور اپنے بچون کو صنعتی تعلیم دلاکر نئے زمانہ کے قابل بنانا۔ کارخانے کمپنیان اور بنک کھولنا کوئی جرم نہین ہے بلکہ قومی زندگی کے لیے نہایت درجہ ضروری اور لابدی ہے اگر اسیطرح سے چندے خواب غفلت مین پڑے رہے تو دیکھ لینا کہ لاکھون مسلمان بلا ہون کا ... جو دو وقت نہین تو ایک وقت بھلی بُری طرح اپنی حرفت سے اپنا پیٹ بھر لیتا ہے جاپانی اور امریکن

بے دوا و بے جراح علاج

موجودہ صحت کا قایم رکھنا و کھوئی ہوئی صحت کا بحال کرنا ... بے اولادون کے صحیح و سالم اولاد پیدا کرنے والے بچون ... عورتون کی ... بغیر امتحان مقام مرض کے صحیح صحیح پتہ لگا ... تندرست و بیمار کا تالیق و مشیر اور ہر مریض و معالج کیلئے یکسان لاجواب سلسلہ کتب جدید قدرتی طریقہ تشخیص امراض جدید قدرتی طریق علاج بے دوا و بے جراح باتصویر اردو مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوئی کہنے صاحب

جرمن عالم موجد و مصنف علاج بے دوا

— جسمین لائق موجد نے قدرت کے نباتات و حیوانات اور اونکی عقل حیوانی اور مظاہر قدرت مثل چاند سورج کے قدرتی اثرون اور موسمون کے تغیر و تبدل کے علمی مشاہدے اور عملی تجربے کرکے بڑی منطقیانہ اور فلسفیانہ تحقیق کے ساتھ بدلائل عقلی ثابت کیا ہے کہ جملہ امراض خواہ اونکے نام کچھ ہی کیون نہ ہون اور خواہ وہ صورتین ایک دوسرے سے بظاہر کیسے ہی مختلف کیون نہ ہون درحقیقت یکسان ہین اور اون سبکا ایک ہی مشترکہ سبب ہے۔ لہذا اون سبکا علاج سائنٹیفک یعنے علم طبیعات کے اصولون کے ساتھ یکسان طور پر صرف ایک طریقہ سے بلا ضرورت تشخیص ہوسکتا ہے جسمین صرف چہرہ اور گردن دیکھکر تندرستی و بیماری موجودہ اور نیز آیندہ بھی کہ برسون پیشتر صحت کے ساتھ دریافت کرلیا جاتا ہے اور ہر مرض کا علاج معمولی سر اور دانتون کے درد سے لیکر دق مراق۔ ہیضہ۔ طاعون۔ ادیٹھ پھوڑہ وغیرہ مہلک اور لاعلاج امراض تک بے دوا بے جراح بے عمل پچکاری۔ وغیرہ صرف چند مختلف قسم کے گرم و سرد پانی کے تدبیری غسلون و وضو کے خارجی اثر اور قدرتی کھانے پینے کی چیزون سے نہایت آسان اور کامیابی کیساتھ بتلایا ہے جو اسقدر مقبول اور پسند ہر خاص و عام ثابت ہوا ہے کہ اسکا ترجمہ دنیا کی ۲۵ مختلف زبانون مین ہوچکا ہے۔ خود مصنف کی زبان جرمن مین ۴۸ بار اور زبان انگریزی مین ۱۵ بار چھپ چکا ہے۔ صرف دو سال کے اندر ساٹھ ہزار جلدین فروخت ہوچکی ہین۔ سکی اردو اڈیشن باتصویر

(۱) کیا مین تندرست ہون؟ یا بیمار؟ قیمت فی جلد ۴
(۲) حقیقی قدرتی غذا انسان۔ قیمت فی جلد ۴
(۳) قوت زندگانی کا بڑھانا۔ قیمت فی جلد ۴

پیشگی قیمت آنے پر یا بذریعہ وی پی۔ پوسٹ۔ بحوالہ اس اخبار کے خود مترجم صاحب سے حسب پتہ ذیل ملسکتا ہے۔

محمد امیر مرزا صاحب۔ ایجنٹ ڈاکٹر لوئی کہنے صاحب
موصوف مالک دفتر علاج بے دوا
گلی میر ہاری۔ کھڑکی فراش خانہ۔ دہلی

بے دست و پا ہو کر روس اور ہیلر لیون کی مقابلہ مین عاجز ہو کر فاقہ کر کے صفحہ ہستی سے معدوم ہو جائیگا اور یہی حال دوسرا مضمون کا ہوگا لیکن اگر گزشتہ واقعات کو دیکھکر آیندہ کے لیے پیشین گوئی کیجا سکتی ہے تو مین کہہ سکتا ہون کہ ہم اسطرف ہرگز متوجہ نہو نگے جبتک ہماری تمام صنعتین نئی اصلاحون کے ساتھ دوسرون کی طرف منتقل نہو جاوین اور ہمارے کاریگر سب بھیک نہ مانگنے لگین۔ اُسوقت بیشک ہم جاگین گے مگر کوشش کے لیے نہین مگر اپنی قومی موت کا راگ گانے کے لیے۔ ؎

سنبھلو ذرا کہ رہنا ہان اسطرح پڑے گا
بھیل اور گونڈ جیسے گمنام و بے نشان ہین

فقط

خاکسار - غلام السبطین -

آزاد ضمیمہ اودھ پنچ

مطبوعہ - ۱۳ ستمبر ۱۹۰۶ء

مصر مین ہمارے کام کے عنوان سے اخبار ٹرو تھ حسب ذیل لکھتا ہے۔

"ہمکو مصر مین مداخلت کا موقع خدیو اسمعیل پاشا کے زمانہ مین ملا - جبکہ اوسنے ایک گران شرح سود پر بہت سی رقم یورپ کے مالداروں سے قرض لی - چونکہ باب عالی نے اسمعیل پاشا کی غلطی کو اس خرابی کا اصل باعث سمجھا اسلیے خدیو کو معزول کر کے توفیق پاشا کو اوسکی جگہ مصر کا حکمران مقرر کیا - توفیق پاشا پر اعرابی پاشا نے باغیانہ خروج کیا - توفیق پاشا اس خروج سے ایسا حواس باختہ ہوا - کہ اوسنے اعرابی پاشا کو رئیس الفوج بنا دیا اور پھر بہت جلد مصر مین ایک پارلیمنٹ بنا کر نیابتی حکومت کا اندازہ ڈالا - چونکہ فتنہ اعرابی مین انگریزون کیساتھ بہت سی زیادتیان ہوئین تھین - ہم نے تل الکبیر کے معرکہ کے بعد اسکندریہ و قاہرہ پر قبضہ کر لیا مصری [illegible] ہمارے اس قبضہ ہیکے سخت مخالف تھے۔ لیکن خدیو چونکہ اعرابی کے ہاتھون سے اپنی خودمختاری [illegible] کو معرض خطر مین دیکھ رہا تھا - اسلیے وہ ہماری طرفداری پر آمادہ ہوگیا - جب توفیق پاشا کے [illegible] تو ہم نے [illegible] قبضہ [illegible] ہے - ہم نے اپنے [illegible] کو کہانتک پورا کر دکھایا - اور مصر مین ایسا انتظام کیا کہ ایشیا مین کسی اسلامی حکومت کا نمونہ مگر قبضہ امیعادی کو قبضہ دائمی سے بدل دیا - اور [illegible] کے ایفا کیطرف ایک قدم بھی آگے نہ دیا کہ ہم مصریون کو بتا دین گے کہ وہ کیونکر حکومت کرین - چونکہ یہ وعدہ ایفا نہین کیا گیا - اسلیے گویا مصر مین ابتک ہماری حکومت اجنبی کہلانے کی مستحق ہے -

مصریون کو جب معلوم ہوا کہ اونسے خلاف وعدگی کیگئی اور کیجا رہی ہے - اور یوروپین خیالات اونمین پھیلے - وہ ہماری اجنبی حکومت کو اکراہ کی نظر سے دیکھنے لگے۔ انکا تمدن بھی ہمارے تمدن سے مخالف تھا - تمدن فی نفسہ ایسا نہین - مگر ہمارے مغربی تمدن پر ترجیح دیتے ہین - یہ وہ اسباب ہین جو مصریون کو ہمارا دوستدار نہین بننے دیتے عرصہ تک ہم مصر مین حکومت کرتے رہے - اور اپنے حربی و سیاسی قبضہ پر اور سیاسی اصول پر نظر نہ ڈالی - بعض اوقات مدبرین انگلستان نے اس قبضہ کی مخالفت کی مسٹر گلیڈسٹون اور لارڈ سالسبری کی مسئلہ مصر کے متعلق یہی راے رہی ان ناموروں کے علاوہ صیغہ جنگ بھی اس فیصلہ کے خلاف رہا - لیکن ایوان حکومت مین کبھی یہ آرائین موثر ثابت نہ ہو سکین - اون مصالح مین سب سے بڑی مصلحت یہ تھی کہ انگلستان کو بحر ابیض پر اپنی سیادت باقی رکھنے کے لیے قبضہ مصر ضروری نظر آیا کہ مصر مین انگریزی فوج زیادہ کی جاے - تاکہ اگر کوئی دشمن مصر پر حملہ آور ہو تو اسکی مقاومت کی جاسکے لیکن جس زمانہ مین کہ یہ تجویزین ہو رہی تھین ہم نہین جانتے تھے کہ بوقت ضرورت ہم کافی فوج کہان سے لاسکین؟ - اوسوقت ایک تجویز یہ بھی تھی کہ باب المندب کو [illegible] کو بند کر کے بذریعہ عہدنامہ عام دول یوروپ سے نہر سویز کی حفاظت منوالی جائے - یہ تجویزین ہمارے سیاسی حلقون مین چکر ہی لگا رہی تھین - کہ سرگرے وزیر خارجہ [illegible] زیادہ مشہور مین [illegible] - لیکن اسکی [illegible] انگلستان اب مصر چھوڑنے کے [illegible] کہ مصریون کو خود حکومت کرنیکے قابل بنائے گا۔

ہم نے مصریون کی تعلیم مین بھی عوایق پیدا کر دیے تاکہ وہ اپنی مستقل حکومت کا خیال ہی نہ کر سکین۔

اور پھر دنشاوی کے معاملہ مین وہ برتاو کیا جو قابل سرزنش اور مصریون کی آزردگی کا باعث ہے۔ پھانسی اور کوڑون کی سزا جس طریقہ سے دیگئی ہے وہ اگر یوروپ مین عوام کے سامنے کسی یوروپین کو دیجاتی تو یوروپ ہرگز اوسکو برداشت نہ کر سکتا - اسطرح سزا دینے سے غرض رعب قائم کرنا بتایا جاتا ہے۔ اور مجوزین سزا سمیلیے اوسے اور بھی واجبی خیال کرتے ہین کہ مصر مین تعصب پھیل گیا ہے - اور اسی تعصب کا نتیجہ تھا - انگریزی افسرون کے ساتھ یہ سلوک کیا گیا - لیکن اگر کوئی ہم سے پوچھے تو بات یہ ہے کہ اس طریق سزا سے [illegible] اور کوئی بات تعصب نہین پیدا کر سکتی - اگر تعصب پیدا ہوگیا تھا - تو چاہیے تھا کہ کسی مناسب طریق سے کم کیا جاتا - نہ یہ کہ تعصب مٹانے کے لیے ایسے کام کیے گئے - کہ تعصب اور بڑھیگا - مختصر یہ کہ حادثہ دنشاوی اور اوسکے متعلقہ تمام کارروائی کو انگریزی جھنڈے اور یوروپین [illegible] کے لیے سخت ننگ و عار سمجھتے ہین - اور اگر مصر مین انگریزی حکومت کا یہی رویہ رہا تو ہم ہرگز اور کسی طرح بھی مصر مین اپنی حکومت قائم رکھے جانے کی تائید نہین کر سکینگے -

(خلاصہ وطن)

کیا ابتک خبر نہین

نمبر۶- بنرجی کمپنی کا عرق سوزش۔ یہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا۔ ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا۔ اگر ایک ہفتہ استعمال کیجاے تو بالکل آرام ہوجائیگا قیمت بارہ خوراک ایک

نمبر۷- بنرجی کمپنی کا روغن

یہ وہ روغن نایاب ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحت نے آدمیونکو بالکل لاغر کر رکھا ہے۔ بے احتیاطی اور خلاف فطرت حرکتین بہت زیادہ ہوگئی ہین اسیوجہ سے ہمنے یہ روغن واسطے ہر خاص و عام کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہین ہے قیمت ۲ فی شیشی۔

نمبر۸- بنرجی کمپنی کا دانتونکا منجن مسوڑھونکا ورم۔ دانت کا کیڑا دانتون کا ہلنا۔ دانتون سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند دنون مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہوجاتے ہین

یہ وصف بنرجی کمپنی ہی کے منجن مین ہے۔ قیمت فی تولہ ۱۲ ار فی شیشی ۔ رجیان کے کرم شکم یعنی کیچونکی دوا۔ تلی سوداوی پیچیش۔ انکے علاوہ اور بہت سی بیماریونکا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت سے بھی ہوسکتا ہے۔ جواب کے لیے۔ ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیئے۔

المشتہر- ایس۔ سی۔ بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنہیالال

نقول اسناد

نمبر۱- بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دواساز ہین میرا انسے ہمیشہ معاملہ رہا۔ انکی ادویات تازہ ہوتی ہین۔ سہارنپور

دستخط ۷- جولائی سنہ ۱۹۰۱ع

جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل۔ (سول سرجن)

نمبر۲- مین سارٹیفکیٹ ہذا ایس۔ سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے۔ وہ ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہین۔ ایسا شاذو نادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا اسکے یہان موجود نہو۔

سہارنپور- ۱۵- دسمبر سنہ ۱۹۰۲ع

دستخط جی۔ اے۔ لوٹی ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ

نمبر۳- مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دواساز سہارنپور نے ضلع۔ اسپتال۔ ریل اور دیگر شفاخانون کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور مین جو عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی مین۔ ہے ادویہ مہیا کین۔

اس دوکان مین ادویہ بکثرت اور تازی مہیا ہین اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ اشخاص بہ حیثیت دواساز دوافروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخون مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین۔ مین نہایت خوشی کے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام الناس کی امداد سرپرستی انہیں اسیدر قائم رہے جیسا کہ وہ مستحق ہین سہارنپور ۲۴- مارچ سنہ ۱۹۰۶ع دستخط ڈی ڈبلیو۔ سکاٹلینڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

دندان ساز

۲۹-۶-۰۶

میکولال شرما اینڈ کمپنی دندان سازامین آباد لکھنؤ

آریونکا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنکر تیار ملتے ہین۔ کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے۔

پردہ نشین عورتون کیلیے ایک ہوشیار و تجربہ کار عورت ملازم رکھی گئی ہو۔ آزمایش کیجئے۔ اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندانسازی کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہان موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان کو دوسری جگہ اسکی تلاش وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیئے۔ غیر ملک والون یا دیگر مذہب کے لوگون کے پاس جانیکی کیا ضرورت ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعے سے بنواسکتے ہین دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہوسکتے ہین۔

المشتہر- لالہ میکولال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز۔ امین آباد لکھنؤ

سرگزشت

حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف۔ مذاق پاکیزہ مین شرابور۔ فصاحت اور بلاغت کے دریا مین ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑون مشتاق قبل اشاعت سے تھے۔ ہر لفظ مین مذاق۔ اور دلکش قصہ مضحک واقعات شروع سے اخیر تک بھرا ہوا۔ اس شوخی و شنگی کا کوئی ناول اردو مین ابتک نہ نکلا ہوگا۔ ممکن نہین کوئی صفحہ پڑھا جاے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن کبوتر نہ بنا دے۔ ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ طبع ظرافت نگار شعرا اور انشا پرداز مثل خانعالی و مرزا ہمو ابو اسحٰق۔ عبید زاکانی۔ وغیرہم اور انگریزی مارک ٹیمن۔ ڈگلس۔ جیرالڈ۔ سیکرے۔ جیروم کے جیروم۔ مارک لمن وغیرہم کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو مین پورا تتبع کیا گیا ہے۔ اصل یہ ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے۔ اسپر طرز بیان۔ سانداز زبان۔ سونے مین سہاگا۔ یہ ناول بابے بسم اللہ سے تاے تمت تک بالکل کشت زعفران ہے۔ بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہین چاہتا۔ کتب فروشون کے ہاتھ نہین بیچا جاتا۔ صرف دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

پتہ: حکیم ڈاکٹر غلام نبی زبدۃ الحکماء لاہور (موچی دروازہ)

مطبع ... میں محمد سجاد حسین ... چھپوا کر شائع کیا

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ و آزاد

تعداد طبع	چہارم کالم	نصف کالم	کالم	۲ کالم	۳ کالم
ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
تین ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
چھ ماہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
سال	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

کیمیاگر

روح حیات

میں جادوگر نہیں ہوں

روح حیات کے خواص

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اسکی کثرت فروخت سے ایک لکھ روپے

میری تین یوم کی آمدنی بذریعہ منی آرڈر

۲	اکتوبر سنہ ۱۹	۱۰۷	روپے	۳	آنے
۲	سنہ	۷۸	روپے	۷	آنے
۳	"	۱۶۷	روپے	۴	آنے
۳	"	۵۵	روپے	۱۵	آنے
۴	"	۳۲۸	روپے	۵	آنے
۴	"	۱۵۲	روپے		آنے

میزان کل ۸۸۴ روپے ۱۴ آنے

اب آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ والی روح حیات کی قدردانی

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (عہ/۸)

مردمی کا بکس

مردی کے لئے سنگ پارس اور صحت کے لئے کیمیا پر علاج

حب دافع بواسیر خونی و بادی

حب دافع ذیابیطس

بال اڑانے کا تیل

نوٹ

جوہر خون

روغن

پتہ: حکیم محمد اشرف آئی ڈاکٹر کیمیاگر پروپرائٹر شفاخانہ عام - لاہور

ہاسی مضمون

مین نے کل عین قدح نوشی مین ساقی سے کہا
کیون ہوا جاتا ہے افسردہ تو باغ خوبی
کیا شگفتہ نہین کر سکتا تجھے صحن چمن
کیا شب مہ مین نہین کھلتی ترے دل کی کلی
دلکشا دیکھ تو منظر ہے یہ کیسا لب جو
جانفزا دیکھ تو ہے چاندنی یہ کیسی کھلی
مہوشونکا یہ ذرا دیکھ تو ناز و انداز
مہ جبینوںکی ذرا دیکھ تو یہ عشوہ گری
اونکی یہ نیچی نگاہین یہ تبسم یہ حیا
انکا یہ بنکے بگڑنا یہ لگاوٹ شوخی

تریا انکا ہر اک بات پہ یون ہنس پڑنا
جانستان انکی یہ آغوش مین سیماب وشی
فتنۂ حشر لگا ہے اسی رفتار کے ساتھ
ایک بھونچال بپا ہو گیا جو چال چلی
گر نہ اسیر بھی تو ہوشا دلو ہے یہ غضب
گر نہ ہوا سیہ شگفتہ تو ہے حیرت کیسی
دل پر درد سے اک آہ کی اور کہنے لگا
کیا کہون ہاسے ... وقت ... دل کی
دل بیتاب ... ہے کون
... آ ... جان ... پہ
کھولکا دیکھ ذرا ... غافل
پھر کہین کا ... تجھے ... بری

مین ۔
مین نے مانا ہی حکومت ترے گھر کی لونڈی
مئے عشرت ہی ترے جام مین مانا مین نے
مین نے مانا کہ میسر ہے تجھے عیش و خوشی
روبرو تیرے حسینون کا ہی جھرمٹ مانا
ترے پہلو مین ہے مانا کہ ہر اک حور و پری
یہ تو سب کچھ سہی لیکن تجھے معلوم بھی ہے
مئے عشرت کا یہ ساغر ہے چھلکنے کو ابھی
صورت سایہ حکومت ہی یہ ڈھل جائیگی
موت نے گھات لگائے وہ الگ سر پہ کھڑی
نقش بر آب ہے سب اسپہ تو مغرور نہو
دیکھ لو کیا ہے حباب لب جو کی ہستی
کچھ رہیگا نہ یہان موج فنا سے باقی
کام آئے گی مگر ایک عمل کی کشتی
از تو خیز دہمہ شر وز تو بر آید ہمہ خیر
بد و نیک است مکافات زنیکی و بدی

راقم

مس بچشتیہ گورگانیہ

CHAMBERLAIN'S COLIC CHOLERA
AND DIARRHOEA REMDY·



چیمبرلین کی قولنج ہیضہ اور پیچش کی دوا

درد معدہ ۔ پیچش ۔ بدہضمی ۔ ہیضہ ۔ قولنج اور تمام معدہ اور امعا کی بیماریونکا علاج

اس عجیب و غریب دوا نے دنیا بھر کی دوسری دوا سے زیادہ انسانی جانین بچائی ہین ۔ اور درد و تکلیف کو آرام دیا ہے ۔

یاد رکھو ۔ کہ ایک ہی خوراک سے معدہ کا درد دفع ہوجاتا ہی اور سخت پیچش کے علاج کے لیے تین خوراکون سے زیادہ کی ضرورت نہین ۔

صرف جڑی بوٹیون سے بنائی جاتی ہی ہر جگہ بکتی ہے

ہاتھ تک نہین لگایا جاتا

چھوٹی بوتل قیمت ایک روپیہ

بڑی بوتل قیمت دو روپیہ

لیلا

مہاتما جی ۔ نمسکار ۔ ڈنڈوت ۔ پالاگن ۔ آپکی کرپا اور اپکار سے سب کشل منگل اور آنند ہی آنند لکھتا ہی یہ رام کی اچھیا تھی کہ آپکا پوربی نامہ نگار سا جا لکھنے کو آجتک استھان کیے رہا ۔ آپ سنتو

منے اس لیلا کو بھی سمجھا کہ نہین لیلی نہ پڑھنا یہ رام لیلا ہے۔ جو تمہارے شہر مین کئی جگہ ہوتی ہے۔ مگر سب سے بڑی لیلا ہزارہ کے باغ مین ہوتی ہے۔ آپکا پریمی بڑے لو بھ سے بھجن گاتا اور والمیکی رامائن کے اشلوک پڑھتا وہان پہونچ گیا۔ وہ وہ میلے وہ وہ جھمیلے وہ وہ ریلے وہ وہ ٹھیلے۔ وہ وہ ٹھمٹ وہ وہ گھونگھٹ وہ وہ کشمیری لال بھبھیری۔ وہ وہ جوڑے بالے وہ وہ گورے کالے۔ وہ وہ انسان وہ وہ جوان دیکھے بھالے کہ کچھ عرض نہین کرسکتا۔ انتظام اتنا لمبا چوڑا۔ مگر بھیڑ بادھان خلقت کی کوئی انتظام نہین۔ پولیس ایک مردمیدان تھی۔ باقی سب بزدل۔ یہی سر پر لال پٹسو گیا یا شیر قالین بنے ہوے تھے۔ انکو اپنی لیلا دیکھنے سے کب فرصت تھی کہ کوئی انتظام کرتا۔ انکو تو خود تماشا دیکھنے کی دھن رہتی ہے۔ انتظام مین انتظام یہ ہے کہ ادھر سے آئے دھکا دیدیا۔ اودھر سے آئے دھکا دیدیا۔ بات تمھاری کی۔ بڑے ہو تو ہم کے دُم بنے تھے۔

خیر یہ تو جملہ معترضہ تھا۔ اب سنو کہ اس میلے مین جاکر نامہ نگار ہنٹر پیٹھ کا رسلے بڑی شکست اوٹھائی۔

وہ شکست کھائی ہو کہ عمر بھر یاد کریگا۔ تم تو اپنے شہر کے طریقے سے واقف ہی ہوگے مجھے بڑا اچنبھا ہوا۔ اکثر مرد تھے اور عورتین اوپر تھین۔ ایک نیا منظر بھی تھے تھا اور عورتین اوپر تھین گوارا ہو تو جو مجھے یہ انداز ایک آنکھ نہین بھاتا۔ آخر کیا ہوا کچھ کھل کر کہو۔ کہون کیا عورتین کوٹھے کے اوپر اور مرد نیچے تھے۔

اے لاحول۔ اتنی سی بات تھی جسے افسانہ کردیا۔

راقم

پوربی تماشہ بین

ٹیسو

یا رحیم رنگیلے پیا۔

تمہارے گال لال۔ لالون کے لال۔ اور لال ٹیسو بنے ہو۔ تمہارے دشمنون کا منھ کالا اور بخت اوجالا ہو۔ واہ تمھارا نامہ نگار ٹیسو مانگنے آیا ہے۔ انعام دلواؤ تو یا میان سناؤن۔

کابل کے صاحب رنگا	آے اپنی فوج کے سنگ
جنگلی وردی رنگا برنگا	کھوڑے ویلا اور شبرنگ
سچی نیس کی جنگی ترنگ	فوج کا تانتا نئی فرسنگ

ہم سمجھے کچھ لڑاوے	چیوٹی اٹھ کے آئے تفنگ
لیکن ساتھ تھا اونکے ڈھنگ	رنگ مین لے نے قالی جنگ
	تھے پرسلامی کے سب ڈھنگ

سانگ بہت سب تھوڑی

ہم پہونچے ننگا لا	دیکھا بوڑھا بالا
پکتے کشتھا مالا	تاج بھی سر پر ڈالا
خوب بنے جو تالا	اونکے دیکھا بھالا
پھر آسیج سنبھالا	مضمون سوچتی والا
تحفظ کیا پھر جھالا	پھر لون رنگ اوجھالا
رنگ سب لال اور کالا	خون کا سب پرنالا
گاے سور کا دھارا	پھر بانکو بیٹا سالا

اب باگ ادھر کی موڑی

ہے کنھیا لال کی	ہاتھی گھوڑا پالکی
خیر سے روٹی دال کی	کچھ بھی خبر ہے حال کی
دو سو من اب ہرتال کی	رات کٹی بنگال کی
فلر ہے کیسی کال کی	ڈھال دی ہے منگال کی
آئی صدا گھڑیال کی	کیسی قیل وقال کی
مجھ سے تو نے چال کی	ڈھال اب انگلستان کی
ونگالو ٹی شال کی	باتین ہین ٹکسال کی
کھال ہے کھینچی بال کی	خیر ہو پنج کے آل کی

چاند سورج کی جوڑی

راقم

ایک پوربی ٹیسو والا

الوؤن کی کانفرنس

اور

اُنکا ہذیان سراپا طغیان

حضرات!

شاید آپ لوگون کو معلوم نہ ہو۔ کہ آپ حضرات کے قدم رنجہ فرمانے کی علت غائی کیا؟ اور یہ غوغا یون کا غوغا کیسا ہے؟ اگر آپ لوگ دنیو معلومات کا دامن وسیع کرین۔ آسمان و زمین کے قلابے ملائین تو بھی اسکی تھاہ ملنا دشوار ہو۔ کیونکہ جن مصیبتون کے بھنور مین ہماری قوم غوطے کھاتی۔ نکبت و فلاکت کی موج افزا دریا مین بہتی چلی جاتی ہے۔ اون سے

سلسلہ بجلی آگئی ہے۔

... سنا گئیں ... ... کر

ضعیف کرنے والی ... بہت کچھ زحمت اوٹھاتے ہین ابتدا عمر مین اونکی ہڈیون اور اعصاب کو لوہا کرنے کے ... قوی اور تعمیر جسم کرنے والی دوا کی حاجت ہوتی ہے۔

اسکاٹ کے ایمولشن

بچون کی ہڈیون اور ... کو خوب بناتا ہے

یہ ایک نمونہ ہے

بعد استعمال کے بہت جلد نتیجہ ظاہر ہوا ہے

ہاتھ سے نہین بیچا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون (محدود)

دواسازان

لندن

انگلینڈ

[illegible] مان اپنے ہاتھ [illegible] کر [illegible] [illegible] - اونہین وقت ضائع ہوتا ہے تب بھی ٹھیک نہین [illegible] - گھر کے [illegible] بدنظمی ہے - بعض مرتبہ سارا دن گزر جاتا ہے کھانا نصیب نہوتا - [illegible] کتاب کھو جاتی ہے تو ڈھونڈھے نہین ملتی - آمدنی کا روپیہ کہان رکھا ہے کسکو دیا ہے یاد نہین آتا - خرچ کچھ ایسا نہین ہے مگر روپیہ پورا نہین پڑتا - چندر شیکھر نے سوچا کہ شادی کرنے سے بعض بعض کامون مین آسانی ہو سکتی ہے -

مگر چندر شیکھر نے دل ہی دلمین یہ بات ٹھان رکھی تھی کہ اگر شادی کرین تو حسین [illegible] نہ کرین - حسین عورت سے شادی کرنے مین اندیشہ تھا کہ دل اودھر محو نہ ہو جائے - دنیوی موہ مین پھنسنا مناسب نہین -

جس زمانے مین دل کی یہ کیفیت تھی اوسی زمانہ مین چندر شیکھر نے شیولنی کو دیکھا - شیولنی کا جمال دیکھکر وضو ٹوٹ گیا - سوچا - غور کیا - کچھ پس و پیش ہوا - بلا آخر خود شادی کا پیغام دیکر شیولنی سے بیاہ کر لیا - ایسی صورت پر کون فریفتہ نہین ہو جاتا ہے -

اس شادی کے آٹھ برس بعد یہ قصہ شروع ہوتا ہے -

پہلا حصّہ

پہلا باب

صوبہ جات بنگالہ و بہار و اوڑیسہ کے مالک - نواب عالیجاہ میر قاسم خان کی بود و باش مونگیر کے قلعہ مین تھی - قلعہ کے زنانے مین ایک مکان نہایت آراستہ و پیراستہ - رات کا پہلا پہر ابھی ختم نہین ہوا - ایک کمرے مین نرم نرم قالین کا فرش بچھا ہوا - طلائی چراغون مین عطر کی روشنی - پھولون کی خوشبو سے سارا کمرہ بسا ہوا - کمخواب کے تکیے پر سر رکھے ایک دُبلی پتلی نو عُمر نازنین گلستان پڑھنے کی فکر مین ہے - سترہ برس کی عمر - مگر سارا جسم بچون کیطرح دھان پان گلستان پڑھتی جاتی ہے اور اکثر اوٹھ اوٹھ کے دروازے کے باہر دیکھ لیتی ہے - آپ ہی آپ کچھ باتین کرتی جاتی ہے - کبھی کہتی ہے "ابھی تک نہ آئے" - پھر کہتی ہے "نہ آئین گے کیون"؟ جہان ہزارون لونڈیان باندیان ہین وہان مین بھی ایک خادمہ کیطرح ہون - میری خاطر سے اتنی دور کیون آنے لگے"

اوس نازنین نے پھر گلستان کا پڑھنا شروع کیا - تھوڑا سا پڑھکر کہنے لگی - "جی نہین لگتا - نہ آئے نہ سہی - مجھی کو یاد کر لیتے - مگر مجھے یاد کیون کرنے؟ ہزارون خادماؤن مین ایک خادمہ ہی تو ہون" پھر پڑھنا شروع کیا - پھر

کتاب رکھدی۔ کہنے لگی "خدا ایسا کیون کرتا ہے؟ - ایک شخص دوسرے ہی
کے بھروسے پڑا رہتا ہے؟ اگر یہی خدا کی مرضی ہے تو جسکو پاجاتا ہے اوسی کو
کیون نہین چاہتا؟ جسکو نہین پاتا اوسکی تمنا کیون ہوتی ہے؟" یہ کہہ کے
اوٹھ بیٹھی۔ چھوٹی سی صاف شفاف پیشانی پر لمبے لمبے گھونگھر والے سیاہ بال
بہت سے کالے سانپون کیطرح لہرانے لگے۔ سنہری کام کے زرق برق
معطر دوپٹے کا آنچل لٹکنے لگا۔ جسم کی جنبش سے سارے کمرے مین حسن
کی لہرین سی پھیل گئین جسطرح گہرے پانی مین ذرا سی حرکت ہوتی اور
لہرین پیدا ہو چلتین۔ بس اسیطرح لہرین پیدا ہوئین۔
اوسوقت اوس حسینہ نے ایک چھوٹی سی بین لیکر تارون کو چھیڑا اور
نہایت شیرین آواز سے گانا شروع کیا۔ ڈرتھا کوئی سن نہ لے۔ اتنے مین
قریب کے پہرے والے کے سلام اور کہارون کے پاؤن کی آہٹ کانون مین
پڑی۔ دفعۃً اوٹھ کھڑی ہوئی۔ بےچین ہوکے دروازے کے پاس جاکے
کھڑی ہوگئی۔ دیکھا تو نواب صاحب کا ہوادار ہے! - نواب میر قاسم علیخان
ہوادار سے اوترکے اوس کمرے مین داخل ہوے۔
بیٹھتے ہی نواب نے کہا "دلنی بی بی کونسی چیز گارہی تھین؟" اس نازنین کا
نام غالباً دولت النسا تھا۔ مگر نواب اختصار کرکے اوسکو "دلنی" کہا کرتے تھے۔
اسی وجہسے اور سب لوگ بھی اوسکو "دلنی بیگم" یا دلنی بی بی" کہتے تھے۔
دلنی۔ نے شرما کے گردن جھکالی۔ نواب نے فرمایش کی "تم جو چیز گارہی تھین
سنین گے"
بیچاری دلنی مشکل مین پڑگئی۔ بین کے تار قابو مین نہین آتے۔ کسی طرح
سُر ٹھیک نہین ہوتا۔ بین الگ رکھدی۔ ستار اوٹھا لیا۔ وہ بھی بےسُرا۔

مجھے جان تو نہ دیجائے گی شیولنی نہ ڈوبی۔ پلٹ پڑی۔ تیرتی ہوئی گھا
پر پھر آئی۔

تیسرا باب

جہان پرتاپ ڈوبا تھا وہان سے کچھ فاصلے پر ایک چھوٹی ناؤ جارہی تھی۔ ناؤ پر
ایک شخص نے دیکھا پرتاپ ڈوب گیا۔ دیکھتے ہی وہ پانی مین کود پڑا۔ اوسکا
نام تھا چندر شیکھر شرما۔
چندر شیکھر تیرتا ہوا پہونچا اور پرتاپ کو پکڑ کے اپنی ناؤ پر لایا۔ ناؤ کنارے
لگائی اور پرتاپ کے گھر تک ساتھ ساتھ پہونچانے چلا گیا۔
پرتاپ کی مان نے نہ مانا۔ چندر شیکھر کے قدمون پر گر کر اوس روز اوسکو اپنا
مہمان بنایا۔
چندر شیکھر کو اوس ڈوبنے کا بھید کچھ نہ معلوم ہوا۔
شیولنی نے پھر پرتاپ کو صورت نہ دکھائی۔ مگر چندر شیکھر نے اوسکو دیکھ لیا۔
دیکھتے ہی محو ہوگیا۔
اوس زمانہ مین چندر شیکھر خود ایک مصیبت مین تھا۔ بتیس ۳۲ برس کی عمر تھا تو
گرہست مگر دنیا سے تعلق کم۔ ابھی تک شادی نہین کی۔ اس خیال سے کہ
ایشر کے گیان دھیان مین کھنڈت پڑیگی۔ شادی کو ہمیشہ ناپسند کیا۔ اوسے
ایک سال کا زمانہ گزرا کہ اوسکی مان مرگئی۔ اوسوقت دل مین یہ خیال
کہ شادی نہ کرنے سے گیان دھیان مین خلل پڑیگا۔ اپنے ہاتھ سے کھ
پڑتا ہے جس سے تضیع اوقات کے علاوہ پڑھنے پڑھانے مین ہرج ہو
دیوتاؤن کی پوجا [illegible] ہے گھر مین سالگرام کی مورت بھی۔ پوجا پاٹ کا سامان

[illegible]

دفیعہ نامردی و سستی کیا یہ بہدنہ گولیاں

دنیا کے تمام اشتہاری دوائی فروشوں میں سے سنیاسی صاحب کی اول درجہ کی نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بنانے والی اکسیر اعظم گولیاں

[illegible]

نوٹ - جو صاحب بہت جلدی ایک ہفتہ میں بیرونی مالش سے نامرد سے مرد بننا چاہیں۔ وہ روغن ... کی شیشی گولیوں کے ساتھ استعمال کریں +

روغن دافعہ نامردی و سستی [illegible]

[illegible]

گولیاں مقوی جسم [illegible] قیمت چالیس گولی معہ محصول ڈاک دو روپیہ ... +

سرمہ اکسیر [illegible] قیمت فی تولہ ایک روپیہ +

بال اڑانے کا عرق [illegible] قیمت فی شیشی ... ایک روپیہ

المشتہر حکیم ڈاکٹر شرما ایس ڈبلیو مقام شہر ... ات

شاہنشاہ روس کا بستر خار

خواب نوشین کا مزا کیا تاجداری کے لیے

...ہن پر تھی - کہ ہماری حالت سدھرے ہمارے دن پھرین - مادۂ مراد تک پہونچکر کامیاب ہون

...ہون ؎

...پہونچے کسی طرح سے تا منزل مراد

...بانہ مین پر لگا کے ہم اکثر اوڑ گئے

...ہون ۹ اسلیے کہ ہماری امیدون پر ناکامی کی اوس ... ہماری حوصلے مثل موم کے تاثیر ہماری اولوالعزمیان ... کی بولی و براڈ - ہماری بلند پروازیان مچھیون کی ... تگ و تلی - ہماری اخلاقی کامیابیان دنیا سے ناپید ... سے ظاہری اعضا و جوارح ہاتھی کے دانت ... دکھلانے کے لیے باقی رہگئے - اور مردہ بدست ... کے کاموں مین اوپر گئے ہمسے بہبودگی امید ... جیسے عقیرے نیچے جلنے کی مسلمانون سے ... کی پوسٹ آفس سے انتظام ڈاک کی ہم سے ... قیمت نی توقع ویسی - جیسے ہمارے حقیقی حاکمی ... قریوں نے حمیت کی - ناتا یون سے غیرت کی ؎

مات بھر آنکھون کو اس امید پہ رکھتا ہون بند

خواب مین شاید کہ دیکھون طالع بیدار کو

ہماری ذات بابرکات "العلم حجاب الاکبر" کے قفس مین مقید ہے - کبر و خودی کا بھوت سرون پر مسلط ہے - ... و اوباشی کی برقی قوت ہمارے سارے جسمون مین سماری ہے - ہماری زبان ہمارے دل کی مخالف ہے ... ظاہر ہمارے باطن سے ناموافق ہے - نہ نیک و ... معیار - نہ برے بھلے کی تمیز باقی ہے ہمارے ... عقل پر خرابی ہوئے نازل اور فہم و فراست پر عذاب کے کوڑون کی بارش اور ہر طرف سے قہر خداوندی محیط ہے - کیا کہین اور کیونکر کہین -

دیکھو انہی ننھی جانون کا وجود ہمارے قبضۂ اقتدار مین جنکی ہستی ہمارے اختیار مین تھی - جنکی زندگی ہمارے عیش و عشرت کے لیے وقف - جنکی باتین ہمارے اشارون پر نثار ہوتی تھین - خدا کی شان ہے آج وہی ہمارے ہستی کا دعویٰ کرتی - کھلم کھلا منہ زوریان دکھلاتی ہماری قومون پر پھبتیان کہتی ہین اور انکے بودے پن کے ساتھ ہمارا نام دھرتی ہین - رات کو جب ہم تخلیہ پاکر اوڑنے کے لیے پر تولتے - یا حقوق و ہمدردی و ہمسائگی ادا کرنے کے لیے ادھر ادھر پرواز کرتے ہین - تو وہ کوتاہ عقل والیان ہم پر تالیان بجاتی اور ہمارے سایے کے خوف سے اپنے بچون کو گودون مین چھپالیتی ہین - اور نیز وہم و بوقت ضرورت و حاجت ہمکو اپنے بچون کے ڈرانے کے لیے ہوّا بناتی - ہماری بخس و نحس حالات کی کہانیان تصنیف ... اور ہماری حرص و طمع کی داستانین بیان کرتی ہین ؎

ربط آپسے بڑھا کے ہم بے آبرو ہوئے

بیٹھے ... آپ آپسے ہم تم سے تو ہوئے

... کو بھی نہین - پھر تمھین خدا لگتی کہو - انصاف سے بولو - کہ جس کے سرون پر اتنا پانی گزر چکا - اولٰئک کالانعام بل ہم اضل سے بھی بدتر ہے ؎

بوالہوس کا مطلب بندۂ نفس اہل ہوا

ایک عالم ہے اسی رنگ مین دو چار نہین

ایسی ذات سے کیا امید ہو سکتی ہے - سوا اسکے کہ یکبارگی خرمن ہستی پر برق خداوندی کوندے اور اوسکے نام و نشان کو دنیا کے صفحۂ ہستی سے نسیاً منسیا کر دے ؎

جلتا ہے غم سے نالان گل جاک جاک ہان

اوٹھ چلیے اس چمن سے یان کی ہوا بری ہے

ہان اگر لطف خداوندی شامل حال ہو - تو ... صورت ... کہ لباس زنانہ فرض ... پتلون ... پہن ہو کر چار دیوارون کے اندر سے نیچ ... ہون - ... نکے فرایض منصبی کو کما حقہ انجام دینا ... بال و پر کاٹ کر انکے خاکی و غیر خاکی انڈون کو سینے ... بیٹھیں جیسا ... ہماری مستورات ... متابعت کرکے اپنی آزادنہ ... قوم مین ترقی کا سامان ... بلند پروازی اور ہم ... دنیا مین قائم مقام بنانا چاہتی ہین - اور اسی لیے آپ لوگون کو یہ تکلیف مالا یطاق دی ہے کہ ہماری جرات ہمت کو خود غرضی کی دیمک چاٹ گئی - اور ہماری غیرت وحمیت کو سیاہ ناگن سونگھ گئی ہے - اب جو کچھ ہوس آپ لوگون کا ٹلا دیوچتی ہو - اور کانٹون کیطرح کھٹکتی ہو اوسکو بلا خوف و خطر یارون کے سامنے پیش کرین - مگر جب آپ حضرات اپنے پتلون مین منہ ڈالکر غور فرماینگے - اپنی کمزوریون و ابدی ناتوانیون پر توجہ کرینگے - تو گمان غالب ہے کہ ضرور ہمارے خیال کا ساتھ دینگے - اور اس زبردست تحریک کی پرزور تائید کرینگے کیونکہ ہم لوگ باوا آدم کے وقت سے ان بے زبان طبقۂ اناث پر پوری حکمت ونشۂ مردانیت صرف کرچکے اور مدتون اپنا بازار ابنرلا کر خون پانی بہا چکے ہین - پھر کبتک ہر چیز کے لیے ایک حد ہوتی ہے ہمارے ہمارے ظلم وستم کی بھی انتہا ہونی چاہیے - اب انصاف فطرت اسکا مقتضی ہے - کہ تلک الایام نداولھا کی شان کے موافق برضا و رغبت و بدرستی ہوش و حواس بلا جبر و تحکم تکمیل طبقۂ اناث کو پکڑا دینا - اور ہم لوگون کو جوکہ برداروں کے اندر آجانا چاہیے - اسکی اجابت مین ... کی کچھ ضرورت نہین ؎

در کار خیر حاجت ہیچ استخارہ نیست

کیونکہ زمانے نے اچھی طرح ثابت کر دیا - کہ ہم سے ترقی و کامیابی کو ویسا ہی عناد ہے جیسے لومڑی کو سانپ کے گورون کو کالے سے - اور ہم سے اعلیٰ درجے کے تعلیم کی ہوا ویسی جیسے ہیجڑے سے بچے جننے کی بہجر ظن سے ... کی - بلکہ انصاف سے پوچھو تو فطرت کے کارخانہ نے انکو ہم سے زیادہ فہم و فراست قوت و طاقت دل و دماغ ذہن و نزاکت شرافت و متانت کا حصہ ملا - وہی ترقی کے میدان مین قدم جما سکتی تعلیمی گھوڑے پر شہسواری کر سکتی مزہ کامیابیون مین اپنی جلوہ گری کی روح پھونک سکتی اور قوت فاعلہ و انفعالیہ کے سینے سے بالا جیت سکتی ہین - پھر اس بے انصافی کے کوئی معنی نہین ؎

وہ بھی منہ مین زبان رکھتے ہین

کاش پوچھو کہ مدعا کیا ہے

اور پھر اتحاد خصوصیت کے ساتھ وہ قابل انکار دینگی ؎

شوخی جانا کی مقتضا حسن کا

تاک مین نیم کا فقط تن کا

اور تم ... خدا -

... پندرہ یا کہ سولہ کا سن

اور منو کے دن ہین - کیونکہ عالم ہیچ کارانین جو ترقی و اعلیٰ درجے کی تعلیم کی نئی مشینین طیار ہونی اور ہنوز فطرت کے دست ... سے محفوظ ہے - وہ زیادہ بکار آمد -

---

دمہ کا کامل علاج

بابو جگپت رائے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس دمہ کے مریضون کو جو اتوار کے دن بارہ بجے سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین آٹھ آٹھ ہفتے کی ادویات کہ جنسے کامل صحت ہوجاتی ہے یعنے پھر دمہ زندگی بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین -

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

حضرت میڈیکل کالج کے پروفیسرون سنا موڈاکٹرون عالیان ریاست اور ولایتی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہی کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند جالا پڑوال۔ غبار سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیا بند۔ ناخنہ۔ پانی جانا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم بجائے اور ادویہ کے مریضون پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہین۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہین رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اُٹھا سکین۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہی مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خالص ممیرہ فی ماشہ بیس روپیہ۔ مصری سرمہ فی تولہ ۴ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

پروفیسر میا سنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

انسے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہی

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب تسلیم مین نے آپکے ممیرے کے سرمہ کو تقریباً بیس مریضون پر استعمال کیا۔ جو موتیا بند۔ دھند پھولا ناخونہ آنکھون مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے ان مریضون پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور بیحد مفید پایا میری راے مین آپکا سرمہ مثل لوٹیہ کونین بذریعہ ڈاکخانجات اور ہر گاؤن کے نمبردار کی معرفت فروخت ہونا چاہیئے تاکہ امیر وغریب آپکے سرمہ سے مستفید ہوکر آپکو دعائے خیر سے یاد کرین براے مہربانی ایک تولہ ممیرے کا سرمہ سفید اعلی قسم وی۔ پی۔ پوسٹ بھیجدین۔

راقم۔ ڈاکٹر ... امیر علی میڈیکل انچارج شفاخانہ ...

(۲) مین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ صاحب نے تیار کیا ہے آنکھون کی بہت سی بیماریون پر استعمال کرکے دیکھا ہے۔ اور مین اس امر کی بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ نادر ممیرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھون کی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مین نے اپنے تجربہ مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا ہے۔ آنکھون مین ذرا بھی کسی قسم کی شکایت ہو ہر روز سرمہ استعمال کرنے کی سفارش کرتا ہون۔ ہر طرح سے مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند خارش۔ سرخی چشم کیواسطے تمام انگریزی ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور یہ سچ ہے آپنے اسقدر سستے داموں میں یہ سرمہ ایجاد کرکے ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہی اسکا شکریہ الفاظ مین ہونا محال ہی۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمے سے فیضیاب ہوکر فائدہ اوٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریون سے نجات حاصل کرین۔

راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بھاولپور

(۳) مین نے اور میرے بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہی استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھون کی بیماریون کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہی۔ آنکھون کو تر وتازہ رکھتا ہی اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قائم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہی۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔

راقم نواب محمد حیات خان صاحب بہادر سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ آئی۔ ای سابق ڈویژنل کمشنر گی قسمت ... النہر ممبر کونسل ...

(۴) جناب سردار صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری کے لیے بہت مفید ہی میری آنکھیں اول کمزور تھین لگاتار ایک پہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا اب میری یہ کیفیت ہی کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے تین تین پہر بلکہ تمام دن اچھی طرح کام کرسکتا ہون۔

راقم۔ میاں خورشید محمد خان خلف نواب یسین محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپنے اشتہار مین لکھا ہی اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑ دیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھ پڑھ سکتا ہون۔

راقم۔ راؤ ... کشن گورنمنٹ پنشنر بمقام دہلی محلہ ...

پانچسو روپیہ انعام

جو کوئی شخص ہم پر ... ثابت کرے ...

... ۱۹۱۰ ...

[illegible]

اس سفر زیادہ [illegible] سوالات و مطالب [illegible]
واسطہ کمال [illegible] ہوں ۔ [illegible]
سارا [illegible] ہو گیا ہو
ایسا اصل کہاں تک سر کھپایا جائے ۔ ان [illegible]
[illegible] بارہ دنیا کا سارا اجمال مع جمالی [illegible]
[illegible] لوگ ہنستے ہیں کر [illegible]
[illegible] سامنے آگیا ہیں [illegible]
[illegible] حالت [illegible]
ہے ۔ [illegible] کے جوش میں [illegible]
[illegible] تاریخ و مقام معین [illegible]
[illegible] کی جائے اور [illegible]
[illegible] تخت نشینی [illegible] ۔ والسلام
خاکسار [illegible]

مسٹر لوم علیہ الشوم

بقلم

ابو المجدد ۔ دیسوی بہاری

اڈیٹر "الہادی" کے نام

خدا کا پیغام

الہادی نمبر ۵ جلد اول کے شروع صفحہ میں ایک فارسی غزل حضرت غوث پاکؒ کے نام سے شائع ہوئی ہے اسکی بابت لکھا ہوا تھا کہ "ہر روز بجہت حصول دیدار حق تعالیٰ پانزدہ بار بخوانند" ۔ چونکہ آجکل اس زمانہ میں دہریت کا زور زیادہ ہوتا جاتا ہے ۔ ضرورت تھی کہ کوئی باخدا ایسا ہو جو لوگوں کو مشاہدہ سے خدا کے وجود کو ثابت کرے ۔ حسن اتفاق سے یہ نسخہ ہاتھ لگ گیا ۔ دیکھتے ہی میں پھڑک گیا کہ دنیا میں آجتک جو اختلافات پڑتے ہوئے ہیں اور خدا کے وجود کے متعلق جو جو خیالات تھے اور ہیں ۔ اب ان سب کا فیصلہ اس عینی شہادت سے ہو جائے گا اور اسلام کا بول بالا ہوگا ۔ سارا یورپ اسکے ذریعہ سے خدائی کا اقرار کریگا ۔ اور کل دنیا اسکی نعمت دیدار سے مشرف ہوگی ۔ اسی خوشی اور شوق ذوق میں حضور قلب سے میں نے اسکا ورد شروع کر دیا ۔ چار یا پانچ دن گذرے ہونگے کہ ایک رات کو جبکہ میں اسکے وظیفہ میں مشغول تھا اور مشکل بارہ دفعہ تکرار کی نوبت آئی تھی کہ یکایک نیند کے جھونکے آنے لگے حتیٰ کہ بیٹھنا دشوار ہو گیا مصلے ہی پر دراز ہو گیا اور فوراً دنیا سے بیخبر ۔

یا دیکھتا ہوں کہ ایک وسیع کشادہ میدان مثل سما کے چھا گیا ہے ۔ نہ کوئی آگے نہ پیچھے ۔ صرف میں یکہ و تنہا کچھ ایسا سماں چھایا ہوا تھا کہ دل مرعوب ہوا جاتا تھا ۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہوئے جاتے تھے ۔ اس حالت میں کچھ ہی دیر گذری تھی کہ رعد کی سی کڑک اور گرج سنائی دی ۔ دل دہلا جاتا تھا ۔ روح قفس عنصری میں گھٹی جاتی تھی کہ بجلی کی چمک نے اور رہے سہے ہوش و حواس متغیر کر دیئے ۔ آنکھیں خیرہ ہوئی جاتی تھیں ۔ پلک اوپر اٹھانے کی مجال نہ تھی ۔ میں اسی حالت میں مجھے ایسا معلوم ہوا کہ کوئی مجھے مخاطب کرتا ہے ۔ دل کو ڈھارس ہوئی اور قدرے قلب کو سکون ۔ پھر چند پکارنے والے کو دیکھنے کی کوشش کی مگر ناکامی ہوئی ۔ کوئی آس نہ پاس ۔ ایسا معلوم ہوتا تھا کہ پکارنے والا قریب ہی پکار رہا ہے ۔ سناٹا سا ہو گیا تھا ۔ [illegible] نکلتی تھی ۔ ایک غشی کی سی کیفیت طاری تھی ۔ کہ یکایک ایک ہولناک گرج ہوئی ۔ جیسے کہ کوئی بجلی ایسی سرعت سے چمکنے لگی کہ میں اپنی زندگی سے مایوس ہو گیا ۔ ہر بار یہی معلوم ہوتا تھا کہ اب کی خیریت نہیں ۔ بجلی کی تیزی اور سرعت بڑھتی جاتی تھی ۔ میری حالت انتہائی اضطراب و اضطرار کی پہونچ چکی تھی کہ یکایک بجلی کی کڑک اور ایک دم تھم گئی ۔ میدان بالکل شعلہ جوالہ بن گیا ۔ ہر چہار طرف جہاں نظر جاتی تھی آگ سی لگی معلوم ہوتی تھی ۔ آفتاب کی بھی روشنی اسکے آگے دھندلی تھی ۔ رحمت کا نام نہ تھا ۔ اسی کیفیت میں محو تھا کہ پھر ندا آئی اور ندا کرنے والے نے کہا آواز ربانی بندگی بجا لا ۔ آواز میں کچھ ایسی ہیبت و جبروت تھی کہ بے اختیار میں سجدہ میں گر پڑا ۔ اور میری زبان پر خود بخود حق سبحانہ تعالیٰ کی حمد جاری ہو گئی ۔

ندا آئی ۔ اٹھ اور سن ۔ میں کھڑا ہو گیا ۔ کہنے والے نے کہا کہ کیا تو نے قرآن کو بھی پڑھا ہے میں نے کہا ہاں ۔ ندا آئی کہ کیا تو نے وہ جگہ نہیں دیکھی جہاں موسیٰ نے خدا کے دیکھنے کی خواہش کی تھی ۔ اور آخر اسکے اصرار پر محض اسکی تجلی کی تاب نہ لا سکا ۔ تیرا پیغمبر آخر الزمان بھی جو خدا کا مقرب ترین بندہ ہے سوا قدرت حق کے خود حق کو نہیں دیکھ سکا آجتک جسقدر پیغمبر و نبی گذرے ہیں کسی نے اسکے دیدار کو نہیں دیکھا ۔ تجھے خدا نے کچھ عقل بھی دی ہے اگر تو اس سے کام لیتا تو تو خود ہی سمجھ سکتا کہ غوث کسی پیغمبر یا اصحاب نبی آخر الزمان سے بڑھکر نہیں ہے جو خدا کو خود مشاہدہ کرتا اور دوسروں کو دکھلانے کا دعویٰ کرتا ۔

یاد رکھو ۔ اور اڈیٹر الہادی سے کہدے کہ اسلام ہوا کی باتیں لکھکر کافروں سے نہ ہنسوائے ۔ ورنہ معتوب الٰہی ہوگا ۔ غزل جو اسنے غوث کے نام منسوب کی ہے ۔ اتہام ہے غوث نے دنیا میں اپنا کوئی دیوان نہیں چھوڑا چند خود غرض بندوں نے اسکے نام سے البتہ دیوان مشہور کیے ہیں اور عوام الناس کو دھوکہ دیا ہے ۔ خدا نے اسکو معرفت کا علم دیا تھا اور سکھلایا تھا اسکو بہت کچھ وہ خدا کے بندوں کو ایسی تلقین و تعلیم کا ہرگز مرتکب نہیں ہو سکتا ۔ خدا عالم الغیوب ہے ۔ وہ سب جانتا ہے جو کچھ ہے ظاہر اور چھپا ۔ نہ اس غزل یا کسی اور شے یا شخص میں طاقت ہے کہ خدا کے دیدار کو دیکھ سکے یا دکھا سکے ۔ اگلے زمانہ میں جبکہ خدا نے مسلمانوں کو عروج دے رکھا تھا اور رکھا انکو سربلند اسوقت تک کہ وہ خدا اور رسول کے احکامات سے غافل نہیں ہوئے تھے ۔ ایک فرقہ تھا جسنے ایک عظیم دیوار اس عروج میں حائل کر دی جو خدا نے اتاری تھی اپنے بندوں پر اور جو بالکل کھلی کھلی تھی ہر شخص پڑھے ۔ سمجھے عمل کرے اور راہ پائے جی ۔ مگر انھوں نے اسکے ایک دوسرے معنے پہنائے اور اسکو ظاہری ۔ باطنی معنوں میں بانٹنے لگے ۔ حقیقت یہ فرقہ مسلمانوں

بواسیر کا طلسمی چھلا

صرف ہاتھ میں پہننے سے ہر قسم کی بواسیر سے کلی آرام ہو جاتا ہے ۔ قیمت صرف (دس آنہ) ۱۰/

برقی فیتہ

کون ہے جسکو بچوں کے دانت نکلنے کے وقت اسکی تکلیفوں کو دیکھکر کلیجہ منہ کو نہ آتا ہو ۔ اسکو بچے کے گلے میں پہنانے سے بچہ دانتوں کی تمام تکلیفات سے محفوظ رہتا ہے اور دانت بآسانی نکل آتے ہیں ۔
قیمت صرف معہ محصولڈاک عہ

بال اوڑانیکا پوڈر

اسکو لگاتے ہی بدون تکلیف ایک دو منٹ میں ہر جگہ کے بال بہ صفائی کمال جڑ سے اکھڑ جاتے ہیں ۔ قیمت صرف ۴/

المشتہر

منیجر جین ٹریڈنگ کمپنی شہر [illegible]

کے طبقۂ علما کا تھا اور چونکہ اس زمانہ مین مسلمان خدا کی شرع کے پابند اور عامل تھے انکو ضرورت ہوئی کہ اپنے تئین اسلام مین اسطرح چھپائین کہ انکی باتین ظاہر بھی نہ ہون اور مسلمانون مین عزت و حرمت سے بھی دیکھے جائین ۔ کیونکہ ان باتون کی افشا سے خوف تھا کہ خدا کے شرعی قانون کے مواخذہ مین نہ آجائین ۔ لہذا انھون نے اسلامی رہبانون کا فرقہ قائم کیا اور اسلام مین رہبانیت کی بنیاد ڈالی جسکی آڑ مین آزادی سے خدا کے بنائے ہوئے قانون سے تجاوز کرنے لگے ۔ اور ہر ایسی بات جو احکام خداوندی کے خلاف اسنے ہو وہ اسکی پاداش سے بری کیے گئے ۔ اور انکی وہ خلاف شرع باتین خاص معرفت کی اجزا قرار پائین ۔ خدا دانا بینا ہے ۔ اس فرقہ کے بعض لوگون کو ہدایت ہوئی اور وہ اچھے گزرے بعض اپنے اسی طریقہ پر قائم رہے کئی صدی تک ۔ یہ گروہ حکیمانہ اصول پر الہیات کی پیروی اور تحقیق [illegible] رہا ۔ اور کیا اسنے جو کچھ چاہا اسلام [illegible] مین تو دیکھتا ہے کہ آجکل قبر پرستی [illegible] ہے ۔ جو کچھ انکو کمال تھا وہ بھی کھو [illegible] اپنی عاقبت گنوا چکے ۔ [illegible] شرع امور کا مرتکب ہوا اور مجنون [illegible] اسی قدر وہ ولی اللہ او ر صاحب [illegible] کہا جاتا [illegible] مین اگر کوئی بیمار ہوتا ہے اسکے دماغ [illegible] ہے ۔ اور وحشیون کی حرکات [illegible] ہوتا ہے ۔ وہ دنیا مین مجذوب کہلاتا ہے ۔ [illegible] اسکی عزت کرتے ہین ۔ جو [illegible] زانو [illegible] نشین ہو کر کل شرعی قید سے آزاد ہو جاتا ہے ۔ [illegible] دنیا والے درویش کامل کا لقب دیتے ہین ۔ [illegible] حالتین اس فرقہ کی جس نے آہستہ آہستہ اسلام مین دخیل ہو کر اسقدر مسلمانون کو نقصان پہونچایا ہے کہ آجتک کسی فتنہ سے نہین پہونچا ۔ جب ان مین کا کوئی مرتا ہے فوراً سیکڑون کرامتین اسکی موت کے بعد مشہور ہو جاتی ہین ۔ دنیا کے لوگ اسکی کرامتون کی ضخیم جلدین شایع کرتے ہین ۔ اسکی قبر کو نجات کا وسیلہ خیال کرتے ہین اور طلب کرتے ہین اسکی مٹی سے فضل و برکت اور اپنی مرادین حالانکہ برکت و بزرگی والا اور سب کی مرادین بر لانے والا صرف خدا ہی ہے ۔ دنیا والے سیدھے سادے ہے انکے مکرون مین ایسے پھنسے ہوئے ہین کہ خدا اور اسکے رسول کو بھلا بیٹھے خداوندی احکامات پیرون کے احکامات کے آگے پس پشت ڈالے جاتے ہین ۔ اصطلاح مین وہ پیران طریقت کہلاتے ہین ۔ جہلا ہر امر مین

انھین سے مرد کے طالب ہوتے ہین گویا [illegible] خدائی کے برابر کے شریک ہین ۔ کر دیئے گئے یا ہین گے ۔

آخر خدا نے ایک ایسے دور کو دنیا مین بھیجا جسکے کل علوم اگلون سے بظاہر نرالے ہین مگر اصول مین متفق ۔ یہ دور ان صوفیون سے بالکل پردہ اوٹھا دیگا ۔ اور انکی کرامتین مخلوق پر بالکل منکشف ہو جاینگی جو آج راز ہین اور روحانی رموز مین جنکا شمار ہے ۔ کل وہ ہر کس و ناکس کے قبضہ و قدرت مین ہونگی ۔ خدا خوب جانتا ہے جو کچھ ہونے والا ہے ۔ خدا نے تجھے یہان اسلیے بلایا تاکہ اس اتہام کو جو اسکے ایک نیک بندے پر لگایا گیا ہے دور کردے اور اس غلط بیانی کی جو مسلمانون مین اڈیٹر الہادی نے پھیلائی ہے اصلاح کردے کہ خدا کو دنیا مین کوئی نہین دیکھ سکتا ۔

اسی الہادی [illegible] مین ایک صوفی عبد الاحد نے کچھ تصو[illegible] ظاہر کیے ہین اور چند مسائل پر [illegible] چونکہ مسلمانون [illegible] مضمون [illegible] الہادی [illegible] تاکہ [illegible] فارسی شعر [illegible] اکھ [illegible] آرو [illegible] ۔۔۔ ثواب الٰہی کا معنی سمجھتا ہے ۔ [illegible] خدا کی ذات خداوندی کو ٹھہراتا ہے [illegible] اسنے یہ خیال کیا ہے کہ کائنات پیدا ہونے کے [illegible] اور کا بھی وجود تھا جو خدا سے خطاب کرتا ۔ اگر [illegible] اعتقاد ہے تو اس سے جا کر کہدے کہ اپنا نام عبد الا[illegible] ڈالے ۔ کیونکہ عبد الاحد تو ایک خدا کے بندہ [illegible] ہین ۔ اسکو لازم ہے کہ اپنے تئین "عبد الاثنین" یعنے دو معبودون کا بندہ کہے اور اگر "خطابت با خود کرد" کے معنے اسکے ذہن مین یہ آئے ہین کہ خدا نے اپنی ذات سے خود ہی خطاب کیا تو چونکہ وہ آگے چلکر ہمارے مخاطبہ کو "کن فکان" سے تعبیر کرتا ہو یعنے عالم سے جسکا وجود خدا کے علم و ارادہ مین تھا ۔ خدا نے کہا کہ صورت ظاہری مین تو آجا چنانچہ وہ آگیا ۔ اس صورت مین خدا اس سے پوچھنا چاہتا ہے کہ خدا نے اپنی ذات سے کس بات کا خطاب کیا اور اسکا کیا مفہوم تھا ۔ کیا وہ عالم کو خدا کی ذات مین شریک مانتا ہے

[illegible]

اس صورت [illegible] مین [illegible] ۔ [illegible] اسکو ہر یا تو وہ حجر ہوگیا ہو [illegible] شیخ [illegible] خلاف [illegible] یا ۔ چند سطرون کے بعد لکھتا ہے کہ "جان" ذات [illegible] اور نہ غیر خدا ۔ اسکے بعد سوال کرتا ہے کہ [illegible] اور خود ہی اسکا جواب دیتا ہے کہ "یہ مسئلہ [illegible] ہے اگر کسی اہل کمال کے فیضان سے [illegible] وہ یقین کامل اور اصل ایمان ہے ورنہ [illegible] برعکس ہے" دیکھو اسکے دل [illegible] ہوئی ہے ۔ کیا اسکو معلوم نہین کہ اگلے زمانہ مین ناشکرون نے جان کی بابت جب شبہات ظاہر کرنا شروع کیے تو خدا نے اپنے پیغمبر آخر الزمان کو ہدایت کی کہ کہدے جان خدا کا حکم ہے ۔ (یسالونک عن الروح قل الروح من امر ربی) اسپر اسکو اطمینان نہین ہوتا اور ہمارے صریح فرمان اور قطعی حکم کو بے حقیقت سمجھکر اس مسئلہ کی تحقیقات کے لیے کسی دوسرے اہل کمال کے فیضان کا منتظر رہتا ہے [illegible] ذہن ناقص مین کیا [illegible] کوئی ہے جو کمال مین خدا کے [illegible] ہوسکے ۔ یا خدا کے نبی و رسل [illegible] ایسا اہل کمال اسکو کہ سکین ۔ اگر ایسا نہین ہے [illegible] خدا اور [illegible] کے پیغمبر کی بتائی ہوئی بات پر [illegible] نہین لاتا ہو ۔ اور [illegible] برعکس بنا کر اپنے ایمان کا مذہب بناتا ہو اور اپنے آپ کو ملذبین [illegible] الی ھو [illegible] کے زمرہ مین ٹھہراتا ہے ۔

لکھتا ہے کہ [illegible] عالم بے چون و بیچگون ہے مثال سے منزہ مگر جبتک مصطلحات اور تشبیہ نہ قائم

---

(۲)

مفت بلکہ ٹکٹ بھی کارخانہ کیطرف سے

رسالہ گوہر نادرہ دنیا بھر مین نایاب کتاب نہایت جلد بذریعہ کارڈ اطلاع پہونچے جسقدر آپکی اور دیگر دوستون کیلیے ضرورت ہو پتہ ذیل سے مفت ملینگی

جنرل منیجر کارخانجات رائل میڈیکل ہال جگادری ضلع انبالہ

[illegible]

دریافت کر [illegible] موجود ہو ہے [illegible] خدا کی [illegible] موجودات کو مالک چند روزہ ظروف سے تشبیہ دیکر اپنے فہم میں ہماد کرنے ۔ وہ خود کہہ چکا ہے کہ موجودات کا وجود حقیقی نہیں ہے بلکہ حقیقی کے ساتھ قائم ہے تو پھر آخر اسنے کس چیز کو خدا سے مشابہت دینے کو منتخب کیا ہے ۔ اگر یہ اصول یہ مشابہ صحیح ہو جائے تو پھر وہ فرقہ جو خدا کے ایک بندہ (عیسیٰ بن مریم) کو "ابن اللہ" کہتا ہے ہر باطل کیوں ہونے لگا ۔ آخر اسکا بھی تو یہی قول ہے کہ مسیح فی الواقع خدا کا بیٹا نہیں ہے بلکہ اسمین اور خدا میں قرابت و محبوبیت کا ایسا رشتہ ہے جو باپ اور بیٹے میں ہوتا ہے چنانچہ لاہور کے رسالہ تجلی کے آخر میں پادری اکبر مسیح نے ابن اللہ کے عنوان سے اس مضمون کو تفصیل کے ساتھ لکھا ہے۔ اس مضمون میں درحقیقت عجیب و غریب اعجاز و بیت کے نمونے نظر آتے ہیں ۔ [illegible] خدا کو بیچون [illegible] اسکے [illegible] اور کبھی [illegible] کہتا ہے [illegible] سے نشان [illegible] کی قبولیت [illegible] اسکے [illegible] یہ ہوئے کہ [illegible] خدائی [illegible] بندگی اختیار [illegible] ذات [illegible] ظاہر ہوا ۔ اہل ذوق اس حیرت انگیز [illegible] میں دیکھیں کہ [illegible]

اوڈیٹر الہادی نے اپنے [illegible] پرچہ میں اس سرزمین کی نسبت [illegible] آخر الزمان [illegible] دوسری سرزمینوں پر شرف دیا ہے ۔ نہایت غلط بیانی سے کام لیا ہے اور اس زمین کے مقدس شہروں کی حالت لکھنے میں انتہا سے کذب کو مدنظر رکھا ہے ۔ جس سے احتمال ہے کہ سادہ لوح مسلمان اسکو صحیح سمجھکر مغالطہ میں نہ پڑجائیں ۔

متوجہ ہو اور مت بھلا!

وہ خدا کے کلام (قرآن) سے استدلال کرتا ہے کہ "مکہ ناف زمین ہے اور اسوجہ سے کہا گیا کہ تمام براعظموں میں بطور مرکز کے واقع ہے"۔ خدا نے کہیں اپنے کلام میں مکہ کو ناف زمین نہیں قرار دیا اور نہ کہیں تشریح کی کہ مکہ براعظموں میں بطور مرکز کے ہے ۔ البتہ خدا نے اوسکو بوجہ اس بزرگی اور شرافت کے جو دوسری زمینوں پر خدا نے اسے عطا کی ہے اسکو ام القریٰ کہا ہے ۔ جو یہ جانتا ہے کہ زمین گول ہے ۔ کسی شہر یا جگہ کی تخصیص نہیں کرو بی زمین کا مرکز ہو ۔ جو جگہ بھی بطور مرکز قرار دیجائے ہوسکتی ہے ۔

وہ لکھتا ہے کہ "تین سمت مکہ کے پہاڑ ہیں ۔ مدینہ منورہ کی جانب راستہ ہے"۔ جبکہ اسکے جہل کی یہ حالت ہے کہ اسکو ٹھیک مقامی جغرافیہ کی حالت تک بھی علم نہیں ۔ وہ کیوں ایسی جرات کا مرتکب ہوتا ہے ۔ خدا کے بہت سے بندوں نے صحیح صحیح حالات نہ صرف ان مقامات کے بلکہ دیگر مقاموں کے بھی لکھے ہیں ۔ اسنے انھیں کو دیکھ لیا ہوتا اور اپنے جہل کی اصلاح کرلی ہوتی ۔ مکہ ایک پتھریلی زمین پر واقع ہے اور چاروں طرف پہاڑیوں سے محیط ہے ۔ اس سے نہ صرف مدینہ ہی کو راستہ گیا ہے بلکہ طائف اور جدہ کو بھی ۔ طائف مکہ کے جنوب و مشرق ہے ۔ جدہ شمال و مغرب میں اور مدینہ شمال و مشرق میں ہے ۔ مکہ سے اسیطرح اور بھی بہت سے راستے گئے ہیں ۔

پھر وہ لکھتا ہے کہ "یہاں کے باشندے خصوصاً اہل عرب نہایت آزاد منش ۔ صفائی پسند ۔ نازکخیال اور مہذب ہوتے ہیں"۔

یہ کھلا کھلا جھوٹ ہے جسکی تصدیق ہر حاجی کردیگا ۔

اسی ذیل میں وہ لکھتا ہے کہ "مسجد نبوی شہر کے وسط میں واقع ہے ۔ اس سے کچھ فاصلہ پر روضہ مبارک ہے"۔ حالانکہ جسے ذرا بھی درک ہوگا وہ جانتا ہوگا کہ روضہ خود مسجد نبوی سے متصل ہے ۔ نہ کہ باہر ۔ اسکے بعد وہ لکھتا ہے کہ "مدینہ کی زمین نہایت زرخیز و شاداب ہے ۔ علاوہ خرما اور کھجور کے اور میوہ جات کے بھی باغات ہیں ۔ اسکے نواح میں گندم ۔ باجرہ ۔ جوار وغیرہ پیدا ہوتا ہے ۔ نہریں جا بجا جاری ہیں ۔ اور کنوئیں بھی بکثرت ہیں جسکا پانی نہایت شیریں ہوتا ہے ۔ اگرچہ مدینہ میں ہمیشہ گرانی رہتی ہے مگر کوئی گھبراتا نہیں"۔

اسمیں دو متضاد باتیں ہیں جو ایک ساتھ جمع نہیں ہوسکتیں ۔ اول یہ کہ باوجود اسقدر زرخیزی کے گرانی کیسی جبکہ مثل ہندوستان کے اس سے باہر کہیں غلہ بھی نہیں بھیجا جاتا ۔ دوم یہ کہ اس گرانی پر نہ گھبرانا اور اسکے دور کرنے کی باوجود اسقدر آبپاشی کے وسائل فراہم ہونے جو مبداء فیاض سے عطا ہوے ہیں دنیا میں حیرت انگیز امر ہے ۔

اسی سلسلہ میں پھر وہ لکھتا ہے کہ "صوبہ حجاز نجد کو تہامہ سے جدا کرتا ہے اور یہی اسکی وجہ تسمیہ ہے ۔ اسکے جنوب میں یمن اور تہامہ ہیں ۔ ۔ ۔ مشرق میں صوبہ نجد ہے"۔ خود اسی کی تحریر سے وجہ تسمیہ حجاز باطل ہوئی جاتی ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ حجاز سے جنوب میں تہامہ اور مشرق میں نجد ہے اور [illegible] تہامہ سے جدا کرتا ہے ۔ اگر اسکی پہلی بات کا اعتبار کیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ نجد اور تہامہ حجاز کی سرحد سے ملے ہوئے واقع ہیں ۔ اور اگر دوسری بات مانی جائے تو معلوم ہوگا کہ حجاز ۔ نجد اور تہامہ کے درمیان حائل ہے اور دونوں کو جدا کرتا ہے حالانکہ اگر وہ کسی اسکول کے لڑکے سے اس امر کو دریافت کرلیتا اور عرب کا نقشہ دیکھ لیتا تو کبھی اس غلطی کا مرتکب نہ ہوتا ۔ حجاز کے ٹھیک مشرق میں نجد ہے جو اسکی سرحد سے ملحق ہے اور حجاز کے مغرب میں بحر قلزم تھپیڑے مارتا ہے ۔ تہامہ نجد کا ایک بیابان ہے اسکے اور وجہ تسمیہ سے کوئی علاقہ نہیں ۔

جا اور اوسکو خدا کیطرف سے کہدے کہ جب وہ اسقدر علم اور عقل نہیں رکھتا ہے کہ ایسے مضامین میں اپنی ہدایت کرسکیں اور جبکہ وہ خود اپنی مادری زبان اردو صحیح نہیں لکھ سکتا ہے اور نہ اسقدر لیاقت رکھتا ہے کہ کوئی مضمون خود اپنی طبیعت سے لکھ سکے ۔ وہ کیوں دنیا میں ایک ایسا پرچہ جاری کرکے کہ جسکی غلط بیانی سے خدا کو اسے تنبیہ کرنی پڑی ۔ علمی دنیا میں اپنے تئیں سربرآوردہ کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اسکی مخلوق کو ضلالت کا راستہ بتاتا ہے ۔ اگر اسکا مقصد تصوف ہے تو تو کہدے کہ جن لوگوں نے العرفان ایسا رسالہ جو تصوف میں شرر کی اڈیٹری میں نکلتا تھا ۔ دیکھا ہے اور اسکے علمی اور انوکھے مضامین کو پڑھا ہے ۔ وہ الہادی کو دیکھکر کیا کہیں گے ۔ آخر اسکا اس پرچہ نکالنے سے کیا مقصد ہے اور مسلمانوں کو یا اور مخلوق کو اسکی اشاعت سے کیا فائدہ پہونچ سکتا ہے جبکہ اسمیں علمی مضامین کا شائبہ تک نہیں جب سے نکلا ہے ایسے ہی خرافات و لغویات کا مجموعہ ہوتا ہے ۔ لیکن جب اسنے خدا اور اسکی پاک سرزمین کی نسبت بھی اپنے حسب عادت غلط بیانی سے کام لیا اور تو نے اوسکو سچا سمجھکر اسپر عمل کرنا شروع کیا جسطرح اور بندوں نے جسکا علم خدا ہی کو ہے ۔ خدا نے اس غلط فہمی کو جائز نہ رکھا اور تیرے ذریعہ اسکی اصلاح کردی ۔ خدا بیشک بہت بڑا غفور الرحیم ہے ۔ جا اور اس سے کہدے کہ وہ ریاست کا روپیہ اس پرچہ میں جس سے خلق خدا کو ذرا بھی فائدہ نہ پہونچے برباد نہ کرے اور اپنی شہرت طلبی کے لیے ایسا کام نہ کرے جس سے دیانت داری کو صدمہ پہونچنے کا اندیشہ ہو ۔

۔۔ پھر ... غائب ... جہان موج پیدا ہوا اور وہی پہلا سا طوفان برپا ہو گیا ۔ کچھ دیر کے بعد یکبارگی تاریکی چھا گئی اور میں گھبرا کے آنکھیں ملنے لگا ۔ آنکھیں جو کھولتا ہوں تو اپنے تئیں مصلے پر پایا ۔ ٹھیک صبح صادق کا وقت تھا ۔ اسوقت میں سجدۂ شکر بجا لایا ۔ اور اپنے گناہوں سے توبہ کی ۔ اور سب کے پہلے میں نے خدا کے حکم کے بجالانیکا بندوبست کیا اور آپکے اخبار کے ذریعہ سے اسکے حکم کی تعمیل کر دی اور خدا کا پیغام اڈیٹر انساؔنی کو پہونچا دیا ۔

عاقل

حق بین

اے ۔ کیو ۔ خانی

ہندوستانی ہوٹل لکھنؤ

لکھنؤ دیکھنے کا شوق تو سب کے دل میں ہوتا ہے لیکن جب وہاں کے قیام کی تکالیف پر نظر پڑتی ہے تو تمام حوصلے پانیچوں سے نکلکر تحت الثریٰ میں پہونچ جاتے ہیں خدا کی پناہ وہ سرا کی بھٹیاریوں کی کثافت وہ انکے میلے برتن ۔ وہ مکھیوں سے بھری ہوئی ہانڈیاں ۔ بید اور گو بر کا ہولناک منظر کھٹمل اور مچھر کی بھرمار بھٹیاریوں کی مشہور آفاق جنگ کا طوفان بدتمیزی ۔ الله دے اور بندہ لے ۔ مگر نادر کاکوروی شکریے کے مستحق ہیں کہ ہندوستانی ہوٹل کھولا جسکے وسیع اور ہوادار کمرے اعلیٰ فرنیچر سے آراستہ ہیں جو امین آباد جیسے مشہور مقام میں واقع ہے ۔ جہاں سے تمام دلچسپ مناظر اور ضروری مقامات قریب ہیں کھانے کا انتظام نہایت معقول ہے نرخ بہت ارزاں حضرات آئیں اور دیکھیں مجھ غریب الوطن کی غلط الشنہ ... ہوٹل نے مسیحا کا کام دیا ہے ۔ اسلیے بہ اظہار شکر گزاری ذیل کی رباعی بے اختیار دل سے نکلی ہے

وہو ہذا

... بر کا ہمارے رہے نادر ہوٹل
... م دو جہان مسافر ہوٹل
... ہمان سے تو یہ مانگو نکا دعا
... ... ایر ہوٹل

راقم ...

لوکل گپ شپ

تم جانو شبرات ہر سال بعینہٖ میں کسی نہ کسی کو لیا ہی کرتی ہے ۔ ایک حضرت ہنڈولے کے تاکہ پر منسل ہو تماسہ بنا رہے تھے بگڑ ہو گئی ہے ۔ تو لے سیر اجالی ۔ پہونچے گلڈ کر اور سر ننگا چھت میں کرتے ۔ داڑھی مونچھوں کا ہوا صفایا منہ گجنجے کا ہو گیا ۔ ماچلس گرے تو کیا تھا پرائی کمائی کا بنا ہوا ۔ خیر ہو گئی ورنہ اڑا دیا اور طرم ہو جاتا ۔ بام لیلا اور اسکے ساتھ پتنگبازی کا جھیلا ختم شد ۔ سقدر بازار میں بڑا زور دھام تھا ۔ عورتیں علیحدہ اور مرد الگ تھلگ ۔ معہ ترش کے زنانہ درجہ کی طرح جو کوئی لڑکی گکڑ دی میں جاتا ڈانٹ ڈپٹ سہتا آتشبازی نہ اچھی رہی نہ بری ۔ دی نیو الفریڈ کمپنی آف بمبئی تشریف شریف لائی ہیں ۔ ۲ ۔ ماہ حال کو پہلا تماشا چندر اولی تھا ۔ آئندہ دیدہ خواہد شد ۔

اے ۔ آر ۔ لوکل نامہ نگار

اطلاع برائے آگاہی عوام

عام لوگوں کی توجہ اون تغیرات کیطرف دلائی جاتی ہے جو اون قواعد میں کیے گئے ہیں جو کہ بابت جرائم قابل دست اندازی پولیس کے ہیں ۔ پرانے قواعد کے مطابق ذریعہ پولیس تحقیقات کیا جانا ۔ جبکہ مستغیث کی کچھ بھی خواہش ہو تمامی مقدمات قابل دست اندازی پولیس میں سوا خفیف چوری ۔ ناکامیاب نقب زنی مداخلت خانہ بیجا کے لازمی تھا ۔

عام لوگوں کو غیر ضروری تکالیف سے بچانے کی نظر سے قواعد مندرجہ ذیل بمنظوری گورنمنٹ صاحب انسپکٹر جنرل پولیس نے جاری فرمائے ہیں اگر بناء استغاثہ دفعہ ۹۵ تعزیرات ہند کی تعریف میں آتی ہوئی معلوم ہو یا مستغیث کوئی خاص قسم کا جرم قائم کرتا معلوم ہو علاوہ کسی مناقشہ کی پیروی میں پولیس کی امداد حاصل کرنیکی غرض سے ایک خفیف وقوعہ کے بیان میں مبالغہ کرتا ہوا معلوم ہو تو تفتیش کرنیکی ضرورت نہیں ہے گو مستغیث تفتیش کی درخواست کرتا ہو ایسے موقعوں پر ان امور کا لحاظ کرنا چاہیے کہ آیا بذریعہ ارجاع نالش عدالت سے مستغیث کی مناسب داد رسی ہو جائیگی اور آیا بغرض حفظ امن پولیس کو کوئی کارروائی کرنی مناسب ہے ۔ جبکہ مستغیث تفتیش کا خواہان نہو تو تاوقتیکہ معاملہ سنگین ہو یا ارتکاب جرم کسی عادی مجرم سے ہوا ہو یا مجرم گروہ جرائم پیشہ سے ہو یا ارتکاب جرم کسی افسر پولیس کے روبرو ہوا ہو ... استغاثہ کارروائی کرنیکی حاجت نہ تفتیش نہیں کرنی چاہیے

ایس ۔ ایچ ۔ بٹلر ۔ مجسٹریٹ ضلع لکھنؤ

۔ مشتہر ...

... قدرتی علاج

موجودہ صحت کا قائم رکھنا اور کسی ... کے لیے اور والدون کے ... صحیح و سالم اولاد پیدا کرنیوالا بچوں اور عورتوں کی خفیہ بیماریوں کا بغیر امتحان علم ... تندرست و بیمار کا اتالیق ... ہر مریض ... کے لیے یکساں مفید ۔

لاجواب سلسلۂ کتب جدید قدرتی طریقۂ ... و جدید قدرتی طریقۂ علاج بے دوا ... مصنفہ مشہور عالم ڈاکٹر لوئی کوہنے صاحب ... موجد و مصنف علاج بے دوا

۔ جسمیں لائق موجد نے قدرت کے اندر نباتات و حیوانات اور انکی عقل حیوانی ۔ و مظاہر قدرت مثل چاند سورج کے قدرتی اثروں ۔ اور موسموں کے تغیر و تبدل کو ملحوظ مشاہدے اور عملی تجربے کرکے بڑی منطقیانہ اور فلسفیانہ تحقیق کے ساتھ بدلائل عقلی ثابت کیا ہے کہ جملہ امراض خواہ اونکے نام کچھ ہی کیوں نہوں اور خواہ وہ صورتاً میں ایکدوسرے سے بظاہر کیسے ہی مختلف کیوں نہ ہوں دراصل ایک ہی ہیں اور ان سبکا ایک ہی مشترکہ سبب ہے ۔ لہذا ان سبکا علاج سائنٹفک یعنی علم طبیعات کے اصولوں کے ساتھ یکساں طور پر صرف ایک ہی طریقہ سے بلا ضرورت تشخیص مرض ہو سکتا ہے ۔

۔ جسمیں صرف چہرہ اور گردن دیکھکر تندرستی و بیماری کا جو علم ہوتا اور آئندہ کئی برسوں بیشتر صحت کے ساتھ فرق کرنا بتلایا ہے اور ہر مرض کا علاج معمولی سر اور دانتوں کے درد سے لیکر دق ۔ عرق ہیضہ ۔ طاعون ۔ اڈیما ۔ پھوڑہ وغیرہ مہلک لاعلاج امراض تک بے دوا ۔ بے جراح بے عمل پچکاری وغیرہ صرف چار مختلف قسم کے گرم و سرد پانی کے تیز غسلوں ۔ دھوپ کے خارجی اثر اور قدرتی کھانے پینے کی چیزوں سے نہایت آسانی سے کامیابی کیساتھ کرنا بتلایا ہے

۔ جو اسقدر مقبول اور پسندیدہ خاص و عام ثابت ہوا ہے کہ اسکا ترجمہ ۲۵ مختلف زبانوں میں ہو چکا ہے ۔ صرف دو سال کے اندر ہزار ہا جلدیں فروخت ہو چکی ہیں اسکے اردو اڈیشن با تصویر یعنی

(۱) کیا میں تندرست ہوں ؟ یا بیمار ؟ قیمت فی جلد ... محصول ڈاک ...

(۲) حقیقی قدرتی غذاء انسان قیمت فی جلد ... محصول ...

(۳) قوت زندگانی کا بڑھانا طبع دوم ۔ ... (... شدہ)

قیمت فی جلد ... محصول ...

میزان کل ... کتب ...

پیشگی قیمت آنیپر بذریعہ وی ۔ پی ۔ پوسٹ ۔ خود مترجم صاحب ...

محمد ... صاحب ۔ ایجنٹ ڈاکٹر لوئی کوہنے صاحب

موضع ... نمبر ... بازار لعل چاہ دہلی



بنرجی کمپنی کا خوشبودار خوشرنگ لالی ناریل کا تیل جسکی تعریف مین قلم قاصر ہے - اسمین چند ادویات خاص دماغ کیواسطے شامل کیگئی ہین - جوکہ دماغ کو تقویت دیتی ہین اور ہمیشہ تر و تازہ رکھتی ہین - سر و دماغ کی بیماریون کو دفع کرتا ہے سر کے درد کو دور کرتا ہے بالون کو سیاہ کمپیلا ملائم اور جڑ ون کو مضبوط بناتا ہے - زیادہ ترطالبعلمون کو اور ان اشخاص جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے - ان کے واسطے بہت ہی فائدہ مند ہے اور ہماری دوکان سے تو ایجاد ہوا ہے زیادہ تعریف کرنا فضول ہے - استعمال سے خود معلوم ہوجائیگا قیمت فی شیشی ۱ر علاوہ محصولڈاک وغیرہ

نمبر ۳ - بنرجی کمپنی کا زود اثر داد کا مرہم - یہ مرہم گوکہ کیسا ہی پرانا ہو جاتا ہو فوراً نافع اچھا کر دیتا ہے - بعد لگانے کے ایسا معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا - قیمت بھی کچھ نہین صرف ۳ر فی ڈبیہ

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا بال اڑانیکا سفوف - یہ سفوف لاجواب ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہین پڑتا ہے بلکہ ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۲ر فی تولہ فی شیشی ۶

نمبر ۴ - بنرجی کمپنی کا فیور پاوڈر یعنے سفوف دافع بخار - بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا - صرف دو روز کے استعمال سے فائدہ ہوجاتا ہے قیمت ۶ عدد پڑیہ ۶ر

نمبر ۵ - نو ایجاد گولیان ضابط - گولیان حد درجہ کی ضابط ہین بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیاگیا ہو قیمت ۶ عدد گولی ۶ر

ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے شوقینون کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے - علاوہ اسکے مفرح اور مقوی بھی ہے -

نمبر ۶ - بنرجی کمپنی کا عرق سوزش - وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی دوسرا عرق نہوگا - ایک مرتبہ تجربہ کرنا چاہئے کیسا ہی پرانا ہو صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا - اگر ایک ہفتہ استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہوجائیگا قیمت بارہ خوراک ۶ر

نمبر ۷ - بنرجی کمپنی کا روغن - یہ وہ روغن نایاب ہے جسکی ضرورت ہر خاص و عام کو ہے کیونکہ آجکل کے زمانہ کی صحبت نے لوگون کو بالکل اندھا کر رکھا ہے - بے احتیاطی اور خلاف فطرت حرکتین بہت زیادہ ہورہی ہین اسیوجہ سے یہ روغن واسطے رفع امراض کے نکالا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ یا جلن نہین ہے - قیمت ۲ر فی شیشی -

نمبر ۸ - بنرجی کمپنی کا دانت کا منجن - مسوڑھون کا ورم - دانت کا ہلنا - انگلون کا ہلنا - دانتون سے خون کا آنا منجن کے استعمال سے چند دنون مین دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہوجاتے ہین یہ وصف بنرجی کمپنی ہی کے منجن مین ہے - قیمت فی تولہ ۱۲ر فی شیشی ۱۲ر بچون کے کرم شکم یعنی کیچوونکی دوا - تلی سوداوی یوہٹیا - اسکے علاوہ اور بہت سی بیماریون کا علاج بہت غور سے کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت سے بھی ہوسکتا ہے - جواب کے لیے ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیئے -

المشتہر - اے - سی - بنرجی اینڈ سنس میڈیکل ہال سہارنپور متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنھیالال

نقول اسناد

نمبر ۱ - بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دواساز ہین میرا اپنے ہمیشہ معاملہ رہا - انکی ادویات تازہ ہوتی ہین - سہارنپور

دستخط ۷ - جولائی سنہ ۱۹۰۱ء

جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل - (سول سرجن)

نمبر ۲ - مین سارٹیفکٹ ہذا ایس - سی بنرجی اینڈ سنس کو بہت خوشی سے دیتا ہون کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور کے حق مین بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے - وہ ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہین - ایسا شاذ و نادر ہی دیکھنے مین آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا انکے یہان موجود نہو -

۱۵ - دسمبر سنہ ۱۹۰۲ء

سہارنپور -

دستخط جی - اے - لوٹ ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ)

نمبر ۳ - مسٹرس ایس سی بنرجی اینڈ سنس دواساز سہارنپور نے ضلع - اسپتال - ریل اور دیگر شفاخانون کو جو کہ میرے دوران قیام سہارنپور مین عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی مین رہے ادویہ مہیا کین -

اس دوکان مین ادویہ بکثرت اور تازی مہیا ہین اور منتظمان فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہین یہ اشخاص بحیثیت دواساز و دوافروش قابل اعتبار ہین کیونکہ نسخہ مین خاص ادویہ استعمال کرتے ہین - مین نہایت خوشی سے ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہون اور دعا کرتا ہون کہ عوام کی امداد سرپرستی انکو امید ہے قایم رہیگی جیسا کہ وہ مستحق ہین - سہارنپور

۲۴ - مارچ سنہ ۱۹۱۰ء دستخط ڈبلو - اسکاٹ لمینڈ - ایم ڈی - میجر آئی ایم ایس

میکولال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ

آریہ نمکا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیدہ زیب دانت بنائے جاتے ہین - کمانی دار اور بے کمانی دونون قسم کے -

ارتھی پر کچھ پھل وغیرہ بھی رکھے تھے کہ بعد مرنے کے بھی وانشمد بوزینہ لذات اور کسی کی مناسبی ہو ۔ غرض یہ ارتھی سج سجا کر اور خاصا بندر کا کھاڈو بنا کر ڈھول دماسے اور بجا بجو مردنگ کیساتھ اوٹھائی گئی ۔ مجمع "رام رام ست ہے" پکارتا ہوا چلا ۔ میں نے پوچھا آخر اس جنازہ کو لے کہاں جاؤ گے ۔ کسی نے کہا مرگھٹ ۔ ارمان اس بوڑھے بندر کو بندرابن پہونچاؤ تو کچھ زیادہ ہی پن ہوتا ۔ آخر وہ لوگ ادھر لے چلے ادھر بندہ چلتا ہوا ۔

راقم
ایک چلتا پرزہ
قلم ۔ نیک پوربی

ریویو
قوت زندگانی کا بڑھانا

کتاب مندرجہ بالا زیر ریویو سلسلۂ کتب علاج بے دوا کا تیسرا نمبر اور دوسرا ایڈیشن زیر طبع ہے جس سے اسکے مقبول اور مفید عام ہونے کا ناظرین بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں ۔ مصنف اسکے مشہور عالم ڈاکٹر لوئی کینے صاحب جرمن عالم موجد علاج بے دوا ہیں اور مترجم و مؤلف اسکے محمد امیر مرزا صاحب مؤلف کتب علاج بے دوا مالک دفتر اشاعت علاج بے دوا دہلی ہیں جنسے ہمارے اخبار کے ناظرین بخوبی واقف ہونگے ۔ زبان اسکی دہلی کی سلیس با محاورہ اردو ہے ۔ ساتھ ہی با تصویر بھی ہے :-

—— اسمیں علمی مشاہدوں اور عملی تجربوں اور دلائل عقلی کے ساتھ منطقیانہ و فلسفیانہ طور پر مضامین مندرجہ ذیل پر بڑی خوبی و لیاقت کے ساتھ بحث کیگئی ہے :-

(۱) ہماری غذا کسطرح جزو بدن بنتی چاہیے؟ - (۲) - ہمکو کیا کھانا چاہیے - (۳) ہمکو کہاں کھانا چاہیے؟ (۴) ہمکو کب کھانا چاہیے؟ (۵) چہرے سے تندرستی بیماری معلوم کرنے کا علم کیا ہے؟ - (۶) اصول علاج بے دوا کیا ہیں؟ (۷) انسان کی کامل صحت و تندرستی کیا ہے؟ - (۸) انسان کی صحیح و باقاعدہ شکل و صورت کیا ہے -

وغیرہ وغیرہ وغیرہ

—— اسمیں علم و عقل اور تجربہ کے ساتھ ثابت

کیا گیا ہے کہ ہر مرض کا علاج بے دوا۔ بے علاج ممکن ہو سکتا ہے۔ اور موجودہ صحت قایم رکھنے اور گئی ہوئی صحت دوبارہ حاصل کرنے کیواسطے ایک یہی قدرتی طریقہ علاج ہو سکتا ہے:۔

اس کتاب کی تقطیع ۱۸×۲۲ جو صفحہ ہے۔ صفحے شمار مین ۱۰۴ (ایکسو چار) مین عمدہ سفید چکنے ولایتی کاغذ پر چھپی ہے۔ کتابت و چھپائی بھی عمدہ ہے قیمت فی جلد چھہ آنہ اور محصولڈاک صرف دو آنے ہے۔

کتاب ہذا شائقین کو ذیل کے پتہ سے نقد قیمت پر یا بذریعہ قیمت طلب پارسل ملسکتی ہے:۔

محمد امیر مرزا صاحب۔ مالک دفتر اشاعت علاج بے دوا۔ بازار محل چاہ۔ دہلی

چہ میگویان

ہم کہے جائین گے حال دل بیتاب بیان
اس سے مطلب نہین سرکار سنین یا نہ سنین

مسٹر میر قایم مقام مغازی فلز آجکل دورے مین چلے ہین۔ بنگالی مہاشا ؤن مین چہ میگویان ہو رہی ہین کہ ان لاٹ صاحب کو ایڈریس دین یا ندین؟ امرت بازار پتر کا کہتا ہے کہ کوئی ضرورت نہین۔ اگر ایڈرس دیا گیا تو اسکے یہ معنے ہونگے کہ ہم تقسیم بنگال سے خوش ہین۔ کچھ پروا نہین اگر مسٹر مارلی نے چالیس مرتبہ بھی کہدیا کہ تقسیم بنگال طے شدہ معاملہ ہے وہ چالیس مرتبہ کہتے ہین ہم مظلوم اسّی مرتبہ بلکہ چار سو چالیس مرتبہ کہین گے کہ "ہم اسکو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہین" یہ جائز طریقہ سے اظہار ناخوشی ہے۔ قانون ہمین مجبور نہین کرتا کہ ہم ضرور ایڈریس دین۔ مظلومون کو اظہار خوشی سے مطلب؟

کھلکے محرم جو بند سے اور کبھی ابھرا جوبن
کہین دبتے ہین دبانے سے ابھرنے والے

اسمین تو شک نہین کہ سودیشی تحریک سے بدیشیون کو سخت نقصان ہوا انگلشمین اخبار خود ہی اقرار کرتا ہے مگر اس غم مین اگر کھسیانی بلی کھمبا نوچے تو ہو کیا سکتا ہے ایک جگہ کے مجسٹریٹ صاحب جو ایک دن بازار کو نکل گئے تو کیا دیکھتے ہین کہ ایک دوکاندار کی دوکان کے سائن بورڈ پر لفظ "سودیشی" لکھا ہوا ہے غصہ جو آیا تو آؤ دیکھا نہ تاؤ جھپٹ پڑے اور خود اپنے ہاتھ سے جاکر لفظ "سودیشی" مٹا دیا۔ خیال تو یہ ہوگا کہ لوگ ڈر جائینگے۔ مگر تو بہ صاحب وہان دوکانداروں نے اور خصوصا حلوائیون نے قسمین کھائین کہ جو آج سے بدیشی شکر استعمال کرے اوسکی ایسی تیسی۔ کہین دبانے سے دبنے والے دبتے ہین۔

علی پور کے ایک شخص نے ایک بیوہ سے بیسیر دل آ گیا تھا ہر چند کہا کہ دیکھو مجھے غلامی مین قبول کر لو۔ بہت سمجھایا کہ تمہارا ابھی بطن ہے اور ہمارا ابھی نگر وہ نیکبخت ان سے مانوس دہتین۔ یہ کہکر ٹالدیا کرتی تھین کہ لڑکے بڑے بڑے ہوگئے ہین نکاح کرتے مین نگوڑی شرم آتی ہے" جب انکے عاشق زار نے دیکھا کہ قابو نہین چلتا مجبوراً تنگ آمد بجنگ آمد۔ ایکدن چھرا ہاتھ مین دبا کر لے آیا۔ اور یکایک حملہ کیا خوب اچھی طرح (ڈیکینیشن) کر دیا کئی جگہ گود دیا۔ آخر پکڑے گئے اور بعد تحقیقات ۷ برس کے لیے بھیجدیے گئے۔ عشق کا مزہ یہ ہے۔

کرگا چھوڑ تماشے جائے
ناحق چوٹ جولاہا کھائے

گزشتہ منگل کو ہیریسن روڈ کلکتہ مین پولیس اور کابلیوں کے درمیان خوب جنگ ہوئی گتھم گتھا سے نوبت لٹھم لٹھا تک پہنچی بہت سے پولس والے زخمی ہوئے۔ مثل مشہور ہے کہ مارکے آگے بھوت بھاگتا ہے ایکدفعہ تو پولیس فرار ہوگئی۔ پھر دوبارہ جھپٹ مین بھاگی تو نہین ہان جگہ چھوڑ گئی۔ اب پولیس کی بہادری دیکھو جب خوب مرمت ہو چکی تب پولیس نے مار والیون اور چند بنگالیون پر (جو بطور تماشائی موجود تھے) ہاتھ صاف کیا کہ۔

"تم کیون کھڑے ہو؟"

ماشاءاللہ وجہ کیا معقول ہے "کیون کھڑے ہو؟" خیر اگر حیادار ہونگے تو ضرور یہ سبق چند روز کے لیے کافی ہوگا۔

سراقہ

اے ۔ یم
بریلوی

منجن درما کا
(بقیہ حاشیہ)

منجن

جسکی تصدیق

کیمیاوی ترکیب کی مشہور و معروف ڈاکٹر ڈبلیو آر ۔ رسڈن کر یسپر ایف ۔ سی ۔ ایس ۔ سکے آر ۔ ایس ۔ ایم ۔ فیلو آف ۔ دی ۔ رایل ۔ انسٹیٹیوشن کیمسٹری لنڈن نے کی

اسکے استعمال سے فائدے

(۱) دانتونمین سردی کے سبب سے کیسا ہی درد ہو فوراً کافور کر دیتا ہے (۲) سوڑہ دانتون اور مسوڑھون کی گرم بیماریونکو از حد نافع ہے (۳) مسوڑہون کا گوشت جما تا ہے (۴) منھ کی بدبو اور مسوڑہون کے تعفن کو دور کرتا ہے (۵) گندہ دہنی کا نام و نشان نہین رہنے دیتا (۶) مسوڑھون کی جڑون سے خون نکلنا بند کر دیتا ہے۔ (۷) ہلتے دانتون کو مضبوط کر دیتا ہے (۸) دانت کند نہین ہونے دیتا (۹) دانتون کے عمود کیطرف مواد گرنے کو مانع ہے (۱۰) اس سے دانت سیاہ نہین ہوتے (۱۱) زردی کا رسیاہی ... دور کر دیتا ہے (۱۲) دانتون کو مثل موتیون کے چمکیلا ... کر دیتا ہے۔ (۱۳) زبان کی لکنت کو فائدہ بخشتا ہے (۱۴) منھ کے دانے (خواہ کسی بیماری کیوجہ سے ہون) اچھے کر دیتا ہے (۱۵) رال اور مادہ فاسد کو خوب ٹپکاتا ہے (۱۶) دانتونکی ... کو بند کر دیتا ہے (۱۷) منھ کو خوشبودار اور معطر بناتا ہے (۱۸) پان کے چونے کا زخم بھر دیتا ہے (۱۹) جبڑے اور چہرہ کا ورم دور کر دیتا ہے (۲۰) دانتونمین پانی نہین لگنے دیتا (۲۱) اور گرے ہوئے گوشت کو ازسرنو جماتا ہے (۲۲) مسوڑہون کو پکجانے اور عصبی درد وغیرہ کے لیے نہایت سود مند ہے (۲۳) مسوڑھون کو قوت بخشتا ہے (۲۴) دانت کی جڑون سے کیڑونکو نکالکر پھینکدیتا ہے اور دوبارہ پیدا ہونے نہین دیتا (۲۵) ہر روز کے استعمال سے منھ کی کوئی بیماری نہین رہنے دیتا۔

سندات

دانتونکی جڑونکو مضبوط کرتا ہے۔ رطوبت نکالتا ہے۔ اور اگر برابر استعمال کیا جاوے تو دانتونکی مختلف بیماریونکو دفع کر دیتا ہے۔
گنگا پرشاد ورما۔ مالک و ایڈیٹر اخبار ہندوستانی وا یڈوکیٹ و فیلو الہ آباد یونیورسٹی۔

مین نے ورما کا منجن دندان استعمال کیا اسکو مسرس ورما ...

[illegible]

ذرا ایک نظر ادھر

بنرجی کمپنی کا خوشبودار روغن نارئیل کا تیل جسکی
شہرت میں قدرتاً ہے۔ اسمیں چند ادویات خاص دماغ کیواسطے
شامل کیگئی ہیں۔ جو کہ دماغ کو تقویت دیتی ہیں اور ہمیشہ ترو
تازہ رکھتی ہیں سر و دماغ کی بیماریوں کو رفع کرتا ہے۔ سر کے
درد کو دور کرتا ہے بالوں کو سیاہ گھنیلا ملائم اور جڑوں کو
مضبوط بناتا ہے۔ زیادہ تر طالبعلموں کو اور اُن اشخاص
جنکو دماغی محنت زیادہ کرنی پڑتی ہے۔ اونکے واسطے بہت
مفید ہے اور ہماری دوکان سے نو ایجاد ہے
زیادہ تعریف کرنا فضول ہے۔ استعمال سے خود معلوم ہو جائیگا
قیمت فی شیشی ۸ علاوہ محصولڈاک وغیرہ

نمبر ۲۔ بنرجی کمپنی کا زود اثر داد کا مرہم۔ یہ مرہم گو کیسا ہی
پرانا داد ہو یا نیا ہو تا فاتاً میں اچھا کر دیتا ہے۔ بعد لگانے کے ایسا
معلوم ہوگا کہ گویا کبھی ہوا ہی نہ تھا۔ قیمت بھی کچھ نہیں صرف ۳ فی ڈبیہ

نمبر ۳۔ بنرجی کمپنی کا بال اُڑانیکا سفوف۔ یہ سفوف لاجواب ہے
لگانے سے کسی قسم کا داغ جلد پر نہیں پڑتا ہے بلکہ
ایک قسم کی خوشبو آتی ہے قیمت صرف ۲ فی تولہ فی شیشی ۶

نمبر ۴۔ بنرجی کمپنی کا فیور پاؤڈر یعنی سفوف دافع بخار۔
بخار کیسا ہی پرانا ہو یا نیا۔ صرف دو روز کے استعمال سے
فائدہ ہو جاتا ہے قیمت ۶ عدد پوڑیہ ۶

نمبر ۵۔ نوایجاد گولیان ضابط۔ گولیان مندرجہ
کی ضابط ہیں بہت تجربہ کرنے کے بعد کامیابی پر اعلان دیا گیا ہے
قیمت ۶ عدد گولی ۱۲
ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنیسے اعلیٰ درجہ کا ضبط ہوتا ہے
شوقینوں کے واسطے ایک نایاب تحفہ ہے۔ علاوہ اسکے
مفرح اور مقوی بھی ہے۔

نمبر ۶۔ بنرجی کمپنی کا عرق سوزش۔ وہ عرق ہے کہ جسکا ثانی
دوسرا عرق نہوگا۔ ایک مرتبہ ضرور آزمانا چاہیے کیسا ہی پرانا ہو
صرف تین روز کے استعمال سے فائدہ نظر آئیگا۔ اگر ایک ہفتہ
استعمال کیجائے تو بالکل آرام ہو جائیگا قیمت بارہ خوراک ۱۲

نمبر ۱۔ بنرجی کمپنی کا روغن
یہ جسکی ضرورت ہر شخص کو ہوتی ہے کیونکہ آجکل کھٹملوں نے
آدمیوں کو بالکل تنگ کر رکھا ہے۔ بے احتیاطی اور غلطی نظر
و کثیر بہت زیادہ ہو جاتے ہیں [illegible] واسطے
[illegible] کے نکالتا ہے اسکے لگانے سے کسی قسم کا آبلہ
پیدا نہیں ہوتا۔ قیمت ۸ فی شیشی۔

نمبر ۲۔ بنرجی کمپنی کا دانتوں کا منجن۔ مسوڑھوں کا ورم۔ دانت
کا درد اور ٹکڑوں کا ہلنا۔ دانتوں سے خون کا آنا منجن کے استعمال
سے چند روز میں دانت مضبوط اور مانند موتی کے ہو جاتے ہیں
یہ صرف بنرجی کمپنی ہی کے منجن میں ہے۔ قیمت فی تولہ ۱۲
فی شیشی [illegible] دوا۔ [illegible]
علاوہ اور بہت سی بیماریوں کا علاج بہت خوبی سے
کیا جاتا ہے دوسرے خط و کتابت بھی ہو سکتا ہے۔ جواب
کے لیے ٹکٹ یا جوابی کارڈ آنا چاہیے۔
المشتہر۔ ایس۔ سی۔ بنرجی اینڈ سنس [illegible] سہارنپور
متصل شفاخانہ سرکاری و شوالہ لالہ کنھیالال

نقول اسناد

نمبر ۱۔ بنرجی اینڈ سنس یہ قابل اعتبار دواساز ہیں میرا
انسے ہمیشہ معاملہ رہا۔ انکی ادویات تازہ ہوتی ہیں سہارنپور
دستخط ۷۔ جولائی ۱۹۰۱ع
جولین سی اسمتھ لفٹننٹ کرنل۔ (سول سرجن)

نمبر ۲۔ میں سارٹیفکیٹ ہذا ایس۔ سی بنرجی اینڈ سنس کو
بہت خوشی سے دیتا ہوں کیونکہ انکی دوکان کا ہونا سہارنپور
کے حق میں بالتحقیق ایک خوش نصیبی کا باعث ہے۔ وہ
ایک بہت عمدہ دواسازی کی دوکان رکھتے ہیں۔ ایسا شاذ و
نادر ہی دیکھنے میں آیا ہے کہ کوئی مطلوبہ دوا اُنکے
یہاں موجود نہو۔
۱۵۔ دسمبر ۱۹۰۲ء
سہارنپور۔
دستخط جی۔ اے۔ لوٹی ڈی (سابق کلکٹر و مجسٹریٹ

نمبر ۳۔ مسٹر ایس سی بنرجی اینڈ سنس دواساز سہارنپور
نے ضلع۔ اسپتال۔ ریل اور دیگر شفاخانوں کو جو کہ میرے
دوران قیام سہارنپور میں عرصہ ۳ برس تک میری نگرانی
میں رہے ادویہ مہیا کیں۔
اس دوکان میں ادویہ بکثرت اور تازہ مہیا ہیں اور منتظمان
فرمائشات کی تعمیل مستعدی اور خوش اسلوبی کے ساتھ کرتے ہیں
یہ اشخاص بحیثیت دواساز و دوافروش قابل اعتبار ہیں کیونکہ
نسخہ میں خاص ادویہ استعمال کرتے ہیں۔ میں نہایت خوشی کے
ساتھ اس کارخانہ کی کامیابی چاہتا ہوں اور دعا کرتا ہوں کہ عوام الناس
کی امداد سرپرستی انکی اسیطرح قایم رہیگی جیسا کہ وہ مستحق ہیں سہارنپور
۲۴۔ مارچ ۱۹۰۶ء دستخط ڈی ڈبلیو۔ اسکالینیڈ ایم ڈی میجر آئی ایم ایس

دندان ساز

۲۸-۶-۰۶

میکو لال شرما اینڈ کمپنی دندان ساز امین آباد لکھنؤ
آریہ کا کارخانہ

نہایت عمدہ اور دیرپا دانت بنائے جاتے ہیں۔ کمانی دار اور
بےکمانی دونوں قسم کے۔
پردہ نشین عورتوں کیلیے ایک ہوشیار و تجربہ کار عورت ملازم
رکھی گئی ہے۔ آزمائش کیجئے۔ اجرت و قیمت واجبی لیجاتی ہے
اور یہ التماس کرنا اس موقع پر بیجا نہوگا کہ جب یہ کام دندان سازی
کا عمدہ اور بکفایت آپکے ہاں موجود ہوگیا تو اب آپ صاحبان
دوسری جگہ اسکی بابت وغیرہ کی تکلیف گوارا نہ کرنا چاہیے۔
غیر ملک والوں یا دیگر مذہب کے لوگوں کے پاس جانیکی کیا ضرورت
ہے جبکہ آپ اپنے دانت ایک بھائی کے ذریعے بنوا سکتے
ہیں دیگر امورات بذریعہ خط و کتابت طے ہوسکتے ہیں۔
المشتہر۔ لالہ میکو لال اینڈ کمپنی آریہ دندان ساز۔ امین آباد
لکھنؤ

سرگزشت

حاجی بغلول

تازہ تصنیف اڈیٹر اودھ پنچ

ظرافت لطیف۔ مذاق پاکیزہ میں شرابور۔ فصاحت اور بلاغت
کے دریا میں ڈوبا ہوا ناول ہے جسکے سیکڑوں خریدار
قبل اشاعت سے تھے۔ ہر لفظ میں مذاق۔ اردو کی نفیس
قصہ مضحک واقعات شروع سے آخیر تک بھرا ہوا۔
اس شوخی و شنگی کا کوئی ناول اردو میں ابتک نہ نکلا ہوگا ممکن
نہیں کوئی صفحہ پڑھا جائے اور آدمی کو مارے ہنسی کے لوٹن
کبوتر نہ بنا دے۔ ایشیا اور یورپ و امریکہ کے مشہور شوخ
طبع ظرافت نگار شعرا اور انشاپرداز مثل خانعالی و مرزا [illegible]
ابو اسحق عبید زاکانی۔ وغیرہم اور انگریزی مارک ٹیمن
ڈگلس۔ جیرالڈ۔ ٹیکرے۔ جیروم کے جیروم۔ مارک لیمن وغیرہم
کے شگفتہ طرز تحریر کا اردو میں پورا نقشہ کھینچ دیا گیا ہے۔ اور یہ
ناول مضحکہ اور ظرافت سے مثل جام سرشار لبریز ہے۔ شستہ
طرز بیان سادہ زبان۔ سونے میں سہاگہ۔ یہ ناول
بابے بسم اللہ سے تا تمت تک بالکل گذشتہ مضمون
ہے۔ بغیر ختم کیے چھوڑنے کو جی نہیں چاہتا۔
کتب فروشوں کے ہاتھ نہیں بیچا جاتا۔ صرف
دفتر اودھ پنچ سے ملسکتا ہے

عرق ماءاللحم کے پینے سے چہرے پر نور برستا

عرق ماءاللحم کے پینے سے خون کا مقدار جسم

ہزاروں بوتلیں ہر سال باہر جاتی ہیں

مطبع ... م اودھ لکھنؤ نیا گاؤں میں محمد سجاد حسین نے چھپوا کر شائع کیا

REGD. 16

THE AVADH PUNCH

اودھ پنچ و آزاد

۳ کالم	۲ کالم	کالم	[illegible]	چہارم کالم	تعداد طبع
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		تین ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	چھ ماہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	سال

[illegible]

روح حیات

میں تمام لوگوں [illegible]

روح حیات کے خواص

روح حیات کے مفید ہونے کا ثبوت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ اس کی شہرت ایک کروڑ ...

(دستخط) سی ... صاحب بہادر ... کمشنر لاہور

اب آپ اندازہ فرما سکتے ہیں کہ دوائی روح حیات کی قدردانی

قیمت فی شیشی روح حیات دو روپے آٹھ آنے (عہ)

میرٹھ میں کیم کی آمدنی بذریعہ منشی ...

۲ اکتوبر	۱۰۷ روپے	۱۳ آنے
۲	۷۸ روپے	۷ آنے
۳	۱۹۷ روپے	[illegible] آنے
۳	۵۵ روپے	۵ آنے
۴	۳۲۸ روپے	۵ آنے
۴	۵۲ روپے	[illegible]
میزان کل	۸۸۳ روپے	۱۲ آنے

کمزوری کے لئے

حب ... بواسیر خونی و بادی

حب ... ذیابیطس

بال اڑانے کا تیل

سنگ پارس اور صحت کے کیمیا پر علاج

... ڈاکٹر کیمیا گر ... لاہور

مچھی بہون

(نتیجۂ فکر حضرت استاد وحشی مچھلی شہری)

[illegible]وس لکھنؤ اے تاج زرین اودھ
اے بہشت سرزمین ہندوستان کے چمن
[illegible] چشم سیاحان دہر
اے قیامت تک نہ مٹنے والی اے مچھی بہون

نمبر ۲

[illegible] تاجداران اودھ تیری شراب
[illegible] نشاط افزا ہین تیری خاک کے جام و سبو
ملتے ہین تجھ سے گزشتہ عیش و عشرت کے سبق
یادگار پادشاہ آصف الدولہ ہے تو

نمبر ۳

دشت وحشت کے بھٹکنے والو تیری سرزمین
مین نے سمجھا بار یابی کی اجازت ہے نہین
اشتیاق دید مین آخر تری دیوار سے
گومتی کی موجین سر ٹکرا کے اپنا پھر گئین

نمبر ۴

پشت پر تیری جو تھا خدام شاہی کا ہجوم
اور تھی مفقود جنکی اک زمانے مین مثال
آہ وہ سب ہوگئے تاراج ؁ غدر مین
پیش کرتے ہین ثبوت "ہر کمالی را زوال"

نمبر ۵

تیرا وہ دروازۂ رومی وہ اُسکے کنگرے
تیری ہیبتناک دیوارین وہ عالیشان دَر

جنکے طاقون مین کبوتر جا کی لیتے ہین پناہ
جو کبھی ہم دیکھنے والون کو اک عبرت نظر

نمبر ٦

مین بتاؤن کیون ہین عالیشان یہ تیرے برج
مین بتاؤن کیون ہین اونچی اونچی تیری کلسیان
کھینچتی ہین اونکو شوق دید مین اپنی طرف
حورین یعنی عالم بالا کی رہنے والیان

نمبر ۷

وہ تری سقف بلند اور اوسکا مستحکم لداو
وہ ہامانیسے نرالا تیرا عالیشان ہال
آج بھی صد ہا برس کے بعد یورپ والونکو
ایشیائی نظم وحشت کا دکھاتا ہے کمال

نمبر ۸

تیری مسجد اوسکے زینے سامنے صحن وسیع
اور اوسپر سبزۂ خوابیدہ کا وہ اہتمام
سبز بختان ازل لیتے ہین آکر کروٹین
یا جناب خضر سوئے ہین ابھی پڑھکر سلام

نمبر ۹

تولنے کی ہے پرورش سرمایہ گان نازکی
ہین ترے پروردۂ آغوش بیسون تاجدار
کھا گئی اُن آسمانون کو مقابر کی زمین
چشم بد دور اب بھی باقی ہے تری اگلی بہار

CHAMBERLAIN'S PAIN BALM



چیمبرلین کا پین بام

[illegible] پہلوؤنکا درد۔ پٹھون کا درد۔ سر کا درد۔ چوٹ۔ گٹھیا
گٹھیا
کو دور کرتا ہے

گٹھیا کیا ہے

[illegible] ورم اور درد کرنے والے اعضا تکلیف دہ اور سخت درد۔ ماؤف پٹھے۔ بے چینی [illegible] دی ان شکایتون کا نام گٹھیا ہے اور اسکا علاج چیمبرلین کا پین بام ہے۔ [illegible] جب یہ دوا درد کے مقام پر ملی جائے تو محسوس ہوگا کہ ہڈی تک آرام پیوست ہوگیا ہے اور درد [illegible] دور ہوجائے گا اور اسکے متواتر استعمال سے علاج پورا ہوجائے گا۔

[illegible] بوتلون سے بنائی جاتی ہے ہاتھ تک نہین لگایا جاتا

چھوٹی بوتل کی قیمت ایک روپیہ ۸/ بڑی بوتل کی قیمت دو روپیہ ۱۲/

نمبر ۱۰

تیری بالائی عمارت اوسکے دربائے کثیر
ہوش جاتے رہتے ہین جاکر جہان انسان کے
ناطقہ ذہن وتخیل کا جہان ہوتا ہی بند
عقل گم ہوتی ہے کھلجاتے ہین در نسیان کے

نمبر ۱۱

کسقدر ہے دل کو لوگونکے تری گرویدگی
تیری دلچسپی پہ حیرت اور تعجب ہے مجھے
ملکۂ انگلشن نے دیکھا عمارتہ تجھکا بعد بسر
دیکھتا ہے بعد مردن انکا ۔۔۔ تجھے

نمبر ۱۲

تجھپہ منقش مقرض گر نہین تو نہو
کیا ضرورت ہے ہنوز رتا ۔۔۔ کی بہار

تجھ مین تابان ۔۔۔
آسمان کرتا ہے تجھپر گوہر انجم نثار

نمبر ۱۳

تیری حالت کے بیان کو ایک دفتر چاہیئے
مختصر تعریف یہ تیری ہے ۔ گو کافی نہین
لکھنؤ ہے پنجۂ عالم مین اک انگشتری
اور اُس انگشتری پر تو ہے ہیرے کا نگین

نمبر ۱۴

تلے ہے تیرے جناب حضرت آصف کی قبر
سے پہلو مین جناب شاہ مینا کا مزار
دونون ملکر تجھکو دیتے ہین نوید زندگی
ایک مدت تک رہیگی تیری عظمت برقرار

صولت ۔۔۔ تجھ سے ۔۔۔
شان مذہب تجھ سے ہوا ہے یادگار لکھنؤ
تیری اک اک اینٹ پہ صدقے ہو دنیا کی بہار
کیون نہو ہان اے خزان دیدہ بہار لکھنؤ

نمبر ۱۶

اے مری مجلس ہون ہا مین کیا ترے ۔۔۔
ہان عقیدت نے چڑہائی ہین یہ تجھپر پھول
تجھ سے رخصت ہو رہا ہون اپنی برکت دے مجھے
اور میرے تحفۂ ناچیز کو کر لے قبول

انظر الیٰ من قال یعنی ۔۔۔
یعنی
انگریزی لباس اور مسلمان

ڈیر پنچ ۔

۱۶ ۔ نومبر سنہ ۱۹۰۶ء کے اودھ اخبار مین کسی بزرگ نے سیتاپور سے ایک مضمون لباس انگریزی اور اسلام کی نسبت بہت شرح وبسط کے ساتھ لکھا ہے ۔ اپنے نام کی جگہ پہ اونہون نے ۔۔۔ کا قطعہ لکھا ہے ۔ کسی مصلحت سے اپنے کو ظاہر کرنا نہین پسند فرمایا لیکن آدمی لائق اور پڑہے لکھے معلوم ہوتے ہین ۔ عربی مین کافی لیاقت رکھتے ہین ۔ اور فقہ اور حدیث سے بھی واقف ہین ۔ ہو نہو ہمارا ۔۔۔ مشہور ہے ۔ جو بڑھاپے مین پورانی فیشن کیساتھ نئی فیشن مین بھی

مزہ انگور کا ہے رنگترون مین

اپنے کو بیدار مغز ظاہر کر رہا ہے ۔ آپ نے اپنے مضمون مین بطور نتیجہ عالمون کو بہت سی ہدایتین فرمائی ہین ہر چند یہ مضمون لباس کا طرز معاشرت کا رفارمیشن اسقدر پُرانا ہوگیا ہے ۔ کہ اب دیکھنے کو جی نہین چاہتا سید احمد خان مرحوم اور اونکے حواریون نے اسقدر وسعت کے ساتھ ہر پہلو پر بحث کی ہے

---

۲۰ ۔ ۱۲ ۔ ۶

۲۱ ۔ ۹ ۔ ۶

خطرے کے نشان

نیچے بہت سے نشانات خطرے سے بچنے کے لیے عطا کیے ہین

کیا ہی خطرے کا نشان ہے

کہ پھیپھڑے ضعیف ہین نشان ہے کہ وقت پر اونکو قوی کرو

اسکاٹ کا املشن

اس خطرے کا علاج ہے

پھیپھڑون کو مضبوط اور کھانسی کو موقوف کرتا ہے

ہاتھ سے نہین چھوا گیا ہے

سب دوا فروش بیچتے ہین

اسکاٹ و بون متحد
دوا سازان
لندن
انگلینڈ

ولنی - یہ ہتھیار جاتے کہان ہین -

کلثوم - علیم آباد کی کوٹھی - اگر لڑائی ہوئی تو وہین شروع ہوگی - انگریز لوگ یہ ہتھیار اسی لیے بھیج رہے ہین کہ اوس کوٹھی سے دفعتہً بیدخل نہ ہوجائین - سارے قلعے مین یہی چرچا ہو رہا ہے -

ولنی - گرگین خان کشتیون کو روکتے کیون نہین -

کلثوم - کہتے ہین کہ اگر وہان اتنے ہتھیار جمع ہوگئے تو لڑائی مین جیتنا مشکل ہوگا - دشمن کو ایسے کام سے روکنا ہی بہتر ہے - علی ابراہیم خان کی یہ راے ہے کہ ہم جو چاہین کرین مگر انگریزون سے جیت نہین سکتے اونسے بگاڑنا بیکار ہے کشتیان روک کے ہم چھیڑ کیون کرین - کہتے تو سچ ہین انگریزون نے سب کو بیچارہ بنا دیا - معلوم ہوتا ہے نواب سراج الدولہ کی سی حالت پھر ہوگی -

ولنی بہت دیر تک سوچتی رہی پھر کہنے لگی - کلثوم - تو کیا بہت کا کام مشکل ہے؟

کلثوم - کیا؟ - ایسی تیلی کھانا پڑے گی یا غصہ - ... ہوگا

ولنی - ذرا مذاق جانے دو - اگر اوس بات کی خبر نواب کو ہوگئی تو دونون کو ہاتھی کے پاون تلے کچلوا کے مروا ڈالین گے -

جب خبر ہو تب نا - ... عطر گلاب - سونا چاندی چھوڑ دیا کالون کان خبر نہ ہوئی - میرے خیال مین مردون کی آنکھین صرف چہرے کی رونق کے لیے ہین - ان کو سوجھائی نہین پڑتا - ایسا مرد آجتک نہ دیکھا جس نے عورتون کا چرتر سمجھ لیا ہو -

ولنی - ذرا خواجہ - اون اور خانسا نونکا ذکر نہین کرتی - نواب

اور مردون کیطرح نہین ہین - ایسی کون بات ہے جسکو وہ نہین جان سکتے؟

کلثوم - ایسی کون بات ہے جسکو مین چھپا نہین سکتی؟ کرنا کیا ہوگا؟ -

ولنی - گرگین خان کے پاس ایک خط بھیجنا ہے -

کلثوم متحیر ہوکے خاموش ہوگئی -

ولنی نے پوچھا "کیا کہتی ہو؟"

کلثوم - خط دیگا کون؟

ولنی - مین -

کلثوم - کیا؟ - کیا کچھ خبط ہوا ہے؟ -

ولنی - یہی سمجھ لو -

دونون سکوت کی حالتمین بیٹھی رہین - اونکو خاموش دیکھ کے دونون مور اپنے اڈے پر جا بیٹھے - کاکاتوا نے بیکار شور مچانا شروع کیا اور چڑیان اپنے جھگڑے مین مشغول ہوگئین کچھ دیر کے بعد کلثوم نے کہا - "یہ کام تو سہل ہی ایک خواجہ سرا کو کچھ دیدونگی وہ ابھی جاکے خط دے آئیگا - ہان مصیبت یہ ہے اگر نواب کو معلوم ہوگیا ہم دونون کی جان کی خیر نہین - خیر - جو کچھ ہو تم جانو تمہارا کام جانے - مین لونڈی ہون - خط لاؤ - اور کچھ روپیہ لاؤ" بالآخر کلثوم خط لے گئی - اسی خط کو دہاگا بناکے تقدیر نے ولنی اور شیو کنی کی قسمتون کو ایک ساتھ پرو دیا -

دوسرا حصہ

پہلا باب

"پھڑ یا اب نہ ناچیگی - تو کیا کہنا چاہتی ہے کہ"
یہ کہہ کے دلنی بیگم نے اوس مور کی دم پکڑ کے کھینچ لی جو اوسکے کہنے سے
ناچا تھا - اوسنے اپنے ہاتھ کا کڑا جو ہیرون سے جڑا ہوا تھا ایک
مور کے گلے مین پہنا دیا - ایک منہ پھٹ کاکاتوا کے منھ اور آنکھون پر گلاب
کی پچکاری چلادی - کاکاتوا بول اوٹھا "باندی"
یہ لفظ خود دلنی نے اوسکو سکھایا تھا -
دلنی چڑیون کے نچانے کی کوشش کر رہی تھی اور اوسکے قریب بیٹھی
ہوئی ایک خادمہ سیر دیکھ رہی تھی - اوس خادمہ نے مخاطب ہوکر دلنی سے
کہا "تو کیا کہنا چاہتی ہے کہ"
کلثوم نے جواب دیا - "کہنا کیا ہے - دو کشتیان ہتیارون سے
لدی ہوئی گھاٹ پر آئی ہین - اونکے ساتھ ایک انگریز ہے - وہ دونو
کشتیان روک لی گئی ہین -
علی ابراہیم خان کہتے ہین کشتیان چھوڑ دی جائین نہین تو خواہ مخواہ
انگریزون سے چھڑ جائیگی - گرگین خان کہتے ہین چاہے کشتیان
تو نہ چھوٹینگی"

دوسرا باب

جس شخص کے پاس دلنی کا خط گیا تھا اوسکا نام گرگین خان تھا -
اس زمانے مین بنگالے کے ارکین سلطنت مین گرگین خان سے بڑھکے
ذی رتبہ اور کارگزار کوئی شخص نہ تھا - قوم کا ارمنی - اصفہان مین پیدا ہوا پہلے
وہ کپڑا بیچتا تھا - مگر اوسمین غیر معمولی ذکاوت اور خداداد طباعی موجود تھی -
سلطنت بنگالہ مین ملازم ہونے کے تھوڑے ہی دنون بعد سپہ سالاری کے
عہدے پر پہونچ گیا - سپہ سالار ہوکے اوسنے گولہ اندازون کی نئی فوج بھرتی
کی اور اوسکو یورپین طریقے سے تعلیم دے کے تیار کیا - سامان جنگ
یورپیانون سے بہتر مہیا کیا - اوسکے گولہ انداز ہر طور پر انگریزی گولہ اندازون کے مقابل تھے
میر قاسم کو امید تھی کہ گرگین خان کی مدد سے وہ انگریزون پر فتح حاصل کرسکینگے گرگین خان کے
اختیارات بھی بہت بڑھ گئے تھے - اوسکے مشورے بغیر میر قاسم کوئی کام نہ
کرتا تھا - اوسکی راے کے خلاف میر قاسم کسی کی بات نہ سنتا تھا - نتیجہ
یہ ہوا کہ گرگین خان چھوٹا موٹا نواب بنگیا - اسی وجہ سے کہ نواب کے
اور مسلمان اہلکار اوس سے کشیدہ رہا کرتے تھے -
دو پہر رات گزر گئی - گرگین خان ابھی تک آرام کرنے نہین گیا -
چراغ کے سامنے بیٹھا ہوا تنہائی مین کچھ خطوط پڑھ رہا ہے - کلکتے سے کچھ
آرمینون نے وہ خطوط بھیجے تھے - خطون کے پڑھنے کے بعد اوسنے
نوکر کو آواز دی - چوبدار آکے سامنے کھڑا ہوگیا - گرگین خان نے کہا
"سب دروازے کھلے ہین؟"

ایک بڑے لائق تجربہ کار سن رسیدہ کامل سنیاسی
صاحب ... ہماری رفاقت میں رہے تھے ان کی عطیہ
ایسی ایسی مجرب ... اکسیر اعظم ادویات ہمارے پاس ہیں۔ ہم سینکڑوں روپے خرچ کر کے
[illegible]

دفینۂ مردمی کی تیر بہدف گولیاں

دنیا کی تمام اشتہاری دوائی فروشوں میں سے سنیاسی صاحب کی اول درجہ کی نامرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بنانے والی اکسیر اعظم گولیاں

[illegible]

نوٹ - جو صاحب بہت جلدی ایک ہفتہ میں بیرونی مالش سے نامرد سے مرد بننا چاہیں۔ وہ روغن ... کی شیشی گولیوں کے ساتھ استعمال کریں +

[illegible]

[illegible] ... قیمت فی شیشی ... ایک روپیہ چار آنہ۔ محصول ڈاک ... +

گولیاں مقوی جسم یہ گولیاں ضعف دماغ۔ چہرہ کی زردی۔ آنکھوں کا پیلا پن۔ ضعف معدہ۔ دل کی دھڑکن۔ لاغری بدن۔ کمزوری۔ سستی۔ ضعف مثانہ۔ پیشاب کا بار بار آنا۔ سب امراض کے لئے اکسیر ہیں۔ [illegible] ... قیمت چالیس گولی معہ محصول ڈاک دو روپیہ آٹھ آنہ +

سرمہ اکسیر [illegible] ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ جالا۔ پڑبال۔ غبار۔ پھولا۔ سبل۔ سرخی ... امراض چشم کے لئے از حد مفید ہیں۔ قیمت فی تولہ ایک روپیہ +

بال اڑانے کا عرق اس عرق کو بالوں پر لگانے ہی ... بال ... قیمت فی شیشی کلاں ایک روپیہ۔

پتہ:- حکیم ڈاکٹر شرم سنگھ ایس ڈبلیو مقام شہر سیالکوٹ

تقسیم بنگال

نہین - لین گے تو پورا لین گے - ادھورے مین کیا مزا

رسم و رواج سے بلکہ اخلاقی مذہبی حیثیت
مسلمانان کو اپنے پرزور قلم اپنی دعوان ذاتی سیحون سے
برہم کیا ہے۔ وہ زمانہ کہ جب تہذیب الاخلاق
تھا وہ زمانہ کہ جب سید احمد خان نے اردو نگاری
مین ایک فصیح اور بلیغ روح پھونکدی تھی اور
مہدی علی خان تلمیذ مشتاق حسین وغیرہ وغیرہ
بات کو مسلمانون کے جدید رنگ مین لانا چاہتے
تھے وہ زمانہ جب ان سب کے دانت کھٹے
کر سکے کو تیرھوین صدی اور اودھ پنچ کی صفحات
مستعد رہا کرتے تھے اور چشم زدن مین تمام
ان نیچری خیالات کا تار عنکبوت کیطرح درہم
برہم کر دیتے تھے۔ سید احمد خان اونکی گروہ کی وہ
تھی کہ کیسا ہی نیچری خیالات کا مسلمان ہو
مشکل ہے کہ وہ مضامین دیکھکر وہ پیچ و پیچ سنکر
خیالات میں انقلاب پیدا کرلی سید صاحب نے اپنی
زندگی مین بہت دن پہلے اس طریقہ تحریر کو مع
تہذیب الاخلاق بند کر دیا تھا اور جب پنجاب والون
نے پوچھا کہ تہذیب الاخلاق آپنے کیون بند فرما دیا
تو انھون نے کہا کہ اب اوسکی ضرورت قوم کو نہین
یہ اوس زمانے مین جب اس لباس انگریزی
کی ابتدا تھی سید احمد خان نے مسلمانون
کی ترقی کرتے ہوئے سمجھ لیا تھا۔ نہ کہ اسوقت سے سوقت
لو قریب چہارم صدی کے گزرا مسلمان بلا تامل
وہ نئی فیشن کے ہون یا پرانی فیشن کی کسی
طریقے سے انگریزی فیشن انگریزی طرز معاشرت
کرتے جاتے ہین اگر ایک شباب مین چور نوجوان جو
سر سے پیر تک انگریز بنا ہوا ہے اوٹھنا بیٹھنا
ضروریات نوشت و خورش ماند دلو د بالکل
انگریزی اختیار کی ہے تو ایک بوڑھا قریب بہ مرگ
اوس عالم کے چلنے پر طیاری کرنے والا کچھ نہین ہے
بال ہی انگریزی کٹائے ہے۔ کنفر ٹر گلے مین
ہے۔ لال ٹوپی ہی دی ہے۔ شیروانی کے
نیچے پتلون ہی پہنے ہے۔ انگرکھے کے نیچے
پتلون یا پائجامہ ہی پہنے ہے۔ نام کو مولویصاحب
ہے لیکن میز پر چاہ نوشی کے وقت ایک بکس
انگریزی بسکٹ کا ضرور رکھا ہے۔ دو سیگرٹ ہی
میز پر پڑے ہین۔ بجائے زیر پایون کے بی ایڑی
سلیپر فرش دبائے ہوئے کونہ پر رکھا ہے۔
گو کہ انگریزی نہین پڑھی ہین مگر ملاقاتیون کے
جلسے اور مصاحبین کے مجمع مین جب گھر سے
نکلتے ہین اور خوشامدی لوگ چلا چلا کر بیان پر

ہین اور کہتے جاتے ہین کہ واللہ حضور
بڑے عالی دماغ ہین اور تحریر و تقریر تو حضور کی ایسی
ہوتی ہے کہ سید احمد خان اگر ہوتے تو حضور کو اپنا
داہنا بازو سمجھتے۔ کچھ دو چار انگریزی لفظین ملاکر
اردو بولتے جاتے ہین

(پنچ) بدقسمتی ملک کہ اب اوسوقت سید کی زندگی
مین پبلک لایف مین نہ آسکے جسوقت حضور گفتگو کرتے
ہین یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک دریا امنڈا آتا ہے
بے تعصبی اور انصاف پسندی تو حضور پر ختم ہے۔
لباس کی بابت اگر اس مضمون مین یہ نہ لکھدیا جاتا کہ
ایک مولوی نے آکر سیتاپور کی مسجد مین پتلون کی
مذمت مین کچھ بیان کیا تو مین بلا شک یہ کہنے کو
طیار تھا کہ بوڑھے منہ مہاسے لوگ چلے تماشے
اس باسی کڑھی مین اوبال لانے کی ضرورت کیا تھی
مگر معلوم ہوا کہ سیتاپور مین کسی مولویصاحب نے پتلون
کو برا کہا۔ اور ہمارے ملا جدید الخیال جامے سے
باہر ہوگئے اور تمام حدیث اور فقہ کی کتابین تھانکر
ثابت ہی دکھایا کہ پتلون پہننا درست ہے۔ خیر یہ
درست ہو یا نہ درست ہو مگر اب عالم نے مان لیا ہے
کہ درست ہے۔ نیچے ٹخنہ کھلا رکھنا یا نہ رکھنو کو ہمارے
ایک گروہ نے پہلے ہی سے مان لیا تھا کہ ٹخنہ نہ کھولنا
چاہیے۔ چنانچہ زمین دوز غرارے دار پائجامے
چوڑی دار چست گٹھنے اسکے شاہد ہین۔ ہان
چند ملا یا کنجوس طبیعت امرا جنکو کپڑا میسر نہین آتا
تھا یا کپڑا بچانے کو حیلہ شرعی نکال لیا تھا ٹخنہ
کھولنے پر اصرار کرتے تھے۔ لباس کا بھی فیصلہ
ہوچکا تھا نہ مسلمانونکا کوئی خاص لباس نہین ہے۔
جو جسکے جی مین آے وہ پہنے چنانچہ نصیر الدین حیدر
بادشاہ یا نسوگز کا لمبا کلیدار پائجامہ پہنتے تھے اور
مشہور ہے کہ ایک بار ہاتھی نے اوترے ہاتھی اوٹھکر
ہوا۔ کئی ڈیوڑھیان بادشاہ محل کی طے کر گئے۔
اخیر ڈیوڑھی پر معلوم ہوا کہ پائنچہ ہاتھی کے ہودے
مین اٹکا ہے۔ قندھاری پٹھان ٹوپی کی گوٹ دوہری
رکھتے ہین۔ غرض اس امر سے مین متفق ہون کہ
اسلام کی کوئی خاص وردی نہین تھی۔ اگر کوئی
خاص وردی تھی جیسے ٹخنہ سے اونچا پہننا نیچے دامن
کا جامہ پہننا اوسکی اب ضرورت نہین رہی۔ جیسا کہ
سیتاپوری ملا صاحب نے پائجامہ نہ نیچا کرنے کے
دلائل مین بیان فرمایا ہے۔ کہ صرف غرور اسکی وجہ
تھی سید احمد خان صاحب نماز۔ وضو۔ حج۔
زکوۃ وغیرہ کے لیے اسباب بہت شرح و بسط سے

بیان فرما چکے ہین۔ اور مسلمانون کی ہر چیز کو قابل تغیر
فرمایا ہے۔ یہانتک مسلمان جو اپنے خطون پر
لفظ انشاءاللہ لکھتے تھے۔ اوسکو بھی انھون نے
قابل ترک ٹھہرایا۔ اور کھانا اور پینا اور لباس
اور رہنا دیو قابل اعتراض قرار دیچکے۔ علما پر
اعتراض کچھ نئی بات نہین ہے۔ بلکہ اونھون نے
تو ملا لوگون کو ایک خطاب خاص دیا تھا یعنی
بھیک منگے ملا۔ ملا لوگ خواہ توجہ کرین یا نہ کرین انکے
کہنے کی ضرورت نہین ہے۔ انکو تو سمجھتا ہی لوگ
ہے۔ اور علما اب رہے کہان ہین جو ہین وہ سب
چند روزہ مہمان ہین۔ اور ایک صدی کے اندر ہی
ختم ہو جائینگے۔ اونکے منع کرنے سے نہ کوئی پتلون
پہننے سے باز آئیگا نہ کوئی نیچری بننے سے۔ کیا
سیتاپوری حضرت کو لکھنؤ کانفرنس کا فتوی بھولگیا۔
کسی نے بھی فتوے کیطرف کان دیا تھا اس
مضمون مین تو غور کے قابل کوئی خاص بات
نہین ہے۔ نہ جواب کی ضرورت ہے جسکو خدا دے
وہ پتلون پہن لے نہ دے تو مجبوری ہے۔ غور طلب
صرف دو باتین ہین کہ ان ملاؤن نے سیتاپور کو
آخر سمجھ کیا لیا ہے۔ جب دیکھو وہین جاکر کہین
انگریزی پہننے کو برا کہتے ہین۔ کہین علیگڈھ کالج
کو برا کہتے ہین۔ دیکھو (پچھلے مضامین واعلان
مدرسہ اسلامیہ سیتاپور) کہین پتلون پر جاکر چوٹ
کرتے ہین جس سے ہمارے نئے جدید الخیال کو

۱۷-۵-۶ ۱۴-۵-۷

دمہ کا کامل علاج

بابو جگجیت رائے محلہ درگا کنڈ شہر بنارس
دمہ کے مریضونکو جو اتوار کے دن بارہ بجے
سے دو بجے تک اونکے پاس جاتے ہین
آٹھ آٹھ ہفتہ کی ادویات کہ جنسے کامل
صحت ہو جاتی ہے۔ یعنے پھر دمہ زندگی
بھر نہین ہوتا مفت دیتے ہین

۱-۲-۱۹ ۳۱-۳-۷

ممیرے کا سرمہ

مصدقہ جناب اسسٹنٹ کیمیکل اگزامنر صاحب بہادر گورنمنٹ پنجاب

معزز انگریزی میڈیکل کالج کے پروفیسرون نامور ڈاکٹرون۔ والیان ریاست اور ولایت کی یونیورسٹی کے سند یافتہ یورپین ڈاکٹرون نے بعد تجربہ اس سرمہ کی تصدیق فرمائی ہے کہ یہ سرمہ امراض ذیل کے لیے اکسیر ہے۔ ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ جالا۔ پڑوال۔ غبار۔ سبل۔ سرخی۔ پھولا۔ ابتدائی موتیابند۔ ناخنہ۔ پانی جاتا۔ خارش وغیرہ۔ معزز ڈاکٹر اور حکیم صاحبان اور اودیہ کے مریضون پر اب اس سرمہ کا استعمال کرتے ہین۔ چند روز کے استعمال سے بینائی بہت بڑھجاتی ہے۔ اور عینک کے استعمال کرنے کی حاجت نہین رہتی۔ بچے سے لیکر بوڑھے تک کو یہ سرمہ یکسان مفید ہے قیمت اسلیے کم رکھی ہے کہ ہر خاص وعام اس سرمہ سے فائدہ اُٹھاسکین۔ قیمت فی تولہ جو سال بھر کے لیے کافی ہے مبلغ دو روپے ممیرے کا سفید سرمہ اعلی قسم فی تولہ مبلغ تین روپیہ ہے۔ خالص ممیرہ فی ماشہ بیس روپیہ۔ مصری سرمہ فی تولہ ۴ر خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔

مشتہر
پروفیسر میا سنگھ اہلووالیہ مقام بٹالہ ضلع گورداسپور

انسے بڑھکر اور کیا معتبر شہادت ہوسکتی ہے

(۱) جناب پروفیسر میا سنگھ صاحب تسلیم مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ کو تقریباً بیس مریضون پر استعمال کیا جو موتیابند۔ دھند۔ پھولا۔ ناخونہ۔ آنکھون مین زخم اور غبار کے عارضہ مین مبتلا تھے ان مریضون پر آپکا سرمہ استعمال کرنے سے اکسیر ثابت ہوا جیسی تعریف سنی تھی ویسا ہی استعمال مین مفید اور بیتر پایا یا میری رائے مین آپکا سرمہ مثل پوڈر کے بذریعہ ڈاکخانجات اور ہر گاؤن کے پنسار اسکی معرفت فروخت ہونا چاہیے تاکہ امیر وغریب آپکے سرمہ سے مستفید ہوکر آپکو دعائے خیر سے یادکرین براہ مہربانی ایک تولہ اس سرمہ سفید اعلی قسم وی پی۔ پوسٹ بھیجدین۔
۔ ڈاکٹر چودھری امیر علی میڈیکل انچارج شفاخانہ مسٹ... ضلع ...

(۲) مین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ صاحب نے بنایا ہے بہت ... اور بہت سے بیمارون پر استعمال کرکے دیکھا ہے۔ اور مین بہت بڑی خوشی سے تصدیق کرتا ہون کہ یہ نادر ممیرے کا سرمہ نہایت ہی مفید اور آنکھون کی بیماریون کیواسطے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ مین نے ایک تجربہ یہ مین آجتک کوئی سرمہ اس سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھا ہے مین آنکھون کی بیماریون مین ذرا بھی کسی قسم کی شکایت ہے ضرور اسکو استعمال کرنے کی سفارش کرتا ہون۔

مفید اور فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ پانی آنے۔ دھند خارش۔ سرخی بیشتر کیواسطے تمام انگریزی ادویات سے زیادہ فائدہ بخش ثابت ہوگا۔ اور سچ یہ ہے آپنے اسقدر سستے داموں مین یہ سرمہ ایجاد کر ملک اور قوم پر بڑا بھاری احسان کیا ہے اسکا شکریہ الفاظ مین ہونا محال ہے۔ ضرور ہے کہ ملک کے تمام لوگ آپکے سرمہ سے فیضیاب ہوکر فائدہ اوٹھاوین۔ اور ہر طرح کی آنکھ کی بیماریون سے نجات حاصل کرین۔
راقم۔ پنڈت گنگا رام صاحب ڈاکٹر حضور نواب صاحب بہادر بہاولپور

(۳) میرے اور میرے بہت سے متعلقین نے ممیرے کا سرمہ جو کہ سردار میا سنگھ اہلووالیہ نے تیار کیا ہے استعمال کیا نہایت ہی مفید پایا آنکھون کی بیماریون کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ آنکھون کو تر وتازہ رکھتا ہے اور بینائی کو طاقت بخشتا ہے۔ درحقیقت یہ سرمہ بینائی کو قایم رکھنے کے واسطے نہایت ہی مفید اور زود اثر ہے۔ آجتک کبھی کوئی دوا اس سرمہ سے بہتر فائدہ بخش نہین دیکھی۔
آنریبل نواب محمد حیات خان خان بہادر سی ایس آئی۔ سی۔ آئی۔ ایس سابق ڈویژنل کمشنر قسمت جالندھر۔ ممبر کونسل ...

(۴) جناب سردار صاحب تسلیم۔ مین نے آپکا ممیرے کا سرمہ استعمال کیا۔ مین تصدیق کرتا ہون کہ بیشک یہ سرمہ کمزوری چشم کے لیے بہت مفید ہے میری آنکھین بالکل کمزور تھین لگاتار ایک پہر کام کرنے سے معذور ہوجاتا تھا۔ اب میری یہ کیفیت ہے کہ صرف ۴ روز کے استعمال سے تین تین پہر بلکہ تمام دن ... کام کرلیتا ہون۔
راقم۔ میان خورشید محمد خان خلف نواب حسین محمد خان صاحب بہادر رئیس اعظم ریاست بھوپال

(۵) مکرم بندہ تسلیم۔ مین آپکے قابل قدر ممیرے کے سرمہ کو عرصہ پانچ سال سے استعمال کرتا ہون حقیقت مین جیسا آپنے اشتہار مین لکھا ہے اس سے بھی کئی درجہ بہتر ہے۔ مین نے چشمہ کا لگانا بالکل چھوڑدیا۔ اور اب بغیر چشمہ کے بخوبی لکھہ پڑھ سکتا ہون۔
راقم۔ راو ... گورنمنٹ پنشنر مقام دہلی محلہ چوڑیگران

دو ہزار روپیہ انعام
اگر کوئی شخص ہم ... سند ... ثابت کرے ...

اور ... وفعیہ مین مضمون لکھنا پڑ ... ہین کہان کے اور کہان سے آئے ہین ہندوستان پھر ان بحثون سے خاموش ہوگیا اور سنتے سنتے حقیقت مین جی اوکتا گیا۔ مگر یہ مولوی صاحب نئے کون کون نکلے ہین جیب سنولوٹ ڈوری کاندھے پر ڈالے وظیفہ کی کتاب بغل مین دبائے سیتاپور مین موجود۔ سیتاپور خاص کوئی ایسا مقام بھی نہین ہے ... اور مولوی صاحب نے یہ کارخانہ سمجھا ہو۔ ... نیچرون کو چلکر نیچا دکھاؤ ... جانا تھا تو علیگڈھ ... اور وہان دو دو چونچین ہوجاتین۔ دوسرا امر یہ غور طلب ہے کہ مولا صاحب سیتاپوری کو سقدر ... گیا تھی وہ بجاے اسکے کہ ... لیے ... مین بیٹھکر یا اپنے گھر بلاکر اون مولوی صاحب کو ملنے کے شائق ہونے کو سمجھا کر بحث ختم کردیتے یہ اخبار مین جو طول طویل مضمون لکھا تو کیون۔ کیونکہ مولوی صاحب ... کا ... تو خاص مکان ہی ... کل ہندوستان ... اب اگر اسکی ضرورت تھی کہ مسلمان ملک واقف ہوجائین کہ سیتاپور کی جدید ... گئے

ایک مولوی صاحب کو ہرادیا۔ تو صرف پوسٹ کارڈ پر سب اخبارون مین لکھ بھیجنا تھا۔ اس قسم کی بحثون کا ہرگز اب وقت نہین رہا۔ اب کسی صاحب کو نیچری بننا ہے تو جیب خالی کرنا چاہیے۔ اور جسقدر ہوسکے اپنے پاس سے اپنے دوستون اپنے خوشامدیون عزیزون وغیرہ وغیرہ سے جسقدر ملسکے گھسیٹا اور علیگڈھ مین پھینکدیا۔ یا اپنی ذات کو قوم کے کام مین وقف کردینا چاہیے اور کسی نفع مقامی کا خیال قطعی ترک کرکے سیدھے علیگڈھ جاکر علیگڈھ باش ہوجانا چاہیے اور سکرٹری سے کہکر کوئی عہدہ مدرسہ مین کام کرنے کے لیے بقدر وسعت خیال لے لینا چاہیے۔ مین تو اگر نیچری ہوتا تو یہی کرتا۔ بلکہ جاکر باورچی خانے کا انتظام اپنے ہاتھ مین لیتا اور کہتا کہ کچھ تنخواہ نہ دو۔ مفت کام کرونگا۔

سارق

انظر الی ....

کیف ـ خلقت

کسکی داڑھی بڑی

ڈیر پنچ -

ہندوستان کے دیکھنے سے پایا جاتا ہے کہ خبار ہندوستان اُردو لاہور کی اشاعت سب اُردو اخبارون سے بڑھکر ہونے کا دعوی اڈیٹر صاحب نے فرمایا ہے۔ حالانکہ ابتک معلوم تھا کہ پیسہ اخبار لاہور سب سے بڑا ہے یعنی اشاعت اوسکی قریب چالیس پینتالیس ہزار کے ہے مگر اب معلوم ہوا کہ نہین ہندوستان کی اشاعت بڑی ہے ادھر پیسہ اخبار کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اشاعت دراصل پیسہ اخبار کی بڑی ہے۔ اور اگر اڈیٹر صاحب پیسہ اخبار عدالت کے جھنجھٹ سے نہ گھبراتے ہوتے تو عدالت مین ثابت کردیتے۔

یہ راے اڈیٹر صاحب پیسہ اخبار کی بہت ٹھیک ہے اور یقیناً تحریر مبنی ہے کہ عدالت کی جھنجھٹ مین نہ پڑنا چاہیے۔ لیکن دونون دعویدار ہین یہ ضرور ثابت ہوجانا چاہیے کہ کون بڑا ہے ہندوستان

(۴) (ایڈورٹیزمنٹ بمبئی ...)

آپ خود انصاف کیجئے

کونسی بات بہتر ہے تجربہ کرنا یا بمبئی کے ایک ... کے تجربے سے فائدہ حاصل کرنا۔ تجربہ کسی قسم کی نئی شے کو کہتے ہین اور اوسکو جیسا ظاہر کیا گیا ہے ثابت کرنا چاہیے آپکے گھر مین ہی وہ کامیاب ہونا چاہیے۔ ورنہ آپکی نظر مین وہ مشکوک ہوگا۔ کسی اجنبی شخص کی تعریف کچھ تسلی بخش ثبوت نہین ہے۔ اب فرض کیجیے کہ آپکی پشت کمزور اور درد کرتی ہو تو کیا آپ اوسپر تجربہ کرینگے؟ بہت مجرب علاجون کے بارہ مین آپنے پڑھا ہوگا لیکن وہ ہزارون میل دور کے واقعات بیان کررہے ہین لیکن جبکہ بمبئی سے ہی اس قسم کی شہادت آپکے روبرو پیش کیجائے تو بیشک وہ قابل اعتبار ہوگی۔ یہ بات صحیح ہے اور اسکا ثابت کرنا آسان ہے۔ شہر کے لوگون کی پسندیدگی یہ ہے ڈون کی پیٹھ کے درد اور گردہ کی گولیون (Doan's Backache Kidney Pills) کی ہر ایک بوتل کے لیے بڑی سفارش ہے۔ یہ بیان پڑھیے۔ ڈاکٹر بی۔ اس۔ گانلا۔ ایم۔ ڈی۔ امریکن طریقے سے علاج کرنیوالے جنکا دواخانہ کماٹی پورا کی دسوین گلی مین واقع ہے فرماتے ہین مین کمال خوشی سے یہ سند دیتا ہون کہ مینے ڈون کی پیٹھ کے درد اور گردہ کی گولیان (Doan's Backache Kidney Pills) گردہ اور مثانہ کی بیماریون اور پیشاب کی شکایات مین استعمال کین اور مجھے یہ بات جاننے سے خوشی ہوئی کہ یہ گولیان ایسے امراض کے لیے واقعی عجیب کارآمد دوا ہین اور مجھے پورا یقین ہے کہ ایسے امراض کیلیے جو دوائیان بیچاتی ہین اُنسے یہ بدرجہا بہتر ہین۔ ڈون کی پیٹھ کے درد اور گردہ کی گولیان (Doan's Backache Kidney Pills) کمزور گردون کو آرام اور طاقت بخشتی ہین اور جسم کو گردون کے اُن زہریلے فضلون سے جو کہ بیماریان پیدا کرتے ہین پاک کرتی ہین۔ وہ پشت کے درد مثانہ کے ورم اور پیشاب کی تمام شکایتون کو دفع کرتی ہین۔ ہم اخبار مین ہم سلسلہ وار بمبئی کی خلائق کے لیے بمبئی کے باشندون کے پیٹھ کے درد اور گردہ کی گولیون (Doan's Backache Kidney Pills) کے بارہ مین بیانات شایع کرتے ہین اس کالم پر نظر رکھیے ضرور آپ کسی ملاقاتی کا نام دیکھینگے۔ یہ گولیان تمام دوافروشون کی دوکانون یا براہ راست ڈون کی ادویہ پوسٹ آفس باکس نمبر ۲ بمبئی کے پتے سے ملتی ہین قیمت فی شیشی دو روپیہ یا چھ شیشیون ... ۱۰ -

یا پیسہ اخبار میری رائے مین اوڈیٹر پیسہ اخبار) سب
کی آمدنی حساب لگانے سے اونکے اخبارات
دیکھتے ہوئے سب سے زیادہ اوسکو مین مفصلہ ذیل
خیال کرتا ہون۔

اشاعت پیسہ اخبار ہفتہ وار تخمیناً ۴۵۰۰ کا بلی
آمدنی ۱۱۲۵۰ روپیہ فی اخبار ۲؎

روزانہ پیسہ اخبار تخمیناً ۵۵۰۰ کا بلی آمدنی ۱۸۰۰۰ روپیہ

اسیطرح بچون کا اخبار انتخاب لاجواب کی آمد یہان
تخمیناً ۲۶۱۰۰ روپیہ ہونگی کارخانہ تجارت و آمدنی
زر مجتمع بنک کل مل ملاکر قریب پانچ چھ لاکھ کے ہونی
جسقدر مین نے اندازہ لیا ہے۔ اونکی آمدنی سالانہ
کل قسم کی تجارت و اخبارات سے میرے تخمینہ مین
چھ سات لاکھ سے کم نہین ہے ممکن ہے کہ میرے
انداز سے کچھ کم ہونگی جو اشاعت اخبار سیلانی
ورک وغیرہ وغیرہ سے تخمینہ کی ہے اور جسکا
حساب مین نے اوپر لکھا ہے۔ وہ اسیقدر ہے
ایسی حالت مین اردو لیا انگریزی کا اخبار مشکل ہے
اس آمدنی کو پہونچیگا۔ یہ پنڈت دینا ناتھ صاحب
کا یہ کہنا کہ اخبار ہندوستانی کی اشاعت سب سے
زیادہ اردو اخبار مین ہے بجا ہے کسی کو برا معلوم
ہوا ہو مگر مجھے تو بوجہ مسلمان ہونے کے
ہمدردی مین بہت غصہ معلوم ہوا کہ صریحاً اشتعال
دلایا گیا۔ حساب کو پنڈت صاحب ملاحظہ کرتے ہین۔
اب مین پنڈت جی سے پوچھا کرتا ہون۔ آپ صاحب
ہفتہ وار پیسہ اخبار کی قیمت ۲؎ سالانہ ہے۔ کہیے۔
ہان۔ تخمیناً چالیس پینتالیس ہزار کی اشاعت ہے
جیساکہ مین اپنے اخبار کے نمبر دیکھنے سے اندازہ
کرتا ہون کہ وہ بیس ہزار سے زائد اسوقت ہے
اور پھر خدا جانے میرے بعد کتنے ہون اب اسکا
جواب خود جانچکر بتلایئے کہ ہان یا نہین ہے۔
اسیطرح روزانہ کو دیکھئے کہ میرا نمبر ۹۰۰ سے زیادہ ہے
تو میرے بعد نہ معلوم کتنے ہونگے۔ اب پندرہ
روپیہ سالانہ کا تخمینہ لگا لیجیے اسیطرح اور بچون کا
اخبار انتخاب لاجواب وغیرہ وغیرہ کی آمدنیان کا اندازہ
کیجیے پھر کس منہ سے آپ فرماتے ہین کہ ہندوستان
کی اشاعت زیادہ ہے۔ اب یون آپ قائل
ہونے لائے انکم ٹکس کی رسید کہ کسقدر آپ دیتے
ہین اور کسقدر پیسہ اخبار۔ اسی مین فیصلہ ہوجائیگا
مسلمان کو بلاوجہ ستانا مجھے اچھا نہین معلوم ہوتا آخر
آخر اس سے فائدہ کیا ہے۔ پیسہ اخبار کی اشاعت

اسی سے ظاہر ہے کہ اوسکو خاص شاہانہ ملا ہے۔ اور
اگر ملا ہے تو اوس پیمانے کا۔ یا صرف سلطنت
سلطنت

خریدار پیسہ اخبار

صدائے گنبد

ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہو ویسی سنے

اودھ پنچ لکھنؤ مین ایک مضمون جسکی سرخی خدا کا پیغام
اڈیٹر الھادی کے نام " تھی پڑھکر مجکو بھی حضرت غوث رحم
پاک کی غزل کو وظیفہ کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ اگرچہ
اس سے پہلے مین نے دیوان غوث پاک مین
اس غزل کو پڑھا تھا جسکے خواص مین لکھا ہوا ہے
کہ ہر روز بجہت حصول دیدار خدا تعالی پانزدہ بار بخوانند"
لیکن اسکا مطلب یہ سمجھا تھا کہ حصول دیدار خدا تعالی
عالم ... مین ہوگا نہ کہ عالم دنیا مین مگر اب حضرت
فانی کے تجربے سے مجھے یقین دلایا کہ حصول دیدار
باریتعالی عالم دنیا مین بھی ہو سکتا ہے بس مجکو بیحد
اشتیاق پیدا ہوا اور مین نے نہایت خشوع و خضوع
سے وردِ غزل پاک شروع کر دیا۔ ایک ہفتہ بھی نہ گزرا
تھا کہ شب جمعہ کو بعد نماز تہجد جبکہ مین غزل مذکور بطور
وظیفہ پڑھ رہا تھا کہ ایک بار زمین سے تڑاتے کی
آواز آئی اور زمین شق ہوگئی۔ رونگٹے کھڑے
ہو گئے دل سینہ مین ہاتھون اچھلنے لگا۔ گھگھی بندھ گئی
آنکھون کے سامنے اندھیرا چھا گیا اور مجھپر غفلت
طاری ہوگئی۔ دیکھتا کیا ہون کہ زمین سے آسمان
تک روشنی پھیل گئی اور میرے اور روشنی کے
درمیان ایک سرخ پردہ حائل ہوگیا جسکے اندر سے
نہایت ہیبتناک آواز آنے لگی " کیا تو مجکو انھین
آنکھون سے دیکھنا چاہتا ہے جن آنکھون سے قرآن
کا ناظرہ کرتا ہے اور کیا تو نے قرآن مین نہین پڑھا
کہ موسیٰ ایک تجلی کی تاب نہ لاسکے اور بیہوش
ہو گئے " مین نے (ڈرتے ہوئے لہجہ مین) " دلی
تمنا تو یہی ہے۔"

کیا فرض ہے کہ سکو ملے ایک سا جواب

آواز۔ " کیا تجکو یقین ہے کہ زمین نارنگی کیطرح گول ہے
اور کیا تیرا عقیدہ یہ مضبوط ہوگیا ہے کہ آسمان محض
حد نظر ہے کیا آفتاب کے گرد زمین پھرتی ہے اور
زمین کے گرد ماہتاب ؟ کیا تو نے ہمارے کسی ایسے
دارالعلوم مین تعلیم پائی ہے جسمین خاص ہمارے

... دنیا کو معلوم صلوٰۃ اصحاب ... سے
نفرت رکھتا ہے۔ اور اوسپر مضحکہ اڑاکر کبھی کبھی اپنا
دل خوش کرلیا کرتا ہے ؟ کیا تو اڈیٹر الھادی سے بغض
سے عناد رکھتا ہے کہ وہ خلفاء راشدین کے حالات
اور اونکے جواز خلافت پر مضمون لکھ رہا ہے ؟ اور
علم باطن کی روشنی عوام مین پھیلا رہا ہے۔ او بیچارے
بیچارے بندے اگر تو ان صفات سے متصف ہے تو جلوہ کو
دیکھنے کی درخواست کر"

یہ باتین سنکر مجکو سکتہ ہوگیا۔

کاٹو تو لہو نہین بدن مین

یا خدا یہ ماجرا کیا ہے کہان مین طالب دیدار حق اور کہان
یہ شیطانی خواہشین۔ کچھ دیر اسی عالم سکوت مین رہا
اور پھر دیدار کی طمع سے ہان کہنے ہی کو تھا کہ اتنے مین
میرے داہنے جانب سے ایک بزرگ سبز پوش تشریف
لائے اور کڑک کے فرمایا خبردار فریب کھاتا ہے

ہان کھا یو مت فریب ہستی
ہر چند کہین کہ ہے نہین ہے

پھر بزرگ نے (اسی آواز سے مخاطب ہوکر فرمایا)
سچ بتا کون ہے ؟

آواز " فلک پر مین تمام ملائک کا استاد تھا لیکن

۲۰-۹-۶ ۱۹-۱۲-۶

بواسیر کا طلسمی چھلا

صرف ہاتھ مین پہننے سے ہر قسم کی بواسیر سے
کلی آرام ہوجاتا ہے۔ قیمت صرف (دس آنہ) ۱۰ ار

برقی فیتہ

کون ہے جسکو بچون کے دانت نکلنے کے وقت اسکی
تکلیفون کو دیکھکر کلیجہ منہ کو آتا ہو۔ اسکو بچے
کے گلے مین پہنانے سے بچہ دانتون کی تمام تکلیفات
سے محفوظ رہتا ہے اور دانت باسانی نکل آتے
ہین قیمت صرف معہ محصولڈاک ۱۲؍

بال اوڑانیکا پوڈر

اسکو لگاتے ہی بدون تکلیف ایک دو منٹ
مین ہر جگہ کے بال بہ صفائی کمال جڑ سے اکھڑ جاتے ہین
قیمت صرف ۴؍

المشتہر

منیجر جین ٹریڈنگ کمپنی شہر راولپنڈی

[illegible] بہت بڑا [illegible] ہے

[illegible] مرشد ہون کیا تم نہین جانتے کہ مین ہی [illegible] کو بہشت سے نکلوایا اور مین ہی نے فرعون کو دعوی خدائی کی ترغیب دی مین ہی نے ابو جہل کو اسلام کے خلاف تعلیم دی۔ مین ہی نے آجتک بہت سے مسیح موعود بنا ئے اور مین ہی نے اسلام مین نا اتفاقی کی بنیا دڈالی۔ مین ہی نے یزید کی پیٹھ ٹھونکی جسنے مجھ سے بیعت کی وہ فانی ہوا اور جسنے مجھ سے منہ پھیرا کیا وہ باقی رہا۔ مین ہی نے اپنے شاگردون کے ذریعے الہادی کے خلاف پبلک کو بہکا نے کی کوشش کی۔ آج مین اسکو بھی اپنی شاگردی مین لینا چاہتا تھا کہ تم نے آ کر میرا سارا کھیل بگاڑ دیا وہی بزرگ ہے او شیطان الرجیم چونکہ تو نے اسلامی پبلک کو دھوکا دینا چاہا اور تمہارے ... وہ لوگ مسلمانون کے نور ایمان کو فنا کر ڈالا وہ تیرے مکرون کو نہ سمجھ سکے اور نہ اسکا جواب دے سکے پس مین تجکو چیلنج دیتا ہون کہ اگر تیرا کوئی ... اڈیٹر الہادی پیرو ہے تو معہ دلائل بیان کرا ور ... اوسکے قطعی جواب سن۔"

اسی آواز معلم الملکوت نے پہلے وہ اعتراض جو الّا فانی کے دل مین پیدا کر رکھا تھا یون بیان کیا۔

(۱) چونکہ آجکل اس زمانہ مین دہریت کا زیادہ زور ہوتا جاتا ہے۔ ضرورت تھی کہ کوئی باخدا پیدا ہو جو لوگونکو مشاہدہ سے خدا کے وجود کو ثابت کرے۔ چنانچہ غوث پاک کی غزل سے یہ ضرورت پوری ہوگئی کا دعوی کیا گیا ہے۔

جواب۔ حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ کی غزل مین اول تو یہ دعوی ہی نہین کیا گیا کہ اسکے ورد سے دیدار خدا دنیا مین حاصل ہوجائیگا جیسا کہ اسکے مطلع سے صاف ظاہر ہے۔ ؎

ما بجنت از برائے کار دیگر میرویم
نے تفرج کردن طوبےٰ و کوثر میرویم

اسکے خواص مین یہ لکھا ہوا کہ "ہر روز بجہت حصول دیدار حقتعالی پانزدہ بار بخواند" اس سے قطعی رویت ثابت نہین ہوتی اور نہ دعوی ہے بلکہ بطور دعا اسکے پڑھنے کی طرف اشارہ ہے۔ دعا کرنا انسان کا کام ہے اسکا قبول کرنا یا نہ کرنا خدا کے اختیار مین ہے صرف اسکی رحمت کے بھروسہ پر خواہش دیدار کرنا بندہ کا کام ہے اور اسکی خواہش کا پورا ہونا محض رحمت ایزدی پر منحصر ہے۔

پھر اسی آواز معلم الملکوت نے وہ اعتراضات جنکا الہام فانی کو ہوا تھا حسب ذیل پیش کئے۔

اعتراض اول "موسی نے خدا کے دیکھنے کی خواہش کی تھی اور آخرا سکے اصرار پر محض اسکی تجلی کی تاب نہ لا سکا اور پیغمبر آخرالزمان نبی جو خدا کے مقرب ترتھے سوا قدرت حق کے خود حق کو نہ دیکھ سکے آجتک جسقدر پیغمبر یا نبی گزرے ہین کسی نے اسکے دیدار کو نہین دیکھا تک"

جواب۔ حضرت موسی علیہ السلام کوہ طور پر تاب تجلی نہ لا سکے۔ اسکے وجوہ یہ تھے کہ اولاً تو آپنے بہ اصرار فرمایا کہ اے رب مین تجھکو دیکھونگا یہ بات خدا کو ناپسند ہوئی کیونکہ اسکی مہربانی سے کوئی اسکو نہین دیکھ سکتا اسمین نبی ہو یا رسول ولی ہو یا فقیر کیونکہ چشم ظاہر سے اسکا دیکھنا محال ہے۔ چشم بصیرت عطا کرنا صرف اسی قادر مطلق کے اختیار مین ہے۔ ؎

این سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

اور جسکو خداوند تعالی نے چشم بصیرت عطا فرمائی یہانتک کہ اوسکو اپنے دیدار کی بھی قوت مرحمت فرمائی تو پھر وہ ہر آئینہ یہ کہنے کا مستحق ہے ؎

گر لن تری ہمیں برق تجلی نہ طور پر
دیتے ہین بادہ ظرف قدح خوار دیکھکر

اور تیرا یہ اعتراض کہ سوا ے قدرت حق کے خود حق کو حضرت مصطفے صلی اللہ علیہ وسلم باوجود مقرب ہونے کے نہ دیکھ سکے بالکل لغو ہے آپ محبوب خدا تھے اور خود حق تعالی نے آپکو طلب کیا اور نہایت احترام سے اپنا مہمان بنایا ؎

یار تک پہونچا شب معراج مین
اٹھ گئے پردے نظارے ہو چکے

آپکو دیگر انبیا علیہم السلام سے کچھ نسبت نہین۔ اگر قدرت حق سے تیری مراد موجودات عالم ہے تو اسکی تخصیص حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے ساتھ کرنا کچھ ضرور نہین وہ ہر شخص دیکھتا ہے اور اگر قدرت حق سے محض احکام خدا یا کوئی ایسی شے مراد ہے جو شکل اور احساس سے مبرا ہے تو جسطرح دیدار خدا دیکھنا غیر ممکن ہے اسیطرح اسکی قدرت بھی دیکھنا محال ہے کیا تجکو نہین معلوم کہ خدا نے آپ کو اپنی محبوبیت کے لیے انتخاب فرمایا اور آپکا مرتبہ بلند فرمایا۔ جیسا کہ (ورفعنا لک ذکرک) سے ظاہر ہے۔

اور آپکے سینہ کو خدا نے روشن کر دیا تھا جیسا کہ "الم نشرح لک صدرک" سے واضح ہے پھر محبوب سے کیا راز اور کیا پردہ۔ اب رہا یہ امر جب تجلیات کی تاب پہاڑ نہ لا سکا اور حضرت موسی غش کھا کر گر پڑے اور حضرت جبرئیل ایسے مقرب فرشتے نے بھی وہانتک جانے سے خوف کھایا اور کہا ؎

اگر یک سر موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

تو پھر کسی انسان کا ایسے مقام تک پہونچنا اور سلامت رہنا کیسے ممکن ہے واضح ہو کہ یہ تقرب خاص آپ ہی کی ذات والا صفات کے لیے مخصوص تھا جیسا کہ "یا نار کونی بردا و سلاما علی ابراھیم" کے حکم ہوتے ہی آگ ٹھنڈی ہوگئی اسیطرح خداوند تعالی نے قادر مطلق ہی ہر چیز کے خواص کو بدل سکتا ہے پھر آپکی ذات اقدس کے لیے جو مراتب وہ عنایت کرتا وہ کم تھے۔ آپکی ثنا مین ایک شاعر نے کہا ہے اور کیا خوب کہا ہے۔ ؎

تو بدین جمال خوبی سر طور گر خرامی
ارنی بگوید آنکس کہ بگفت لن ترانی

اعتراض دوم۔ "اڈیٹر الہادی سے کہدے کہ وہ ایسی باتین لکھکر اسلام کو کافرون سے نہ ہنسوائے ورنہ معتوب الہی ہوگا۔ اور جبکہ وہ اردو زبان سے بھی واقف نہین ہے تو کیون اپنے تئین علمی دنیا مین سربرآوردہ کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔"

جواب۔ "اڈیٹر الہادی جو کچھ لکھ رہا ہے وہ اہل بینش کے لیے مشعل کا کام دیتا ہے اور کور بینان پست کے لیے بیہودہ یا باعث تمسخر ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

اودھ روہیلکھنڈ ریلوے (۱)

۶-۱۲-۶ ۱۳-۱۲-۶

من ابتدائے ۱۵- نومبر ۱۹۰۶ء تیسرے درجہ کے مسافر جنکا ٹکٹ اودھ روہیلکھنڈ ریلوے پر ایک صد میل یا اس سے زیادہ فاصلہ کا ہوگا نمبر ایک اپ و ڈون پنجاب میل مین سفر کر سکین گے۔

بحکم
پی رینر صاحب
قائم مقام ٹرافک سپرنٹنڈنٹ۔ مقام لکھنو

کیا تمکو نہیں معلوم کہ دنیا مین ایسے لوگ بھی ہین جنکے نور ایمان کو خدا نے فنا کر دیا ہے اور انکے دلون پر مہر کردی ہے "ختم اللہ علی قلوبہم" وہ اولیا اللہ - صحابہ کرام - رسول اللہ صلعم - کتاب اللہ اور وجود باری تعالیٰ ہی سے قطعی منکر ہین اور انپر ہرطرح کا مضحکہ اڑاتے ہین پھر اڈیٹر الہادی کس شمار مین ہے کہ جسکے لکھنے پر اسلام کو کافرون کے ہنسنے کا خوف کیا جاتا ہے کفار تو درکنار یہان تیسرے شاگرد جو بظاہر مسلمان ہونے کے مدعی ہین ہنسنے کے لیے کیا کم ہین - امر دوم کی نسبت جاننا چاہیئے کہ نہ اڈیٹر مذکور کو اردو زباندانی کا دعویٰ ہے اور نہ وہ عالم فاضل ہونے کا مدعی ہے اگر ایسا ہوتا تو وہ سید اور ڈپٹی نذیر احمد کا مقابلہ کرتا بلکہ مصداق سہ

مدتے بیگا پیشہ آبا سپہگری
کچھ شاعری ذریعہ عزت نہین مجھے

اڈیٹر الہادی کا موروثی پیشہ زمینداری ہے اور دو تین پشت سے برابر اسکے خاندان [illegible] چلا آرہا ہے اور اسی [illegible] اور [illegible] کے معاملات کو سرانجام دینے مین ہمیشہ [illegible] لوگون مین کوسے سبقت لیا [illegible] ایسا رسالہ جاری کیا ہے جو علم [illegible] کا مدعی ہے اور اسوقت تک جو کچھ کیا ہے پبلک اس سے لاعلم نہین ہے [illegible] نوٹس اسی کے قلم کے لکھے ہوے [illegible] ابھی تک کسی غیر مذہب کیجانب سے اسپر کوئی اعتراض نہین ہوا بلکہ بعض اسکو اتفاق کا ایک عمدہ ذریعہ خیال کرتے ہین جیساکہ اودھ اخبار وغیرہ مین اسپر ریویو شایع ہوچکے ہین - اور اکثر بزرگان قوم نے اپنی تقریظین (جنمین سے بعض الہادی کے آخر مین اکثر شایع ہو لی ہین) اسکو رفع الحاد [illegible] کا عمدہ ذریعہ تسلیم کیا ہے - [illegible] تک اگر کوئی اعتراض رسالہ الہادی پر ہوا ہے تو وہ حضرت تیرا اور بدر الحسن نعمانی کا ہے [illegible] استاد ان سے تنفر ظاہر کرلے [illegible] کا تھا سہ

من از بیگانگان ہرگز ننالم
کہ با من انچہ کرد آن آشنا کرد

(باقی آیندہ)

راقم

ابو العلا - ایم - بو - باقی - لکھنوی

ایک مس کا اپنا نیلام

نازکرتے ہین وہ ہر ناز پہ یہ کہہ کہہ کر
اسکو کہتے ہین ادا اور ادا کونسی ہو

